# DAMAGE BOOK

188397

**OSMANIA UNIVERSITY LIBRARY**

Call No. ۹۲۸۶ ۹۱د ۳۱ Accession No. G 1152

Author اقبال . ن

Title اقبال بزم گلستان ادب ۱۹۵۱ء

This book should be returned on or before the date last marked below.

# نخلستانِ ادب

## اقبال نمبر



اے بسا شاعر کہ بعد از مرگ زاد
چشمِ خود بر بست و چشمِ ما کشاد

## صادق ایجرٹن کالج بہاول پور

# اقبال نمبر

# نخلستانِ ادب

صادق ایجرٹن کالج بہاولپور

کا

## علمی رسالہ


ڈائریکٹر:- پروفیسر مولوی حافظ سیّد صادق علی صاحب۔ ایم۔ اے۔ ایم۔ او۔ ایل

ایڈیٹر:- علی محمد ڈہر بی۔ اے سٹوڈنٹ



سنہ ۱۹۴۱ء

# نخلستان ادب

## اقبال نمبر سنہ ۱۹۶۱ء



| نمبر شمار | مضمون | اثر خامہ | نمبر صفحہ |
|---|---|---|---|
| ۱ | شذرات | ایڈیٹر نخلستان ادب | |
| ۲ | مرثیۂ علامہ اقبال رح | علامۂ عصر عالیجناب مولٰنا غلام حسین خاں صاحب سابق ہوم منسٹر ریاست بہاول پور | ۲۲ |
| ۳ | ارمغان حجاز کے جواہر ریزے | از جناب خان بہادر محمد مظہر صاحب تھانوی پولیس کمشنر ریاست بہاول پور | ۲۳ |
| ۴ | صدیق اکبر رض | سید الیاس (سیکنڈ ایر) خلف پروفیسر حافظ سید صادق علی صاحب | ۳۲ |
| ۵ | اقبال اور تخلیق فراست | پروفیسر ڈاکٹر الف۔ ایم۔ شجاع صاحب منغی ایم۔ اے۔ پی۔ ایچ۔ ڈی۔ | ۳۶ |
| ۶ | چند لمحات (ان سے گفتگو) | پروفیسر محمد ساجد صاحب ایم۔ اے (اولڈ بوائے) | ۴۰ |
| ۷ | اقبال رح | ایڈیٹر نخلستان ادب | ۴۸ |
| ۸ | محسن کی یاد | جناب ایم۔ اے افسون صاحب بی اے (اولڈ بوائے) | ۵۱ |
| ۹ | علامہ اقبال رح (ایک مسلمان سوشلسٹ کی نظر میں) | جناب شمس الحسن صاحب صدیقی، اختر | ۵۴ |
| ۱۰ | ڈاکٹر سر محمد اقبال رح | جناب نور محمد صاحب علوی بی اے (اولڈ بوائے) | ۶۰ |

| نمبر شمار | مضمون | اثر خامہ | نمبر صفحہ |
|---|---|---|---|
| ۱۱ | اقبالؒ | جناب پروفیسر شجاع صاحب منعمی | ۷۲ |
| ۱۲ | اقبالؒ کا نظریۂ خودی | جناب محمد نواز صاحب شہید متعلم بی۔اے۔ (ایڈیٹر انگلش سیکشن) | ۷۳ |
| ۱۳ | فلسفۂ حیات | شہید صاحب | ۱۰۱ |
| ۱۴ | اقبالؒ بحیثیت فلسفی اور شاعر | سید اختر صاحب منیر تھرڈ ایر | ۱۰۲ |
| ۱۵ | اقبالؒ | اختر صاحب منیر | ۱۱۱ |
| ۱۶ | جذبۂ عمل اور اقبالؒ | عبدالخالق صاحب نیر فورتھ ایر | ۱۱۲ |
| ۱۷ | اقبالؒ (علامہ جلال الدین کیفی کی نظر میں) | شیخ محمد یوسف صاحب تھرڈ ایر | ۱۱۶ |
| ۱۸ | اقبالؒ کا نظریۂ وطنیت | جناب نور محمد صاحب علوی | ۱۱۷ |
| ۱۹ | اقبالؒ اور مسلم | اللہ داد خان صاحب قیصر فورتھ ایر | ۱۲۱ |
| ۲۰ | اقبالؒ | اختر صاحب ربانی سیکنڈ ایر | ۱۲۴ |
| ۲۱ | کلام اقبالؒ | اختر صاحب شہید | ۱۲۵ |
| ۲۲ | اقبالؒ | شہید صاحب | ۱۲۸ |
| ۲۳ | نئی تہذیب (علامہ اقبال کی نظر میں) | محمد عبدالحمید صاحب تاتاری فورتھ ایر | ۱۲۹ |
| ۲۴ | اقبالؒ | جناب عطا محمد صاحب دلشاد کلاچوی۔ بی۔اے۔ (اولڈ بوائے) | ۱۳۲ |
| ۲۵ | شاہین اقبال کی نظر میں | دلشاد صاحب | ۱۳۳ |
| ۲۶ | اقبال کا فلسفۂ حیات | جناب گھمنڈا سنگھ طالب بی اے (اولڈ بوائے) | ۱۳۸ |
| ۲۷ | پیام اقبال | غلام قادر صاحب آزاد تونسوی تھرڈ ایر | ۱۴۱ |
| ۲۸ | خدمت خلق اور اقبالؒ | خواجہ عنایت اللہ صاحب عنایت سیکنڈ ایر | ۱۴۵ |
| ۲۹ | اقبالؒ اور اس کی شاعری | محمد شفیع الرحمٰن صاحب خطا تھرڈ ایر | ۱۴۸ |
| ۳۰ | اقبالؒ | محمد نواز صاحب دہلوی سیکنڈ ایر | ۱۵۴ |
| ۳۱ | اقبال اور نوجوان | واحد بخش صاحب قلندر تھرڈ ایر | ۱۵۷ |
| ۳۲ | اقبال کی شاعری | ایم اکرام صاحب راجپوت سیکنڈ ایر | ۱۶۰ |

| نمبر شمار | مضمون | اثر خامہ | نمبر صفحہ |
|---|---|---|---|
| ۳۳ | فانوس خیال | جناب پروفیسر ساجد صاحب ایم۔ اے | ۱۶۳ |
| ۳۴ | حیات افروز پیغام اقبال (مسلمانوں کے نام) | فتح محمد صاحب تلوکر فرسٹ ایر | ۱۶۲ |
| ۳۵ | حیات ابدی | قادر بخش صاحب مرید باغی۔ تونسوی۔ | ۱۷۹ |
| ۳۶ | گلہائے عقیدت | فتح محمد صاحب تلوکر فرسٹ ایر | ۱۸۲ |
| ۳۷ | موت اقبالؒ کی نظر میں | علی محمد خان ڈہر فورتھ ایر | ۱۸۴ |
| ۳۸ | اقبال کی موت پر | شہید صاحب | ۱۸۷ |
| ۳۹ | کلام اقبالؒ | ———— | ۱۸۹ |

# قصیدۂ مدحیہ دُعائیہ

بتقریبِ خطاب جلالت مآب وعنوان صولت نشان بہ حضور تاجدار فلک وقار الحاج سر صادق محمد خاں خامس عباسی بالقابہ العالیہ وخطابات المتعالیہ بادشاہ ملک خداداد بہاولپور خلد اللہ ملکہٗ واقبالہٗ الیٰ یوم النشور۔ از کہترین بندگانِ حضور سرکار والا تبار بندہ احقر حاجی احمد حفظہ اللہ من شرّ حاسدٍ اذا حسد بموقعہ جشن خطاب شوکت انتساب در صادق ایجرٹن کالج بہاولپور

## قطعہ

زہر سو آمدہ پیکِ تبارک[۱] — خطاب جی۔سی۔ایس! آئی مبارک

بنامِ شاہِ صادق خان خامس — نیاز واین خطاب "اللّٰہ بارک"

سرِ احباب زین عنواں بلند است — سرِ اعداتہِ تیغ و پلارک[۲]

خداوندا بدین عنوانِ زیبا — ہمیشہ تاج تو بادا بہ تارک[۳]

رعیّت باد درظلِّ تو خُرّم — تو درظلِّ خداوندِ تبارک[۴]

برائے حفظ جانت حاجی آورد — مرصّع حرز از دُرِّ تبارک[۵]

دعائی میکنم بہرِ تو شاہا — اَدَامَ اللّٰہُ فِی حِصْنٍ دِیَارَکْ

---

۱ تبارک اللہ گویاں ۔ ۲ شمشیر جوہر دار ۔ ۳ تارک فرق و سر ۔
۴ تبارک و تعالیٰ ۔ ۵ سورہ مُلک ۔

بتقریبِ خطاب عالیہ ریاست بھر میں تین یوم کی تعطیلات جشن شاہانہ منانے کے لئے عطا ہوئیں۔ ان دنوں بالخصوص شہر بہاولپور میں جلسوں وغیرہ سے خوب رونق اور چہل پہل رہی۔ تمام سرکاری عمارات پر جھنڈے لہرائے گئے۔

۲۴۔ جنوری ۱۹۴۱ء کو کالج میں جلسہ ہوا۔ جناب محترم پرنسپل صاحب نے اس شاندار خطاب کی اہمیت واضح طور پر بیان فرمائی اور بتایا کہ خطاب جی۔سی۔ایس۔آئی بہت بڑا خطاب ہے جو اکثر معمر حکمرانوں کو بڑی مالی و جانی خدمات کے بعد سرکار انگریزی مرحمت فرماتی ہے۔ یہ ہمارے فرمانروائے عباسی خلد اللہ ملکہٗ کی قابل قدر خدمات کا ہی نتیجہ ہے۔ کہ حکومت برطانیہ نے ہمارے اعلیحضرت دام اقبالہٗ و ملکہٗ کو اس کم عمری میں ایسے اعلیٰ خطاب سے سرفراز فرمایا ہے۔ تقریر کے بعد قرار دادِ مبارکباد متفقہ طور پر پاس ہوئی جو اعلیحضرت ظلِ سبحانی کی خدمت میں بھیجی گئی۔ مدحیہ قصیدے بھی پڑھے گئے جناب پروفیسر مولوی حاجی احمد صاحب کا قصیدہ دعائیہ بے حد قابلِ تعریف تھا آپ کی قادر الکلامی مسلمہ ہے ——————— آپ کا اور صاحب موصوف کا قصیدہ بتقریب عطائے خطاب شکوہ درجِ نخلستان ہے۔ آخر میں شیرینی تقسیم ہونے کے بعد جناب الحاج مولوی محمد شاکر صاحب پروفیسر عربی نہایت خلوص دلی سے فتح و نصرت برطانیہ و اعلیحضرت سرکار عالی دام اقبالہٗ و ملکہٗ کی درازیٔ عمر و افزونیٔ اقبال کے لئے دست بدعا ہوئے۔ اور اساتذۂ کرام و طلباء نے قبلہ مولوی صاحب موصوف کے ہر فقرۂ دعائیہ پر بار بار "آمین ثم آمین" کہا۔

اسی یوم مبارک یعنی جمعہ کو اعلیحضرت خلد اللہ ملکہٗ و اقبالہٗ نے جدید جامع مسجد میں اپنی عزیز رعایا کے ساتھ فریضۂ نماز ادا فرمایا اور اقبال مرحوم کے شعر ذیل پر عمل ؎

ایک ہی صف میں کھڑے ہو گئے محمود و ایاز نہ کوئی بندہ رہا اور نہ کوئی بندہ نواز

بعد نماز جمعہ دعائیں مانگی گئیں کہ رب ذو الجلال برطانیہ عظمیٰ کو موجودہ جنگ میں کامیاب فرمائے۔

۲۵۔ جنوری ۱۹۴۱ء کی شام کو چراغ بندی ہوئی۔ عمارات کالج اور ہوسٹلوں کے در و دیوار پر رنگ برنگی جھنڈیاں اور روشن چراغ عجب بہار دکھا رہے تھے۔ غرضیکہ کالج اور ہوسٹلز کی چراغ بندی کا نظارہ قابل دید تھا۔ اور بیساختہ زباں سے نکلتا تھا ع

کرشمہ دامن دل می کشد کہ جا اینجا است

شہر بہاول پور بھی بقعۂ نور بنا ہوا تھا۔ تماشائیوں کی بھیڑ اس قدر تھی کہ بازاروں اور گلیوں میں چپہ بھر زمین بھی خالی نظر نہ آتی تھی۔ ٹھیک ½ ۷ بجے شام بڑے تزک و احتشام سے جلوس شاہانہ کا گذر ہوا۔ اور کونہ کونہ سے "تاجدارِ عباسی "زندہ باد" کے فلک شگاف نعرے بلند ہوتے اس موقع پر جناب چودھری رحمت اللہ صاحب انسٹرکٹر انجینیرنگ کلاس اور ان کے طلبا نے عماراتِ کالج و ہوسٹل کے آراستہ و پیراستہ کرنے میں جو خدمات سرانجام دیں۔ ہم اُن کے بہت ممنون ہیں۔

۲۶- جنوری ۱۹۴۱ء کو اسی جشنِ مبارک کے سلسلہ میں کالج گراؤنڈ میں مختلف کھیلیں، اور دوڑیں ہوئیں کھیلوں کا منظر بیحد جاذبِ قلب و نگاہ تھا۔ مسٹر محمد امین خان لغاری متعلم ایف اے مجموعاً تمام کھیلوں میں اوّل نمبر رہے اور مسٹر بہال سنگھ متعلم بی۔ اے۔ دوم۔

بعد دوپہر سکاؤٹ کی پریڈ ہوئی۔ اور ہوائی حملوں کے بچاؤ کے طریقے دکھائے گئے۔ فوج نے بھی اپنے ہنر وفن دکھائے۔ نیزہ بازی۔ رسہ کشی وغیرہ ہوئی۔ جن سے حاضرین بہت محظوظ ہوئے۔ اور ان کے کرتبوں کی خوب داد دی۔ اعلیٰ مرتبت عزت نشان عماد الملک رئیس الوزرا خان بہادر نبی بخش محمد حسین خان صاحب بہادر ایم۔ اے۔ ایل ایل بی۔ سی آئی ای بی ۲۰ او۔ سی۔ ایس۔ آر۔ اے۔ آئی۔ و دیگر وزرا محترم کی تشریف آوری نے جلسہ کی رونق کو دوبالا فرمایا۔ اور آخیر میں بایمائے اعلیٰ مرتبت مدبر سلطنت عالیجناب وزیر اعظم صاحب، محترمہ لیڈی صاحبہ عالی مرتبت ایف۔ اینڈرسن صاحب سی۔ ایس۔ آئی۔ سی۔ آئی۔ ای۔ ریونیو منسٹر نے انعامات تقسیم فرمائے۔

---

ہمارے دورِ ادارت کا یہ پہلا کام اور کارنامہ ہے۔ جو "اقبال نمبر" کے نام کے ساتھ موسوم ہے۔ اگرچہ سابق محترم ایڈیٹروں نے اپنے زمانۂ ادارت میں "اقبال نمبر" شائع کرنے کی سرتوڑ کوشش کی۔ لیکن۔

این سعادت بزور بازو نیست
تا نہ بخشد خدائے بخشندہ

افسوس کہ انہیں اپنے عزائم میں کامیابی نہ ہوئی۔ ہم حضرت علی کرم اللہ وجہٗ کا یہ مقولہ ان کے غور و فکر کے لئے پیش کرتے ہیں۔ عَرَفْتُ رَبِّي بِفَسْخِ الْعَزَائِمِ ہمیں فخر

ہے۔ کہ جنہوں نے کبھی "اقبال نمبر" شائع کرنے کا سنہری خواب دیکھا تھا۔ اس خواب کی تعبیر آج ہمارے ہاتھوں عملی صورت میں آپ کی خدمت میں پیش ہو رہی ہے۔

علامہ اقبال محتاج تعریف و تعارف نہیں بھلا کون آپ کے اسم گرامی سے ناواقف ہو گا بقول ظفر صاحب قریشی دہلوی" اقبال مشرق کا پیام بر اقبال

اسلام کا شاعر اقبال دنیا کا سب سے بڑا شاعر ہے۔

ٹینی سن ۔ وہ ملکی عصبیت کا علمبردار انگریز کے دل میں انگلیسی جذبے کی لہر پیدا کرتا ہے وہ انگلینڈ کا شاعر ہے ......

براؤننگ ۔ وہ آرٹ کا سچا ترجمان، شعر کی دلہن کو حسن کی ان اداؤں سے رنگین کرتا ہے۔ جن کی پرستش زبان و مکان کی قید سے بالاتر ہے اور وہ سخن کی محفل میں آرٹ کا صحیح نمائندہ،

ورڈسورتھ۔ وہ نیچر کا شیدائی، فطرت کی زبان میں اپنے القائے تصور کے بھید کھولتا ہے۔ اور وہ ان فضاؤں کا سب سے زیادہ رنگین طائر ہے۔

کیٹس ۔ حسن کی تعریف میں حسین نغمے گانے والا کیٹس، خیال کے پردے پر حسن کی وہ جمال آگین تصویریں اتارتا ہے۔ جن کی آب و تاب سے خاکی سینے میں دھک دھک کرنے والے دل کی گہرائیاں منور ہو جاتی ہیں۔ لیکن وہ سچا حسن پرست ہے۔

بائرن ۔ وہ بائرن جس کے جام دل میں حوادث کی آتش سیال پڑی موجیں لیتی ہے وہ جہانِ شعر کا نپولینِ اعظم، وہ انقلابات کائنات کے تذکروں سے شعر کی دنیا میں ہلچل ڈال دینے والا۔ وہ سچا حریت پسند ہے۔

سکاٹ ۔ وہ انگلستان کی شجاعتِ کہنہ کا تصور، شورش کی پرہیبت تصویریں، دماغ کے صفحے پر مرتسم کر دیتا ہے۔ وہ جنگ و جدل کی دنیاؤں کا سب سے بڑا نظرباز ہے

ملٹن ۔ پارلیمان کے شیدائیوں پر طعن کرنے کا ملٹن، فردوس کی گم شدگی و بازگشتگی کا داستان گو مارس کی شوکت، اس کا وقار مسلم ہے۔

شیکسپیئر ۔ وہ صاحب نظر، صاحب دل ۔ مزاج میں فرو سنجیدگی میں مثال محفلوں کی رنگینیاں اپنی آنکھ کی ڈبیا میں چھپا کر لے آنے والا ۔ بیابانوں کی وحشت اپنے دل کے عمق میں گم کر لینے والا جس کی آنکھ پر عرصۂ جنگ کے صدہا منظر عریاں ہیں ۔ جس کے دل میں انسانی کرب کی چبھن کا نازک سے نازک احساس موجود ہے ۔ شاہوں کی کمزوریوں

سے باخبر غریبوں کی قوت سے خبردار، کائنات کا رازدان، مزاجِ انسانی کا نبض شناس۔ وہ دنیا کا سب سے بڑا کردار نگار ہے۔

گیٹے۔ وہ المانوی فلک کا رخشندہ ستارا، اپنے عہد کی حشر آفرین فضا میں فلسفے اور خیال کی شعاعوں سے دل کے کاشانوں کو روشن کرنے والا۔ وہ شیکسپیر کا معصر وہ المانیوں میں زندگی کی لہر دوڑا دینے والا۔ وہ مغرب کا سلامی، یورپ کی ظلمتوں میں وہ ایک تابندہ ستارہ ہے۔ جس میں ہمارا عکس ملتا ہے۔

غالب۔ وہ ہندی عظمت کی راجدھانی یعنی جہان آباد کا نغز گو شاعر، محشرستان دل کے ہنگاموں کو نوکِ زباں پر رقصاں کر دینے والا طلسم زارِ حیات کو جنتِ نظر اور زندگی کے راگ کو فردوسِ گوش بنا دینے والا۔ آہ۔ اس کی شیریں کہانیاں سمجھتے بھی ہو کس دور کی ہیں۔ جب ہماری ہزار سالہ عظمت کے لب پر آخری ہچکی تھی۔ وہ غالب، وہ آرزوؤں کے خون پر دل خون کر لینے والا۔

ٹیگور۔ وہ سکونِ ابدی کا رسیا۔ وحدانیت کے گیت گانے والا جس کا ترنم دکھ بھری زندگی کے تند پالوں کو لوری دیتا ہے۔ وہ ویدانت کا پرستار ہے۔

شلر۔ وہ منتہائے خیال تک پرواز کر جانے والا۔ وہ جنون کو فرزانگی کہنے والا۔ اس کا شمار ہمیشہ وسعتِ دل رکھنے والوں میں ہو گا۔

ڈانٹے۔ حسن کی پرستش پر مرمٹنے والا ڈانٹے۔ وہ تصور کی جلو میں آسمانوں کی سیر کرنے والا۔ وہ جس کے جذبۂ عشق نے ایک گمنام عورت کو زندۂ جاوید بنا ڈالا۔ اُس کا تصور بے شک قابلِ عظمت ہے۔

ہومر۔ جہاں شعر کا باوا آدم، فردوسِ خیال کا پہلا مکین، وہ محاربے کی تصویر کھینچ کر دلوں میں زلزلے ڈال دیتا ہے۔

رومی۔ وہ تعریف سے ماورا صوفی۔ حافظ و خیام مئے ناب کے پرستار نظامی و فردوسی وہ بزم و رزم کے یکہ تاز، سعدی وہ ایران کا شیخ ۔ ۔ ۔ مادرِ ایران کو اپنے فرزندوں پر فخر ہے۔

مگر اسلام ۔ ۔ ۔ اے دوستو ۔ ۔ ۔ اسلام۔ بیک وقت قوم، وطن آرٹ فلسفہ، فطرت، حسن، شجاعت، انقلاب، حریت۔ تصوف سب کچھ ہے

اور ان سب سے بھی فزوں تر ......

اقبالؒ اسی اسلام کا شاعر ہے ...... اسلام ہر شاعری سے بلند ہے ......

اور اسی لئے ......

اقبال دنیا کے سب شاعروں سے بلند"۔

علامہ مرحوم عالمِ اسلامی کے ہمدرد۔ عالی دماغ فلاسفر اور مصلح قوم تھے۔ آپ شمعِ رسالت کے پروانہ۔ دینِ مصطفوی کی ترقی کے دیوانہ بین الاقوامی شہرت کے مالک اور عزت و اقبال کے تاج تھے۔ سچ ہے۔ ہندوستان نے صدیوں انتظار کرنے کے بعد صرف ایک اقبال پیدا کیا۔

ہمیں افسوس ہے کہ "اقبال نمبر" شائع ہونے کی افواہ پھیلتے ہی بعض حضرات کی نکتہ چینیوں نے ہمارے جوش و خروش پر آب سرد کا کام کیا۔ ہمیں بار بار بتایا گیا کہ خاص "اقبال نمبر" شائع کرنے سے نخلستان کے بے لطف (DULL) بن جانے کا اندیشہ ہے۔ لیکن ہمارے فاضل ڈائریکٹر مولنٰا حافظ سید صادق علی صاحب ایم۔ اے ہماری بروقت امداد کو پہنچے۔ اور ہمیں اپنے ارادہ میں مستقل مزاجی سے مشغول بکار رہنے کی ڈھارس بندھائی۔ یہ ان کی جدوجہد اور سعیٔ پیہم کا ہی نتیجہ ہے جس سے ایسا شاندار نمبر آج آپ کے ہاتھوں کی زینت ہے۔ اور الحمدللہ ہماری مساعی کا اثر یہ بھی ہوا کہ انگریزی سیکشن والے بھی ہماری تقلید پر مجبور ہوئے۔ حقیقت میں علامہ اقبالؒ کا یہ روحانی فیض ہے۔ کہ آج اردو اور انگریزی کے دونوں سیکشن "اقبال نمبر" کے نام سے منسوب ہیں۔

اگرچہ اقبال پر مضمون نگاری کوئی آسان کام نہیں جب تک کہ صاحب موصوف کی تصانیف پر مکمل عبور نہ ہو۔ کیونکہ ایسے شاعر باکمال پر مضمون لکھنے کے فقط یہی معنی نہیں کہ صرف اُن کی زندگی کے حالات قلمبند کئے جائیں۔ بلکہ اُن کی تصانیف۔ ان کے پیام۔ ان کے فلسفہ وغیرہ پر کما حقہٗ تنقید و تبصرہ ہو۔ اقبال پر ہر زبان میں کتابیں لکھی جاچکی ہیں۔ لکھی جارہی ہیں اور لکھی جائیں گی۔ اگر تمام دنیا کے مصنف شاعر۔ اور افسانہ نویس ہزاروں کتابیں بھی علامہ مرحوم کی بابت لکھیں تو وہ حق بجانب ہیں۔ کیونکہ اُن کا پیغام ہی ایک عظیم الشان پیغام ہے۔ ہمیں اس "اقبال نمبر" کے پیش کرنے کا فخر ہے۔

برگ سبز است تحفۂ درویش

جس محنت اور جانفشانی سے ہمارے ادیبوں اور شاعروں نے اپنے جذبات اور خیالات کا

اظہار فرمایا ہے ۔ بے حد قابل قدر و تعریف ہے ۔

---

حضرت علامۂ عصر عالیجناب مولانا مولوی غلام حسینؒ خان صاحب سابق ہوم منسٹر مدظلہ العالی محتاج تعریف و تعارف نہیں "آفتاب آمد دلیل آفتاب" ۔ آپ عربی ۔ فارسی اور اردو کے بہترین ادیب و شاعر ہیں ۔ ہماری خوش قسمتی ہے ۔ کہ آپ نے حسب دستور سابق "اقبال نمبر" کے لئے ایک نظم عطا فرمائی ہے ۔ جو علامہ اقبال مرحوم کے انتقال پُرملال کی جانکاہ خبر سُن کر صاحب موصوف نے ۱۸ ۔ مئی ۱۹۳۸ء کو بمقام ملتان لکھی تھی ۔ ہم بے حد شکریہ کے ساتھ اس عطیہ کو زیب گلستان کرنے کا فخر حاصل کرتے ہیں ۔ آپ کو فارسی زبان میں جو مہارت تامہ حاصل ہے وہ اس نظم سے ظاہر ہے ۔

---

۲۸ ۔ جنوری ۱۹۴۱ء کو ۷ بجے شام زیر صدارت جناب اعلیٰ حضرت پرائم منسٹر صاحب بہادر کالج ہال میں جناب اے ۔ ڈبلیو ۔ ایم جیبن صاحب آئی ۔ سی ۔ ای سپرنٹنڈنٹ انجینئر ریاست بہاولپور نے بامدادِ میجک لینٹرن "شمالی ہندوستان میں آبپاشی" کے موضوع پر نہایت ہی عمدہ تقریر فرمائی ۔ معزز یورپین خواتین و دیگر حکام کی شمولیت سے بہت رونق تھی ۔ تمام حاضرین عالمانہ تقریر سے بہت متاثر ہوئے ۔ ہم فاضل مقرر کے بہت مشکور ہیں کہ انہوں نے اپنے خیالات کا اظہار فرما کر ہماری معلومات میں اضافہ فرمایا ۔ آخر میں فاضل محترم صاحب صدر موصوف نے معزز مقرر کی تقریر کی مزید وضاحت فرمائی اور ان کا شکریہ ادا کیا اور جلسہ برخاست ہوا ۔

---

ای آمدنت باعث آبادیٔ ما

اس دفعہ ہماری خوشی کی کوئی انتہا نہ رہی جب معلوم ہوا کہ اعلیٰ مرتبت وزیر صاحب تعلیم ریاست بہاولپور اور شفقت مآب پرنسپل صاحب نے فاضل محترم جناب سر عبدالقادر صاحب بار ایٹ لا کو برائے خطبۂ صدارت بر موقعہ تقریب جلسۂ تقسیم اسناد پنجاب یونیورسٹی مدعو فرمایا ۔ ہم قبلہ صاحب موصوف کے بے حد ممنون و مشکور ہیں کہ آپ نے دعوت نامہ کو شرف قبولیت بخشا اور یہاں تشریف لانے کی زحمت گوارا فرمائی ۔

آپ کی ذات والا صفات کسی تعارف کی محتاج نہیں ۔ آپ "مخزن" کے ایڈیٹر رہے

ہائیکورٹ کے جج بنے۔ بحیثیت ممبر آف انڈیا کونسل کار ہائے نمایاں کئے۔ اس کے علاوہ بھی آپ مختلف عہدوں پر فائز ہوئے۔ آپ عالمِ اسلامی کے مایۂ ناز فرزندِ ملت ہیں اور ادبی دُنیا آپ کی بے نظیر اور بیش بہا خدمات پر نازاں ہے۔ غرضیکہ ہندوستان آپ کی ذات والا صفات پر جتنا فخر و ناز کرے بجا ہے۔

۲۲ رفروری ۱۹۴۱ء کو بروز سنیچر جلسۂ تقسیم اسناد کالج ہال میں منعقد ہوا۔ اعلیٰ مرتبت وزرائے ریاست و دیگر حکام کی شرکت نے رونق کو دوبالا کر دیا۔ بڑا ہال طلبائے کالج اور معززین شہر سے بھرا ہوا تھا۔ ٹھیک ۱۲ بجے دوپہر جناب قبلہ سر عبد القادر صاحب عالی مرتبت وزیرِ تعلیم کالج میں تشریف لائے۔ محترم جناب پرنسپل صاحب نے آپ کا پُر جوش استقبال کیا۔ اور اساتذۂ کرام سے آپ کا تعارف کرایا۔ جونہی آپ معہ وزراءِ عظام اور اساتذۂ کرام ہال میں داخل ہوئے۔ حاضرین نے آپ کا تالیوں کی گونج سے خیر مقدم کیا عالی مرتبت میجر محمد شمس الدین صاحب وزیرِ معارف ریاست بہاولپور کرسئ صدارت پر جلوہ افروز ہوئے سب سے پہلے ہمارے محترم پرنسپل صاحب نے کالج کی سالانہ رپورٹ پڑھی۔ اور اپنی رپورٹ میں کالج کی غیر معمولی ترقی کا تذکرہ کیا۔ تقریر ختم ہونے پر صدرِ محترم نے کامیاب طلباء کو سندات تقسیم فرمائیں۔ اور ہر ایک کامیاب طالب علم نے معزز صدر سے مصافحہ کرنے کا فخر حاصل کیا اس کے بعد جناب سر عبد القادر صاحب کی خدمت میں خطبۂ صدارت پڑھنے کے لئے درخواست کی گئی۔ حاضرین آپ کے خطبۂ صدارت سے بے حد محظوظ ہوئے۔ آپ کی فصیح و بلیغ تقریر نے طلباء کے علم میں بے حد اضافہ کیا۔ آپ نے کامیاب طلباء کو مخاطب کر کے فرمایا۔ کہ جس طرح اب آپ صاحب القلم ہوگئے۔ اسی طرح آپ کو صاحب السیف بننے کی ضرورت ہے۔ یعنی انہیں بہادر اور جوانمرد بننے کی ترغیب دی۔ آپ نے اپنی تقریر کو جاری رکھتے ہوئے کہا۔ کہ آپ کا فرضی اور قیاسی دَور (تعلیمی دَور) ختم ہُوا۔ اور اب آپ کے عملی دَور کا آغاز ہے، اس دَور میں آپ کو بہت سی مشکلات کا سامنا کرنا پڑیگا۔ لیکن اگر آپ میں استقلال۔ ہمت جوانمردی اور قابلیت کے جوہر ہیں۔ تو یقیناً آپ کامیاب زندگی بسر کرینگے۔ تقریر کے بعد جلسہ برخاست ہُوا۔

بعد از دوپہر قبلہ سر عبد القادر صاحب مدظلہ نے ہوسٹلوں کا معائنہ فرمایا اور راقم الحروف کو صاحب موصوف سے بحیثیت مانیٹر صادق دار الاقامہ، بتوسط جناب پرنسپل صاحب

شرفِ نیاز حاصل ہوا۔ آپ نے ہوسٹل کے اندر صحن میں اُگے ہوئے بیل بوٹوں کو کچھ ذرا وسیع پیمانہ پر لگانے کے لئے مشورہ دیا۔ اور فرمایا کہ بورڈروں کو ترغیب دلائی جائے۔ کہ وہ خود اپنے ہاتھ سے بیل بوٹے لگایا کریں۔ آپ نے اس سلسلہ میں انگلستان کے رہنے والوں کے متعلق کہا کہ وہ اپنے ہاتھ سے بیل بوٹے لگانے کو بے حد پسند کرتے ہیں، جس کا نتیجہ یہ ہے کہ ہر ایک گھر چھوٹا سا باغیچہ ہے۔ اور تمام شہر ایک خوشنما بڑے باغ کی طرح دکھائی دیتا ہے۔ آپ ہوسٹل کے انتظام اور بالخصوص صفائی سے بہت متاثر ہوئے جناب پرنسپل صاحب کی اور پروفیسر مولوی حاجی احمد صاحب سپرنٹنڈنٹ ہوسٹل کی حسن کارکردگی پر اظہارِ مسرت فرمایا اور مانیٹر کی خدمات کا اعتراف کیا۔ اس کے بعد لائبریری اور ہوسٹل ہی میں تشریف لے گئے۔ لائبریری کی نمایاں ترقی۔ معیاری رسائل مفید دلچسپ اور نئی کتابوں کو دیکھ کر بہت خوش ہوئے۔

اسی روز ساڑھے سات بجے شام کو کالج ہال میں زیر صدارت عالی مرتبت جناب جہتہ اودھو داس صاحب وزیر عدلیہ ریاست بہاولپور، آنریبل سر عبدالقادر صاحب نے "تعلیم نسواں" کے موضوع پر تقریر دلپذیر فرمائی۔ سب سے پہلے مسٹر شبیر حسین صاحب شبیر بخاری (اولڈ بوائے) نے مندرجہ ذیل برجستہ و دلچسپ اشعار فاضل لکچرار کی مدح وثنا میں پڑھ کر خراجِ تحسین حاصل کیا:۔

## سر عبدالقادر بالقابہٗ

اصلاحِ وطن پر جب رسا نازاں ہے سر عبدالقادر کا
افلاکِ صحافت پر نیّر تاباں ہے سر عبدالقادر کا

ملتا نہیں ادبی دنیا میں مخزن سا رسالہ ڈھونڈھے سے
گلہائے مضامیں ہیں جس میں داماں ہے سر عبدالقادر کا

اقبال کی بالغ نظری سے جذبات میں ہیجان ہے لیکن
اقبال کے شہ کاروں پر بجا احسان ہے سر عبدالقادر کا

شبیرؔ خوشامد اس میں نہیں ہے مغتنم اُن کی ذات ہمیں
اخلاص و مروت غمخواری سامان ہے سر عبدالقادر کا

تقریر کے شروع میں آپ نے فرمایا کہ میرے عزیز پرنسپل صاحب نے دو موضوع "تعلیم نسواں" اور "اردو زبان" میری تقریر کے لئے تجویز فرمائے تھے۔ جن میں سے میں نے ایک کو یعنی "تعلیم نسواں" کو منظور کیا تھا۔ لیکن اب میں یہ ضروری سمجھتا ہوں کہ "تعلیم نسواں" پر تقریر کرنے سے پہلے میں "اردو زبان" کے متعلق بھی کچھ عرض کروں۔ آپ کی جامع مانع تقریر کا خلاصہ یہ ہے — کہ اردو

اور صرف اردو ہی ایسی زبان ہے جو اس وسیع و عریض ہندوستان کے ہر گوشے اور کونے میں بولی اور سمجھی جاتی ہے - اور زمانے نے اسی زبان کو ہندوستان کے دفتری زبان بننے کا تمغہ عطا کر دیا ہے ۔

اس کے بعد فاضل لکچرار نے " طلب العلم فریضۃ علیٰ کل مسلم و مسلمۃ " کی اہمیت واضح فرمائی - اور تعلیم نسواں کی (جو اس وقت ہندوستان کے مختلف صوبوں میں مروّج ہے ۔) مفصل تاریخ بیان فرمائی - اور واضح کیا کہ انگریزی حکومت کے قیام کے بعد جو نصاب لڑکیوں کی تعلیم کے لئے مروّج ہوا تھا۔ آج ہندوستان کی ترقی نے اس کو ناکارہ ثابت کر دیا ہے - تقریر کو جاری رکھتے ہوئے آپ نے فرمایا - کہ اب قطعی طور پر لڑکیوں کا نصاب مختلف ہونا چاہیئے - کیونکہ دونوں کے مشاغل فطری طور پر جداگانہ ہیں - فاضل لکچرار نے اپنی تقریر میں ایسے ایسے نکات بیان کئے جس سے سامعین نہ صرف مسرور بلکہ بے حد متاثر ہوئے ۔ اختتام تقریر پر صدر محترم نے مکرم مقرر کی فاضلانہ تقریر کی بے حد مدح سرائی فرمائی - اپنی طرف سے اور حاضرین کی طرف سے انتہائی خلوص و محبت کے ساتھ ہدیۂ شکر پیش کیا ۔

حسن اتفاق سے اس دفعہ " اقبال نمبر " شائع ہو رہا ہے - آپ علامہ اقبال کے گہرے دوست ہیں یہ ہماری خوش قسمتی ہے - کہ جہاں علامہ اقبال مرحوم کی یاد تازہ ہو رہی ہے وہاں علامہ مرحوم کے عزیز و مخلص دوست یعنی سر عبدالقادر صاحب کے کارناموں کا تذکرہ بھی نخلستان کے اوراق کی زیب و زینت بن رہا ہے ۔

ہمارے فاضل ڈائریکٹر پروفیسر صادق علی صاحب ایم - اے - اور مسٹر محمد نواز صاحب شہید ایڈیٹر انگلش سیکشن، جناب سر عبدالقادر صاحب کی خدمت میں حاضر ہوئے اور آپ سے " پیغام اقبال " کے طالب بنے ۔

صاحب موصوف نے فرمایا - کہ اقبال کا کلام ایک پیغام ہے اور یہ پیغام عمل کا پیغام ہے - اور اس پیغام پر عمل کرنے ہی سے دارین کی کامیابی حاصل ہو سکتی ہے - اس کے بعد سر عبدالقادر صاحب نے پروفیسر صادق علی صاحب کے مختلف سوالات کے مدلّل اور مکمل جوابات دئے - غرضیکہ ان کی دو اڑھائی گھنٹے کی دلچسپ گفتگو سے پروفیسر صاحب موصوف اور دیگر حضرات بے حد محظوظ و مستفیض ہوئے ۔

۲۲ر فروری ۱۹۴۱ء کو شام والی تقریب کے بعد کنووکیشن کے اعزاز میں کالج نے ایک مشہور بیکانیری گویے کو مدعو کیا تھا۔ یہ مطرب دلنواز جس نے اپنے گانے، ناچ اور راگ کے زیر و بم سے سامعین کو بے حد خوش کیا۔ علم موسیقی میں ماہر تھا۔ حاضرین نے اس کے فنی کمالات کی خوب داد دی۔

---

ہمارے محترم پرنسپل شیخ محمد عبد المجید صاحب ایم۔ اے ہندوستان میں ان ممتاز ہستیوں میں سے ہیں۔ جنہیں ہمیشہ اپنے نوجوانان کالج کی بہبودی و بہتری کا خیال بے چین رکھتا ہے اپنے عزیز طلباء کی تکالیف و مشکلات کا ازالہ فرما کر کالج اور ہوسٹلوں میں جس قدر آرام اور سہولتیں مہیا فرمائی ہیں۔ ان کی وجہ سے طلبائے کالج ہمیشہ صاحب موصوف کے ممنون رہینگے ہمیں قوی امید ہے کہ کالج کا کوئی اولڈ بوائے اگر آج ایک بار پھر بغرض سیر و تفریح یہاں آنکلے تو یقیناً کالج کی موجودہ ترقی و عروج کو دیکھ کر دنگ رہ جائیگا۔ اور اپنے تعلیمی زمانہ اور موجودہ زمانہ میں زمین و آسمان کا فرق پائیگا۔ بلکہ بہت حد تک ممکن ہے کہ اس کو موجودہ تعلیمی ترقی۔ رونق اور سجاوٹ کی وجہ سے کالج کی فلک بوس عمارت کے پہچاننے میں تامل کرنا پڑے۔

---

موجودہ زمانہ یقیناً دَورِ ترقی ہے۔ ہر فرد۔ ہر سوسائٹی۔ ہر قوم اور ہر ملک ترقی کے راستے پر گامزن ہے۔ ہمارے ہمدرد محترم پرنسپل صاحب نے بھی نہایت دور اندیشی اور دور بینی سے رفتارِ زمانہ کے پیشِ نظر ہماری تکلیفوں کا احساس فرمایا۔ اور کالج ہال کو برقی پنکھوں سے سجادیا۔ اور بجلی کے قمقموں سے بھی آراستہ کردیا۔ ریڈیو کی تفریحی و تعلیمی نقطہ نگاہ سے بے حد ضرورت تھی۔ وہ بھی جناب پرنسپل صاحب کی اعانت و عنایت سے مہیا ہوگیا۔ اب دنیا بھر کے ریڈیو اسٹیشنوں سے طلباء مفید اور دلچسپ علمی تحقیقی۔ مزاحی۔ اخلاقی۔ معاشرتی۔ تاریخی۔ افسانوی۔ سیاسی۔ قومی اور ملکی معلومات سے مستفید ہوتے ہیں اور ہوتے رہینگے۔ نیز آپ تعلیمی معاملات میں جس قدر دلچسپی لیتے ہیں۔ آپ کی کوششوں اور محنتوں کا معیار یونیورسٹی نتائج سے اظہر من الشمس ہے۔ گذشتہ سال بی اے۔ میں فارسی کا نتیجہ سو فیصدی رہا۔ اس لئے جناب پروفیسر حافظ صادق علی صاحب ایم۔ اے مستحق مبارکباد ہیں۔

بندہ از طاعت بعقبیٰ میرسد لیکن از خدمت بمولیٰ میرسد

محترم پرنسپل کے بے شمار محاسن و محامد میں سے جذبۂ خدمت سب سے زیادہ قابل قدر ہے۔ ہوسٹلوں میں طلباء کے بیمار ہوتے ہی آپ کی بیقراری اور پریشانی کی کوئی حد نہیں ہوتی۔ جب تک کہ مریض کی سلسلہ دلجوئی اور عیادت نہ فرمائیں آپ کے لئے گھر میں تسکین کے ساتھ سے بیٹھنا اور سونا ناممکن ہو جاتا ہے۔ خدا ایسے فرشتہ سیرت انسان کو اس کا صلۂ خیر عطا فرمائے۔ آمین۔

امسال کالج کی فضا انتخابات کی وجہ سے وقتی طور پر کچھ مکدر ہو گئی اگرچہ انتخابات بذاتِ خود کوئی بری چیز نہیں لیکن افسوس ہے کہ اکثر اوقات ہم خود غرضیوں کا شکار ہو کر ان کے اصلی مقصد سے محروم رہ جاتے ہیں۔ اس میں کوئی شک نہیں کہ انتخابات کے موقعہ پر عموماً مختلف پارٹیاں عالم وجود میں آتی ہیں۔ اور آنی چاہئیں۔ لیکن چاہئے کہ ہار اور جیت کے فوراً ہی بعد تفرقہ بازی معدوم ہو جائے یہی وجہ ہے۔ کہ مہذب سمجھدار اور عقلمند انسان فیصلہ ہوتے ہی باہم شیر و شکر ہو جاتے ہیں۔ مگر ہم لوگ فتح و شکست کے بعد دشمنی و عداوت کا شکار ہو جاتے ہیں اور جب انتخاب کا صحیح مفہوم ذہنوں میں آ جائیگا۔ تو ہمیں امید ہے کہ انتخابات کے ختم ہوتے ہی ہر طرح کی کشمکش بھی ختم ہو جایا کریگی۔

خلافِ معمول اس دفعہ ایڈیٹوریل بورڈ کے انتخابات کے موقعہ پر خوب دوڑ دھوپ رہی۔ ووٹ دہندوں کی خوب قدر و منزلت بڑھی۔ اور عنکبوت کی مانند ووٹ ہنڈل کی چوکھٹ تک صبح و شام تانا بندھا رہا۔ بڑے زور و شور سے مقابلہ ہوا۔ کیونکہ ہر پارٹی کی جانب سے بااثر۔ بارسوخ اور ہر دلعزیز نمائندے میدانِ عمل میں سرگرم تھے آخر اس قدر تگ و دو کا نتیجہ یہ نکلا —— کہ ذیل کے حضرات منتخب و کامیاب ہوئے۔

مسٹر محمد نواز صاحب شہید ایڈیٹر نخلستانِ ادب (اویسس Oasis) انگریزی سکشن

مسٹر رادھا کشن صاحب مل کرانیکل ایڈیٹر نخلستانِ ادب انگریزی سیکشن

مسٹر علی محمد خاں دھڑ ایڈیٹر نخلستانِ ادب اردو سیکشن

ایڈیٹوریل بورڈ ان تمام حضرات کا جنہوں نے قیمتی امداد فرمائی تہ دل سے شکریہ ادا کرتا ہے۔ نیز کالج کی مختلف سوسائٹیوں کے انتخابات بھی ہوئے جس کی تفصیل

کرانیکل ایڈیٹوریل نوٹس میں ملاحظہ سے گذر گی۔

---

۱۸ نومبر ۱۹۴۲ء کو دن کے وقت کالج ہال میں یونین سوسائٹی کا مناظرہ زیر صدارت جناب پرنسپل صاحب مقرر ہوا۔ مناظرہ کا موضوع یہ تھا کہ " کیا کالجوں میں جسمانی سزا جاری ہونی چاہئے؟ اساتذہ و طلباء جمع ہوئے۔ پروفیسر ایف۔ ایم شجاع صاحب منشی اور پروفیسر بینرجی صاحب حکم تھے۔ طلباء کے علاوہ ہمارے کالج کے دو فاضل پروفیسروں نے بھی حصہ لیا۔ مناظرہ میں موافق و مخالف صاحبان کی تفصیل حسب ذیل ہے:-

| نمبر شمار | موافق | مخالف |
|---|---|---|
| ۱ | جناب پروفیسر مہتہ مرلیدھر صاحب ایم اے | جناب پروفیسر پیرزادہ محمد عبدالرشید صاحب ایم اے |
| ۲ | مسٹر عزیز الرحمٰن صاحب عزیز متعلم بی اے | مسٹر محمد نواز صاحب شہید متعلم بی۔ اے |
| ۳ | مسٹر رادھا کشن صاحب " " | مسٹر کشن چند صاحب " " |
| ۴ | مسٹر محمد انور صاحب انور متعلم تھرڈ ایر کلاس | مسٹر واحد بخش صاحب قلندر متعلم تھرڈ ایر کلاس |
| ۵ | مسٹر احمد علی صاحب " " | مسٹر غلام قادر صاحب " " |

مناظرہ کا افتتاح جناب مہتہ صاحب نے فرمایا۔ اور بہت دیر تک تجویز زیر بحث کی موافقت میں دلائل پیش کرتے رہے آپ کی تقریر نہایت دلچسپ تھی۔ ان کے بعد جناب پیرزادہ صاحب نے تجویز بالا کی مخالفت میں تقریر فرمائی اور عالمانہ دلائل پیش کئے۔ آپ کی تقریر "کوزہ میں دریا" کے مصداق تھی۔ حاضرین نے خوب داد دی۔ اور بار بار تالیوں کے شور و غل سے فضائے ہال گونجتی رہی۔ آخر فاضل مناظر نے دلائل سے ثابت فرمایا کہ مہر و محبت کے ذریعہ تعلیم دینا زیادہ بہتر ہے۔ طلباء نے بھی تجویز بالا کی موافقت و مخالفت میں اپنے دلائل و آرا پیش کئے۔ لیکن افسوس تقریروں کے خاتمہ پر فاضل ججوں نے صرف طلبا کی تقاریر کو پیش نظر رکھتے ہوئے موضوع زیر بحث کی موافقت میں فیصلہ دیا۔ گویا فتح کا سہرا جناب مہتہ صاحب کے سر ہی رہا۔ مناظرہ کے دوسرے روز ہمیں ڈر تھا۔ کہ شاید اس مناظرہ نے ہماری قسمت کا فیصلہ نہ کر دیا ہو اور جناب پرنسپل صاحب کہیں پروفیسر مولٰنا حاجی احمد صاحب کا ڈنڈا اپنی بغل میں نہ دبالئے ہوں لیکن

تب جان میں جان آئی - جب بالکل یقین ہو چکا کہ یہ تو صرف علمی بحث و مباحثہ تھا -

---

ملک نذیر احمد صاحب لائبریرین ہوشیار - قابل اور فرض شناس نوجوان ہیں - آپ نے امپیریل لائبریری (گورنمنٹ آف انڈیا) کلکتہ سے لائبریری سائنس کا ڈپلومہ بھی حاصل کیا ہے - اور ساتھ ہی آپ کو کالج ہذا کے اولڈ بوائے ہونے کا بھی فخر ہے - باایمائے محترم پرنسپل صاحب لائبریرین صاحب نے لائبریری کا چارج لیتے ہی نبض شناس حکیم کی مانند لائبریری کی تمام اندرونی خامیاں معلوم کیں اور اپنی تمام کوششیں لائبریری کی بہتری کے لئے وقف کر دیں ملک صاحب کی یہ مساعی واقعی قابلِ تحسین ہے - الماریاں - کتابیں - رسالے اور اخبارات نہایت موزون اور خاص ترتیب میں ہیں - جس نے لائبریری کی شان کو دوبالا کر دیا ہے - بہت سی نئی کتابوں کا بھی اضافہ ہوا ہے - سچ تو یہ ہے کہ محترم پرنسپل صاحب کے زیرِ ہدایت لائبریری کی کایا ہی پلٹ گئی ہے -

لائبریرین صاحب ہوسٹل بی کے سپرنٹنڈنٹ بھی ہیں - اور ان کے زیرِ نگرانی ہوسٹل کا انتظام بھی قابلِ اطمینان ہے -

---

الحمدللہ کہ ہمارا کالج آج کل ترقی پر ہے - اس کی تفصیل یہ ہے کہ امسال اوورسیرز کلاس کا کالج میں اضافہ ہوا ہے - اعلیٰحضرت ریونیو منسٹر صاحب اور عالی مرتبت وزیر تعلیم صاحب جنہوں نے از راہ دُور اندیشی و بیدار مغزی انجینیری کی تعلیم کا اجرا فرمایا ہے مستحق مبارکباد ہیں - یہ ڈیپارٹمنٹ کالج ہی کی عمارت میں ہے - اور جناب پرنسپل صاحب کے ماتحت - اس ڈیپارٹمنٹ کے رکن رکین جناب نثار احمد صاحب (ایس - ڈی - او) کی ذات والا صفات ہے - جو بہت لائق شریف اور ہر دلعزیز نوجوان ہیں -

---

۵ - دسمبر ۱۹۴۰ء کو بزمِ ادب کا مشاعرہ منعقد ہوا - طرحی مصرع حسب ذیل تھے -

۱ - آئے نہ تم بہار میں بیت گئی بہار بھی

۲ - کس کی بنی ہے عالمِ ناپائدار میں

مشاعرہ ٹھیک ½۷ بجے شام شروع ہُوا۔ جناب ڈاکٹر شجاع صاحب منشی ایم ۔ اے کرسئ صدارت پر جلوہ افروز تھے۔ جناب فاضل پرنسپل صاحب و دیگر اساتذۂ کرام کی تشریف آوری سے مشاعرہ کی رونق اور دوبالا ہوئی۔ کالج و شہر کے شعرائے کرام نے طرحی و غیر طرحی نظمیں پڑھ کر خراجِ تحسین حاصل کیا۔ جن میں ذکاء الملک شجاع صاحب منشی صدر۔ جناب مولوی عبدالحق صاحب شوق۔ جناب مولوی حفیظ الرحمن صاحب حفیظ۔ جناب مولوی عبدالقادر صاحب جوہر۔ مسٹر محمد نواز صاحب شہید۔ مسٹر اختر صاحب ربانی۔ مسٹر جہانگیر خان بیمار۔ اور مسٹر مول نرائن صاحب شرلی۔ خاص طور پر قابلِ ذکر ہیں۔ شعرائے کرام کی وجد آفریں نظموں نے دہلی اور لکھنؤ کے مشاعروں کی یاد تازہ کر دی۔ سخن فہم اور قدردان اصحاب کے لئے سوائے سر دھننے کے اور کوئی چارہ نہ تھا۔ بعض اچھے اشعار پر ہال میں "واہ۔ واہ" ۔ "مکرر۔ مکرر" کی آوازیں گونج اُٹھتی تھیں۔ سامعینِ کرام بے حد لطف اندوز ہوئے۔ آخر صاحب صدر کی مختصر تقریر کے بعد مشاعرہ ختم ہُوا۔

---

ماہ رمضان المبارک ۱۳۵۹ھ میں کمال یار جنگ تعلیمی کمیٹی نے اپنے قدوم میمنت لزوم سے سرزمین بہاولپور کو سرفراز کیا۔ کمیشن نے جامعہ عباسیہ۔ صادق ڈین ہائی سکول۔ صادق ایجرٹن کالج۔ صادق اڈوائر ہوسٹل۔ اور صادق دارالاقامہ کا معائنہ فرمایا۔ ہمارے مہربان پرنسپل صاحب کے حسنِ انتظام۔ کالج کی تعلیمی بلند معیاری۔ بورڈروں کی سادہ مگر پُر از مسرت زندگی پر اظہارِ مسرت فرمایا۔ ہوسٹلوں کی سادگی اور صفائی سے بے حد متاثر ہوئے۔ یہ کمیٹی ہندوستان بھر کے مندرجہ ذیل مایۂ ناز ہستیوں پر مشتمل تھی۔

۱۔ آنریبل مسٹر ایم عزیز الحق صاحب سی۔ آئی۔ ای۔ سپیکر بنگال لیجسلیٹو اسمبلی وائس چانسلر کلکتہ یونیورسٹی و سابق وزیر تعلیم بنگال۔

۲۔ حاجی مولوی ابوالحسن صاحب آئی۔ ای۔ ایس (ریٹائرڈ) سابق ڈائرکٹر تعلیم کشمیر۔

---

کالج میں مداری کا کھیل ہُوا۔ ٹو آنہ ٹکٹ تھا۔ اساتذہ و جملہ طلباء سے بڑا ہال پُر تھا حاضرین مداریوں کے کرتب اور کھیل سے بے حد محظوظ ہوئے۔ ان کے عجیب عجیب کھیلوں

سے یہی یقین ہوتا تھا۔ کہ آیا یہ جادوگر ہیں یا ولی؟ سکھائے اور پڑھائے ہوئے پرندوں نے بھی کام کرایا گیا۔ طوطیوں اور چڑیوں کے ہر نئے کھیل سے ناظرین انگشت بدنداں رہ گئے۔ واقعی مداری ماہر فن تھے۔ جن کی شعبدہ بازیوں کا آج تک دلوں پر گہرا اثر ہے،

---

۲۳۔ جنوری ۱۹۴۱ء کی شام کو بجیدیہ لٹریری لیگ کا شاندار مشاعرہ زیر صدارت جناب پروفیسر شجاع صاحب منتقی ایم۔ اے کالج میں منعقد ہوا۔ مشاعرہ کامیاب رہا۔ اور حاضرین نے شعرائے کرام کے کلام کی خوب داد دی۔

طرحی مصرع حسب ذیل تھے:۔

مصرع اول :۔ یہ وقت ہے شگفتن گل ہائے ناز کا

مصرع ثانی :۔ جہاں ہے تیرے لئے تو نہیں جہاں کے لئے

---

چمن میں تلخ نوائی میری گوارا کر
کہ زہر بھی کبھی کرتا ہے کارِ تریاقی — اقبال

گزشتہ اشاعتوں میں ایڈیٹروں کو اکثر اوقات طلبائے کالج کی بے توجہی اور بے پروائی کا گلہ و شکوہ رہا ہے۔ اور آج ہمیں بھی اپنے سابق ایڈیٹروں کے نقش قدم چلنے کی ضرورت محسوس ہوئی ہے۔ یعنی بار ادارت سنبھالتے ہی اگرچہ فراہمی مضامین کے لئے کئی بار زبانی اور تحریری آپ حضرات کی توجہ مبذول کرائی گئی لیکن افسوس ہمارے نامہ نگاروں کے کان پر جوں تک بھی نہ رینگی۔ اور طرفہ یہ کہ بہت سے مہربانوں نے بمصداق "سوال گندم جواب چینا" اقبال نمبر کے لئے مضامین بھیجنے کی بجائے عشقیہ افسانوں اور کہانیوں سے بیچارے ایڈیٹر کو نوازا۔ الحمد للہ یہ بھی غنیمت کہ ع نہ ہونے سے کچھ ہونا ہے بہتر۔ کم از کم قلم اٹھانے کی ہمت تو کی۔ مگر یہ بتا دینا فرض اولین سمجھتا ہوں۔ کہ جب تک آپ حضرات ایڈیٹر کا ہاتھ نہ بٹائیں گے۔ ایڈیٹر اکیلا نخلستان کو معراج ترقی پر نہیں پہنچا سکتا۔ اب آپ کی مرضی پر منحصر ہے خواہ میگزین کی آبیاری کے لئے کمربستہ ہوں یا نہ ہوں مگر یاد رہے نخلستان کی ناکامی کو صرف معمولی نقصان اور صدمہ نہ سمجھئے۔ بلکہ اس کے ساتھ علمی۔ ادبی۔ قومی اور ملکی نقصانات اور ناکامیاں

بھی وابستہ ہیں۔ کیا کبھی یہ بھی سوچا ہے کہ اس کی اشاعت میں کیوں دیر لگ جاتی ہے؟ اس کا جواب صرف آپ کی بے توجہی بے پروائی اور غفلت کے سوا اور کچھ نہیں۔ ہم بار بار با آوازِ دہل پکار پکار کر عرض گزار ہوتے رہے کہ میگزین آپ حضرات کی امانت ہے اور اس کا بگاڑنا اور بنانا بھی محض نوجوانانِ کالج پر ہی منحصر ہے۔ اب بھی نخلستان کی قسمت آپ کے ہاتھوں میں ہے کیونکہ

دلِ بیدار پیدا کر کہ دل خوابیدہ ہے جب تک
نہ تیری ضرب ہے کاری نہ میری ضرب ہے کاری　　اقبالؔ

حسب الحکم عالیہ اعلیحضرت والئے ریاست بہاولپور خلد اللہ ملکہ و اقبالہٗ مورخہ ۲۳ مارچ ۱۹۴۱ء کو بروز اتوار محترم جناب پرنسپل صاحب نے مع جناب پروفیسر مولوی حاجی احمد صاحب سپرنٹنڈنٹ ہوسٹل و بورڈران ہر دو ہوسٹل مسجد احاطۂ کالج میں صبح کی نماز کے بعد حکومتِ برطانیہ کی فتح و نصرت کے لئے مخلصانہ دعائیں مانگیں۔

نیز کالج کے دیگر مسلم طلبأ و اساتذۂ کرام اپنے اپنے محلوں کی مسجدوں میں اور ہندو و سکھ طلبأ مندروں اور گوردواروں میں سرکار انگلشیہ کی فتحمندی کے لئے شریکِ دُعا ہوئے۔

آخر میں ہم سب کی یہی دعا ہے کہ رب ذوالجلال برطانیہ عظمٰی اور اس کے حلیفوں کو موجودہ جنگ میں منظفر و کامیاب فرمائے۔ اور نازیت اور فسطائیت کو صفحۂ ہستی سے نیست و نابود کر دے تاکہ دنیا میں امن و امان قائم ہو ٭

# آہ! سر شاہ محمد سلیمانؒ

مدھم سی روشنی تھی چراغِ اُمید میں
اے بادِ برگ تو نے اُسے بھی بجھا دیا

آنریبل ڈاکٹر سر شاہ محمد سلیمان ایم اے۔ ایل ایل ڈی کے حادثۂ موت کی پریشان کن خبر سے جس قدر صدمہ پہنچا ہے قابلِ بیان نہیں۔ مرحوم کی ذاتِ گرامی ہندوستان کی اُن چند مایہ ناز ہستیوں میں تھی جو عالمگیر شہرت کے مالک ہیں۔ آپ بحیثیت ایک ماہرِ تعلیم۔ ایک قانون دان اور ایک سائنسدان کے ہندوستان بھر میں اپنا ثانی نہیں رکھتے تھے۔ آپ علیگڑھ یونیورسٹی کے وائس چانسلر اور فیڈرل کورٹ کے جسٹس تھے۔ حال ہی میں آپ نے مشہور جرمن یہودی سائنسدان آئین سٹائین (　　) کے نظریۂ اضافیت (　　) کو غلط ثابت کر کے ہندوستان کی علمی رفعت و عظمت کو بڑھا دیا ہے۔

واقعی آپ کی موت سے نہ صرف ہندوستان بلکہ تمام دنیا کو ایسا ناقابلِ برداشت نقصان پہنچا ہے جس کی تلافی ناممکن ہے۔ انا للہ وانا الیہ راجعون ہم دست بدعا ہیں کہ اللہ تعالیٰ مرحوم کو جوارِ رحمت میں جگہ دے اور پسماندگان کو صبرِ جمیل۔ آمین

ایڈیٹر "نخلستان"

# مرثیۂ علامۂ اقبالؒ

ذیل کا مرثیہ حضرت قبلہ محسن الملک علامۂ عصر عالیجناب مولانا غلام حسین خان صاحب سابق ہوم منسٹر ریاست بہاولپور کی کاوشِ دماغ کا نتیجہ ہے اور بیحد قابلِ تعریف۔ آپ کا ذکر جمیل شذرات میں کیا گیا ہے (ایڈیٹر)

برفت از ما شبیلے فخرِ رازی — نظیرش نیست در حکماءِ ماضی
غنی بودہ ولے با فقر راضی — ربودہ از ہمہ شعراءِ بازی
دریغا عرفی و رومی زماں رفت — فدائے ملک و ملت پاسباں رفت
بسوزِ دردِ دل اندر جہاں رفت — جدا گشتہ ازیں دنیا بشانِ بے نیازی
ادیبِ بے بدل آں صاحبِ حال — کہ مشہور است در عالم باقبال
خلاصہ قیل و قالش قول و اقوال — کلامش ہست الہامِ حجازی
چنیں فرخندہ فرزندے دگر گیتی نزاید — اگر زاید بزاید لیک مثلش کے نیاید
ہزارہا سال مے باید کہ مردے در ظہور آید — حقیقت جلوہ گر گردد برنگِ امتیازی
حقائق ہست ایں از سرِ اسرار — بمیرد ہر کہ آمد اندریں دار
بسے رفتند از صلحاءِ ابرار — نماندہ ہم نماند کس دریں کاخِ مجازی

# "ارمغانِ حجاز" کے جواہر ریزے

(از محترم جناب خان بہادر محمد مظہر صاحب تھانوی پولیس کمشنر ریاست بہاولپور)

آج کل "ارمغانِ حجاز" محترم جناب خان بہادر محمد مظہر صاحب پولیس کمشنر ریاست بہاولپور کے زیر مطالعہ ہے۔ آپ نے "ارمغانِ حجاز" کے خزانۂ جواہرات میں سے دو ایک جواہر ریزے ہدیۃً ارسال فرماتے ہیں ؎ کس منہ سے شکر کیجئے اس لطفِ خاص کا۔ اور ان جواہر ریزوں کا تعلقِ خصوصی موجودہ جنگِ یورپ اور ہندوستان کے مسلمانوں کی بے عملی سے ہے اب فرمایئے کہ اقبال مرحوم کی ولایت میں کیا کلام ہے۔

آپ فرماتے ہیں کہ "شکوہ اس کا کہ آپ کی رائے میں اقبال ہنوز محتاجِ تعارف ہے جو مسلم حکام اس کا کلام سمجھتے ہیں وہ اس کے عاشق ہیں۔ جو نہیں سمجھ سکتے۔ اُن کے لئے تحریص و ترغیب بیکار ہے۔ آج کل "ارمغانِ حجاز" زیر مطالعہ ہے۔ اس میں ایک نظم ہے۔ جس کا عنوان ہے "ابلیس کی مجلس شوریٰ"۔

نظم ۱۹۳۶ء میں لکھی گئی تھی۔ یہ نظم ادبی حیثیت سے قطع نظر مسلمانوں کے لئے "بہترین درس عمل" ہے۔ اس نظم کے دو الہامی شعر سنیئے۔ "ابلیس اپنے مشیروں سے مخاطب ہو کر کہتا ہے"

؎ دیکھ لیں گے اپنی آنکھوں سے تماشا شرق و غرب
میں نے جب گرما دیا اقوامِ یورپ کا لہو
کیا امامانِ سیاست، کیا کلیسا کے شیوخ
سب کو دیوانہ بنا سکتی ہے میری ایک ھو

اسی کتاب میں سے ایک فارسی کی رباعی اور سُن لیجئے۔ اور داد دیتے رہیئے۔

"بہشتے بہرِ پاکانِ حرم ہست — بہشتے بہر اربابِ ہمم ہست
بگو ہندی مسلماں را کہ خوش باش — بہشتے فی سبیل اللہ ہم ہست"

آپ کو اُردو سے جو شغف ہے وہ آپ کی تصنیف "التماس" سے ظاہر ہے عیاں را چہ بیاں۔ شعروں کا انتخاب۔ ایک ادیب کے علمی و تنقیدی مذاق کا صحیح نمونہ ہوتا ہے۔ آپ اپنی مدح سنانا نہیں چاہتے تھے تو ذم ہی سُنیئے۔

"شعروں کے انتخاب نے رسوا کیا مجھے"
(غالب)

والسلام از صادق علی

# صدیق (رمز)

(از سید الیاس سیکنڈ ایر کلاس)

؎ یادِ عہدِ رفتہ میری خاک کو اکسیر ہے — میرا ماضی میرے استقبال کی تفسیر ہے (اقبال)

قوموں کے اُبھرنے اور بننے کی صرف دو باتیں ہیں۔ ایک جانی قربانی اور دوسرے مالی قربانی جس قوم کے عوام و خواص میں جانی اور مالی قربانیوں کے صفات بہ اتم وجوہ موجود ہوں تو پھر اس کا اُبھرنا یقینی ہے۔

جب موسیٰ علیہ السلام یہودیوں سے بیت المقدس پر حملہ کرنے کے لئے کہتے ہیں تو وہ جواب دیتے ہیں۔ کہ حضرت آپ خود جائیے اور اپنے خدا کو بھی لے جائیے۔ آپ دونوں جا کر لڑیئے۔ ہم تو یہاں مزے سے بیٹھے ہوئے نظارۂ جنگ کرتے رہیں گے۔ فَاذْهَبْ اَنْتَ وَرَبُّكَ فَقَاتِلَآ اِنَّا هٰهُنَا قَاعِدُوْنَ (ترجمہ:- تم جاؤ اور تمہارا خدا، دونوں جا کر لڑو، ہم یہاں بیٹھتے ہیں) جب کبھی موسیٰ علیہ السلام خدا کی راہ میں یہودیوں سے روپیہ مانگتے ہیں تو کہتے ہیں کہ کیا خدا کے پاس کچھ نہیں ہے۔ يَدُ اللّٰهِ مَغْلُوْلَةٌ (ترجمہ۔ خدا کا ہاتھ تنگ ہے) یہودی اس قدر بگڑ گئے تھے۔ کہ اُن پر خدا کا عتاب ہوا۔ اور اُن کی دنیا میں جو گت ہوئی ہے وہ ظاہر ہے، ضُرِبَتْ عَلَيْهِمُ الذِّلَّةُ وَالْمَسْكَنَةُ وَبَآءُوْا بِغَضَبٍ مِّنَ اللّٰهِ (اور جم گئی اُن پر ذلت اور پستی کہ دوسروں کی نگاہ میں قدر۔ اور خود اُن میں اولوالعزمی نہ رہی) اُن کے مقابلے میں قرنِ اولیٰ کے مسلمان مابہ الامتیاز نظر آتے ہیں۔ ہر چیز اللہ کی راہ میں خرچ کرتے ہیں۔ خواہ مال و زر ہو۔ ان کے قوائے جسمانی و ذہنی ہوں، خواہ اُن کی جان ہو وہ سب کچھ حق و حریت کے لئے قربان کر دیتے ہیں۔ صحابۂ کرام کی جانی و مالی قربانیوں سے تاریخ کے اوراق مزیّن ہیں۔ بخاری شریف کی حدیث ملاحظہ فرمائیے:-

| | |
|---|---|
| قال المقداد یوم بدر یا رسول اللہ | معرکۂ بدر میں مقداد رضؓ نے کہا یا رسول اللہ! |
| انا لا نقول لك كما قالت بنوا اسرائیل | ہم بنی اسرائیل کی طرح نہیں کہ اُنہوں نے موسیٰ |
| لموسیٰ فاذھب انت وربك فقاتلا | علیہ السلام سے یہ کہدیا اذھب انت وربك |
| انا ھھنا قاعدون ، ولکن | فقاتلا انا ھٰھنا قاعِدُوْن۔ بلکہ آپؐ |

اصحٰی و نحن معک (بخاری کتاب التفسیر) تشریف لے چلیں ہم آپ کے ساتھ ہیں۔

## حضرت صدیقؓ کو خدا خود ثَانِیَ اثْنَیْنِ اِذْھُمَا فِی الْغَارِ کا خطاب عالیہ عطا فرماتا ہے

خلفائے راشدین کے فاضل مصنف نے زرقانی کے حوالے سے ذیل کا واقعہ بیان کیا ہے
"حضرت ابوبکرؓ نے غارِ ثور میں پہلے داخل ہو کر اُس کو درست کیا۔ جو سوراخ اور پھٹ نظر آئے۔ ان کو بند کیا پھر آنحضرت صلعم سے اندر تشریف لانے کے لئے عرض کی۔ آنحضرت صلعم اس غار میں داخل ہوئے۔ اور اپنے رفیق و مونس کے زانو پر سر مبارک رکھ کر مشغولِ استراحت ہوئے، اتفاقاً اسی حالت میں ایک سوراخ سے جو بند ہونے سے رہ گیا تھا ایک زہریلے سانپ نے کاٹ کھایا۔ لیکن اس خادم جاں نثار نے اپنے آقا کی راحت میں خلل انداز ہونا گوارا نہ کیا اور خود اپنی جان کو خطرہ میں ڈال کر اُس پر پاؤں رکھ دیا سانپ نے کاٹا، زہر اثر کرنے لگا۔ درد و کرب کے باعث آنکھوں سے آنسو جاری ہو گئے لیکن اس وفا شعار رفیق نے اپنے جسم کو حرکت تک نہ دی کہ اس سے آپکے خواب راحت میں خلل اندازی ہوگی۔ ناگاہ آنسو کا ایک قطرہ ڈھلک کر آنحضرت صلعم کے چہرۂ انور پر ٹپکا، جس سے حضورؐ بیدار ہو گئے۔ اور اپنے مخلص غمگسار کو بے چین دیکھ کر فرمایا۔ ابوبکرؓ کیا ہے؟ عرض کی "میرے ماں باپ آپ پر فدا ہوں۔ سانپ نے کاٹ لیا" آنحضرت صلعم نے اُسی وقت اس مقام پر اپنا آب دہن لگایا، زہر کا اثر دور ہو گیا"

جنگِ بدر کے سلسلے میں مال و متاع روپے، پیسے اور اسلحہ و آلات کی بڑی ضرورت تھی۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے صحابۂ کبار سے راہ حق میں چندہ دینے کے لئے فرمایا۔ اتفاق سے اس وقت حضرت عمرؓ کے پاس کئی ہزار درہم تھے۔ آپ خوشی سے پھولے نہ سمائے۔ اور اپنے دل میں کہنے لگے۔ کہ آج تو میں ضرور حضرت ابوبکرؓ سے مالی قربانی میں بڑھ جاؤنگا۔ غرضیکہ سب سے پہلے حضرت فاروق رضؓ نے اپنا چندہ رسولؐ پاک کی خدمت میں پیش کیا۔ اس پیشکش پر سرورِ کائنات نے ارشاد فرمایا کہ اے عمرؓ! میں جانتا ہوں کہ جوش و ذکرِ حق سے آپ کے قلب کو طمانیت حاصل ہے۔ اور ایسا ہونا بھی چاہئے۔ کیونکہ صرف خدا ہی کے جوشِ ذکر سے دلوں کو سکون اور طمانیت حاصل ہوتی ہے اَلَا بِذِکْرِ اللّٰہِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْبُ (بیشک، اللہ ہی کی یاد سے

دلوں کو طمانیت حاصل ہوتی ہے) ہاں یہ تو بتایئے کہ اپنے اہل و عیال کے لئے بھی کچھ بچا کر رکھا ہے یا نہیں؟ کیونکہ ہر ایک مسلمان اپنے خویش و اقارب کا حق گذار ہوتا ہے۔ حضرت عمرؓ نے عرض کیا! کہ اسی لئے نصف مال میں نے اہل و عیال کو دے دیا۔ اور نصف مال ملتِ بیضا پر نثار کر دیا ہے۔

اسی اثناء میں رفیقِ نبوت بھی تشریف لے آئے۔ اور آپ نے لونڈی و غلام، درہم و دینار، رخت و جنس گھوڑے اور اونٹ، خچر اور گدھے، غرضیکہ سب کچھ لا کر نذرِ رسالت کر دیا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے دریافت فرمایا کہ گھر میں بچوں کے لئے کیا رکھا مَا اَبْقَیْتَ لِاَهْلِكَ آپ نے جواب دیا کہ اللہ اور اس کا رسولؐ۔ اَبْقَیْتُ لَهُمُ اللّٰهَ وَرَسُوْلَهٗ۔

## صدیقؓ

اک دن رسولِ پاک نے اصحابؓ سے کہا
دیں مال راہِ حق میں جو ہوں تم میں مالدار

ارشاد سن کے فرطِ طرب سے عمرؓ اٹھے
اس روز ان کے پاس تھے درہم کئی ہزار

دل میں یہ کہہ رہے تھے کہ صدیقؓ سے ضرور
بڑھ کر رکھے گا آج قدم میرا راہوار

لائے غرض کہ مال رسولِ امیں کے پاس
ایثار کی ہے دستِ نگر ابتدائے کار

پوچھا حضورؐ سرورِ عالم نے اے عمرؓ!
اے وہ کہ جوشِ حق سے ترے دل کو ہے قرار

رکھا ہے کچھ عیال کی خاطر بھی تو نے کیا؟
مسلم ہے اپنے خویش و اقارب کا حق گزار

کی عرض نصف مال ہے فرزند و زن کا حق
باقی جو ہے وہ ملتِ بیضا پہ ہے نثار

اتنے میں وہ رفیقِ نبوت بھی آگیا
جس سے بنائے عشق و محبت ہے استوار

لے آیا اپنے ساتھ وہ مردِ وفا سرشت
ہر چیز جس سے چشمِ جہاں میں ہو اعتبار

ملکِ یمین و درہم و دینار و رخت و جنس
اسپِ قمر سم و شتر و قاطر و حمار

بولے حضورؐ چاہئے فکرِ عیال بھی
کہنے لگا وہ عشق و محبت کا راز دار

"اے تجھ سے دیدۂ مہ و انجم فروغ گیر
اے تیری ذات باعثِ تکوینِ روزگار

پروانے کو چراغ ہے بلبل کو پھول بس
صدیقؓ کیلئے ہے خدا کا رسولؐ بس"

فارسی کی ایک رباعی بھی جس میں شاعر نے حضرت صدیق رض کے مالی وجانی قربانی کی وضاحت کی ہے۔ ہمارے غور و فکر کو قوتِ عمل کی دعوت دے رہی ہے۔

آنکس کہ ترا بخواست جاں راچہ کند فرزند و عیال و خانماں راچہ کند

دیوانہ کنی ہر دو جہانش بخشی دیوانہ تو ہر دو جہاں راچہ کند

عمل کے سلسلے میں ہمارے فاضل محترم خان بہادر محمد مظہر صاحب پولیس کمشنر ریاست بہاولپور نے اقبال مرحوم کی ایک رُباعی ارسال فرمائی ہے۔

"آپ فرماتے ہیں" ایک فارسی کی رباعی اور سُن لیجئے۔ اور داد دیتے رہیئے۔

بہشتے بہرِ پاکانِ حرم ہست بہشتے بہرِ اربابِ ہمم ہست

بگو ہندی مسلماں راکہ خوش باش بہشتے فی سبیل اللہ ہم ہست

اوپر والے اردو کے تیرہ اشعار اور فارسی کی رباعی بالا سے واضح ہے۔ کہ علامہ اقبال رح نے ہماری قومی تصویر کے دو رُخ پیش کئے ہیں۔ تصویر کا پہلا رُخ تو وہ ہے جہاں مسلمان پیکرِ عمل نظر آتا ہے۔ اور تصویر کا دوسرا رُخ یہ ہے کہ مسلمان اور خصوصاً ہندی مسلمان مجسمۂ بے عملی ہے۔

ذرا "فی سبیل اللہ" کے تعریضی لب و لہجہ پر غور فرمایئے۔ اور اس ظریفانہ و حکیمانہ اسلوبِ بیان کی جس قدر تعریف کی جائے کم ہے۔

شاعرِ دل نواز بھی بات اگر کہے کھری ہوتی ہے اُس کے فیض سے مزرعِ زندگی ہری (اقبال رح)

باباتے شیراز کا بیت بھی ملاحظہ فرمایئے:۔

رفتن بپائے مردی ہمسایہ در بہشت حقا کہ با عقوبت دوزخ برابر است

سعدی اور اقبال کے طرزِ بیان میں جو فرق ہے اس کا اندازہ با مذاق حضرات خود لگا سکتے ہیں یوں تو یہ تمام زیرِ بحث اشعار ہی ناظم اور شاعر کے فرق کو ظاہر کر رہے ہیں۔ لیکن ایک آخری شعر ایسا ہے جو قطعی طور پر شاعر اور غیر شاعر کے درمیان امتیاز پیدا کر دیتا ہے۔ اس شعر پر آئندہ سطور میں روشنی ڈالی جائیگی۔

حضرت ابوبکر صدیق رض رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کے عشق و محبت میں بیخود و وارفتہ ہیں۔ ایسی بیخودی و وارفتگی کہ جس نے آپ کو دنیا و مافیہا سے بیخبر کر دیا ہے۔ خدا خود حضرت صدیق کی تعریف میں فرماتا ہے ثانی اثنین اذھما فی الغار

رفیقِ نبوت کی ذات والا صفات کے ساتھ ہی بنائے عشق و محبت استوار ہے ؎

جس سے بنائے عشق ہے استوار

اقبال اہل علم کے غور و فکر کے لئے عشق صدیقی رض کی تعریف ذیل کے اشعار میں فرماتے ہیں۔ علم و عشق کا یہ کیسا زبردست مقابلہ ہے۔ کیسے دلکش پیرایہ میں دونوں کی خصوصیات بتائی ہیں۔

# علم و عشق

علم نے مجھ سے کہا عشق ہے دیوانہ پن
عشق نے مجھ سے کہا علم ہے تخمین و ظن

بندۂ تخمین و ظن کرم کتابی نہ بن
عشق سراپا حضور۔ علم سراپا حجاب

عشق کی گرمی سے ہے معرکۂ کائنات
علم مقامِ صفات، عشق تماشائے ذات

عشق سکون و ثبات عشق حیات و ممات
علم ہے پیدا سوال عشق ہے پنہاں جواب

عشق کے ہیں معجزات، سلطنت و فقر و دین
عشق کے ادنیٰ غلام صاحبِ تاج و نگیں

عشق مکان و مکیں، عشق زمان و زمیں
عشق سراپا یقیں اور یقیں فتح باب

شرعِ محبت میں ہے عشرتِ منزل حرام
شورشِ طوفاں حلال لذتِ ساحل حرام

عشق پر بجلی حلال، عشق پہ حاصل حرام
علم ہے ابن الکتاب عشق ہے امّ الکتاب

علامہ اقبال مرحوم کی ذیل کی نظم ایران کے مشہور شاعر رودکی کے قصیدہ [1] کی طرح سادہ و سلیس ہے۔ لیکن اثر کے لحاظ سے دونوں میں زمین آسمان کا فرق

---

[1] اس قصیدہ کے چند شعر یہ ہیں:۔

یادِ یارِ مہرباں آید ہمے
بوئے جوئے مولیاں آید ہمے

ریگِ آموئے و درشتیہائے او
پائے ما را پرنیاں آید ہمے

آبِ جیحوں و شگرفیہائے او
خنگ ما را تا میاں آید ہمے

اے بخارا شاد باش و شاد زی
شاہ سویت میہماں آید ہمے

شاہ ماہ است و بخارا آسماں
شاہ سوئے آسماں آید ہمے

شاہ سرو است بخارا بوستان
سرو سوئے بوستاں آید ہمے

ہے۔ کہا جاتا ہے کہ امیر نصر بن احمد سامانی کو خراسان کی فتح کے بعد ہرات کی خوشگوار آب و ہوا اتنی پسند آئی۔ کہ وہ وہیں ٹھہر گئے۔ اور اپنے سامانی دارالخلافہ بخارا کو بالکل بھول گئے۔ امیر موصوف کے اس طویل قیام سے امرائے دربار اور فوجوں کے سپہ سالار جو کہ اپنے آرام دہ محلّوں میں رہنے کے عادی تھے۔ بہت اُکتا گئے، اراکین دربار نے باری باری امیر نصر بن احمد کو بخارا چلنے کے لئے اُبھارا۔ مگر بدقسمتی سے سب اپنی مساعی میں ناکام رہے۔ آخر میں سب نے متحد ہوکر، رودکی سے عرض کی کہ حضرت آپ ہی اپنے ساحرانہ کلام سے پادشاہ کو بخارا چلنے کی ترغیب دلایئے۔ رودکی نے ان کی استدعا کے جواب میں ایک قصیدہ بخارا اور اس کی دلفریبیوں کے متعلق لکھا۔ اور جب وقت بزم نشاط آراستہ تھی، رودکی نے نہایت سوز و گداز کے ساتھ اشعار پڑھے امیر موصوف ان اشعار سے اس قدر متاثر ہوئے کہ" فوراً اُٹھ کھڑے ہوئے اور بغیر موزہ پہنے گھوڑے پر سوار ہو کر مع لشکر بخارا کو روانہ ہوگئے۔ اور دس کوس پر جاکر منزل کی"

بعض نکتہ چینیوں کو جو شاعرانہ رموز و اسرار سے کما حقہ واقف نہیں ہیں رودکی کے قصیدہ مذکورہ میں کوئی خوبی نظر نہیں آتی۔ اور اُن کو امیر موصوف کے اس قدر متاثر ہو جانے پر حیرت ہے۔ رودکی کے قصیدہ نے صرف ایک ہی امیر کے قلب پر اثر ڈالا اور علامہ اقبال مرحوم کے تیرہ اشعار سے (جن میں حضرت ابوبکر صدیق کی مالی قربانی کا ذکر ہے) کروڑہا نفوس، امیر و کبیر، غریب و فقیر، بادشاہ و وزیر، فقیہ و دبیر، فلسفی و محقق غرضیکہ ہر طبقہ کے لوگ کم و بیش متاثر ہوتے رہیں گے۔ بیشک یہ" پیغام حیات ابدی" ہے

وہ شعر کہ پیغام حیات ابدی ہے
یا نغمۂ جبریل ہے یا بانگِ سرافیل (اقبالؒ)

ان اشعار کی زبان کیسی پیاری ہے۔ اور ذیل کی آیات قرآنی اور احادیث نبویؐ کا صحیح مفہوم کس خوبی و کامیابی کے ساتھ، شعر کے لباس میں پیش کیا گیا ہے۔ ملاحظہ فرمایئے :-

اَلَا بِذِکْرِ اللّٰہِ تَطْمَئِنُّ الْقُلُوْب
اے وہ کہ جوشِ حق سے تیرے دل کو ہے قرار
ثَانِیَ اثْنَیْنِ اِذْ ھُمَا فِی الْغَار
اتنے میں وہ رفیق نبوت بھی آ گیا

## مَا اَبْقَیْتَ لِاَھْلِکَ

رکھا ہے کچھ عیال کی خاطر بھی تو نے کیا
بولے حضور چاہیئے فکرِ عیال بھی
اَبْقَیْتُ لَھُمُ اللّٰہَ وَرَسُوْلَہٗ
صدیقؓ کے لئے ہے خدا کا رسولؐ بس
لَوْلَاکَ لَمَا خَلَقْتُ الْاَفْلَاک

اے تجھ سے دیدۂ مہ و انجم فروغ گیر　　اے تیری ذات باعثِ تکوینِ روزگار

حالی مرحوم نے اپنے مقدمۂ دیوانِ حالی میں شاعر کی تین شرطوں کو ضروری بتایا ہے "! ایک قوتِ متخیلہ، دوسری مطالعۂ کائنات، تیسری تفحص الفاظ، حالی فرماتے ہیں۔ سب سے مقدم اور ضروری چیز جو کہ شاعر کو غیر شاعر سے تمیز دیتی ہے قوتِ متخیلہ ہے ...... یہ وہ ملکہ ہے جس کو شاعر ماں کے پیٹ سے لیکر نکلتا ہے۔ اور جو اکتساب سے حاصل نہیں ہوسکتا۔ اگر شاعر کی ذات میں یہ ملکہ موجود ہے۔ اور باقی شرطوں میں جو کمالِ شاعری کے لئے ضروری ہیں۔ کچھ کمی ہے تو وہ اس کمی کا تدارک اس ملکہ سے کرسکتا ہے۔ لیکن اگر یہ ملکۂ فطری کسی میں موجود نہیں تو وہ شاعر کہلانے کا مستحق نہیں ہے۔ یہ وہ طاقت ہے جو شاعر کو وقت اور زمانہ کی قید سے آزاد کرتی ہے۔ اور ماضی و استقبال کو اس کے زمانہ حال میں کھینچ لاتی ہے۔ وہ آدم اور جنت کی سرگزشت اور حشر و نشر کا بیان اس طرح کرتا ہے گویا اس نے تمام واقعات اپنی آنکھ سے دیکھے ہیں۔ اور ہر شخص اس سے ایسا ہی متاثر ہوتا ہے۔ جیسا کہ ایک واقعی بیان سے ہونا چاہیئے"؟

آئیے۔ حالی مرحوم کی اس فاضلانہ رائے کے معیار پر اقبالؒ کے ان چند زیر بحث اشعار کو جانچئے "پرکھیئے"۔ حالی کے ان تنقیدی لفظوں میں یوں کہنا چاہیئے۔ کہ اقبال کی قوتِ متخیلہ اتنی طاقتور ہے۔ کہ وہ سرورِ کائناتؐ، صحابۂ کرامؓ، اور جنگِ بدر کی تیاری اور اس کی ضروریات کو اپنی آنکھوں سے دیکھ رہی ہے، اور جس طرح اقبال مرحوم خود صدیق اکبرؓ کی مالی قربانی سے متاثر ہوتے ہیں۔ اسی طرح ان چند اشعار کا پڑھنے والا بھی متاثر ہوتا ہے۔ حضرت صدیق اکبرؓ نے مالی قربانی کی جو مثال پیش کی ہے۔

وہ دنیا کی تاریخ میں بے نظیر ہے۔ اقبالؒ کو اس بات کا احساس ہوا۔ کہ مسلمانوں میں مالی قربانی کا جذبہ بہت کم ہو گیا ہے۔ چنانچہ وہ خود فرماتے ہیں کہ میں "عمل کی صور و اشکال مختلفہ کو جن میں تصادم و پیکار بھی شامل ہے ضروری سمجھتا ہوں" اور اگر کوئی شاعر یا رہنما اپنی قوم کو زندہ و باقی رکھنا چاہتا ہے" تو یقیناً وہ ماضی کے درسِ عبرت کو فراموش نہیں کر سکتا"۔

یادِ عہدِ رفتہ میری خاک کو اکسیر ہے ‏ میرا ماضی میرے استقبال کی تفسیر ہے

اقبال کا قلب و نظر، اسلامی روایات اور اسلامی فکر و عمل کی روشنی سے منور ہے ان کو جو والہانہ عشق رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم اور صحابہ کرام سے ہے۔ وہ وہبی و طبعی ہے بقولِ غالب ؎

عشق پر زور نہیں ہے یہ وہ آتش غالب ‏ کہ لگائے نہ لگے اور بجھائے نہ بنے

اور علامہ مرحوم کا مقصدِ وحید، ہر طبقہ کے مسلمانوں میں، اپنے وجد انگیز اشعار سے اسلامی کیریکٹر پیدا کرنا ہے۔ اور کیریکٹر مجموعہ ہے خصائل حمیدہ و صفات جمیلہ کا۔ جس کا اسلامی نام "اُسوۂ حسنہ" ہے لَقَدْ كَانَ لَكُمْ فِي رَسُولِ اللهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ اور اقبال اسی اسوۂ حسنہ کی روشنی میں اسلامی کیریکٹر کا پرچار کرتا ہے۔ اور ان کا نصب العین اسلاف کے بے مثل کارناموں کے ذریعہ، مسلمانوں کے تن مردہ میں حیات و عمل کی روح پھونکنا ہے۔ وہ خود فرماتے ہیں ؎

ہاں یہ سچ ہے چشم بر عہدِ کہن رہتا ہوں میں ‏ اہلِ محفل سے پرانی داستاں کہتا ہوں میں
یادِ عہدِ رفتہ میری خاک کو اکسیر ہے ‏ میرا ماضی میرے استقبال کی تفسیر ہے

بقولِ حالی شاعری کی دوسری شرط کائنات کا مطالعہ کرنا ہے اقبال کے مطالعۂ کائنات کے متعلق تو کسی اور دوسرے مضمون میں ان کے کلام کے ذریعہ وضاحت کی جائیگی۔ یہاں تو صرف یہ عرض کرنا ہے۔ کہ انہوں نے نہ صرف تعلیماتِ اسلامی کا گہرا مطالعہ کیا ہے۔ بلکہ اسلامی روح ان کے رگ و ریشہ میں اس طرح رواں دواں ہے کہ اسلام کے سنہری زمانہ کی بڑی سے بڑی اور چھوٹی سے چھوٹی چیز کا منظر ان کی آنکھوں کے سامنے ہے۔ آنحضرت صلے اللہ علیہ وسلم کا اسوۂ حسنہ (لَقَدْ كَانَ فِي رَسُولِ اللهِ أُسْوَةٌ حَسَنَةٌ) اور صحابۂ کبار کی اطاعتِ رسول کا نقشہ دل میں کالنقش فی الحجر ہے

بھلا یہ کیونکر ممکن تھا کہ اقبال جیسا اسلامی شاعر حضرت صدیق اکبرؓ کے اس بے نظیر واقعہ کو اپنے شاعرانہ اور حکیمانہ کلام کے ذریعہ نہ بیان فرمائے۔ یہ اشعار بانگ درا میں درج ہیں۔ مگر دریافت طلب یہ امر ہے۔ کہ ہمارے مسلمان بچوں، جوانوں اور بوڑھوں میں کتنے ہونگے۔ جنہیں یہ "شاہکار" یاد ہوگا۔ انگریزی اقوال شیکسپیئر کے اقتباسات ضرور ازبر ہیں، مگر یاد نہیں ہے تو قرآن پاک کی ہیجان پیدا کرنے والی آیات، اور خودی وخودداری اور مالی وجانی قربانی کا احساس پیدا کرنے والی منظومات۔ علامہ مرحوم کے کلام کی اشاعت کی اس وقت تک ضرورت ہے۔ جب تک کہ ایشیائی اور خصوصاً ہندوستانی اقوام میں "خودی اور خودداری" کا صحیح جذبہ پیدا نہ ہو جائے اور مسلمان صحیح معنی ہیں، مالی وجانی قربانی کے صفات سے متصف۔ ان خصائص ملی کی تربیت اور قیام ودوام کے لئے بھی رہتی دنیا تک "اقبالیات" کا پرچار ضروری ہے۔ اقبال کا نصب العین یہی ہے۔ کہ ایک مسلمان مسلمان بن جائے اور وہ اسلامی خصوصیات کا حامل ہو جائے۔ اس لئے اقبالؒ کی تصانیف کی اشاعت ایک بڑی حد تک قرآن پاک کی تعلیمات کی اشاعت ہے۔ کسی شاعر نے اقبال کے اس زاویۂ نگاہ کی تصریح کی ہے۔ ملاحظہ فرمایئے:۔

کہا اقبال سے اک ہمنشیں نے　　سخن تیرا شراب آتشیں ہے
کچھ اس انداز سے گرما دئے دل　　کہ اب تسکین ممکن ہی نہیں ہے
حرارت ہے تیرے سوزِ نوا کی　　کہ بجلی سی دلوں میں جاگزیں ہے
کلام شاعراں پروردۂ عصر!　　مگر تیرا سخن عصر آفریں ہے
بدل ڈالا مذاق اس نے ہمارا　　دل اب طرزِ کہن پر نکتہ چیں ہے
ترے اشعار پڑھ کر اب نظر میں
کسی کی شاعری جچتی نہیں ہے
یہ سنکر حضرتِ اقبالؒ بولے　　فقط لطفِ سخن کافی نہیں ہے
زمینِ شعر ہی میں گم نہ ہو جا　　فلک وہ ڈھونڈھ جسکی یہ زمیں ہے
مرے فکر فلک پیما کی پرواز　　ادب پروردۂ روح الامیں ہے
فروغِ عشق و سوزِ آرزو سے　　سخن میرا تب وتاب آفریں ہے

مگر میرے سخن کی روشنی بھی
چراغِ راہ ہے منزل نہیں ہے
میرے اشعار میں پھنس کر نہ رہ جا
اگر سالک رہِ یقیں ہے
تری نظروں میں ہیں میری تصانیف
مری نظروں میں قرآنِ مبیں ہے
گذر جا تو مری بزمِ سخن سے
رہِ قرآں میں گامِ اولیں ہے
جو تو اس طرح قرآں تک پہنچ جائے
تو حاصل دولتِ دنیا و دیں ہے
محیطِ کائنات دل ہے قرآں
نظر کی آخری منزل ہے قرآں

ہندوستانی کا دلائل، حالی مرحوم، مطالعہ کائنات کے سلسلے میں فرماتے ہیں۔ کہ شاعر میں "مختلف چیزوں سے منفرد خاصیت اخذ کرنے" اور جو امور مشاہدہ میں آئیں ان کے ترتیب دینے کی عادت" ہو۔ اور انہوں نے مثال کے طور پر غالب کا مقبولِ عام شعر، مقدمہ حالی میں پیش کیا ہے :۔ ؎

بوئے گل نالۂ دل دودِ چراغِ محفل
جو تری بزم سے نکلا سو پریشاں نکلا

حالی کے اس بیان کی روشنی میں علامہ اقبال کا یہ شعر ملاحظہ فرمائیے :۔

پروانہ کو چراغ ہے بلبل کو پھول بس
صدیقؓ کے لئے ہے خدا کا رسولؐ بس

اقبال کا یہ ایک شعر اپنے اثر کے لحاظ سے جو شعر و شاعری کی علتِ غائی ہے۔ ناظموں کے ہزار ہا دیوانوں پر بھاری ہے ؎ چہ نسبت خاک را با عالمِ پاک

اور اس کی ادبی خوبی محتاجِ بیان نہیں۔ عیاں را چہ بیاں۔

بظاہر شاعر اور ناظم میں مشابہت ہے۔ مگر باوجود اس اختلاط اور التباس کے ان دونوں میں ایک حدِ فاصل ہے جس کا احساس ایک با مذاق آدمی کو بدیر و زود، ہو جاتا ہے۔

حالی کے نقطۂ نگاہ میں تیسری شرط 'تفحصِ الفاظ' کی ہے۔ ذرا اس کسوٹی پر بھی اقبال مرحوم کے ان تیرہ شعروں کو کسیئے۔ ان اشعار میں جو سلاست و روانی ہے۔ اسے ہر پڑھنے والا محسوس کر سکتا ہے۔ البتہ ایک شعر کے متعلق جو ذیل میں درج ہے کہا جا سکتا ہے کہ اس میں ثقیل لفظ ہیں :۔

۵ ملکِ یمین ودرہم و دینار ورخت وجنس — اسپِ قمرسم وشتر و قاطر وحمار

بادی النظر میں اس شعر میں ثقالت نظر آتی ہے۔ مگر حقیقت میں ایسا نہیں ہے۔ اس شعر میں گھوڑا، اونٹ، خچر، اور گدھے کے الفاظ لائے جاتے تو اس شعر میں کوئی خوبی ہی نہ رہتی۔

ایک دفعہ حضرت عمرو بن العاص رضؓ، حضرت سرور کائنات صلے اللہ علیہ وسلم سے پوچھا کہ مردوں میں آپ کو سب سے زیادہ محبوب کون ہے تو ارشاد ہُوا ابوبکرؓ (بخاری شریف) ایک اور موقعہ پر آپ نے فرمایا کہ ابوبکر اپنی صحبت اور مال کے لحاظ سے میرا سب سے بڑا محسن ہے (بخاری مناقب ابوبکرؓ) مالی اور جانی قربانی ہی نے "رفیقِ نبوت" حضرت ابوبکر صدیق اکبرؓ کو "خلافتِ راشدہ" کا چشم و چراغ بنا دیا۔ اور صحابۂ کرام میں سے آپ کی خلافت کے باب میں کسی کو کوئی اختلاف نہ ہُوا۔ غرضیکہ آپ اپنے محاسن ظاہری و باطنی کی وجہ سے خلیفۂ اوّل منتخب ہوئے۔ حضرت ابوبکر صدیقؓ کے چند مشہور واقعات اس لئے لکھے گئے ہیں۔ کہ اقبال کی نظم کے (جو انہوں نے صدیق اکبرؓ کی مالی قربانی سے متأثر ہو کر لکھی ہے) اسباق وسباق کی وضاحت ہوجائے۔ اور اس (نظم) کی اہمیت واضح۔

ہمارے لئے یہ نظم بہترین درسِ عمل" ہے۔ اقبالؒ کو احساس ہے کہ مسلمانوں کی تمام تحریکیں اس لئے ناکامیاب ہیں کہ وہ مالی قربانی کے جذبہ سے کلیتًہ محروم ہو چکے ہیں، اگر دس کروڑ مسلمانوں میں سے ایک کروڑ مسلمان ایک ایک آنہ ماہانہ بھی دیں، اور باقاعدگی کے ساتھ دیں۔ تو سوا چھ لاکھ روپیہ ماہوار اکٹھا ہو سکتا ہے اور "اقبالیات" کے پرچار کا اعلےٰ پیمانہ پر انتظام، واقعہ یہ ہے کہ مالی قربانی میں مسلمانوں کی تمام مذہبی واقتصادی ضروریات کا حل مضمر ہے، ایک وہ تھے جنہوں نے سب کچھ لاکر نذرِ رسالت کر دیا ایک ہم ہیں کہ ایک آنہ ماہانہ بھی باقاعدگی کے ساتھ نہیں دے سکتے ؎

ایک وہ ہیں جنہیں تصویر بنا آتی ہے
ایک ہم ہیں کہ لیا اپنی بھی صورت کو بگاڑ

مسلمانوں کا ماضی "عمل کی صور و اشکالِ مختلفہ" یعنے مالی اور جانی قربانیوں کا کارناموں سے لبریز ہے۔ اور مسلمانوں کا حال، "قال اقوال" کے فلسفی مباحث سے پُر۔ اور

عمل سے بیگانہ۔ قرآن کا درس "درسِ عمل" ہے۔
یٰاَیُّھَا الَّذِیْنَ اٰمَنُوْا لِمَ تَقُوْلُوْنَ مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ۝ کَبُرَ مَقْتًا عِنْدَ اللّٰہِ اَنْ تَقُوْلُوْا مَا لَا تَفْعَلُوْنَ ۝ (ترجمہ:۔ ایمان والو! ایسی بات کیوں کہتے ہو جو کرتے نہیں ہو۔ خدا کے نزدیک یہ بات بہت ناراضی کی ہے۔ کہ ایسی بات کہو جو کرو نہیں۔ ترجمہ مولانا شاہ اشرف علی صاحب مدظلہ العالی)

قوموں کی بنائے عمارت ایک ہی بنیادی اصول پر مبنی ہے۔ اور وہ ہے عمل۔ اور قوموں کا زوال ایک ہی اصولی چیز پر منحصر ہے۔ اور وہ ہے بے عملی۔ اور بے عملی کے اسباب و مراتب میں "تعیش" روحِ رواں ہے۔

؎
مَیں تجھ کو بتاتا ہوں تاریخِ اُمم کیا ہے
شمشیر و سنان اوّل طاؤس و رباب آخر
تھا ضبط بہت مشکل اس سیلِ معانی کا
کہہ ڈالے قلندر نے اسرارِ کتاب آخر (اقبالؒ)

جب قوم کے افراد کا روپیہ تعیش و تن آسانی یعنی سینما وغیرہ میں صرف ہو تو پھر مالی قربانی کیونکر ہو سکتی ہے اور مسلم نوجوانوں کی تن آسانی و بے عملی اقبال کو خون کے آنسو رُلاتی ہے ؎

ترے صوفے ہیں افرنگی ترے قالین ہیں ایرانی
لہو مجھ کو رُلاتی ہے جوانوں کی تن آسانی (اقبالؒ)

---

باقی باقی

# اقبال اور تخلیقی فراست

(از ذکاء الملک خواجہ ڈاکٹر ایف۔ ایم شجاع منعمی۔ ایم اے (علیگ) بی ایس سی آنرز)
ایم اے (پنجاب) ایم۔ ایس۔ سی + ایم ایچ ایس ایس (امریکہ) پی ایچ ڈی ایم آر ایس ایل لنڈن)

لوہا۔ تانبا۔ شیشہ وغیرہ تو پہلے ہی دُنیا میں موجود تھے۔ تو ریڈیو بنانے والے سائینسدان نے کونسا تیر مارا ہ اس نے اپنی عقل سے ایک نئی تجویز کی۔ ریڈیو کی کرامت موجد کی عقل میں ہے۔ لوہے تانبے میں نہیں۔ اس کا تخلیقی فراست (CREATIVE GENIUS) ہے۔

## انسانؔ

توشب آفریدی، چراغ آفریدم　　سفال آفریدی، ایاغ آفریدم
بیابان و کوہسار و راغ آفریدی　　خیابان و گلزار و باغ آفریدم
من آنم کہ از سنگ آئینہ سازم
من آنم کہ از زہر نوشینہ سازم　　(اقبالؒ)

(تو سے خطاب خدا کی طرف ہے از محاورہ مابین خدا و انسان۔ پیام مشرق)

لوہا۔ تانبا لاکھوں برس یکجا پڑے رہتے۔ اور اگر عقل بیچ میں نہ آتی۔ تو بے حس حرکت اور بے رنگ و بو تھے۔ کچھ حاصل نہ ہوتا۔

یہ تخلیقی فراست (CREATIVE GENIUS) ہی بنی نوع انسان کی عظمت کا سبب ہے۔ اور یہی کسی کی ذہانت، عقل وشعور، فہم یا ادراک کی قدر وقیمت پرکھنے کے لئے معیار ہے۔ کہ اس عقل وشعور نے ہمارے موجودہ علم اور واقفیت میں کیا اضافہ کیا۔ اور یہ اضافہ کس رفعت اور وسعت کا ہے۔ اس کا اثر اولادِ آدم کے تمدن۔ تہذیب اور زندگی کے مختلف شعبوں پر کیا ہوا۔

نابغہ (GENIUS) کی قوتوں اور کیفیتوں کا اندازہ ہم ان معمولی

اصولوں سے نہیں لگا سکتے۔ جو ہم عامۃ الناس کے لئے استعمال کرتے ہیں وہ ایک فوق العادہ ادراک اور فہم کا مالک ہے۔ اس کے اصول مختلف۔ اس کا معیار جداگانہ اس کا علم لدُنی۔ یعنی ایک ایسا ملہم جس کو قدرت نے سقم اور صحت حسن اور قبح میں تمیز کرنے کا ملکہ پیدائش سے پہلے عطا کر دیا ہو۔ یہ شعور اس کے لئے اکتسابی ( ) نہیں فطری ( ) ہے۔ اس کی عقل سلیم پر کیفیتوں کی حقیقت از خود منکشف ہو جاتی ہے۔ ایڈی سن نے گراموفون ایجاد کیا۔ نہ کبھی اُستاد نے اسے علم الاشیاء پڑھایا۔ نہ اس نے کتاب میں کبھی اس کی بناوٹ کو دیکھا۔ مولٰنا عبدالحکیم سیالکوٹی نے پنجاب میں عمر گزاری۔ مگر عربی میں ایسی کتاب لکھی کہ مصر کے مکتبوں میں اب تک پڑھائی جاتی ہے۔ امیر خسرو دہلوی نے ہندی نژاد ہوتے ہوئے ہزارہا اشعار فارسی کے لکھے۔ جن سے فارسی والے سند لیتے ہیں۔ حضرت علامہ اقبال نے کبھی سرزمین ایران میں قدم نہ رکھا مگر فارسی میں اظہارِ خیال کیا۔ افکار اور زبان میں وہ جدت پیدا کی۔ کہ عقل فارس ششدر ہے ایرانی کہتا ہے "اللہ اکبر یہ لکھنے والا ایرانی ہے" یہی نابغہ ہے جس کا مسکن عوام کی رسائی سے بالا تر ہے۔ میں ذاتی تجربے کی بنا پر کہتا ہوں کہ ڈاکٹر اقبال صاحب بڑے ذہین تھے۔ اور ذہانت کا اظہار زندگی کے ہر شعبے میں ہر وقت ہوتا رہتا ہے۔

شاعر کیا کرتا ہے؟ وہی الفاظ جنہیں آپ جانتے ہیں اور استعمال کرتے ہیں۔ وہی استعارے اور تشبیہیں نئے سانچے میں ڈھالتا ہے۔ انہیں نئے رنگ میں پیش کرتا ہے۔ وہ نابغہ ( GENIUS ) ہے۔ وہ الفاظ دنیا میں موجود تھے۔ مگر افکار جو اس کے ذہن نے پیدا کئے۔ وہ دنیا میں موجود نہ تھے۔ اس لئے شاعر تخلیقی فراست ( CREATIVE GENIUS ) کا صاحب ہے۔ اس کے منہ میں دنیا کے الفاظ اس شاعر کے الفاظ ہو جاتے ہیں۔ اور ایک نئی شکل اختیار کر لیتے ہیں۔ اب ان کے پڑھنے سے ایک نئی کیفیت ہمارے ذہن میں آتی ہے۔ جو ان الفاظ کو ہزار دفعہ اس سے قبل پڑھنے سے حاصل نہ ہوئی تھی۔

شاعر کون ہے اس کا جواب علامہ اقبال نے خود بہت دفعہ اپنے کلام میں دیا ہے:۔

قوم گویا جسم ہے افراد ہیں اعضائے قوم     منزلِ صنعت کے رہ پیما ہیں دست و پائے قوم
محفلِ نظمِ حکومت، چہرۂ زیبائے قوم     شاعرِ رنگیں بیاں ہے دیدۂ بینائے قوم    (بانگِ درا)

پھر
سینۂ شاعر تجلی زارِ حسن     خیزد از سینائے او انوارِ حسن    الخ

اور
وائے قومے کز اجل گیرد برات     شاعرش وا بوسد از ذوقِ حیات

مقصود یہ کہ شاعر کا کام ہے قوم کی حالت درست کرنا۔ عیوب پر نکتہ چینی کرنا۔ اور فلاح کا راستہ بتانا۔

اب یہ مان لیا کہ علامہ اقبال نابغہ ہے تو مدارج میں اُس کا رُتبہ کیا ہے۔ شاعرِ مشرق کئی صدیوں میں ایک دفعہ ظہور میں آنے والی تخلیقی فراست کا صاحب تھا۔ اس کی ذہنی تخلیق سے ایک دنیا جاگ اُٹھی۔ اس کے خیالات سے کئی ممالک کی زندگی میں خروش پیدا ہو گیا خوابیدہ روحوں میں حرکت پیدا ہو گئی۔ شاعر کی مخلوق نے لوگوں کے دلوں میں ایک نئی دُنیا آباد کر دی

اقبال کی شاعری حسیات اور جذبات کی شاعری نہیں ہے۔ وہ برسات کی بھیگی ہوئی ہوا اُور بہار کے عنبر ریز جھونکوں میں ہمارے دل کے ساتھ اٹکھیلیاں نہیں کرتا۔ بلکہ عقل علم اور عشق سے کارزارِ ہستی میں فتح پاتا ہے۔ وہ قوموں کے سامنے ایک لائحہ عمل پیش کرتا ہے۔ کامیابی کی راہیں بتاتا ہے۔ اور روشن مستقبل کی طرف اشارہ کرتا ہے اقبال نے اس گرانقدر اضافے سے جو دنیا کے علم و عقل میں اس کی معرفت وجود میں آیا۔ دوام ر     کے قصر میں اپنے لئے مستقل جگہ بنالی۔

ایک اور نکتہ ہے آنکھوں سے اوجھل نہ ہو جائے، اس لئے ابھی ذکر کئے دیتا ہوں وہ یہ کہ جو اقبال کی شاعری کے قالب میں وجود میں آئی ہے۔ اپنے پیچ و تاب گوناگوں الوان سے کب تک دلہائے رنگین کی توجہ کا مرکز بنی رہیگی۔ جو رَو زمانے کی رَو کے ساتھ بہتی ہے عرصے تک قائم رہتی ہے۔ جو قوت بہاؤ کے خلاف عزم کرتی ہے وہ اگر جلد ناپید نہ ہو جائے۔ تو منجدھار سے ایک طرف ضرور ہٹ جاتی ہے۔ زمانے کا مقابلہ کون کر سکتا ہے۔ میں نے اس کا ذکر کیا ہے ذکر چھیڑا نہیں۔ نہ ہی یہاں اس کے لئے جگہ تھی۔

مجھے کہا گیا تھا — کہ بساط بہت مختصر ہے۔ اختصار کی نظر سے میں نے مفہوم تو گم نہیں کیا۔

دیدہ ام ہر دو جہاں را بنگاہے گاہے     (اقبالؒ)

تری شیشے میں مے باقی نہیں ہے
بتا کیا تو مرا ساقی نہیں ہے
سمندر سے ملے پیاسے کو شبنم
بخیلی ہے یہ رزاقی نہیں ہے

جوانوں کو مری آہِ سحر دے
پھر ان شاہین بچوں کو بال و پر دے
خدایا آرزو میری یہی ہے
مرا نورِ بصیرت عام کر دے

رباعی

[illegible]

[illegible]

# چند لمحات

## "اُن سے گفتگو"

تعطیلات شروع ہونے والی تھیں۔ انور کے متواتر خطوط آرہے تھے کہ اس مرتبہ چھٹیاں لاہور ہی میں گزاری جائیں۔ انور سے میرے مراسم دیرینہ تھے۔ ہم نے بچپن کا معصوم مگر جلد ختم ہوجانے والا زمانہ ساتھ ہی کھیل کود کر گزارا تھا۔ یہ ایک محض اتفاق سمجھئے۔ کہ اس سے ملے ہوئے کئی برس گزر چکے تھے۔ میں نے یہ سوچ کر کہ ؎

اے ذوقؔ کسی ہمدم دیرینہ کا ملنا    بہتر ہے ملاقاتِ مسیحا و خضر سے

رختِ سفر لاہور کے لئے باندھ لیا اور جمعرات کی شام کو روانہ ہوگیا۔

انور ہمہ تن انتظار تھے۔ میں پہنچا۔ خوب جی بھر کے ملے۔ مجھے ڈاکٹر اقبال سے ملنے کا بڑا اشتیاق تھا۔ اور اس بات کا بھی علم تھا۔ کہ انور کے والد محترم اسلم صاحب کے اُن سے خاصے مراسم تھے۔ یہ لوگ اُن کے ہاں اکثر آیا جایا کرتے تھے۔ میں نے انور سے کہا۔ "دوست چھٹیاں ہیں بہت تھوڑی سی" لاؤ پروگرام بنا ڈالیں۔ اور آج کے پروگرام میں ڈاکٹر صاحب سے ملاقات کرلی جائے۔ ممکن ہے؟

انور نے اپنے مخصوص تبسم آمیز لہجے میں کہا "ہاں کیوں نہیں۔ قوم کے نوجوانوں سے تو مل کر انہیں بڑی مسرت حاصل ہوتی ہے۔ کیونکہ ان کا نظریہ یہ ہے کہ جو لوگ دریائے انحطاط میں قدم دھر چکے ہیں۔ وہ تو میدانِ حیات میں آنے کا مقصد کم و بیش پورا کرچکے ہیں اس سے بحث نہیں کہ انہوں نے قوم و وطن کے لئے کیا کیا۔ ہاں البتہ نوجوانوں کی ذات سے کچھ اُمید وابستہ کی جاسکتی ہے۔ کیونکہ انہیں سیدھے راستے پر لگا دیا جائے۔ تو اُن سے بہتیرے کام لئے جاسکتے ہیں۔"

"اور کس قسم کے آدمی ہیں؟ کچھ ضرورت سے زیادہ سنجیدہ اور تنک مزاج تو نہیں؟ میں اپنے تجسس کو چھپانے کی ایک "سعی لاحاصل" کرکے بولا۔

انور نے اپنی معلومات کی "عظمت" کو برقرار رکھتے ہوئے کہا۔ "نہیں! نہیں! بہت ہی خوش مزاج اور "سنس ہیومر" ہیں تمہیں اُن کے ایک دو لطیفے سُنا دوں۔ تب تمہیں اُن کے متعلق صحیح اندازہ ہو جائیگا۔ غالباً تم نے سُن رکھے ہوں گے اس لئے

کہ وہ بہت ہی مشہور ہو چکے ہیں۔
سر شہاب الدین گورنر کی کونسل کے صدر بہت ہی سیاہ رنگ کے آدمی ہیں۔ ایک مرتبہ شہر کے تمام عمائدین و رؤسا ایک ڈنر میں مدعو تھے۔ قاعدے اور وقت کے مطابق سب کے لباس سیاہ تھے۔ ڈاکٹر صاحب نے جونہی سر شہاب الدین کو کالے لباس میں دیکھا تو فرمانے لگے "چودھری جی! آج تے تسی ننگے ہی آگئے او" یہ فقرہ علامہ موصوف کے منہ سے نکلا تھا کہ کمروں کی فضا قہقہوں سے گونج اُٹھی"
اسی طرح ایک مرتبہ کوٹھے پر بیٹھے ہوئے ستار بجا رہے تھے۔ جوانی کے دن تھے، نیچے سے ایک سکھ صاحب گزرے۔ ملنے والے تھے لیکن تھے جلدی میں۔ اُن کے پاس اتنا وقت نہ تھا۔ کہ اُوپر آکر مزاج پُرسی کرتے۔ نیچے ہی سے طنزاً بولے "کیوں جی وجاندے پے او" ڈاکٹر علیہ الرحمۃ نے اوپر ہی سے برجستہ جواب دیدیا "ہاں پا ئیا۔ سکھنی جے ہوئی" وہ حضرت بغیر کچھ ارشاد کئے چپ چپاتے روانہ ہو گئے۔
حاضر جوابی اور بذلہ سنجی تو بچپن ہی سے تھی۔ کیونکہ یہ کمال اکتسابی تو ہے نہیں۔ فطرت کا انعام ہے۔ جس پر چاہے نظر انتخاب ڈال دے۔ چنانچہ ایک مرتبہ اُستاد نے پُوچھا "اقبال! کیا بات ہے۔ تم ہمیشہ دیر سے آتے ہو؟"
اس نونہال مشرق نے جواب دیا۔ سُبحان اللہ! فرمانے لگے "جی ہاں! اقبال دیر ہی سے آیا کرتا ہے"
اور اسی قسم کی باتیں سُنا سُنا کر میرے شوق کو بڑھا رہے تھے۔ کہ پوچھنے لگے "اچھا! وہ پُوچھیں گے کیسے آئے۔ تو کیا جواب دینگے؟"
"تم مطمئن رہو۔ میں نپٹ لوں گا" میں نے تانگے سے اُترتے ہوئے کہا۔
پہلی فرصت میں پروگرام بنا لیا گیا۔ سینما۔ تھیئٹر، سرکس۔ گھوڑ دوڑ، پولو۔ غرضیکہ اس میں تمام چیزیں شامل تھیں۔ جلدی سے کپڑے بدل کر آنور اور میں ڈاکٹر صاحب کی طرف چل دئے۔ بنگلے پر پہنچ کر اندر اطلاع کرائی۔ باریابی کی اطلاع فوراً مل گئی۔ اندر پہنچے۔ تو دیکھا کہ ڈاکٹر صاحب موصوف حقہ نوشی میں معروف ہیں صورت پر رعب و جلال برس رہا تھا۔ ماتھے کی شکنیں غزالی کے فلسفہ اور رازی کے علم کی علمبردار تھیں آنکھیں شاہانہ اسلاف

کی عظمت رفتہ پر مرثیہ پڑھنے کے علاوہ کسی آنے والے عروج کی اُمید پر قصیدہ پڑھتی معلوم ہو رہی تھیں۔ ابو و طوسی اور ابن سینا کی یاد کو زندہ کر رہے تھے۔ کمرے میں فرنیچر مختصر سا تھا۔ تسلیم و آداب کے بعد ہم دونوں ایک کاؤچ پر بیٹھ گئے۔ علامہ اقبال نے مزاج پوچھا۔ ہم نے ان کی خیریت پوچھی۔ اُنہوں نے نزلہ اور کھانسی کی شکایت کی، انداز سے معلوم ہو رہا تھا۔ کہ اصل موضوع کی طرف جلد لوٹ آنا چاہتے ہیں۔ فرمانے لگے "کیسے آئے؟" فضائے بسیط میں ان کی آنکھیں کسی آنے والے دور کی دھندلی سی تصویر دیکھتی معلوم ہو رہی تھیں۔

میں نے عرض کیا "ایک شعر ہے جناب والا بالِ جبریل میں "جبریل اور ابلیس کی گفتگو" کے عنوان کے ماتحت معنے سمجھ میں نہ آسکے۔ استفادہ کی غرض سے حاضر ہوا ہوں"

"کہو! اُنہوں نے شفقتِ پدرانہ سے کہا

جس کی نومیدی سے ہو سوزِ درونِ کائنات
اس کے حق میں تَقْنَطُوا اچھا ہے یا لَا تَقْنَطُوا

وہ فوراً متوجہ ہو بیٹھے۔ فرمانے لگے "اس سے پہلے کے چند اشعار میں حضرت جبرئیلؑ نے شیطان کو خُدا سے معافی مانگنے کے لئے کیا نہیں ممکن کہ تیرا چاک دامن ہو رفو" کہہ کر توجہ دلائی ہے۔ اس شعر میں ابلیس اُن کے اسی اصرار کا جواب دے رہا ہے۔ اب اس شعر کا مطلب سنو!

تم نے دنیا میں دیکھا ہوگا ایک بھائی دوسرے بھائی کا جَو کی باسی روٹی کے ٹکڑے کے لئے گلا کاٹ ڈالتا ہے۔ انسان جنگلی مجروح سوّر سے زیادہ خوفناک ہو کر دست و گریباں ہو جاتا ہے۔ وُہ لوگ جو مذہبی پیشوائی کا نہ صرف دعوٰے ہی کرتے ہیں بلکہ سمجھے بھی جاتے ہیں۔ ان کے تقدّس پر ایمان لایا جاتا ہے۔ حجروں میں بیٹھ کر یتیموں اور بیواؤں کا مال آسانی سے نِگل جانے کے لئے حدیثیں بناتے رہتے ہیں۔ یہ نُچی ہوئی ڈاڑھیوں اور ننگے ہوئے پائچاموں والے قال اللہ و قال الرّسُول کے پردے میں مکتبوں میں بیٹھ کر فریب کاری اور جعلسازی کے نئے نئے سبق سیکھتے ہیں۔ یہی انسان جسے اپنی شرافت پر ناز ہے۔ اس قدر گناہوں کا ارتکاب کر گزرتا ہے کہ فرشتے اس کے گناہ کو اس کے نامہ اعمال میں درج کرتے ہوئے بھی شرماتے ہیں۔ چند گز زمین کے لئے یہ خدا کی تمام تر مخلوق کو پنجۂ ظلم کے تلے روندڈالنے کے لئے تیار رہتا ہے۔ یہ مسجد و شوالہ میں بیٹھ کر وہ کرتا ہے جو مہ سے "کسی

کے چوبارے پر بھی کرتے ہوئے لاج آنی چاہیئے۔ غرضیکہ اس کی شادی، اس کی موت، اس کی پیدائش اس کا بیاہ ہر چیز ہی ایک ہنگامہ ہے۔ ایک ھماھمی ہے چاہو تو اسی شور و شغب کو رونق کہہ لو اور چاہو تو اسے ہنگامہ ہی سمجھو۔ اس لئے کہ رونق اور ہنگامہ میں اتنا ہی تو فرق ہے کہ رونق بُری لگی تو اُسے ہنگامہ کہہ لیا۔ اور اگر ہنگامہ اچھا نہ لگا تو اسے رونق کہنے لگے۔ اب ہمارے اور شیطان کے سمجھنے میں بھی یہی فرق ہے۔ کہ جس چیز کو شیطان رونق سمجھتا ہے یا بالفاظ شعر "سوزِ درونِ کائنات" (جس سے مراد سوز و سازِ زندگی ہے) سے تعبیر ہمارے نزدیک ہنگامہ ہے اور ہم اُسے "رزمِ خیر و شر" کہتے ہیں یعنی اس وقت دنیا میں جتنے فسادات ہنگامے اور شورشیں ہیں سب کی سب بھلائی اور بُرائی یعنی خیر و شر میں جنگ کا ظاہر سا نتیجہ ہیں۔ اور یہ بھی واضح سی چیز ہے کہ دنیا کی بقا کے لئے اس میں سوز و ساز پیدا ہونا چاہیئے تھا۔ کیونکہ اگر ابلیس جنت سے نہ نکالا جاتا تو رزم خیر و شر کا وجود ہی نہ ہوتا۔ دنیا مرکب ہے بھلائی اور بُرائی سے ان دونوں میں تصادم لازمی ہے۔ اور اسی کا نام دنیا کی بقا ہے۔ اس شعر میں دوسرا نکتہ یہ ہے کہ قرآن پاک میں آیا ہے لَا تَقْنَطُوْا مِنْ رَّحْمَتِ اللّٰہِ (اللہ کی رحمت سے مایوس نہ ہو) سو اگر شیطان بھی باری تعالیٰ کے ارشاد کے مطابق اس کی رحمتوں سے مایوس نہ ہوتا یعنی آس لگائے رہتا۔ تو ہرگز اس کے بندوں کو گمراہ نہ کرتا۔ اور جب انسان گمراہ ہی نہ ہوتے بلکہ ہر ایک سیدھے سیدھے اور ہدایت کے راستہ پر چلتا رہتا تو دنیا میں "رزم خیر و شر" ہی نہ ہوتی حالانکہ دُنیا کی بقا کے لئے اس کا ہونا ازحد ضروری ہے۔ چونکہ دنیا اسی کا نام ہے۔ اس لئے شیطان کا اللہ کی رحمتوں سے مایوس ہو جانے ہی کی صورت میں "سوزِ درونِ کائنات" پیدا ہو سکتا ہے۔ جو "رزم خیر و شر" کا مترادف ہے۔ اور یہی چیز حیاتِ کائنات کے لئے آبحیات کا حکم رکھتی ہے۔ اب مطلب صاف ہے۔ ابلیس کو چونکہ حضرت جبرئیلؑ باصرار خدائے قدوس سے معافی مانگنے کے لئے اس نظم کے چند پہلے اشعار میں مجبور کر چکے ہیں، اس لئے ابلیس معافی نہ مانگنے کی وجہ بتلاتا ہے۔ کہتا ہے "میں خدا کی رحمتوں سے مایوس ہو چکا ہوں، اور جانتا ہوں کہ میرے لئے عفو اور رحمت کا دروازہ ہمیشہ ہمیشہ کے لئے بند ہو چکا ہے۔ اور دُنیا کی بقا کے لئے ایسا ہی ہونا چاہیئے تھا۔ کیونکہ یہ میری خدا کی رحمتوں سے نااُمیدی ہی ہے جس کی وجہ سے میں اُس کے بندوں کو گمراہ کرتا رہتا

ہوں۔ بُرے اور بھلے بندوں میں تصادم ہوتا ہے۔ یا بالفاظِ دگر کائنات میں سوز و ساز پیدا ہو جاتا ہے۔ بالکل اسی طرح جیسے مضراب اور رباب کے تاروں کی رگڑ سے ایک نغمہ پیدا ہو جاتا ہے۔ اب چاہے آپ اسے سوز کہہ لیجئے چاہے ساز۔ اب ایسی صورت میں جبکہ میری نااُمیدی اور مایوسی ہی دنیا کی بقا کی سب سے بڑی وجہ ہو تو دنیا کو مدِ نظر رکھتے ہوئے مجھے مایوس ہی رہنا چاہئے۔ یا آس رکھنی چاہئے؟ یقینی طور پر میرے لئے نااُمیدی ہی بہتر ہے۔ کیونکہ اگر میں خدا کی رحمتوں سے اُمید رکھنے لگونگا۔ تو "سوزِ درونِ کائنات" ختم ہو جائیگا۔ اور یہ کائنات کی موت کے مترادف ہے۔ لہٰذا لَا تَقْنَطُوْا انسان کے لئے تو مناسب ہے لیکن میرے لئے تَقْنَطُوْا (نا اُمید ہو جاؤ) ہی زیادہ بہتر ہے۔" اس نظم کے زیرِ گفتگو شعر کے بعد کے اشعار میں ابلیس کے ذریعہ اسی شعر کی تشریح کرائی گئی ہے، اور بتلایا گیا ہے کہ "سوزِ درونِ کائنات" میں اس کی شخصیت کس قدر اہمیت رکھتی ہے۔ سنو! ابلیس جبرئیلؑ سے کہتا ہے ؎

دیکھتا ہے تو فقط ساحل سے "رزمِ خیر و شر"
کون طوفاں کے طمانچے کھا رہا ہے میں کہ تو؟
خضرؑ بھی بے دست و پا الیاسؑ بھی بے دست و پا
میرے طوفاں یم بہ یم، دریا بہ دریا جُو بہ جُو
گر کبھی خلوت میسّر ہو تو پوچھ اللہ سے
قصۂ آدمؑ کو رنگیں کر گیا کس کا لہو؟
میں کھٹکتا ہوں دلِ یزداں میں کانٹے کی طرح
تو فقط اللہ ہو اللہ ہو اللہ ہو

ان اشعار میں بھی ابلیس نے یہی بتایا ہے کہ دُنیا میں "رزمِ خیر و شر" پیدا کرنے کے لئے اس نے کس قدر جدّ و جہد سے کام لیا۔ ہزاروں مشکلات برداشت کیں لیکن اس ہنگامے کو جاری رکھا جو دُنیا کی زندگی کے لئے ازحد اہم ہے حتیٰ کہ قصۂ آدم کو رنگین کرنے کے لئے اپنے خون سے بھی دریغ نہ کی۔ اگر حضرتِ آدمؑ ہمیشہ جنّت ہی میں رہتے تو یہ دُنیا معرضِ ظہور میں نہ آتی۔ اور جب یہ دُنیا ہی نہ ہوتی تو نہ "سوزِ درونِ کائنات" ہوتا اور نہ "رزمِ خیر و شر" نہ کنارا فدس میں یہ جنگیں ہوتیں نہ انبیاء آتے نہ اولیاء بنتے۔ نہ

دہریے ہوتے نہ فلسفی و عقل آتے۔ یہ تھیٹر یہ تماشہ یہ ہنگامہ اور یہ تمام رونقیں سب اسی کی بدولت ہیں۔ اُسی نے ہی دنیا اور موجودات دنیا کو پیدا کرنے کے لئے حضرت آدم کو سجدہ کرنے سے انکار کیا۔ اپنا مرتبہ، اپنا علم، اپنا درجہ، اپنی فضیلت حتیٰ کہ اپنی جان عزیز پر کھیل کر ارشادِ ربانی کے خلاف سر اُٹھایا۔ اور وہ یہ سب کچھ نہ کرتا تو حضرت آدم کو کون جانتا۔ اُن کی کیا اہمیت ہوتی۔ لیکن شیطان نے قصۂ آدم کو اور اولادِ آدم کو ایک سٹیج پر لا کر مختلف پارٹ کرانے کے لئے اپنا خون صرف کر دیا۔ خواہ یہ سب کچھ غیر ارادی طور پر ہوا۔ لیکن ہُوا تو۔ قصۂ آدم کو دلچسپ افسانہ بنانے کے لئے شیطان کو کیا ملا؟ خدا کی لعنت فرشتوں کی پھٹکار۔ اور جہنم کی بھڑکتی ہوئی آگ۔ یہی نا۔ لیکن اُس نے پھر بھی اس سودے کو سستا جانا۔ اس سے معلوم ہوتا ہے کہ وہ دنیا میں یہ سب تماشے دیکھنے کا کس قدر شیدائی ہے۔ پھر وہ خُدا کی رحمتوں سے مایوس نہ ہو جائے تو کیا کرے۔ کیونکہ جونہی وہ آس لگا بیٹھیگا، "سوز و درونِ کائنات" ختم ہو جائیگا۔ اور اس کے ساتھ کائنات بھی۔

آخری شعر میں بھی شیطان اپنی عظمت اور جبرئیلؑ کی پستی ظاہر کرنے کی کوشش کر رہا ہے۔ وہ جبرئیلؑ سے یہ کہنا چاہتا ہے۔ کہ تمام عمر حمد و تسبیح کرتے رہے لیکن عزاسمہٗ نے تمہارے ساتھ کوئی خاص بھلائی نہیں کی اور تم قابلِ رشک مرتبہ نہ پا سکے۔ برخلاف اس کے میں نے ایک گناہ کیا۔ اور اس قدر بلندی اختیار کر لی۔ کہ ربِ اعلیٰ کے دل میں قیام رکھتا ہُوں، خواہ وہ رہنا نہ سہی کھٹکنا اور رڑکنا ہی ہو بہر کیف ارتباط تو پایا جاتا ہے چاہے وہ کسی صنف سے متعلق ہو ——— چاند اور چکور کا ارتباط یا گل و گلچیں کا ارتباط۔

مَیں حیران تھا۔ کہ میں اسی عالم آب و گِل میں ہُوں یا کسی ایسی دُنیا میں جہاں علم و فراست مینہ برساتی ہے۔ تہذیب و آگہی پھول بکھیرتی ہے۔ فلسفہ و بصیرت موتی رولتی ہے۔

حقہ کی گڑگڑاہٹ کے ساتھ ہی یہ طلسم ——— مکڑی کے جالے سے زیادہ کمزور لیکن عذرا سے زیادہ عزیز و حسین طلسم ٹوٹ گیا اور یہ حسرت چھوڑ گیا اور آج تک ہے کہ اے کاش یہ طلسم کبھی نہ ٹوٹتا۔ زمین اپنے محور کے گرد چکر کھا کھا کر تھک جاتی۔ سورج اپنی گرمی سے پگھل جاتا۔ چاند کا نور پھیکا پڑ جاتا۔ تاروں کی جگمگاہٹ مدھم ہو جاتی۔ پہاڑ بستیاں اور بستیاں ویرانہ بن جاتیں۔ آسمان دھرتی۔ اور زمین آکاش بن جاتی۔ مشرق و مغرب

کا فرق ہو جاتا۔ گل و عندلیب کی چھیڑ اور داستان خسرو شیریں دماغوں سے محو ہو جاتیں سکندر اعظم اور محمود غزنوی کو دُنیا بھول جاتی۔ ہلاکو اور تیمور کا کوئی نام نہ لیتا۔ غالب۔ امراء القیس اور حافظ دماغوں کی دنیا سے رخت سفر ہمیشہ ہمیشہ کے لئے اُٹھا لیتے، سب ختم ہو جاتے لیکن اے کاش کہ یہ طلسم نہ ٹوٹتا۔

اللہ اللہ! کہاں ہیں اب وہ محفلیں اور کہاں ہیں وہ محفل والے شمعیں بجھ چکیں، بساطیں اُلٹ چکیں۔ رونق محفل اُٹھ گیا۔ اور آج وہی شعر جو اس نے داغ مرحوم کے لئے کبھی لکھا تھا۔ اس کے لئے ڈبڈباتے ہوئے آنسوؤں۔ خون بہاتے ہوئے دلوں اور لرزتے ہوئے ہاتھوں سے نقل کیا جا رہا ہے ؎

لکھی جائیں گی کتاب دل کی تفسیریں بہت
ہوں گی اے خواب جوانی تیری تعبیریں بہت

مرحوم کے ڈاکٹر شجاع مدظلہ سے گہرے مراسم تھے۔ علامہ موصوف عام طور پر تصویر نہیں کھچوایا کرتے تھے لیکن چونکہ انہیں ڈاکٹر شجاع علامہ مرحوم سے ایک شعر سمجھنے کی کوشش کر رہے ہیں۔ یہ انمول تصویر ڈاکٹر شجاع کی نشستگاہ میں آویزاں ہے اور کمرے کی رونق کی بڑی حد تک ذمہ وار و آئینہ دار۔ اس کی قیمت و اہمیت کا اندازہ یا تو ڈاکٹر شجاع ہی کر سکتے ہیں یا وہ ارباب نظر و بصیرت جنہیں اس بات کا اندازہ ہے کہ اقبال کی پیدائش مشرق کے حق میں ثریا نصیبی و فلک بخشی تھی۔ اور خدا کے کرم لاتناہی کی بین دلیل جس نے مشرق کے آکاش کو اس روشنی و گرمی دینے والے سورج کا نور و کیف پھیلانے والے چاند اور رشد و ہدایت دکھانے والے تارے سے جو ایک اقبال کی صورت میں آیا، نوازا۔ وہ سورج چھپ گیا ہے۔ وہ چاند غروب ہو گیا ہے۔ وہ تارا جھلملا چکا ہے۔ اے خدائے رحیم و کریم! ہمارے جسم یخ بستہ ہو گئے ہیں۔ ہم میں انجماد پیدا ہو گیا ہے۔ حرارت کی ضرورت ہے، حمیت کا احساس درکار ہے۔ نور کا علم زائل ہو چکا ہے۔ کیف صہبائے سخن اُتر چکا ہے، ہم غلط راستے پر لگ گئے ہیں۔ ہماری راہ میں عمیق گھاٹیاں، خوفناک غار اور اتھاہ سمندر ہیں اے بخشنے والے! ہمیں ہمارا اقبال بخش دے۔ تجھے تیرے سورج، تیرے چاند، اور تیرے تاروں کی قسم۔ اور سورج، چاند، تاروں والے اَن داتا۔ ہمیں وہی طور سورج وہی چاند اور وہی تاروں کا تارا دیدے۔ ہمیں اس پیغمبر سخن کی چاہ ہے ہمیں واپس دیدے۔

محمد ساجد۔ بی اے (آنرز) ایم اے
(اولڈ بوائے)۔

# رُباعیات

محبت کا جنوں باقی نہیں ہے
مسلمانوں میں خوں باقی نہیں ہے
صفیں کج، دل پریشاں، سجدہ بے ذوق
کہ جذبِ اندروں باقی نہیں ہے

خودی کے زور سے دُنیا پہ چھا جا
مقامِ رنگ و بُو کا راز پا جا
برنگِ بحر ساحل آشنا رہ
کفِ ساحل سے دامن کھینچتا جا

# قطعہ

کل اپنے مریدوں سے کہا پیرِ مغاں نے
قیمت میں یہ معنی ہے دُرِ ناب سے دہ چند
زہراب ہے اس قوم کے حق میں مئے افرنگ
جس قوم کے بچے نہیں خوددار و ہنرمند

(اقبالؒ)

# اقبال رحمۃ اللہ علیہ

**اقبال ایک شاعر تھا**، جس کی شاعری اُس کی دماغی کاوش اور ذہنی فکر کا نتیجہ نہیں۔ بلکہ اس کے شعروں میں وارداتِ قلبی کی جھلک پائی جاتی ہے۔ اس کے کلام میں شیریں بیانی ہے۔ اس کے کلام میں درد ہے۔ اس کے کلام میں تاثیر ہے اس کے حرف حرف میں رنگینیاں مسکراتی ہیں اور اُس کے لفظ لفظ میں فلسفۂ حیات مضمر ہے۔

**اقبال ایک فطرتی شاعر تھا** جس کی نگارشِ قلم نے فطرت کا اس قدر صحیح خاکہ کھینچا کہ جس سے حقیقت کی جھلک عیاں ہو کر رہ گئی۔

**اقبال ایک قومی شاعر تھا**۔ جس نے اپنی قوم کی گری ہوئی حالت پر خون کے آنسو روئے۔ اور انہیں خوابِ غفلت سے بیدار کیا۔

**اقبال ایک شاعرِ انقلاب تھا** جس کے تخیلات اور جذبات نے دنیا میں نئی روح پھونک دی۔

**اقبال ایک عاشقِ صادق تھا** — جس کا دل حضور سرورِ کائنات کی محبت سے روشن تھا۔ جو فخرِ موجودات کے عشق میں دیوانہ تھا۔

**اقبال ایک موحّد تھا** — جو مسئلۂ توحید کے رموز و اسرار سے واقف تھا۔ اور جس نے اپنے کلامِ معجز بیان کے ذریعہ اس کی تبلیغ و اشاعت فرمائی۔

**اقبال ایک ناصح تھا** — جس نے اپنی قوم کے ہر فرد بشر کو نصیحتوں سے مستفید کیا۔ غلامی کی زندگی بسر کرنے سے روکا۔ اور دنیا میں زندہ قوموں کی طرح رہنے کی تلقین فرمائی۔

**اقبال ایک مصلح تھا** — جس نے اپنی صدائے نوازیدہ اور نوائے درد انگیز سے اپنی قوم کی اصلاح کی۔ جس نے مسلمانوں کو اپنی پستی اور گمراہی کا احساس دلایا اور ان کے دلوں میں جوشِ عمل پیدا کیا۔

**اقبال ایک فلسفی تھا** — جس کے فلسفیانہ خیالات نے اُسے راہِ مستقیم پر چلنے

کی رہنمائی فرمائی۔ اور جس نے اپنے فلسفہ سے انسانیت کے بے بہا رموز منکشف کئے۔

**اقبال ایک ڈاکٹر تھا** — جس نے اپنی قوتِ نبض شناسی سے مسلمانوں کی تمام بیماریاں معلوم کیں۔ اور انہیں شفایاب ہونے کے لئے بے حد مجرب نسخے اور علاج بتائے۔

**اقبال ایک بیرسٹر تھا** — جس کا قانون صرف قرآن تھا اور شریعتِ محمدیؐ اسے فوجداری اور دیوانی مقدمات کی پیروی کی ضرورت نہیں تھی۔ بلکہ اس نے صرف مسلمانوں کی زبوں حالی۔ افلاس اور تنزلی کی اپیلیں درگاہِ رب العزت اور دربارِ محمدیؐ میں بصد عجز و نیاز پیش کیں۔

**اقبال ایک سچا مسلمان تھا** — جس نے پیغمبرِ اسلام کی تعلیم پر عمل کیا۔

**اقبال ایک خوددار انسان تھا** — جس نے مسلمانوں کو خودی کی تعلیم دی اور غلامی اور محکومیت کی آہنی کڑیوں سے آزاد ہونے کا سبق دیا۔

**اقبال ایک مؤرخ تھا** — جس نے عہدِ کہن کی عظمت و بلندی کے منظر پیش کئے۔ اور بزرگوں کے کارناموں کی یاد دلائی۔ تاکہ مسلمانوں کے دلوں میں جوشِ عمل موجزن ہو۔

**اقبال ایک ہادی تھا** — جس نے بھٹکے ہوئے مسلمانوں کو راہِ راست دکھائی، اور اپنا کلام بطور مشعلِ ہدایت پیش کیا۔

**اقبال ایک صوفی تھا** — جس نے اپنے خانۂ دل کو نورانی تجلیات سے منور کیا۔ شرابِ معرفت سے مخموری حاصل کی۔ اور قدرتی نغموں سے متاثر ہوا۔

**اقبال ایک غمخوارِ ملت تھا** — جس کے دل میں مسلمانوں کی زبوں حالی اور تنزلی خار بن کر کھٹکتی تھی۔

**اقبال ایک مصوّر تھا** — جس نے اپنے جذبات۔ احساسات اور تخیلات کی تصویریں الفاظوں اور فقروں میں اپنی قوم کے سامنے پیش کیں تاکہ مسلمان اپنی اصلیت اور حقیقت سے باخبر ہوں۔

**اقبال ایک متبحر عالم تھا** — جس کے سینہ میں علوم و فنون کے سمندر موجزن تھے

اقبال ایک سالارِ قوم تھا — جسے ہمیشہ اپنی قوم کی فتح و نصرت کا خیال رہا۔
اقبال ایک لیڈر تھا — جس کے دل میں — ؏ مسلم ہیں ہم وطن ہے سارا جہاں ہمارا
کا جذبہ موجزن تھا۔
اقبال ایک مسیحا تھا — جس نے اپنی قوم کو اپنے سوزِ نفس سے نئی زندگی بخشی۔
آہ! — اقبالؒ! — تو ہر فن مولا تھا۔ واقعی ؎

ہزاروں سال نرگس اپنی بے نوری پہ روتی ہے
بڑی مشکل سے ہوتا ہے چمن میں دیدہ ور پیدا

ایڈیٹر
گلستانِ ادب

---

صفحۂ دہر سے باطل کو مٹایا ہم نے
نوعِ انساں کو غلامی سے چھڑایا ہم نے
تیرے کعبے کو جبینوں سے بسایا ہم نے
تیرے قرآن کو سینوں سے لگایا ہم نے

پھر بھی ہم سے یہ گلہ ہے کہ وفادار نہیں
ہم وفادار نہیں تو بھی تو دلدار نہیں

صفحۂ دہر سے باطل کو مٹایا کس نے؟
نوعِ انساں کو غلامی سے چھڑایا کس نے؟
میرے کعبے کو جبینوں سے بسایا کس نے؟
میرے قرآن کو سینوں سے لگایا کس نے؟

تھے تو آبا وہ تمہارے ہی مگر تم کیا ہو؟
ہاتھ پر ہاتھ دھرے منتظرِ فردا ہو؟

# محسن کی یاد

(از حضرت افتخارِ سخن افسوںؔ انصاری)

مندرجہ ذیل نظم کی نوعیت کو مدِ نظر رکھتے ہوئے میں چند تمہیدی الفاظ کا تحریر کرنا لازمی گردانتا ہوں۔

یہ نظم علامہ اقبال رحمۃ اللہ علیہ کے جان فرسا سانحۂ ارتحال کے وقوع پذیر ہونے سے تھوڑے ہی عرصہ بعد لکھی گئی ہے اسے تین حصوں میں تقسیم کیا گیا ہے اور ہر ایک حصہ سولہ اشعار پر مشتمل ہے۔ پہلے دو حصے مجلۂ "گلستانِ ادب" کے شمارۂ موجودہ میں طبع ہو رہے ہیں۔ اس نظم کی تالیف کا مقصدِ وحید علامہ اقبال علیہ الرحمۃ کے اُن گرانبہا خیالات کا اجمالی تحفظ ہے۔ جو عہدِ حاضر کے ہندی مسلمان کی قومی اصلاح سے وابستہ ہیں مطالب ضروریہ کی ترتیب اس اسلوب پر کی گئی ہے۔ کہ نظم کے پہلے حصے میں اس بدیہی اصول کو تسلیم کرتے ہوئے کہ صحیح قوانینِ اسلام مسلمانوں کی قومی اور سیاسی اور اجتماعی اور مذہبی شعوبِ زندگی میں یکساں اور پورے فائدے کے ساتھ عمل میں لائے جا سکتے ہیں اُن قومی اور مذہبی کمزوریوں اور کجرویوں کو مختصر طور پر قلمبند کیا گیا ہے۔ جو مرورِ ایام کے ساتھ ہماری ہیئتِ اجتماعی کی تخریب و تذلیل کا باعث ہوئی ہیں۔ اور ہو رہی ہیں۔ اور جن سے علامہ موصوف علیہ الرحمۃ کی نکتہ رس نگاہوں کے کامل تجسس اور حقیقت نگار قلم کی پُرمعنی تحریروں نے ہمیں اچھی طرح روشناس کرایا ہے۔ اور نظم کے دوسرے حصے میں اُس "دانائے راز" اور "خود آگاہ" فقیر خدا مست کا غیر مکمل طریق پر تعارف کرایا گیا ہے جس نے اپنی مردہ قوم کے سرہانے الہامی آواز میں مسیحائی انداز کے ساتھ نعرۂ قم بلند کیا۔ اس حصے میں "اقبالؒ کی کہانی اس کی اپنی زبانی" کا التزام رکھا گیا ہے۔ نظم کے تیسرے اور آخری حصے میں علامہ موصوف علیہ الرحمۃ کے لطیف ترین تخیل کی "حسین مخلوق" کے نازک خدوخال کا سرسری طور پر خاکہ کھینچا گیا ہے۔ یعنی یہ اُس مومن مسلمان کی مدھم سی تصویر ہے۔ جو اسلامی تمدن و تہذیب۔ اور شان و تمکنت کا اعلیٰ ترین نمونہ ہے۔ اور جس کی مانند علامہ موصوف علیہ الرحمۃ ہمیں یعنی اسلام کی نژادِ نو کو دیکھنا چاہتے تھے۔

مذکورہ بالا بحث کے علاوہ اگر نظم کو خالص ادبی نقطۂ نظر سے دیکھا جائے تو نقاد طبع قارئین کرام اپنی خردہ بین نگاہوں کی وساطت سے فوراً بھانپ لیں گے۔ کہ اشعار میں نُدرتِ فکر۔ جدتِ تخیل۔ رنگینیٔ الفاظ۔ نفاستِ بیان۔ ذاتی تجربات کا اظہار۔ مختصر یہ کہ کوئی ایسی چیز نہیں پائی جاتی۔ جو انہیں نویسندہ کے شاعر ہونے کا اقرار کرا سکے۔ میں اُن سے عرض کرتا ہوں کہ میں انہیں اپنے "ان کے لئے" شاعر ہونے کا قائل کرانا چاہتا ہی نہیں۔ نظم کی تالیف کا مقصد تو ان پر ظاہر ہے۔ اس کے علاوہ یہ نظم اُن کے لئے نہیں بلکہ صرف اپنی ذاتی یادداشت کے لئے لکھی گئی تھی۔ جواب مجلہ ہذا کے "مہربان ایڈیٹر" کے مخلصانہ اصرار کی وجہ سے انہیں دعوتِ نظارہ دے رہی ہے۔ اور انہیں یہ بھی معلوم ہونا چاہیئے۔ کہ انسانی زندگی کے دو پہلو ہوتے ہیں۔ خارجی یا اجتماعی! اور داخلی یا انفرادی! تصویر کا خارجی رُخ صرف عوام کی نگاہوں کو دعوتِ دیدار دیتا ہے۔ اور تصویر کا داخلی رُخ صرف مصور یا صاحب تصویر کے لئے ہوتا ہے۔ جو لحاتِ تنہائی میں اس کی بیقرار روح کو تسکین پہنچاتا ہے۔ سو اُن کے لئے میں بی اے کا طالب علم ہو سکتا ہوں "انقلابی سوشلسٹ" ہو سکتا ہوں "تخلص باز" ہو سکتا ہوں۔ لیکن شاعر صرف اپنے اور اپنے لئے ہوں۔ اور اپنے علاوہ کسی دوسرے کے لئے ہرگز نہیں۔ اور باوجود اس اعتراف کے بھی اگر میرے اشعار طبابت پذیر ہوتے ہیں۔ تو اس کے لئے میرے گناہ کو نہیں بلکہ مہربان ایڈیٹر کی عنایتوں کو اپنی نظرِ التفات کی آماجگاہ قرار دیں۔ فقط

افسون انصاری۔

# محسن کی یاد

(۱)

مدت ہوئی جب تھے مرے افکار بھی اوہام
اور میری نگہ چشمِ جہاں میں تھی ابھی خام
کہنے کو مسلمان کے گھر پیدا ہوا تھا
پر مجھ کو نہ تھا علم کہ کیا چیز ہے اسلام
تعلیم میری صاحبِ تثلیث کی تعلیم
توحید تھی آزادیِ دل صاحبِ اصنام

تھی ترکِ جہاں کی میرے قرآن میں تعلیم
تھا اس میں غلامی کے مسائل کا بھی ارقام
مذہب کو سمجھتا تھا میں ملا کی خرافات
تھا راہ ترقی میں میری موجب آلام
تقدیر مری ناقضِ احکامِ خدا تھی
مجبور تھا میں صورتِ مُرغانِ تہِ دام

تھا میرا عمل زیورِ تحقیق سے عاری
دیتا تھا میں محکومی و تقلید کا پیغام
تھا دل کو مرے ہستیٔ معبود سے انکار
سجدوں کا میں مسجد میں بہت کرتا تھا ابرام
قسمت میں جو تھی تان اُڑانے میں مہارت
تھیں میری اذانیں ہی میری رازق و قسام
تکبیر بھی اُس سوزِ بلالی سے تھی محروم
جس سوز سے جاتے تھے پگھل مصر کے اہرام
تھا ولولۂ شوق گراں طبع پہ میری
اور قاطعِ بُرہانِ خُدا تھا میرا الہام
تھی موت میرے واسطے کب تحفۂ خدا کا(۱)
مرجاتی اگر چیونٹی لرز جاتا تھا اندام
جس فقر(۲) پہ تھا فخر امیرِ دوجہاں کو
اس سے ہوسِ زر کا نہ ہو سکتا تھا اتمام
القصہ نظر میری سمجھتی تھی اُسے خوب
ناخوب سمجھتا تھا جسے ہادیٔ اقوام
اسلام مٹے یا کہ رہے میری بلا سے
ناموسِ فرنگی کا تحفظ تھا میرا کام
آخر مجھے اک مردِ قلندر نے جگایا
افسوس مجھے اپنے پہ خود رحم نہ آیا
وہ مردِ خدا مست نگہ جس کی تھی بیباک
تھا جس پہ عیاں سترِ سراپردۂ افلاک
"رکھتا تھا نہانخانۂ لاہوت سے پیوند"
اللہ نے بخشا تھا جسے اندیشۂ چالاک
فطرت کا تھا بند فرشتوں کی نظر میں
یزداں کی قبا جس کے جنوں سے تھی کبھی چاک
غفلت زدہ اُمت پہ تھی اللہ کی لاٹھی
جس صاحبِ ادراک کا بیرنگ تھا ادراک
اک غمزے میں کہہ جاتا تھا وحدت کے سب اسرار
حاصل تھا ازل ہی سے جسے دیدۂ نمناک
"گھر اُس کا نہ دلّی نہ صفاہاں نہ سمرقند"
مومن کو سمجھتا تھا فقط صاحبِ لولاک
اُٹھ جاتیں اگر سوئے فلک جس کی نگاہیں
ہو جاتی تھی مجبورِ سکوں گردشِ افلاک
فطرت نے جسے پیدا غلاموں میں کیا تھا
اور مسلمِ ہندی نے جسے رکھا تھا غمناک
خاکی تھا مگر خاک میں تھی طاقتِ پرواز
وہ خاک کہ گم جس میں تھی پہنائیٔ افلاک
وہ خاک تڑپ جس نے فرشتوں کو عطا کی
"وہ خاک کہ جبریل کی تھی جس سے قبا چاک"
وہ خاک کہ کونین میں تھا زلزلہ جس سے
"وہ خاک کہ تھا جس کا جنوں صیقلِ ادراک"
"وہ خاک کہ پروائے نشیمن نہ تھی جس کو"
"چنتی نہ تھی پہنائے چمن سے خس و خاشاک"
"وہ خاک کہ بخشے تھے جسے یزداں نے وہ آنسو"
"گرتی تھی چمک جن کی ستاروں کو عرقناک"
رومی نے عطا کی تھی جسے برقِ تجلّی
تھا دیرکہن جس کی نظر میں خس و خاشاک
"پُرسوز و نظرباز و نکوبین و کم آزار"
جس مردِ خود آگاہ کے تھے قلب و نظر پاک
اُس مردِ خود آگہ نے کیا رازِ خودی فاش
شہباز نظر گشت مرا دیدۂ خفاش

آفسون انصاری بی اے

(۱) الموت تحفۃ المومن) حدیث (۲) الفقر فخری) حدیث

# علامہ اقبالؒ

## (ایک مسلمان سوشلسٹ کی نظر میں)

اس سے پیشتر کہ شاعری کی دوربین نگاہوں کا کشتہ علامہ رحمۃ اللہ علیہ کے کلام بلاغت نظام پر اپنے جذبات وجد کو حرکت میں لاتے یہ ضروری معلوم ہوتا ہے کہ یہ واضح کر دیا جائے کہ ہمارا سوشلزم اسلامی سوشلزم ہے۔ اور ہم علامہ مرحوم و مغفور کو اسی عینک سے دیکھنا چاہتے ہیں:-

پیشرو اسلام صلی اللہ علیہ وسلم نے دنیائے فرعونیت کے سامنے جو مسلک پیش کیا۔ وہ عین قانونِ فطرت کے مطابق اور اصول مدنیت کے موافق تھا اور ہے۔ یہ دوسری بات ہے کہ مرورِ ایام سے نفس پرستوں نے ان اصولوں کو مسخ کر دیا۔ لیکن معمولی سے تفکر سے حقیقت اپنا جلوہ دکھائے بغیر نہیں رہ سکتی۔ خود حضور سرورِ کائنات علیہ الصلوٰۃ والتسلیم کی مقدس زندگی اور پھر اس کے بعد صحابہ کرام کے طریق بود و ماند اور خصوصیت کے ساتھ حضرت ابوبکر صدیقؓ، حضرت فاروق اعظمؓ، حضرت علیؓ خیبر شکن، حضرت عثمان غنیؓ۔ حضرت ابوذر غفاریؓ۔ اور بہت سے صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین سوشل زندگی کے مجسم نمونے تھے، مگر یہ سوشلزم اس سوشلزم سے بہت اعلیٰ وارفع تھا۔ جو روس کے احمقوں نے دنیا کے سامنے پیش کیا۔

انسان کی فطرت کا تقاضا ہے۔ کہ وہ مشکل کے وقت کسی ایسی قوت کے سامنے اپنی درخواست پیش کرے جس کو عالم کے ہر جزو کل پر قدرت حاصل ہو اور اس کو بدیہی طور پر یقین ہو کہ وہ اس کی فریاد کو سُنکر دادرسی کرنے پر قادر ہے۔ یہی وہ ذات پاک ہے جس کے تصور سے سوسائٹی کا نظام درہم برہم نہیں ہونے پاتا۔ اور اسی قیام نظام کے سبب انسان۔ لفظ انسان سے تخاطب کا مستحق ہے ورنہ بہایم اور اشرف المخلوقات میں کوئی وجہ امتیاز باقی نہیں رہتی۔ اسلامی سوشلزم نے اسی مقدس تصور کو اپنے پیرؤوں کے قلوب و دماغ میں پیوست کر دیا۔

ہمارے ملک کا مایۂ ناز ہیرو شاعر اسی سوشلزم کا علمبردار ہے۔ اور چلتا چلتا گراسی مبارک مقصد کی تبلیغ کرتا ہے۔ ہمارے قومی سپوت کے ایک ایک لفظ میں اسی قسم کا رس بھرا ہوا ہے۔ ابتدائی کلام سے لے کر آخری کلام تک میں اسی نور کی جھلک نظر آتی ہے مثال کے طور پر میں یہاں ایک نہایت واضح شعر پیش کرتا ہوں۔

جس کھیت سے دہقان کو میسر نہیں روزی		اس کھیت کے ہر خوشۂ گندم کو جلا دو

بال جبرئیل میں علامہ مرحوم نے متذکرہ بالا شعر خداوند قدوس کے فرمان کی صورت میں پیش فرمایا ہے۔ یہ ممکن ہے کہ اونچے طبقے کے لوگ اس کو ایک معمولی شعر تصور کریں۔ مگر میں اپنی نسبت تو یہ عرض کرونگا کہ جس وقت بھی یہ شعر میری نظر کے سامنے آتا ہے میری روح رقص کرنے لگتی ہے۔ ہندوستان کی موجودہ کشمکش پر نظر کیجئے مزدور اور سرمایہ دار کی حالت دیکھئے۔ اور خاص طور پر اس غریب کسان کا جائزہ لیجئے۔ جو قصر حکومت کی بنیاد ہے۔ یہ سب کچھ دیکھئے۔ اور گہری نظر سے دیکھئے ........ اور پھر اس کے بعد شاعر کا اعجاز ملاحظہ فرمایئے۔ اللہ اکبر شاعر کہتا ہے ع اس کھیت کے ہر خوشۂ گندم کو جلا دو۔ "ہر خوشۂ گندم" پر کس قدر زور پڑ رہا ہے۔ روزی کا میسر نہ ہونا اور خوشۂ گندم کا جلایا جانا واللہ تشریحات کی دُنیا اس میں مضمر ہے۔

جہاں تک علامہ اقبال کے کلام سے مجھے واقفیت ہے۔ اور جس قدر محدود مطالعہ میں کر چکا ہوں اس کی بنا پر میں کہہ سکتا ہوں۔ کہ علامہ مرحوم نے جس عنوان پر گہر افشانی فرمائی ہے اسلامی سوشلزم کے گوہر آبدار اپنی پوری آب و تاب کے ساتھ جلوہ گر نظر آتے ہیں۔ فلسفہ اور تصوف کچھ اس طریقے سے ایک دوسرے کے ساتھ مربوط ہو چکے ہیں۔ کہ چولی دامن کا ساتھ کہا جائے تو بہتر ہے۔ یونانی فلسفے نے تصوّف کی ہیئت کو بدلا زرتشتی اثرات نے اس کو چار چاند لگائے اور ہندوستان کے جوگیانہ تخیّل نے اس پر صیقل کر کے اسلامی مسلک سے اس کو کوسوں دُور لے جا ڈالا۔ علامہ مرحوم مغفور نے ایک نباض طبیب کی طرح اس دکھتی رگ کو پکڑا اور قوم کی پستی کا روگ معلوم کر کے چھوڑا۔ اور صرف یہی نہیں کہ راز معلوم کیا بلکہ اس کا علاج بھی کیا۔ جس وقت ہم علامہ مرحوم کے تصوّف کو دیکھتے ہیں۔ تو ہم پر واضح ہو جاتا ہے۔ کہ اس حکیم و فلسفی نے کس طرح صوفیانہ انداز تخیل کی دنیا کو بدل کر رکھ دیا۔ اہل تصوف کے نزدیک اپنی ہستی کو

کو فنا کر کے محبوب کی ہستی میں بقا حاصل کرنے کے مسلک کا نام تصوّف تھا۔ علامہؒ نے اس غلطی کو پہچان کر بتایا۔ کہ یہ مسلک اسلام کا مسلک نہیں ہے، اسلام کہتا ہے کہ اپنی ہستی کو پہچان کر محبوب تک پہنچو۔ قدیم مسلک نے جبن، بے عملی اور بد دلی سے عوام کو روشناس کر کے ان کی روح اسلامی کو سلب کر لیا تھا۔ علامہ مرحوم نے خدا کی پہچان سے اسلامی نظریہ کو چمکا کر پیش کیا۔ اور یہی وہ نظریہ ہے جس کے ذریعہ مسلمان صدیوں دنیا پر چھائے رہے۔ اسلام رہبانیت کا طرفدار نہیں وہ اپنے سپاہیوں کو سوشل زندگی سکھاتا ہے۔ اسلام میں چونکہ حکومت کا مالک صرف خدا ہے۔ اس لئے وہ آمر کو مطلق العنان اور مامور کو مظلوم و بیکس دیکھنا پسند نہیں کرتا۔ اسلام کے اصول کے مطابق انسان کو خلافتِ خداوندی تفویض ہوتی ہے۔ اور وہ بھی کسی ایک "لینن" یا اس کی پارٹی کو نہیں بلکہ اس اصول کے ماننے والوں میں سے ہر شخص کو بغیر کسی امتیاز کے پہنچتی ہے، روسی سوشلزم میں عوام اپنے حقِ حکومت اور حق قانون سازی کو چند افراد کے سپرد کر کے اصولی طور پر ان کے غلام ہو جاتے ہیں۔ اور اسلامی سوشلزم میں حکومت کرنے اور قانون بنانے کا حق صرف خدا کا تھا جس کی تکمیل ہو چکی۔ اب اس قانون کو نافذ کرنے کا حق ہر اس متنفّس کو ہے جو اس کو ماننے والا ہے۔ قانون کو وضع کرنے اور اس کے منوانے کا مسئلہ تو سرے ہی سے ختم ہو گیا یہ تو ہر شخص کو لامحالہ ماننا پڑے گا۔ اور اگر کوئی شخص اس کے کسی جزو یا کل کا منکر ہے۔ تو اس کی دو صورتیں ہیں، یا تو وہ ابتدا سے مانتا ہی نہ تھا۔ یا ابتدا سے مانتا تھا لیکن بعد میں منکر ہوا۔ پہلی صورت کفر کی ہے۔ اور ایسا شخص اس جماعت سے باہر ہے۔ اور دوسری صورت بغاوت ہے۔ اور باغی کی سزا قتل ہے۔

مندرجہ بالا سطور اسلامی سوشلزم اور روسی سوشلزم کا فرق مختصراً بیان کیا گیا ہے۔ چونکہ میں یہ کہنا چاہتا تھا۔ کہ علامہ مرحوم ومغفور نے بالِ جبریل میں جو "فرمانِ خدا" کے عنوان سے نظم لکھی اور جس کا شعر میں اوپر پیش کر آیا ہوں۔ وہ سوشل تخیّل کا ایک کھلا ہوا نمونہ ہے۔ اس لئے ضرورت پیش آئی کہ اسلامی سوشلزم کی حکومت کا تصوّر محدود الفاظ میں پیش کروں۔

علامہ مرحوم "فرمانِ خدا" میں فرشتوں سے خطاب کرتے ہوئے فرماتے ہیں۔

اُٹھو میری دنیا کے غریبوں کو جگا دو　　کاخِ امراء کے در و دیوار ہلا دو

موجودہ زمانہ میں جبکہ ہر چہار جانب سے بھوکے اور مفلس مزدور کے چیخنے چلانے کی حوصلہ شکن آوازیں چلی آرہی ہیں۔ کون نہیں جانتا۔ کہ مزدور اور سرمایہ دار ایک دوسرے کی ضد ہیں۔ مذہب اسلام کے ہادی اوّل صلی اللہ علیہ وسلم نے جس وقت عالم امکان میں قدم رکھا تو قصر کسریٰ کے کنگرے گر پڑے تھے۔ وہ فخر موجودات سرورِ کائنات علیہ التحیہ والتسلیم کسی سرمایہ دار گھرانے کے چشم و چراغ نہ تھے۔ بلکہ ایک غریب اور بیوہ ماں کے سپوت تھے۔ اور میں سمجھتا ہوں کہ حضور کے اس ارشادِ گرامی میں کہ " اسلام غریبوں میں آیا اور ہمیشہ غریبوں میں رہیگا " کچھ اسی قسم کا راز مضمر ہے۔ اب ذرا واقعات اور حقائق کو ذہن میں رکھ کر پھر اس شعر کو دیکھئے۔ اور بیٹھے سر دُھنا کیجے۔

اللہ اللہ شاعر کا قلم۔ ارشاد ہوتا ہے ؎

گرماؤ غلاموں کا لہو سوزِ یقیں سے　　کنجشک فرومایہ کو شاہیں سے لڑا دو

اب پھر ذرا تاریخ کے اوراق الٹ کر دیکھئے۔ عرب کے وہ مٹھی بھر وحشی کہلانے والے انسان سوز یقین سے گرما کر بیک وقت فارس و روم کی جبروتی قوتوں سے کس طرح ٹکر لیتے ہیں۔ میں دعوے کے ساتھ کہہ سکتا ہوں۔ کہ تاریخ عالم اس قسم کی ایک ادنےٰ سی مثال پیش کرنے سے عاجز ہے۔ وہ شیطان کے بندے بتوں کے غلام سوز یقین سے گرما کر انسانیت کے مکمل مجسمے اور دنیا کی تہذیب و تمدن کے مالک بن جاتے ہیں۔ اب لوٹ کر پھر غلام ہندوستان میں آئیے۔ اور یہاں کے کسی گوشے میں کھڑے ہو کر اس شعر کی تکرار کئے جائیے۔ سبحان اللہ کیا کیف ہے۔ دوبارہ اس شعر کو پیش کرتا ہوں۔

گرماؤ غلاموں کا لہو سوز یقیں سے　　کنجشک فرومایہ کو شاہیں سے لڑا دو

اگرچہ اس شعر کی کیفیتیں دامن خیال کو الجھائے لیتی ہیں لیکن میں دوسرا خوب تر شعر پیش کرتا ہوں۔ اس گھونٹ میں اس سے زیادہ لذت ہے فرماتے ہیں۔

سلطانیٔ جمہور کا آتا ہے زمانہ
جو نقش کہن تم کو نظر آئے مٹا دو

دیکھئے " سلطانیٔ جمہور " اور " نقش کہن " دونوں ٹکڑے شعر کی روح ہیں۔ مگر ان سے کسی قسم کی غلط فہمی میں مبتلا نہ ہو جائیگا۔ یہاں " سلطانیٔ جمہور " سے صرف حق خلافت

الٰہی مقصود و منظور رہے مسلمان سلطان خواہ فرد واحد ہو یا ایک جماعت بہر صورت دنیا میں قانون الٰہی رواج دینے پر مامور ہوتا ہے۔ اور اسی لئے "مامور من اللہ" کہا گیا ہے۔ اس کو اصول و قانون کی تبدیلی کا ذرہ برابر حق حاصل نہیں ہے۔ "نقش کہن" وہ نقش کہن ہیں۔ جو اسلام نے آج سے تیرہ سو برس پہلے قائم کئے تھے۔ نہیں نہیں دیکھئے یہ بہت بڑی غلط فہمی ہے۔ یہ نقش کہن وہ ہیں جن کو مٹا کر اسلام نے اپنے حسین اور تازہ نقش قائم کئے تھے۔ شاعر کی محقق نظریں قوم کے موجودہ نظام و ترتیب یا بدنظمی و بے ترتیبی میں انہی نقوش کہن کو جلوہ گر دیکھتا ہے۔ اور اسی چیز کی طرف اشارہ کرتا ہے۔ اس چند الفاظ کے مجموعے میں قومی درس پنہاں ہے۔

اس منزل میں پہنچکر شاعر کے سامنے چونکہ حقائق کے پردے کھلے ہوتے ہیں۔ اس لئے اس کی روح غیض و غضب کا مرقع بن جاتی ہے۔ علامہ رح فرماتے ہیں۔

جس کھیت سے دہقان کو میسر نہیں روزی
اس کھیت کے ہر خوشۂ گندم کو جلا دو
کیوں خالق و مخلوق میں حائل رہیں پردے
"پیرانِ کلیسا" کو کلیسا سے اٹھا دو
میں ناخوش و بیزار ہوں مرمر کی سلوں سے
میرے لئے مٹی کا حرم اور بنا دو
تہذیب نوی کارگہ شیشہ گراں ہے
آداب جنوں شاعر مشرق کو سکھا دو

سب کچھ کہہ لینے کے بعد شاعر کے قلب کو اس خیال سے بے چینی ہوئی کہ شاید میری قوم کے کج فہم غلام میری اس تڑپ کو نہ پا سکیں۔ اسی لئے آخر میں تہذیب نوی کا پول کھول کر یہ جتلا دیا۔ کہ "آداب جنوں" کے حصول کے بعد ہی ایک قوم زندہ ہو سکتی ہے۔ اور یہ مفہوم علامہ رح کا بنیادی مفہوم ہے۔ ایک جگہ فرماتے ہیں۔

بے خطر کود پڑا آتش نمرود میں عشق
عقل ہے محو تماشائے لب بام ابھی

میرا مطالعہ محدود ضرور ہے۔ اور اسی بنا پر میں اچھی طرح کھل کر علامہ مرحوم مغفور

کے متعلق اپنے والہانہ جذبات کی ترجمانی بھی نہیں کر سکا ہوں مگر اس پر بھی جس قدر میری پہنچ ہے۔ اس کی بنا پر میں کہہ سکتا ہوں۔ کہ ہندوستان میں عموماً اور ملک پنجاب میں خصوصاً آج جو کچھ تڑپ اور بے چینی۔ احساس خودداری۔ اور غلامی کی بے حسی کے درمیان جو کچھ کشمکش نظر آ رہی ہے۔ یہ سب کچھ مشرق کے مایۂ ناز سپوت کی "بے نوازی" کا چلتا ہوا جادو ہے۔ اے کاش یہ بے نواز ملک کے گوشے گوشے میں بذات خود اپنی صور پھونکتا۔

میرا ایمان ہے کہ اگر ہندوستان ایک خوش قسمت ملک ہوتا۔ اور یہ اسلام کا سچا پرستار۔ سرزمین وطن کا سقراط۔ اپنی حجازی لے میں ہندی نغمے اہل وطن کے کانوں تک خود پہنچاتا۔ تو یہ غلامی کی زنجیریں کبھی کی ٹوٹ چکی ہوتیں۔ فقط۔

شمس الحسن صدیقی اختر

---

یہ شکایت نہیں ہیں اُن کے خزانے معمور
نہیں محفل میں جنہیں بات بھی کرنے کا شعور
قہر تو یہ ہے کہ کافر کو ملیں حور و قصور
اور بیچارے مسلماں کو فقط وعدۂ حور

اب وہ الطاف نہیں ہم پہ عنایات نہیں
بات کیا ہے کہ وہ پہلی سی مدارات نہیں

کیا کہا؟ بہرِ مسلماں ہے فقط وعدۂ حور
شکوہ بیجا بھی کرے کوئی تو لازم ہے شعور
عدل ہے فاطرِ ہستی کا ازل سے دستور
مسلم آئین ہوا کافر تو ملے حور و قصور

تم میں حوروں کا کوئی چاہنے والا ہی نہیں
جلوۂ طور تو موجود ہے موسیٰ ہی نہیں

(اقبالؒ)

# ڈاکٹر سر محمد اقبال ؒ

زباں پہ بارِ خدایا یہ کس کا نام آیا ۔۔۔ کہ نطق نے بوسے میری زباں کیلئے

دانائے راز مفکرِ اعظم حکیم الملت علامہ محمد اقبال دنیا کی اس ناقابل فراموش اور عالمگیر ہستی کے مالک تھے۔ کہ جن کی شاعری کا آفتاب مقبولیت قلمرو صحافت پر تا ابد درخشاں و فروزاں رہیگا۔ آپ ہمارے خزاں دیدہ چمن آنے والے قافلہ بہار کے طائر پیش رس تھے، کہ جس کی صدائے جانفزا سے گل پژمردہ میں حیات تازہ کے آنے کی لہر دوڑ گئی تھی۔ اگرچہ آج وہ طائر نغمہ سنج دنیائے فانی سے پرواز کر کے حیات ابدی بسر کرنے چلا گیا ہے مگر اُس کی وہ دلکش و دلفریب آواز جو رونے میں بھی خوش نوائی کا سامان مہیا کر کے ہمیشہ یہی کہتے سُنائی دیتی تھی کہ ؎

ہر درد مند دل کو رونا مرا رُلا دے ۔۔۔ چاک اس بلبلِ تنہا کی نوا سے دل ہوں\
بے ہوش جو پڑے ہیں شاید اُنہیں جگا دے ۔۔۔ یا ۔۔۔ جاگنے والے اسی بانگ درا سے دل ہوں

اب بھی قوم خفتہ کو پیغام بیداری دینے میں مشغول ہے۔

علامہ موصوف میں خداوندِ سمیع و بصیر نے وہ تمام اوصافِ حمیدہ کہ جو اُنہیں بام ترقی پر لے جانے میں ممد و معاون رہے ودیعت کئے تھے۔ آپ شعرائے قدیم کی تمام صفات کا ایک مجموعہ تھے اردو شاعری میں ؎

تین شاعر مختلف اوقات میں پیدا ہوئے ۔۔۔ جن کی فیض طبع نے اردو کو گنج زر دیا\
ایک وضع میں بڑھ گیا اک رفعت تخیل میں ۔۔۔ تیسرے کی ذات میں دونو کو حق نے بھر دیا\
کائنات شاعری میں ہیں بس یہی دو نو کمال ۔۔۔ تیسرے میں اس لئے دو نو کو یکجا کر دیا

آپ یکتائے روزگار ہونے کے علاوہ بزرگان سلف سے بھی بازی لے گئے کہتے ہیں ؎

مرا بنگر کہ در ہندوستاں دیگر نمے بینی ۔۔۔ برہمن زادہ رمز آشنائے روم و تبریز است

ایک اور جگہ لکھتے ہیں:-

میر و مرزا بہ سیاست دل و دیں باختہ اند ۔۔۔ جز برہمن پسرے محرم اسرار کجاست

آپ کی یہ فضیلت و خصوصیت بآسانی آپ کے دست تصرف میں نہیں آئی کیونکہ مرزا غالبؔ کا یہ فرمانا کہ تیر۔ غالبؔ اور اقبال کی طرف اشارہ ہے۔

بسکہ دشوار ہے ہر کام کا آساں ہونا آدمی کو بھی میسر نہیں انساں ہونا

حقیقت پر مبنی ہے پھر جہاں بینی سے دشوار ترین کام کا ہاتھ میں لے لینا اور اس پر قابو پانا ایک امر محال ہے۔ اقبال خود اس پر روشنی ڈالتے ہوئے فرماتے ہیں کہ ؎

جہانبانی سے ہے دشوار تر کار جہاں بینی
جگر خوں ہو تو چشم دل میں ہوتی ہے نظر پیدا

ان امور میں کامیابی حاصل کر لینا ہر کسی کے اپنے بس کی بات نہیں خدائے قدوس جسے چاہے برتری عطا فرمائے اور جسے چاہے قعر مذلت میں غرقاب کر دے، انہوں نے خود ہی فرما دیا ہے وَتُعِزُّ مَنْ تَشَآءُ وَ تُذِلُّ مَنْ تَشَآءُ

ایں سعادت بزورِ بازو نیست گر نہ بخشد خدائے بخشندہ

مگر تجربہ شاہد ہے کہ ایسی شخصیتوں کا عالم وجود میں آنے کے لئے کافی عرصہ درکار ہوتا ہے۔ علامہ کی نظر حقیقت شناس اس مسئلہ کو خوب سمجھتی تھی۔ آپ نے دنیا کو بھی ایسے مسئلہ سے روشناس کر دیا ؎

ہزاروں سال نرگس اپنی بے نوری پہ روتی ہے بڑی مشکل سے ہوتا ہے چمن میں دیدہ ور پیدا

بلکہ اس سے بھی زیادہ صاف اور پرزور الفاظ میں فرمادیا کہ ؎

عمرہا در کعبہ و بت خانہ مے نالد حیات
تا ز بزم عشق یک دانائے راز آید بروں

سال ۱۹۳۸ء اسلام کے لئے ایک فال نحس تھا۔ اسی سال اس عالمگیر مذہب کی تین مقتدر رہنمائے قوم شخصیتیں جو صحیح معنوں میں اس کا کمال۔ اقبال اور شوکت تھیں۔ اس دار فانی سے عالم بقا کی طرف کوچ کر گئیں مگر اُن کے کارہائے نمایاں دوسروں کے لئے خضر راہ بن کر قوم کی رہبری کرنے میں مصروف بہ عمل ہیں۔ صبر کا پھل ہمیشہ میٹھا ہوتا ہے۔ اور یہ پس ماندگان کے صبر جمیل کا ہی نتیجہ ہے۔ کہ اب بھی ظفر ملت۔ آزاد اور جناح قائدانِ اسلام جیسی راہنمایانِ قوم شخصیتیں کشتی ملت کو قعر جہالت سے دھکیل کر ساحل کامرانی کی طرف لے جانے میں کوشاں نظر آتی ہیں اور وہ دن دور معلوم نہیں ہوتا

جبکہ اسلام خزاں دیدہ چمن نفاق کے سموم اور تند جھونکوں سے بچکر اتحاد کی ہوائے بہار کا پرتپاک خیر مقدم کرے۔ ڈاکٹر صاحب کے فلسفہ زندگی۔ پیغام۔ جادہ حیات اور فلسفہ خودی کو سمجھنا کوئی آسان کام نہیں وہ خود ہی عالم بےخودی میں اس قدر کھوئے گئے ہیں کہ اپنے متعلق کچھ بتانے کے قابل ہی نہیں رہے۔ ارشاد ہوتا ہے ؎

گر آپ کو معلوم نہیں میری حقیقت　　پیدا نہیں کچھ اس سے تصور ہمہ دانی
مجھ کو بھی تمنا ہے کہ اقبال کو دیکھوں　　کی اس کی جدائی میں بہت اشک فشانی
اقبال بھی اقبال سے آگاہ نہیں ہے　　کچھ اس میں تمسخر نہیں واللہ نہیں ہے

مگر اس کے باوجود بعض کوتاہ بیں اور نکتہ چیں اصحاب اقبال کے کلام کو محدود کرتے ہوئے اسے ایک مذہبی شاعر سے زیادہ وقعت دینے میں دریغ نہیں کرتے۔ وہ یہ کہتے سنائی دیتے ہیں۔ کہ اقبال نے جو کچھ بھی کہا وہ اپنے مذہب کی خاطر کہا اور جو کچھ بھی کیا وہ اپنے مذہب کے لئے کیا۔ مگر اصلیت کو سمجھنے سے قاصر رہے۔ شاعر گرامی جو بقول خود ؎

در دیدہ معنی نگراں حضرت اقبال　　پیغمبری کرد و پیغمبر نتواں گفت

کے مفہوم کے آئینہ دار تھے۔ اپنی زباں سے یوں گویا ہوتے ہیں ؎

چوں رخت خویش بربستم ازیں خاک　　ہمہ گفتند کہ با ما آشنا بود
ولیکن کس ندانست ایں مسافر　　چہ گفت و با کہ گفت و از کجا بود

ان حالات کے درمیان اقبال کو ایک طرف متوجہ ہوتے کہنا سراسر غلط فہمی کی دلیل ہے۔ اگر انہوں نے کچھ اپنی قوم یعنی مسلم سے کچھ کہا تو اس لئے کہ ان میں اس کے سمجھنے کی اوروں سے زیادہ صلاحیت تھی۔ ورنہ تمام اقوام عالم آپ کے کلام سے یکساں طور پر فائدہ اٹھا سکتی ہیں، آپ ایک عالمگیر شاعر تھے جو کسی خاص فرقہ سے تعلق خصوصی رکھنے میں احتراز کرتے تھے ؎

مجموعہ اضداد ہے اقبال نہیں ہے　　دل دفتر حکمت ہے طبیعت خفقانی
رندی سے بھی آگاہ شریعت سے بھی واقف　　پوچھو جو تصوف کی تو منصور کا ثانی

مگر ان حالات کے باوجود ہم دیکھتے ہیں کہ نکتہ چیں اصحاب کسی پر نکتہ چینی کرنے سے نہیں رہتے۔ اور وہ کسی ایک چیز کی متفق الکلمہ ہو کر اچھائی بیان نہ کرنے کے مقولہ پر

عمل پیدا ہوتے ہیں ؎

غالبؔ بُرا نہ مان گر واعظ بُرا کہے ایسا بھی کوئی ہے کہ سب اچھا کہیں جسے

اقبال پر اعتراض نہ کرنا اُن کے فرض کی ادائیگی میں کوتاہی کے مترادف ہوتا۔ چنانچہ جب ڈاکٹر صاحب کو "سر" کا اعزازی خطاب ملا۔ تو لوگوں میں چہ میگوئیاں شروع ہوئیں کہ ایسا شخص جو ملوکیت کا دشمن اور جمہوریت و آزادی کا علمبردار ہو۔ اب سرکاری ہتھکنڈوں میں کیسے پھنس کر رہ گیا۔ چنانچہ آپ کو یہاں تک بھی کہہ دیا گیا ؎

لو مدرسہ علم ہوا قصرِ حکومت افسوس کہ علامہ سے سر ہوگئے اقبال

پہلے تو سرِ ملت بیضا کے بنے تاج اب اور سنو تاج کے سر ہوگئے اقبال

کہتا تھا یہ کل ٹھنڈی سڑک پر کوئی گستاخ سرکار کی دہلیز پہ سر ہوگئے اقبال

مگر دنیا نے دیکھ لیا۔ کہ ان اعتراضات و طنزیات سے ڈاکٹر صاحب کے کان پر جوں تک کو بھی نہ رینگنے دیا۔ بلکہ قومی خدمت کرنے میں مصروف بہ کار رہے،

خزاں میں بھی کب آسکتا تھا میں صیاد کی زد میں میری غماز تھی شاخِ نشیمن کی کم اوراقی

الٹ جائینگی تدبیریں بدل جائینگی تقدیریں حقیقت ہے نہیں میرے تخیل کی یہ خلاقی

نکتہ چینیوں کی پرواہ تک نہ کرتے ہوئے فرماتے ہیں:۔

بُرا سمجھوں اُنہیں مجھ سے تو ایسا ہو نہیں سکتا
کہ میں خود بھی تو ہوں اقبال اپنے نکتہ چینوں میں

یہی مصرعہ تھا جو اُنہیں اپنے لائحہ عمل میں مستعد رکھنے میں اُن کا معاون رہا۔ چنانچہ آپ نے اقوام عالم کے دلوں کو مسخر کر لیا۔ اور ان کے ادمغہ پر اس طرح قبضہ کیا۔ کہ وہ آپ کی وفات حسرت آیات پر پھوٹ پھوٹ کر روئے۔ چنانچہ ملک کے دو برگزیدہ ارباب علم کے آپ کی وفات پر اظہارِ تاسف کا بیان نمونتاً نقل کر دینا بے جا نہ ہوگا۔

ڈاکٹر رابندر ناتھ ٹیگور فرماتے ہیں "سر محمد اقبال کی موت نے ہماری ادبیات میں ایک ایسا خلا پیدا کر دیا ہے۔ جو ایک مہلک زخم سے مشابہت رکھتا ہے اور جس کے پُر ہونے کے لئے مدت مدید درکار ہے۔ ہندوستان کا رتبہ دنیا میں بے حد محدود اور تنگ ہے اس لئے ایک ایسے شاعر کی موت کا صدمہ جس کی شاعری عالمگیر اہمیت رکھتی ہے۔ ملک کے لئے ناقابل برداشت ہے"

رئیس الاحرار مولانا سید فضل الحسن حسرت موہانی نے بھی آپ کی نوحہ خوانی کی۔
علامہ کے فرزند خورد جاوید اقبال کے نام تعزیت نامہ میں فرماتے ہیں" آج کے اخباروں میں اقبال مرحوم کے انتقال پر ملال کا حال پڑھ کر جس قدر صدمہ ہوا اس کا اظہار بذریعہ الفاظ نہیں ہوسکتا۔ اللہ تعالیٰ اُن کو اعلیٰ علیین میں جگہ دے اور آپ کو صبر جمیل عطا فرمائے۔ اپریل ۳۷ء میں بیگم حسرت کا انتقال ہوا تھا۔ اس سانحہ ہوشربا کے بعد فقیر کا دل مشغلہ شعر وسخن سے سرد ہوچکا تھا۔ کہ اب اقبال کے حادثہ عظیم نے بیدلی وافسردہ مزاجی کی تکمیل کردی"
مندرجہ ذیل پانچ اشعار بھی اقبال کی نوحہ خوانی میں لکھے :-

عاشقی کا حوصلہ بیکار ہے تیرے بغیر — آرزو کی زندگی دشوار ہے تیرے بغیر
کاروبار شوق کی اب وہ تن آسانی کہاں — دل پہ ذوق شاعری اک بار ہے تیرے بغیر
شرکت بزم سخن سے بھی نہیں یاد صف عزم — بر بنائے بیدلی انکار ہے تیرے بغیر
جس فراغت کا تمنائی تھا میں تیرے بغیر — اب وہ حاصل ہے تو اک آزار ہے تیرے بغیر

در ودل جو تھا کبھی وجہ مباہات وشرف
بہر حسرت موجب صد عار ہے تیرے بغیر

آپ کے عقیدت مند اصحاب کے نزدیک آپ کی قدر و منزلت کچھ اور ہے۔ آپ کو ایک مذہبی شاعر کے سوائے اور کوئی رتبہ نہ دینا اپنی تنگ نظری کا ثبوت دینا ہے علامہ نے جو کچھ کہا۔ وہ عوام کے فائدہ کے لئے کہا۔ صرف مسلمان ہی نہیں بلکہ ہر کہ ومہ اس سے یکساں طور پر بہرہ اندوز ہوسکتا ہے۔ قرآن مجید والفرقان حمید دنیا کی ایک ایسی عالمگیر کتاب ہے کہ جو خالق کون و مکان کی طرف سے اُس کی مخلوق ہر دوسرا کے مفادِ عامہ کے لئے نازل ہوئی۔ اور انہیں صراط المستقیم کے دکھانے کا بہترین ذریعہ۔ مگر یہ بات بہت کم لوگوں کو معلوم ہے کہ اقبال اپنی آخری عمر تک سوائے قرآن کے اور کوئی کتاب سامنے نہ رکھتے تھے مولانا ابو الاعلیٰ یوں تحریر فرماتے ہیں کہ" سالہا سال تک علوم و فنون کے دفتروں میں غرق رہنے کے بعد جس نتیجہ پر پہنچے تھے۔ وہ یہ تھا کہ اصل علم قرآن ہے۔ اور یہ جس کے ہاتھ آجائے۔ وہ دنیا کی تمام کتابوں سے بے نیاز ہے۔ ایک مرتبہ کسی شخص نے ان کے پاس فلسفہ کے چند اہم سوالات بھیجے۔ اور ان کا جواب مانگا۔ ان کے قریب رہنے والے لوگ متوقع تھے۔ کہ اب علامہ اپنی لائبریری کی الماریاں کھلوائیں گے —— بڑی بڑی کتابیں نکلوا کر ان

سائل کے سوالات کا حل تلاش کرینگے۔ مگر وہ یہ دیکھ کر حیران رہ گئے۔ کہ لائبریری کی الماریاں مقفل کی مقفل پڑی رہ گئیں۔ اور وہ صرف قرآن حکیم ہاتھ میں لیکر جواب لکھوانے بیٹھ گئے۔"

آپ کے کلام کا بیشتر حصہ قرآن حکیم کے فرمودات کی تفسیر ہے۔ آپ کو قرآن کریم کے تمام حقائق و دیگر مسائل پر پورا عبور تھا۔ آپ قوم کے تمام نشیب و فراز سے اچھی طرح آگاہ تھے

قوم کیا چیز ہے قوم کی امامت کیا ہے اس کو کیا سمجھیں یہ دو رکعت کے امام

آپ نے اسلام کی خدمت کرکے دیگر اقوام عالم کو اپنا لائحہ عمل تلاش کرنے کو اُکسایا اور دُنیا پر اس بات کو خاص طور پر ظاہر کردیا۔ کہ اُن کی مذہبی شاعری میں تمام مذاہب کی کامیابی کا راز مضمر ہے۔ اسی طور پر آپ نے مذہب کی وہ خدمت کی۔ کہ جو صدیوں تک شائد کسی سے ادا ہو۔ اور کرتے بھی کیوں نہ ایک فرمانبردار اور سعادت مند بیٹے سے اپنے والد کے نصائح پر عمل نہ کرنا ناممکنات میں سے تھا۔ علامہ سید سلیمان ندوی لکھتے ہیں۔ کہ علامہ موصوف نے سفر کابل کے دوران میں مجھے اپنی زندگی کے دو واقعے بیان کئے فرمایا کہ ایک دن میں قرآن پاک کی تلاوت کر رہا تھا۔ کہ والد بزرگوار وظائف سے فارغ ہو کر میرے پاس سے گزرے اور کہا کہ کبھی فرصت ملی تو تمہیں ایک بات بتاؤنگا کئی دفعہ کے تقاضا کرنے کے بعد آخر ایک دن پھر جب میں قرآن شریف کی تلاوت کر رہا تھا کہ وہ میرے پاس آکر بیٹھ گئے۔ اور فرمایا کہ بیٹا! کہنا یہ تھا کہ جب تم قرآن پڑھو تو یہ سمجھو کہ یہ قرآن تم ہی پر اُترا ہے۔ اور اللہ تعالےٰ خود تم ہی سے ہمکلام ہے " یہ فقرہ میرے دل میں اُتر گیا۔ اور اس کی لذت دل میں اب تک محسوس کرتا ہوں۔

دوسرا واقعہ اس طرح بیان کیا کہ باپ نے بیٹے سے اپنی تمام محنت صرف شدہ کا معاوضہ چاہا۔ لائق بیٹے نے سر تسلیم خم کیا۔ اور پوچھا وہ کیا ہے کہا کسی موقع پر بتاؤنگا۔ چنانچہ اُنہوں نے ایک دفعہ کہا کہ بیٹا میری محبت کا معاوضہ یہ ہے کہ تم اسلام کی خدمت کرنا چنانچہ باپ جب بستر مرگ پر پڑے ہوئے تھے تو بیٹے نے کہ جس کی مذہبی خدمت اس کی شاعری کے پیام سے ادا ہو چکی تھی۔ باپ سے پوچھا کہ آپ سے جو میں نے اسلام کی خدمت کا عہد کیا تھا وہ پورا کیا یا نہیں۔ باپ نے بستر مرگ پر شہادت دی کہ جان من تم نے میری محنت کا معاوضہ ادا کر دیا۔

اس حقیقت سے کون انکار کرسکتا ہے اقبالؒ نے ساری عمر جو پیام دُنیا کو سُنایا وہ

تیری نگاہ سے دل سینوں میں کانپتے تھے کھو گیا ہے تیرا جذبِ قلندرانہ

مگر قوم کی پامالی کی وجہ کیا ہے آپس میں اختلاف۔ خلوص نہ ہونے کی وجہ یوں بیان فرماتے ہیں۔

مسلماں ہے توحید میں گرم جوش مگر دل ابھی تک ہے زنار پوش

تمدن۔ تصوف۔ شریعت کلام بتانِ عجم کے پجاری تمام

حقیقت خرافات میں کھو گئی یہ اُمت روایات میں کھو گئی

مولانا حالی نے بھی قوم کی زبوں حالی کو دیکھ کر پھوٹ پھوٹ کر گریہ زاری کی۔ آپ نے قوم کو ایک مرض میں مبتلا پایا۔ ایسے مہلک مرض کو دیکھ کر آپ کی آنکھوں سے بیساختہ آنسو رواں ہو گئے۔ تو آپ نے مرثیہ خوانی کی ٹھانی۔ اس نوحہ خوانی میں صرف اس بات کا اظہار کیا۔ کہ قوم کس پامالی اور بربادی کے جال میں پھنسی ہوئی ہے۔ مگر ایسے ایسے پیچیدہ جال سے نکالنے کی تدبیر نہ سوچی۔ آپ نے قوم کی پامالی کے مہلک مرض کی تشخیص تو کی مگر کوئی ایسا کارگر نسخہ تجویز نہ فرمایا کہ جس سے قریب المرگ مریض جانبر ہو سکے۔ اسی طرح سرسید جیسے دوسرے مذہبی لیڈر بھی عالم وجود میں آتے رہے۔ مگر ہماری آنکھوں نے دیکھا کہ وہ "زمانہ باتو نسازد تو با زمانہ بساز" اصول پر عمل پیرا ہونے کی تلقین فرماتے رہے، نتیجہ یہ ہوا کہ مرض نے خطرناک صورت اختیار کر لی۔ اس نے مریض کے تمام اعضائے رئیسہ کو کمزور اور اس کی روح کو مضمحل کر کے رکھ دیا۔ مگر درماں کے بتانے والے حکیم کا پیدا ہونا قوم بیمار کی خوش بختی کا جاگ اُٹھنا تھا۔ تو زمانہ نے دیکھ لیا۔ کہ حکیم الملت علامہ نے حکمائے قدیم کی طرح مرض کی تشخیص بھی نہایت غور و خوض کے ساتھ فرمائی اور اس کے لئے وہ نسخہ ایجاد فرمایا کہ جس کی پہلی خوراک کے پینے سے مریض کی حالت کا بہتر ہونا اور جان مردہ میں زندگی کی لہر دوڑ جانے کی اُمید قوی ہو گئی۔

اصل بات جو ہمارے پیشِ نظر ہے وہ یہ ہے کہ ڈاکٹر صاحب نے وہ کونسا نسخہ تجویز فرمایا کہ جس کی ادویات کو حاصل کر کے ہم جلد مرض مہلک سے نجات حاصل کریں ایک دانائے راز کے رموز و اسرار کو سمجھنے کے لئے بھی دانائی کی ضرورت ہوتی ہے مبادا ہوشیاری کی کمی یا بیشی سے کہیں لینے کے دینے نہ پڑ جائیں۔ کہیں ایسا نہ ہو کہ سے

اُڑنے نہ پائے تھے کہ گرفتار ہم ہوئے

ڈاکٹر صاحب نے کئی ایک ابیات سے ہمیں چھٹکارے کی تجویز بہم پہنچائی کہ جن پر تفصیل سے بحث کرنا مضمون کو غیر معمولی طوالت دینا ہے اور ساتھ ہی نخلستان میں بھی جگہ نہ ملنے کا احتمال ہے۔ لہذا چند ایک رموز کو نہایت ہی مختصر طور پر بیان کر دینا کافی سمجھتا ہوں۔

بعض اصحاب کے نزدیک مسئلہ خودی سے مراد تکبر۔ کبر و نخوت ہے مگر یہ سراسر غلطی پر مبنی ہے۔ خودی سے مراد خودداری ہے۔ اور اگر ذرا زیادہ توجہ سے سمجھا جاوے تو عمل کی تلقین فرمائی گئی ہے۔ عاجزی۔ غلامی اور انکساری جیسے رذیل ترین فعل کو فعل بے قرار دیا گیا ہے۔ بلکہ اپنے پاؤں پر چلنے کا سبق دیا گیا ہے۔ اپنے اندر وہ جوہر پیدا کرنے کا زور دیا گیا ہے۔ کہ جس پر زمانہ عش عش کر اٹھے۔ تمام زمانہ انسان کے اپنے ہاتھ میں ہے۔ جس طرف چاہے اسے موڑ دے۔ ہر شخص کو اپنے اعمال کا صلہ ضرور ملتا ہے۔

عمل سے زندگی بنتی ہے جنت بھی جہنم بھی
یہ خاکی اپنی فطرت میں نہ نوری ہے نہ ناری ہے

کسی کی منت و زاری سے کام نکلوانا شیروں کا کام نہیں بلکہ ایسا فعل لومڑیوں سے سرزد ہوتا ہے۔ کہتے ہیں ؎

تو اگر خوددار ہے منت کش ساقی نہ ہو
عین دریا میں حباب آسا نگوں پیمانہ کر

فرماتے ہیں اگر انسان چاہے تو اپنے نیک اعمال کے ذریعہ خدا سے ہر بات کے منوانے کا حق رکھتا ہے

خودی کو کر بلند اتنا کہ ہر تقدیر سے پہلے
خدا بندہ سے خود پوچھے بتا تیری رضا کیا ہے

انسان میں خداوند قدوس نے وہ طاقت ودیعت کی ہے کہ وہ تمام مشاہیر عالم سے بھی گوئے سبقت لے جا سکتا ہے مگر کیسے؟ اپنے اعمال و افعال کے ذریعے ؎

ہزار چشمہ ترے سنگ راہ سے پھوٹے
خودی میں ڈوب کے ضرب کلیم پیدا کر

آپ کے اسی مسئلہ پر میں زیادہ زور دینا ضروری نہیں سمجھتا۔ مسئلہ خودی کو آسان اور عام فہم طریقہ پر صاف الفاظ میں واضح کر دیا ہے مسٹر شہید نے بھی اپنے مضمون میں اس کے سمجھانے کی بہت کوشش کی ہے۔ اب صرف آپ کا پیغام بہ مسلم کہ جس وہ ہمیشہ مرد مومن بننے کی نصیحت کرتے رہے ہیں۔ چند سطور میں بیان کیا جائیگا۔ یہی ایک سب سے اعلیٰ وجہ ہے۔ جو مرد مسلمان کو دست غیر سے چھڑا کر آزادی کا سبق پڑھاتا

ہے۔ اُسے بیہوشی سے ہوش میں لانے کی کوشش کرتا ہے۔ اُسے مرض مہلک سے چھٹکارہ دلانے میں مصروف ہوتا ہے۔ اس کے فزاں دیدہ چمن میں آمد بہار کا پیش خیمہ ہے۔ اُسے حالت مدہوشی سے پیغام بیداری دیتا ہے۔ غرضیکہ یہ اُس کی ہر چیز میں کامیابی کا سربستہ راز ہے۔ مرد مومن کی تعریف یوں فرمائی ہے:۔

ہر لحظہ ہے مومن کی نئی آن نئی شان گفتار میں کردار میں اللہ کی برہان
قہاری و غفاری و قدوسی و جبروت یہ چار عناصر ہوں تو بنتا ہے مسلمان

اسے پہچاننے میں کوئی خاص دقت پیش نہیں آتی ؎

کافر کی یہ پہچان کہ آفاق میں گم ہے مومن کی یہ پہچان کہ گم اس میں ہیں آفاق

مومن کی آزادی کی طرف اشارہ فرماتے ہوئے اُسے فرائض پابندی سے بھی آگاہ فرماتے ہیں:۔

مومن کے جہاں کی حد نہیں ہے مومن کا مقام ہر کہیں ہے
تقدیر کے پابند نباتات و جمادات مومن فقط احکام الٰہی کا ہے پابند

مومن کو ہمت و استقلال میں جوانمرد بننے کی طرف یوں اشارہ کرتے ہیں:۔

آئین جواں مرداں حق گوئی و بے باکی اللہ کے شیروں کو آتی نہیں روباہی

دنیا کے نظم و نسق میں انسان کا بڑا ہاتھ ہے۔ خالق موجودات نے اسے اس لئے تخلیق کیا ہے کہ وہ اپنے مساعی جمیلہ سے دنیا میں نیرنگیاں پھیلا دے۔ بنانے والے کو اپنی بنائی ہوئی چیز سے بہت پیار ہوتا ہے۔ مخلوق جس طرف چلنے کی کوشش کریگی، خالق اکبر بھی اسی طرف اس کی امداد فرمائیں گے۔ آپ مرد مسلمان سے حسب ذیل پیغام پرزور الفاظ میں تحریر فرماتے ہیں:۔

خدائے لم یزل کا دست قدرت تو زباں تو ہے یقیں پیدا کر اے غافل کہ مغلوب گماں تو ہے
پرے ہے چرخ نیلی فام سے منزل مسلماں کی ستارے جس کی گرد راہ ہوں وہ کارواں تو ہے
مکاں فانی مکیں آنی ازل تیرا ابد تیرا خدا کا آخری پیغام ہے تو جاوداں تو ہے
حنا بند عروس لالہ ہے خون جگر تیرا تری نسبت براہیمی ہے معمار جہاں تو ہے
مکان آب و گل سے عالم جاوید کی خاطر نبوت ساتھ جس کو لے گئی وہ ارمغاں تو ہے

یہ نکتہ سرگزشتِ ملتِ بیضا سے ہے پیدا　　کہ اقوامِ زمینِ ایشیا کا پاسباں تو ہے

سبق پھر پڑھ صداقت کا عدالت کا شجاعت کا
لیا جائیگا تجھ سے کام دنیا کی امامت کا

پس ہم نے دیکھ لیا۔ کہ اقبال نے کس قدر قوم کی خدمت کی اور جس قدر جذبہ مذہبیت سے آپ سرشار تھے۔ آپ نے کس طرح اپنے والد بزرگوار کی نصیحت پر عمل کر کے دنیائے اسلام کی خدمت کی ہے آپ کا پیغام تمام اقوام عالم کیلئے درس حیات ہے۔ جس سے ہر کس و ناکس یکساں طور پر فائدہ اٹھا سکتا ہے۔ ہم بجا طور پر اقبال رح کو شاعری کا پیغمبر کہہ سکتے ہیں — کیونکہ ؎

در دیدۂ معنی نگراں حضرت اقبال
پیغمبری کردہ و پیغمبر نتواں گفت

نور محمد علوی بی اے۔
متعلم ایم اے۔ ایل ایل بی (علیگ)

# کلام اقبال رح

اقبال رح کے چند چیدہ اشعار آپ کے غور و فکر کے لئے پیش کئے جاتے ہیں۔

پھول کی پتی سے کٹ سکتا ہے ہیرے کا جگر　　مردِ ناداں پر کلامِ نرم و نازک بے اثر (؟)

سینہ روشن ہو تو ہے سوزِ سخن عینِ حیات　　ہو نہ روشن تو سخن مرگِ دوام اے ساقی

تو نے یہ کیا غضب کیا مجھ کو بھی فاش کر دیا　　میں ہی تو ایک راز تھا سینۂ کائنات میں

باغِ بہشت سے مجھے حکمِ سفر دیا تھا کیوں؟　　کارِ جہاں دراز ہے اب مرا انتظار کر

نہ اٹھا پھر کوئی رومی عجم کے لالہ زاروں سے　　وہی آب و گلِ ایراں وہی تبریز ہے ساقی

نہیں ہے ناامید اقبال اپنی کشتِ ویراں سے　　ذرا نم ہو تو یہ مٹی بہت زرخیز ہے ساقی

# اقبالؒ

[ از جناب ڈاکٹر خواجہ ایف - ایم شجاع صاحب منعمؔی ]

( ایم - اے - ایم - ایس سی - ایچ پی - پی ایچ - ڈی )

فصلِ گل میں صفحۂ ہستی ہے تصویرِ بہار　　ذرّہ ذرّہ ہے نشاط و حُسن کا آئینہ دار
جب خزاں آتی نہیں جس پر کسی کو اختیار　　خامشی کا دور ہے ساری فضا ہے سوگوار

لیکن اے اقبال جس گلشن کا تُو ہے پاسباں
ایک حُسنِ لافنا ہے اک بہارِ جاوداں

چشمِ بینا پر ہویدا، خیر و شر کا راز ہے　　رازِ دارِ مُرغ و ماہی ہے فلک پرواز ہے
تو تھا چشمِ قوم تجھ پر راز کا دَر باز ہے　　تیری حکمت شعر کے قالب میں اک اعجاز ہے

دیکھ تو آکر تیری فرقت میں ہے کیا حال آج
نم ہے چشمِ قوم تیرے غم میں اے اقبال آج

بادۂ دردِ تمنّا سے بھرے دل کے ایاغ　　آتشیں پیغام سے شمس و قمر سینے کے داغ
لالہ و گُل سوز سے تیرے درخشاں ہیں چراغ　　تیرے نغموں سے دبستان بن گئے ہیں باغ و راغ

پیکرِ خاکی میں شعلہ زار پیدا کردیا
فیضِ صحبت نے تیری قطروں کو دریا کردیا

تو نے قوموں کو بتائی رمزِ تعبیرِ حیات　　زندگی تفسیرِ رازِ حرب و ضرب کائنات
زندگی میں نوشِ سم ہے نیشِ حُرّیت نبات　　خوابِ رنگینِ غلامان حکمراں کے مسکرات

عالمِ اسلام مصروفِ عمل پھر ہوگیا
بیج آزادی کا تو مشرق کے دل میں بو گیا

منعمؔی

---

# فلسفۂ حیات

## افلاطون

"جُز نام[1] نہیں صورت عالم مجھے منظور جُز وہم نہیں ہستیٔ اشیاء مرے آگے"

## شوپنہار

ہر تار نفس اُلجھا ہوا خار الم سے اک وادیٔ پُر خار ہے دنیا مرے آگے

## خیام

ہر چند ہے آلام پہ انسان کی بنیاد تم رکھ دو مگر ساغر و صہبا مرے آگے

## برگساں

ہر روز نئے رنگ بدلتا ہے زمانہ ہوتا ہے نیا روز تماشا مرے آگے

## اقبالؒ

انساں ہے فقط ہستیٔ دانا و توانا جُز اس کے ہر اک چیز ہے عنقا مرے آگے

[1] یہ شعر غالب کا ہے۔

محمد نواز شہید بی اے فائنل
(اڈیٹر گلستان ادب (انگریزی سیکشن)

# اقبال ــــــ فلاسفر اور شاعر

شاعر اندر سینۂ ملت چو دل　　ملتے بے شاعرے انبارِ گل
از درونِ ایں گلے بے حاصلے　　بس غنیمت دان اگر دیدی دلے　　(اقبال)

**شعراء کی مقبولیت** کسی شاعر کی مقبولیت عام طور پر تین طریقوں سے ہوتی ہے۔ اولاً اگر وہ کسی نئی طرز کا موجد ہے یا اس کا کلام فلسفیانہ اور حکیمانہ نکات اور نہایت دقیق علمی و اخلاقی مسائل کا مجموعہ ہے یا اگر اس کی شاعری ایک خاص پیغام کی حامل ہے۔ تو عوام بہ نسبت خواص اس کی طرف زیادہ توجہ کرتے ہیں۔ یہاں تک کہ یہی توجہ بڑھتے بڑھتے تقلید کی شکل اختیار کر لیتی ہے۔ بعد میں عوام بھی تقلیداً اپنے مذاق کو صحیح اور شستہ ثابت کرنے کے لئے اس کے معتقد ہوتے جاتے ہیں۔ یہاں تک کہ تمام ملک اسی شعلے کی لپیٹ میں آ جاتا ہے ہندوستان میں اس کی بہترین مثال مرزا غالب ہیں جو اپنے زمانے میں اتنے مقبول نہیں ہوئے جتنا کہ بعد میں ہوئے ہیں۔

ثانیاً بادشاہ وقت سے دوستی، حکومت میں اثر و رسوخ اور شاگردوں کا پروپیگنڈا بھی شاعر کو کافی مشہور کر دیتا ہے لیکن ایسی شہرت اور مقبولیت دیرپا ثابت نہیں ہوتی حاسدوں کی تعداد روز بروز بڑھتی ہے اور لوگ قدرتی طور پر اس سے متنفر ہو جاتے ہیں اس طرح اس کا کلام خواہ وہ دوسرے شاعروں کے کلام سے جو اسی صنف سخن میں طبع آزمائی کر گئے ہیں کسی پہلو بھی کم درجے کا نہ ہو عموماً نظر انداز کر دیا جاتا ہے۔ خاقانی ہند ذوق دہلوی بھی اسی قاعدے کی رو سے بعد میں زیادہ مقبول نہیں ہو سکے۔

ثالثاً شاعری میں مذاق وقت کی مطابقت۔ شاعر کو عوام میں بہت مقبول بنا دیتی ہے اگرچہ وہ عموماً پبلک کے سامنے وہی چیز پیش کرتا ہے جو پہلے پیش کی جا چکی ہوتی ہے لیکن اس کی طرز ادا نئی اور شان نرالی ہوتی ہے۔ اسی مشق کے دوران میں وہ اس فن میں خاص مہارت حاصل کر لیتا ہے اور آخر کار وہ اس صنفِ سخن کو جس میں وہ ہمیشہ طبع آزمائی کرتا

آیا ہے معراج پر پہنچا دیتا ہے۔ عوام تو پہلے ہی سے گرویدہ ہوتے ہیں اب خواص پر بھی اثر پڑتا ہے کیونکہ وہ عوام سے الگ تھلگ تو رہ نہیں سکتے اور حقیقت تو یہ ہے کہ وہ بھی یہی عوام ہوتے ہیں جو رفتہ رفتہ نام پیدا کرکے خواص کے زمرے میں شامل ہوجاتے ہیں اسی طرح ملک کا تقریباً ہر فرد اس کے کمال کا معترف ہوجاتا ہے۔

**کلام اقبال:-** لیکن اقبال کی مقبولیت کسی خاص طریقے کے ماتحت نہیں ہوئی اس کے مضامین کی ہمہ گیری اور کلام کے زور نے خواص و عام دونو کو بیک وقت موہ لیا ہے جس طرح ایک اندھا بھی پھول کو ہاتھ میں لے کر اور سونگھ کر یہ بتا سکتا ہے کہ یہ نرم و ملائم ہے اور خوشبودار بھی اسی طرح عوام بھی اس کے شعر کی اصلیت اور معانی سے کچھ نہ کچھ ضرور آگاہ ہوجاتے ہیں یہ اور بات ہے کہ جس طرح اندھا پھول کے رنگ کے متعلق کچھ نہیں جانتا۔ وہ بھی یہ نہ بتا سکیں کہ اس میں فنی خوبی کیا ہے ورنہ اس کا کلام تو بانگِ درا ہے جس کو سن کر قافلے کا ہر شخص خواہ وہ امیر ہے یا غریب۔ دیوانہ ہے یا فرزانہ منزل پر پہنچنے کے لئے نہایت بیتابی کے ساتھ تیاری کر رہا ہے۔ ایک آب جو ہے جو یا تو حقیقت کے بحرِ بیکراں سے ہمکنار ہوچکی ہے یا بیکنار کر دی گئی ہے۔ خواص کو اس میں سے گوہر زندگی ہاتھ آتا ہے۔ عوام اس سے ظاہری صفائی یعنی اخلاق و عادات کی درستی کا کام لیتے ہیں۔ ایک ساز ہے جس سے مختلف نغمات پیدا ہوتے ہیں اور جس کا بجانے والا ان نغمات کے سوز و درد میں تحلیل ہوتا ہوا معلوم ہوتا ہے۔ ایک تصویر ہے جو اس خوبی سے کھینچی گئی ہے کہ اس کے دونو رُخ نمایاں ہوگئے ہیں بعض اُسے دیکھ کر رو دیتے ہیں اور بعض بے پروائی سے ہنسنے لگ جاتے ہیں۔

**اقبال کا تخیل:-** عربی میں ایک مقولہ ہے الشعراء تلامیذ الرحمٰن یعنی شاعر خدا کے شاگرد ہوتے ہیں۔ مختلف حضرات نے اسے مختلف طریقوں سے ثابت کیا ہے لیکن اس میں کوئی شک نہیں کہ اس فقرے میں شعرائے کرام کی نسبت واقعی مبالغے سے کام لیا گیا ہے لیکن پھر بھی کچھ نہ کچھ حقیقت ضرور ہے کیونکہ ملک کے ان ہونہار سپوتوں کی قوتِ تخیل ایک ایسی چیز ہے جو نئے نئے مضامین پیدا کرتی ہے عجیب عجیب اور پُر از حکمت نکات کو عالم وجود میں لاتی ہے اور ہمارے سامنے ایسے ایسے خیالات اور حقائق کی تصویر کھینچ کر رکھ دیتی ہے جن کا بظاہر کوئی ماخذ معلوم نہیں ہوتا

اس قوت کا اندازہ کرنے کے لئے جب کسی شاعر کے کلام کا مطالعہ کیا جاتا ہے تو سب سے پہلی چیز جس کی جستجو لازمی ہوتی ہے یہ ہے کہ اس نے کس حد تک ایسے مضامین پیدا کئے ہیں جن کا کوئی ماخذ نہیں یا جو کسی کی تقلید میں نہیں لکھے گئے۔ اور اگر تقلید میں لکھے بھی گئے ہیں تو اس شاہراہ سے الگ رہ کر یعنی صرف طریق بیان وہی ہے لیکن اس کے برعکس عقائد میں مخالفت۔ نظریے میں خاص فرق۔ خیالات میں جدت اور نتائج میں ندرت پائی جاتی ہے۔

اقبال نے بھی اسی قوتِ تخیل کی مدد سے اپنی شاعری کو اس درجے تک پہنچایا ہے۔ جہاں پہنچ کر شاعری پیغمبری کا ایک جزو بن جاتی ہے چنانچہ جب اس کی تصانیف پر نظر پڑتی ہے تو ایسا معلوم ہوتا ہے کہ تخیل کا ایک سمندر ہے جو لہریں لے رہا ہے سورج جیسے مختلف روشن کُرّے ہیں جن میں سے نور ہدایت کی کرنیں نکل نکل کر ہر غفلت کوش کو پیغام بیداری دے رہی ہے۔ سب سے پہلے اس کی اس شاعری کا مطالعہ کیجئے جو اس حالت میں لکھی گئی ہے جسے حضراتِ صوفیہ کی اصطلاح میں بقا کی حالت کہا جاتا ہے۔ یہ وہ منزل ہے جہاں مالک عظمت و خودی کے نشے میں چور ہوتا ہے جو کچھ بھی اُس کے منہ میں آتا ہے بیباکی سے کہتا چلا جاتا ہے۔ بعض دفعہ تو خُدا سے اس طرح مخاطب ہوتا ہے۔ جیسے کوئی فقیر شوخ کسی کو لپٹ جاتا ہے اور اپنی منہ مانگی لے کر ہی چھوڑتا ہے اور بعض دفعہ اس طرح۔ جیسے کوئی مردِ مجاہد کسی انصاف پرور امیر یا حاکم وقت سے اپنے حقوق کا مطالبہ کر رہا ہو۔ چنانچہ بالِ جبریل میں یہ چیز بہت کچھ نمایاں ہے۔ یہی وہ مقام ہے جہاں سے اقبال ٹیگور سے بازی لے جاتا ہے۔ کیونکہ ٹیگور ابھی فنا کی حالت میں مارا مارا پھر رہا ہے۔ وہ اناہد شبد کا متوالا نغمات پر تو جان دیتا ہے لیکن یا تو وہ بھی انہیں آوازوں پر قانع ہے یا اُسے آگے بڑھنے کی ہمت ہی نہیں پڑتی کیونکہ وہ شدید طور پر محسوس کرتا ہے کہ وہ ایک کمزور

---

لہ اناہد شبد ایک قسم کا عمل ہے جس کی مشق کر کے ہندو یوگی اور بعض مسلمان فقیر اپنے خیال میں معرفت کو پا لیتے ہیں۔ یہ ایک اصطلاح ہے جو مختلف راگوں کے مجموعے کو الفاظ میں ظاہر کرنے کیلئے بنائی گئی ہے یہ راگ انسان کے سر سے نکلتے ہیں جو آنکھ کان اور منہ بند کر کے سنے جاتے ہیں چنانچہ مولانا روم بھی اپنی مثنوی میں فرماتے ہیں ؎ چشم بند و گوش بند و لب ببند۔ گر نہ بینی نورِ حق بر ما بخند

اور ناتجربہ کار انسان ہے جس کا تخیل مادی دنیا کی حدود سے آگے نہیں نکل سکتا اور نکلے بھی کیسے؟ جب کہ اس کے پاس کوئی شمع ہدایت نہیں لیکن اس کے برعکس اقبال کے پاس قرآن ہے اور قصۂ معراج ہے۔ وہ ان کی روشنی میں اس دنیا کی حدود سے کبھی کا نکل چکا ہے اور ہر وقت نئے جہان کی تلاش میں رہتا ہے۔

وسعتِ تخیل کا دوسرا ثبوت اس کی مثنویوں میں ملتا ہے جہاں اس نے اخلاقی نقطۂ نظر سے بعض آیات اور احادیث کی تشریحات منظوم کی ہیں یہی وہ چیزیں ہیں جن کو فلسفۂ مغرب کے مقابلے پر لایا جا سکتا ہے اور جو انشاء اللہ فلسفۂ اخلاق کے ضمن میں بالتفصیل بیان کر دی جائیں گی۔ اس کے علاوہ وہ حکائتیں بھی ہیں جن کے ضمن میں وہ ایسے ایسے نکات اور دقیق مسائل بیان کر جاتا ہے کہ عقل دنگ رہ جاتی ہے۔ چھوٹی چھوٹی حکایتوں کے نتائج اتنے اہم اور شاندار ہوتے ہیں کہ خواہ مخواہ ان کی حقیقت کو تسلیم کرنا پڑتا ہے۔ اسی طرح وہ نظمیں جو ابلیس کی زبانی لکھی گئی ہیں اور وہ جو بانگِ درا کے اخیر میں ہیں بلندیٔ تخیل کی بہت اعلیٰ مثالیں ہیں۔ بال جبریل میں جبریل اور ابلیس اور ارمغانِ حجاز میں ابلیس کی مجلسِ شوریٰ بالترتیب دنیا اور اس کی موجودگی کے اسباب پر روشنی ڈالتی ہوئی آخر میں سیاسیات حاضرہ کی قلعی اس طرح کھول دیتی ہیں کہ لیلائے مغرب کے رُخ سے تمام نقاب اُٹھ جاتے ہیں اور جبیں پر جو تحریر دکھائی دیتی ہے وہ سوائے جوع الارض اور حکومت سرمایہ داری کے اور کچھ نہیں۔ اس کے علاوہ اس نے مشرق و مغرب کی اور بھی کوئی ایسی چیز نہیں چھوڑی جس سے اقوام دنیا کو واسطہ نہ پڑتا ہو اور جس کو اس نے بے نقاب نہ کیا ہو۔ غرضیکہ اس نے اپنے مضامین میں اتنی ہمہ گیری پیدا کی اور اپنے تخیل کو اتنا وسیع کیا کہ تمام دنیا کو اس کے احاطہ میں لے لیا گویا اس کا تخیل کیا ہے ہوئے موج ورموج جس میں اس کی دنیائے شاعری معلق ہے اور جس کی وجہ سے اُسے بقا حاصل ہے اسی ہوا کی موجیں چمن میں آتی ہیں تو پھول کھلاتی جاتی ہیں۔ صحرا سے گزرتی ہیں تو ذرات ریگ کو اڑا اڑا کر دنیا کو وہاں کی حقیقت سے خبردار کرتی ہیں اور بتاتی جاتی ہیں کہ صحراؤں سے طوفان یوں اٹھا کرتے ہیں اور اس طرح تمام عالم پر چھا جایا کرتے ہیں پہاڑوں کی دلفریبیوں اور نظاروں میں محو نہیں ہوتیں بلکہ مرد کہستان کو خودی کا پیغام پہنچاتی ہیں مستی میں آتی ہیں تو سرے سے اسی شاخ کو ہی توڑ دیتی ہیں جس پر تہذیب جدید کا آشیانہ بنایا گیا ہے اور سیاسیات حاضرہ کی کشتی کو سیل بے پناہ کی آغوش کے حوالے کرتی ہیں۔ کبھی چاند کی غاروں کی

خبر لیتی ہیں کبھی مریخ کی وادیوں میں گھومتی پھرتی ہیں یہاں تک کہ ان مقاموں کو طے کرتی ہوئی جہاں تک کہ عقل کی رسائی ہو سکتی ہے۔ مقام شوق میں داخل ہوتی ہیں۔ اور ـــــ ایک آواز آتی ہے ؂ مقام عقل سے آساں گذر گیا اقبال ۔ مقام شوق میں کھویا گیا یہ فرزانہ

**اقبال کا فلسفہ:** تخیل کے بعد دوسری چیز جو اقبال کی شاعری کی جان ہے اور جس پر اس کے پیام کا دار و مدار ہے وہ اس کا فلسفہ ہے جس کا وہ خود ہی موجد ہے ۔ اس نے اپنے تخیل کی مدد سے جس قدر بھی پھول کھلائے ہیں وہ اگرچہ مختلف ہیں لیکن بو ایک ہی رکھتے ہیں ۔ اسی بُو کو جہاں تک اس کا گلہائے مضامین اقبال سے تعلق ہے ہم فلسفہ کے نام سے پکارتے ہیں یا یوں سمجھئے کہ وہ معنی صدفِ شعر میں پنہاں ہیں وہ اگرچہ حسب موقعہ سوز و مستی، خلوص و عقیدت اور عظمت و خودی کے مختلف رنگوں میں رنگے اور سجے ہوئے ہیں لیکن ان میں آب و تاب اور چمک دمک ایک ہی ہے اسی آب و تاب اور چمک دمک کا دوسرا نام جہاں تک اس کا کلام اقبال کے ورہائے بے بہا سے تعلق ہے، فلسفہ ہے ۔

**فلسفۂ زندگی:** اقبال نے جس فلسفے پر بہت زور دیا ہے اور جس کی جزئیات پر بھی بخوبی بحث کی ہے وہ اس کا فلسفۂ حیات ہے جس کا خلاصہ یہ ہے کہ زندگی ایک دریا ہے جو ہمیشہ بہتا رہتا ہے اور جوں جوں آگے بڑھتا ہے طوفانی ہوتا جاتا ہے انسان کا یہ کمال نہیں کہ اسی رَو پر ہی بہتا چلا جائے اور بے بس تنکے کی طرح اپنے آپ کو ان طوفانوں میں گھسنے اور بچ کر نکلنے کا خوگر بنائے ۔ صرف یہی نہیں بلکہ اپنے آپ کو زندگی کا اہل بنائے اور اس طوفانی دریا میں جس طرف بھی منہ اٹھا کر نکلنا چاہے نکل جائے ۔ یہی شہ آزادی ہے اور یہی شان زندگی وہ افراد اور وہ قومیں جو ان طوفانوں میں گھبرا کر ٹھہر جاتی ہیں اکثر فنا ہو جایا کرتی ہیں ۔ کامیابی دراصل اسی خواہش کا نام ہے جو ایک مقام پر پہنچ کر دوسرے مقام پر پہنچنے کے لئے ہوتی ہے اور ـــــ کائنات کے کسی ذرے کو ثبات نہیں وہ ہر وقت تڑپتا رہتا ہے ۔ یہ فطرت کا قانون ہے اور زندگی کا اصول ـــــ بغیر تڑپ کے بھی زندگی ممکن نہیں کیونکہ تڑپ نہ ہوگی تو جوش اور ولولہ کیسے پیدا ہوگا اور جب جوش اور ولولہ نہ ہوگا تو زندگی کے طوفان سے مقابلہ کرنے کی ہمت ہی کیسے پیدا ہوگی ۔ یہی چیز ہے جو مختلف موقعوں پر مختلف طریقوں سے دہرائی

گئی ہے لیکن شاعر نے ہر دفعہ اس میں نئی آن پیدا کر دی ہے جہاں کہیں بھی اس کا ذکر آیا ہے۔ایسا معلوم ہوتا ہے کہ بات میں بات پیدا ہو گئی ہے اور یہی شاعر کا کمال ہے۔

**فلسفۂ عشق:-** اسی فلسفۂ زندگی کا ایک عنصر فلسفۂ عشق ہے۔لیکن عشق بذات خود زندگی کا عنصر نہیں بلکہ جوہر ہے۔یہ جہان و مافیہا اسی کے دم سے ہی موجود ہے چنانچہ اس کو سمجھنے کے لئے فلسفۂ موجودہ کے "اصول تجاذب اجسام" کو ملاحظہ فرمائیے اس اصول کے ماتحت دنیا کی ہر چیز چھوٹے چھوٹے بے شمار ذرات کے اتحاد اور جذب باہمی کی وجہ سے ایک مستقل حیثیت اختیار کر لیتی ہے۔یہ دنیا مختصر طور پر دو حصوں میں منقسم کی جا سکتی ہے ایک حصہ خشکی ہے جس کو مٹی کے چھوٹے چھوٹے ذرات نے مل کر ایک خاص صورت دے رکھی ہے اور دوسرا حصہ تری ہے جس کو پانی کے چھوٹے چھوٹے قطرات نے مل کر بنا رکھا ہے اب رہا انسان سو وہ بھی اسی دنیا کی پیداوار ہے اور فطرتاً مدنی الطبع ہے۔جب تک اس میں مل جل کر رہنے کی رغبت نہ پائی جائے وہ انسان نہیں رہ سکتا۔اس طرح مل جل کر قومیں بنتی ہیں اور قومیں بغیر اتحاد اور جذب باہمی کے زندہ نہیں رہ سکتیں۔لہذا ثابت ہوا کہ ہر چیز کی زندگی کا دارومدار اس کے مختلف عناصر کے اتحاد اور جذب باہمی پر ہے یہی جذب بڑھ کر عشق بنتا ہے اور عشق بڑھتے بڑھتے جنون۔

یہی جذب،عشق اور جنون ہی وہ چیزیں ہیں جنہوں نے کئی معرکے سر کئے۔جن کی مدد سے لاکھوں مشکلیں آسان ہوگئیں اور جو عقل انسانی کی رہبر بن کر کروڑوں موقعوں پر اس کے کام آئیں۔

**فلسفۂ خودی:-** اسی سلسلے کی تیسری کڑی فلسفۂ خودی ہے۔خودی ایک ایسا لفظ ہے جس سے عام طور پر شاید تکبر کے معنی لئے جاتے ہیں یا کم از کم ایک ایسا جذبہ مراد لیا جاتا ہے جو تکبر کی طرف لے جاتا ہے لیکن اقبال کے ہاں اس سے کچھ اور مراد ہے۔خودی اس کے نزدیک ایک جوہر ہے۔ اور جوہر بھی وہ جو عشق یعنی جوہر زندگی سے حاصل ہو اس کو زیادہ واضح کرنے کے لئے ہم عطر کو لیتے ہیں یہ پھولوں کا جوہر ہے اور پھول جوہر ارضی کی بدولت وجود

میں آتے ہیں اس لحاظ سے جو تعلق عطر کا پھولوں سے ہے وہی تعلق خودی کا عشق سے ہے اور جو تعلق پھولوں کا جوہرِ ارضی سے ہے۔ وہی تعلق عشق کا زندگی سے ہے۔

خودی سے بڑھ کر انسانی عظمت کی محافظ اور کوئی شے نہیں اگر یہ زندہ ہے تو قوم اور اس کی عظمت زندہ ہے۔ لیکن اگر یہ مُردہ ہے تو قوم اور اس کی عظمت بھی مُردہ۔ اقبال کی خودی وہ چیز نہیں جو فرمانِ الٰہی کی تعمیل سے انکار کی صورت میں ظاہر ہوئی تھی بلکہ اس کی خودی وہی ہے جو یزید کی بیعت سے انکار کی صورت میں ظاہر ہوئی تھی (ملاحظہ فرمائیے تکبر اور خودی میں فرق) وہ تکبر تھا اور یہ خودی۔

خودی انسان کو اپنا مرتبہ دکھاتی ہے چنانچہ جب وہ یہ سوچتا ہے۔ کہ میں اشرف المخلوقات ہوں اور خالق و مخلوق کے درمیان ہے اس وقت وہ خودی کے نشے میں پورا سرشار رہتا ہے چونکہ انسانیت کے لئے باعثِ ننگ و عار نہیں ہوتا بلکہ باعث فخر ہوتا ہے۔ اس حالت میں وہ اپنے آپ سے بخوبی واقف ہوتا ہے۔ اس لئے مَنْ عَرَفَ نَفْسَهٗ فَقَدْ عَرَفَ رَبَّهٗ کا مصداق ہو کر وہ اپنے خدا کو بھی پہچانتا ہے یہ اور بات ہے کہ ما عرفناک حق معرفتک پکار اٹھے کیونکہ آخر مخلوق ہی تو ہے۔ اس لحاظ سے اس کا مقام وہی ہوتا ہے جہاں بندہ اپنے رب کو پہچانتا ہے اور رب اپنے بندے پر عطیاتِ رحمت کی بارش کرتا ہے تو اس چیز سے انکار کی کوئی وجہ نہیں رہتی کہ اس کی تقدیر کے متعلق ؎

"خدا بندے سے خود پوچھے بتا تیری رضا کیا ہے"

**فلسفۂ رجائیت و فلسفۂ عمل:** فلسفۂ زندگی کے ماتحت اور بھی بہت سی جزئیات پر بحث کی جا سکتی ہے لیکن سب سے ضروری چیز جس پر فلسفۂ زندگی جیسی عظیم الشان عمارت کی بنیاد رکھی گئی ہے وہ اس کا فلسفۂ رجائیت و فلسفۂ عمل ہے۔ اقبال مایوس شاعر نہیں اور نہ ہی وہ دوسروں کو مایوس ہونے کی تلقین کرتا ہے۔ اس کے نزدیک تو دنیا میں اگر کوئی شخص ایسا بھی ہے جسے مایوسی سے فائدہ پہنچتا ہے تو وہ شیطان کے سوا اور کوئی نہیں ہو سکتا کیونکہ اس کی مایوسی تو بجائے خود ایک ہی مقصدِ زندگی ہے اور ایک لحاظ سے تو وہ حق بجانب بھی ہے کیونکہ اس کی مایوسی ہی کی وجہ سے یہ "سوزِ درونِ کائنات" یعنی موجودہ عالم کی مشینری اپنا کام کر رہی ہے۔ یعنی جس طرح بجلی کی دو تاروں (مثبت اور منفی) کے

ملنے سے بجلی عالم وجود میں آتی ہے ٹھیک اسی طرح دنیا امید پر بھی قائم ہے اور نااُمیدی پر بھی۔ انسان اور شیطان، امید اور نااُمیدی کی ٹکر سے ہی ایسے اسباب پیدا ہوتے ہیں۔ جن پر اس دنیا کو ایک عرصے تک بقا حاصل ہے جب ان دو میں سے ایک کا خاتمہ ہو جائے گا تو یہ دنیا بھی ختم ہو جائے گی۔

شیطان اگر آج لاتقنطو کے فرمان پر عمل پیرا ہو کر اپنی نجات کی اُمید کرنا شروع کرشے تو لازمی امر ہے کہ وہ انسان کو بہکانا بھی چھوڑ دیگا۔ اس طرح دنیا میں یہ ہنگامے ختم ہو جائیں گے اور دنیا بھی ختم کیونکہ یہی ہنگامے تو اس دنیا کی بقا کا باعث ہیں۔

دوسری طرف اگر انسان نااُمید ہو جائے تو اس کا مطلب بھی صاف ہے نہ دنیا میں کوئی کام رہے اور نہ کام کرنے والے نتیجے کے طور پر۔ موجودہ نظام زندگی کا خاتمہ ہو جائے۔ کیونکہ انسانی زندگی کا دارومدار ہی امید اور اس کے نتائج پر ہے ——— اُمید کی بھی دو قسمیں ہیں ان میں سے جو خطرناک ہے وہ یہ ہے کہ اگر دور سے کوئی ابر کا ٹکڑا آتا ہوا دکھائی دے تو بارش کی امید پر کھیت کو سینچنا بھی بند کر دیا جائے یا اگر ایک دن بیکار بیٹھے رہنے کے باوجود کچھ کھانے کو مل جائے تو اسی امید پر بے کار بیٹھا رہنا چاہئے کہ پھر بھی مولا ہی دیگا۔ اس اُمید سے نااُمیدی بھی اچھی۔ یہ اُمید اُسے درکار نہیں بلکہ اُسے تو عمل چاہئے کیونکہ عمل سے ہی زندگی بنتی ہے۔

انسان کیا ہے ایک محشر خیال، جذبات اور خواہشات کا پُتلا۔ اگر اس کے خیالات میں اُمید کا عنصر غالب ہے تو لازمی امر ہے کہ اُسے اچھے اچھے کام کرنے کی خواہش ہوگی یا کم از کم ایسے جن سے اُس کی ذات کو کچھ نہ کچھ نفع ضرور پہنچیگا۔ اور اگر اس کے خیالات یاس کا پہلو لئے ہوئے ہیں تو ضروری ہے کہ وہ ایک مخصوص انسانی ہٹ دھرمی پر قائم رہ کر نیک راستے کے برخلاف بُرے راستے پر چلے گا اور بُرے کام ہی کریگا یا سرے سے ہاتھ پہ ہاتھ دھرے بیٹھا ہی رہیگا۔ لہٰذا نتیجہ یہ نکلا کہ جیسی خواہش ہوگی۔ ویسے جذبات پیدا ہونگے اور جیسے جذبات ہونگے ویسا کام کرنے کو جی چاہے گا مثال کے طور پر جب ہمارا کسی چیز کو حاصل کرنے کے لئے دل چاہتا ہے تو مختلف تراکیب سوجھنے لگتی ہیں۔ اور جب کوئی ترکیب اچھی نظر آتی ہے تو اُمید پیدا ہوتی ہے۔ اب اُسی امید ہی کی بدولت پراگندہ خیالات ایک ہی مرکز پر جمع ہونے

ہیں اور انسان کی تمام دماغی اور ذہنی طاقتوں کا رجوع صرف اسی طرف ہو جاتا ہے جس کے لئے وہ خواہشمند ہوتا ہے اس کو عشق کہتے ہیں۔ عشق جب اپنے جوبن پہ آتا ہے تو انسان کی خودی نمودار ہوتی ہے۔ اور اُسے یہ احساس ہوتا ہے کہ وہ کیا کچھ کرسکتا ہے اور کس طرح اپنی من مانی خواہشات کو عملی جامہ پہنایا جا سکتا ہے۔ اس طرح اس کے دل میں ایک قسم کا یقین پیدا ہو جاتا ہے۔ اس یقین کا لازمی نتیجہ یہ ہوتا ہے کہ انسان میں عمل کی قوتیں بیدار ہوتی ہیں اور اس طریقے پر معمولی خیالات ارتقا کی منزلیں طے کرتے ہوئے صرف زندگی کا جزو ہی نہیں بنتے بلکہ زندگی کی تصویر کو مختلف رنگ دے کر اُسے ہر رنگ میں دکھا سکتے ہیں۔

یہ ہیں زندگی کے مختلف ارتقائی منازل جن کو طے کر کے زندگی مکمل ہوتی ہے اور جن کو اقبال نے اپنی شاعری میں فرداً فرداً بخوبی واضح کر دیا ہے۔ انشاء اللہ کبھی آئندہ اس کے فلسفۂ تصوف۔ فلسفۂ اخلاق۔ فلسفۂ ایمان (جو احادیث کی روشنی میں پیش کیا گیا ہے) اس کی قومی شاعری اور اس کی مزاحیہ نظموں پر بحث کی جائے گی۔

## سید اختر منیر بی۔ اے۔ آنرز سٹوڈنٹ

ترے آزاد بندوں کی نہ یہ دنیا نہ وہ دنیا
یہاں مرنے کی پابندی وہاں جینے کی پابندی

گذر اوقات کر لیتا ہے یہ کوہ و بیاباں میں
کہ شاہیں کے لئے ذلت ہے کارِ آشیاں بندی

مجھ کو تو سکھا دی ہے افرنگ نے زندیقی
اس دور کے ملاں ہیں کیوں ننگِ مسلمانی

وہ فریب خوردہ شاہیں کہ پلا ہو کرگسوں میں
اسے کیا خبر کہ کیا ہے رہ و رسمِ شاہبازی

نگہ پیدا کر اے غافل تجلی عین فطرت ہے
کہ اپنی موج سے بیگانہ رہ سکتا نہیں دریا

وہی ہے صاحبِ امروز جس نے اپنی ہمت سے
زمانے کے سمندر سے نکالا گوہرِ فردا

محبت خویشتن بینی محبت خویشتن داری
محبت آستانِ قیصر و کسریٰ سے بے پروا

اپنے من میں ڈوب کر پا جا سراغِ زندگی
تو اگر میرا نہیں بنتا نہ بن۔ اپنا تو بن

پانی پانی کر گئی مجھ کو قلندر کی یہ بات
تو جھکا جب غیر کے آگے نہ من تیرا نہ تن

شکایت ہے مجھے یا رب خداوندانِ مکتب سے
سبق شاہیں بچوں کو دے رہے ہیں خاکبازی کا

# اقبال علیہ الرحمۃ

حضرتِ اقبال آں شاہنشہِ اقلیمِ شعر
واقفِ اسرارِ دین و صاحبِ قلبِ سلیم

آن حکیم آں مردِ حق آگاہ آں دانائے راز
آں امیرِ کارروان و آن فقیرِ بے گلیم

شاعر و غواصِ بحرِ زندگی و بحرِ عشق
فلسفی و شارحِ آیاتِ قرآنِ عظیم

در نگاہش آفتابِ لا الٰہ الا ہُو
در دماغش عقلِ حاضر در دلش عشقِ قدیم

سینہ اش تابندہ از انوارِ اسرار و رموز
در وجودِ او دلے آن لامکانے را حریم

داد پیغامِ عمل اقوامِ پس افتادہ را
کرد از تیغِ خودی تہذیبِ مغرب را دو نیم

در یدِ او بالِ جبریل و زبورے در بغل
نیست پیغمبر ولیکن ضربِ او ضربِ کلیم

اختر منیر

# جذبۂ عمل اور علامہ اقبالؒ

عمل سے زندگی بنتی ہے جنّت بھی جہنّم بھی
یہ خاکی اپنی فطرت میں نہ نوری ہے نہ ناری ہے
اقبالؒ

دنیا میں صرف عمل ہی ایک ایسی چیز ہے جس پر ہماری زندگی کے بننے اور بگڑنے کا انحصار ہے۔ جنّت اور جہنّم ہمارے اعمالوں پر موقوف ہیں۔ اقبالؒ کے خیال کے مطابق اگر ہمارے اعمال نیک ہیں تو ہم مستحق جنّت ورنہ جہنّم۔ سچ پوچھئے تو فطرتاً انسان نہ نوری ہے اور نہ ناری۔ علامہ اقبال نے ہمیشہ پیغام عمل دیا۔ آپ کا عقیدہ تھا کہ جو مزا تگ و دو اور جدوجہد میں ہے وہ خود حصولِ مقصد میں بھی نہیں۔

دنیا میں رہ کر ہمارے دلوں میں ہزاروں امنگیں اور آرزوئیں پیدا ہوتی ہیں لیکن جب تک جوش عمل نہیں۔ تمام آرزوئیں اور امنگیں خام اور خواب ہیں۔ ہر فرد جانتا ہے کہ حرکت میں برکت ہے۔ اگر ہم میدانِ عمل میں سعی و کوشش سے کام نہیں لیں گے تو دین و دنیا میں سرفرازی ناممکن ہے۔ کیونکہ ؎

نہیں زندگی سلسلہ روز و شب کا　　　نہیں زندگی مستی و نیم خوابی!!
حیات است در آتش خود طپیدن　　　خوش آں دم کہ ایں نکتہ را بازیابی　　اقبالؒ

ہمارے روزانہ تجربات سے روزِ روشن کی طرح واضح ہے کہ جب تک مزدور صبح سے شام تک نہ کمائے۔ پیٹ بھر کھانا میسر نہیں۔ جب تک طالب علم سال بھر محنت و جانفشانی سے کام نہ کرے۔ امتحان میں کامیابی مشکل بلکہ ناممکن۔ جب تک کسان کھیت میں دن رات کام نہ کرے۔ آب و دانہ سے تنگ جب تک قومیں اپنے دلوں میں جذبۂ عمل پنہاں نہیں رکھتیں۔ راہ ترقی سے محروم۔ آخر وہ کیا اکسیر ہے جو مزدور کا پیٹ پالتے ہیں۔ طالب العلم کو کامیابی دلاتے ہیں۔ کسان کو مرفہ الحال بناتے ہیں اور قوموں کو بام ترقی پر پہنچانے میں مدد دیتی ہے۔ وہ صرف قوتِ عمل اور جذبۂ عمل ہے۔ واقعی ؎

وہی ہے صاحب امروز جس نے اپنی ہمت سے
زمانے کے سمندر سے نکالا گوہرِ فردا　　　اقبالؔ

ڈاکٹر اقبالؒ کے نقطۂ نگاہ سے دنیا میں صرف جانوروں کی طرح پیٹ پالنا اور صبح و شام یونہی بیکاری میں گذارتے رہنا انسانی زندگی کا نام نہیں۔ بلکہ اپنے زورِ عمل۔ اپنے جذبۂ عمل اور اپنے جوشِ عمل سے دنیا میں عظمت و بلندی پر پہنچنے کا نام زندگی ہے۔ جس طرح دنیا میں سربلند اور ممتاز ہونے کے لئے کوشش اور عمل کی ضرورت ہے۔ اسی طرح رسولؐ اور خدا تک پہنچنا بھی ہمارے عمل پر مبنی ہے۔

موجودہ دور میں بھلا جن مسلمانوں کو نماز ادا کرنے کے لئے بوٹ کے تسمہ ڈھیلے کرنا بارِ گراں ہو۔ جن مسلمانوں کو روزہ رکھنے کے لئے بارہ گھنٹے سگریٹ اور حقہ سے جدائی باعثِ مصیبت ہو جن مسلمانوں کو (جو شیکسپیئر اور ورڈز ورتھ کی نظمیں مطالعہ کرنے میں منہمک رہتے ہیں) چند صفحات کلام مجید تلاوت کرنے کی فرصت نہ ہو۔

جن مسلمانوں کو حج کے لئے راستہ میں جہاز غرق ہونے سے سمندر میں ڈوب جانے کا خطرہ لاحق ہو۔

جن مسلمانوں کو عبادت کے مقابلہ میں رات کی نیند پیاری ہو۔

جن مسلمانوں کو خدمتِ خلق سے شان و شوکت۔ عزت و آبرو اور رتبہ و دبدبہ میں کمی واقع ہونے کا خدشہ ہو۔

جن مسلمانوں کو اپنی پستی کا ذرا بھر بھی احساس اور اپنی ترقی کا جذبہ تک نہ ہو۔ اس قوم کا خدا حافظ آہ! علامہ مرحوم کس دُکھے دل سے فرماتے ہیں ؎

قلب میں سوز نہیں۔ روح میں احساس نہیں
کچھ بھی پیغام محمدؐ کا تمہیں پاس نہیں　　　اقبالؔ

یہی باتیں تو اقبال کے لئے باعثِ اضطراب بنیں۔ انہیں باتوں نے تو اقبال کو ابھارا۔ انہیں باتوں سے تو اقبال کی طبیعت میں ہیجان پیدا ہوا۔ اقبال نے ہر پہلو سے اقوامِ عالم کو بغور دیکھا۔ مگر افسوس۔ دوسری قومیں تو میدانِ عمل میں گامزن دکھائی دیں لیکن اسے اپنی قوم کو
کس لئے؟

بے عمل بن جانے کی وجہ سے ۔ جذبۂ عمل مفقود ہو جانے کی وجہ سے ۔ جوشِ عمل سرد ہو جانے کی وجہ سے ۔

آخر اس مردِ میدان نے اپنی سعی و کوشش سے خفتہ قوم کو بیدار کر کے پیغامِ عمل دیا ۔ تاکہ عمل سے ہی دنیوی اور دنیاوی زندگی سدھارنے کے قابل بن سکے کیونکہ ؎

ہے شباب اپنے لہو کی آگ میں جلنے کا نام　　سخت کوشی سے ہے تلخِ زندگانی انگبیں
جو کبوتر پر جھپٹنے میں مزا ہے اے پسر　　وہ مزا شاید کبوتر کے لہو میں بھی نہیں

اقبالؒ کو بے عمل اور ناکارہ لوگوں سے سخت نفرت تھی ۔ آپ کے لئے تو مصائب و تکالیف کی گھڑیاں موجبِ مسرت ہوتی تھیں ۔ بے عمل زندگی کیا ہے؟ صرف ذلت و خواری کی زندگی بسر کرنا ——— اور در در ٹھوکریں کھاتے پھرنا دنیا میں جو ولی اور قطب کہلائے ۔ جو بہادر جنگجو مشہور ہوئے ۔ جو عادل اور دانا کہلائے ۔ کس کی بدولت ؟ صرف عمل کی وجہ سے ۔ اگر کوئی چیز انسان کی قدر و منزلت بڑھاتی ہے تو وہ صرف عمل ہے ۔ جس سے انسان حقیقی معنوں میں انسان کہلانے کے قابل بن کر دین و دنیا میں سرخروئی حاصل کرتا ہے ؎

یہی آئینِ قدرت ہے ۔ یہی اسلوبِ فطرت ہے
جو ہے راہِ عمل میں گامزن محبوبِ فطرت ہے　　اقبالؔ

موجودہ زمانہ میں سائنس کے کرشمے کسی سے پوشیدہ نہیں ۔ یہی سب کچھ بھی قوتِ عمل کا نتیجہ ہیں ۔ ہر کام میں عمل کی ضرورت ہے ۔ جب طبیعت میں جذبۂ عمل پیدا ہو جاتا ہے تو زندگی خود بخود اک نئی شان چاہتی ہے ۔ پرانا مقولہ ہے کہ ع

کسبِ کمال کن کہ عزیزِ جہاں شوی

کیا ہاتھ پر ہاتھ دھرے بیٹھے رہنے سے کمال کی یہ عظمت و بلندی حاصل ہو سکتی ہے؟ نہیں جب تک کہ قوتِ عمل نہ ہو ۔ قوتِ عمل سے کیا نہیں ہو سکتا ؟

دشت و بیاباں گلزار بن جاتے ہیں ۔
دنیا میں عزت و آبرو کی زندگی میسر ہوتی ہے ۔
غلامی کی آہنی کڑیوں سے چھٹکارا حاصل ہوتا ہے ۔

گناہوں میں بسر کی ہوئی زندگی نیکی میں تبدیل ہو جاتی ہے۔
مردہ قومیں حیاتِ جاوداں حاصل کرتی ہیں۔
مگر اس وقت۔ جب ہر فرد و ملت میں جذبۂ عمل۔ جوشِ عمل اور قوتِ عمل ہو۔
واقعی۔ اے غفلت میں ڈوبے انسان ؎

یہ گھڑی محشر کی ہے تو عرصۂ محشر میں ہے
پیش کر غافل عمل کوئی اگر دفتر میں ہے — اقبال

## عبدالخالق نیّر

بی۔ اے سٹوڈنٹ (فائینل ایر)

کافر ہے تو شمشیر پہ کرتا ہے بھروسا
مومن ہے تو بے تیغ بھی لڑتا ہے سپاہی

کافر ہے تو ہے تابعِ تقدیر مسلماں
مومن ہے تو وہ آپ ہے تقدیرِ الٰہی

خداوندا یہ تیرے سادہ دل بندے کدھر جائیں
کہ درویشی بھی عیاری ہے سلطانی بھی عیاری

مجھے تہذیبِ حاضر نے عطا کی ہے وہ آزادی
کہ ظاہر میں تو آزادی ہے باطن میں گرفتاری

رمزیں ہیں محبت کی گستاخی و بے باکی
ہر شوق نہیں گستاخ ہر جذب نہیں بیباک

فارغ تو نہ بیٹھے گا محشر میں جنوں میرا
یا اپنا گریباں چاک یا دامنِ یزداں چاک

تری زندگی اسی سے تری آبرو اسی سے
جو رہی خودی تو شاہی نہ رہی تو روسیاہی

برہنہ سر ہے تو عزمِ بلند پیدا کر
یہاں فقط سرِ شاہیں کے واسطے ہے کلاہ

کلی کو دیکھ کہ ہے تشنۂ نسیمِ سحر
اسی میں ہے مرے دل کا تمام افسانہ

اے طائرِ لاہوتی اس رزق سے موت اچھی
جس رزق سے آتی ہو پرواز میں کوتاہی

دارا و سکندر سے وہ مردِ فقیر اولیٰ
ہو جس کی فقیری میں بوئے اسد اللّٰہی

آئینِ جواں مرداں حق گوئی و بیباکی
اللہ کے شیروں کو آتی نہیں روباہی

کر بلبل و طاؤس کی تقلید سے توبہ
بلبل فقط آواز ہے طاؤس فقط رنگ

جس میں نہ ہو انقلاب موت ہے وہ زندگی
روحِ امم کی حیات کشمکشِ انقلاب

خودی کو کر بلند اتنا کہ ہر تقدیر سے پہلے
خدا بندے سے خود پوچھے بتا تیری رضا کیا ہے

عقابی روح جب بیدار ہوتی ہے جوانوں میں
نظر آتی ہے ان کو اپنی منزل آسمانوں میں

# اقبالؒ

(علاّمہ جلال الدّین صاحب لبیدؔ توکّلی بہاولپوری کی نظر میں)

اے حکیم امتِ خیر الورے　　اے طبیب حاذقِ امراضِ ما
مئے پرست مست صہبائے خودی　　اے کلیم طور سینائے خودی
بالِ جبریل پر پرواز تو　　رشکِ صد بانگِ درای آوازِ تو
اے چراغِ محفلِ اخلافِ ما　　نوحہ خوانِ سطوتِ اسلافِ ما
واقفِ رمز و رموزِ بندگی　　محرمِ سرِّ نہانِ زندگی
اے ہزار نغمہ گوئی خوش بیاں　　اے سراجِ ظلمتِ ہندوستاں
واقفِ سرِ حقیقت ایں چنیں　　مادرِ گیتی نہ زاید بعد ازیں
اے مریدِ مرشدِ رومی نژاد　　یا الٰہی مرقدت پُر نور باد
گو قضا اورا زما مستور کرد　　گفتہ ہایش قلبِ مارا طور کرد
ساقی ہوش زمحفل شد بعید　　قول او شد مقطعِ نظمِ لبیدؔ

"اے بسا شاعر کہ بعد از مرگ زاد
چشمِ خود بربست و چشمِ ما کشاد"　　اقبالؔ

شیخ محمد یوسف
متعلم تھرڈ ایر کلاس

# اقبال کا جذبہ وطنیّت

(علامہ موصوف نے جہاں ایک فلسفی اور مفکر اعظم کی حیثیت سے اپنی ملت کو تمام رموز و اسرار سے آگاہ کرنے کی کوشش کی وہاں انہیں اخوت اور وطنیت جیسے مسائل کا حل بھی چند لفظوں میں بتا دیتے ہیں کبھی بخل سے کام نہیں لیا۔ یہی دو چیزیں اقوام عالم کی ترقی میں صحیح طور پر رہنمائی کر سکتی ہیں۔ بعض اصحاب کا یہ کہنا کہ جذبۂ وطنیت امن عالم کا دشمن ہے، بالکل حقیقت پر مبنی ہے۔ اسی سے ہی اپنے بھائیوں کے لئے تعصب۔ بغض اور حسد کی آگ بھڑکتی ہے اخوت جو تمام اقوام کے لئے ایک لابدی امر ہے، بیک نظر مفقود ہونا شروع ہو جاتی ہے چنانچہ ڈاکٹر صاحب اسی پر زور دیتے ہوئے آپس میں اخوت کی تلقین کرتے ہیں:-

ہوس نے ٹکڑے کر دیا ہے نوع انساں کو — اخوت کا بیاں ہو جا محبت کی زباں ہو جا
یہ ہندی وہ خراسانی یہ افغانی وہ تورانی — تو اے شرمندۂ ساحل اچھل کر بیکراں ہو جا
مصاف زندگی میں سیرت فولاد پیدا کر — شبستان محبت میں حریر و پرنیاں ہو جا

جذبۂ وطنیت ایک غلط اور بے بنیاد نظریہ ہے۔ اسی سے ہماری اخوت اور آپس کے پریم و اخلاص کو وہ صدمہ پہنچتا ہے کہ جس کا کفارہ ناممکن ہے۔ اقبال نے وطنیت کے اس پیچیدہ مسئلے کو بالائے طاق ہی رکھا۔ آپ اپنے آپ کو ایک طائر آزاد سمجھتے ہیں کہ جہاں جی چاہے اڑے اور جہاں بھی بسیرا کرے اُسے اپنا وطن تصور کرے کیونکہ ؎

ہر ملک ملک ماست کہ ملک خدائے ماست

آپ کی نظر آزاد کسی ایک علاقہ پر نہیں جمتی۔ انہوں نے اپنا تعلق دنیا کے ہر کونے سے ملا رکھا ہے۔ کسی ایک مقام کو خصوصیت کے ساتھ اپنا کہنا انہیں بالکل ناپسند ہے۔ چنانچہ ارشاد ہوتا ہے

درویش خدا مست نہ شرقی ہے نہ غربی — گھر میرا نہ دلی نہ صفاہاں نہ سمرقند
کہتا ہوں وہی بات سمجھتا ہوں جسے حق — نے ابلۂ مسجد ہوں نہ تہذیب کا فرزند
اپنے بھی خفا مجھ سے ہیں بیگانے بھی ناخوش — میں زہر ہلاہل کو کبھی کہہ نہ سکا قند

مشکل ہے کہ اک بندہ حق بین حق اندیش خاشاک کے تودے کہ کہہ کوہ دماوند
ہوں آتش نمرود کے شعلوں میں بھی خاموش ہیں بندہ مومن ہوں نہیں دانہ اسپند
پُر سوز و نظر باز و نکو بین و کم آزار آزاد و گرفتار و تہی کیسہ و خورسند
ہر حال میں میرا دل بے قید ہے خرم کیا چھینے گا غنچے سے کوئی ذوق شکر خند

آزادی وطن کے سلسلہ میں سپین کے ساحل پر طارق کا وہ واقعہ یاد دلاتے ہیں کہ جب اس کے ہمراہیوں نے اُسے تمام کشتیوں کو جلاتے دیکھا تو دوری وطن میں ان کا دل اپنے خویش و اقارب کے لئے اس قدر بھر آیا کہ انہوں نے فوراً گھبرا کر اُس سے ایسی نازیبا اور خلاف عقل حرکت کے سبب کا استفسار کیا۔ تو طارق فوراً مردانہ وار جواب میں اپنی ذہانت خداداد کی مدد سے حب الوطنی کے ذوق کو ان کے دل سے دور کر دیا ؎

طارق چوں بر کنار اندلس سفینہ سوخت گفتند کار تو بنگاہ خرد خطا ست
دوریم از سواد وطن باز چوں رسیم ترک سبب از روئے شریعت کجا روا ست
خندید و دست خویش بہ شمشیر برد و گفت ہر ملک ملک ما است کہ ملک خدائے ما ست

تمام دنیا کو اپنا وطن قرار دیتے ہوئے فرماتے ہیں۔

چین و عرب ہمارا ہندوستان ہمارا مسلم ہیں ہم وطن ہے سارا جہاں ہمارا

آپ کی نظروں میں وطن کا زہریلا تخیل ایک خار ہے جس کو وہ ہر وقت نکالنے میں کوشاں نظر آتے ہیں۔ مقامی قید ہی انسانی آزادی کے راستہ میں زبردست رکاوٹ ہے جو بحر آزادی میں ایک چٹان کی طرح حائل ہو کر کشتی جدوجہد کو اپنے ساتھ ٹکرا کر پاش پاش کر دیتی ہے۔ اقبال فرماتے ہیں کہ ہم ہر مقامی قیود سے آزاد ہیں ہم جہاں چاہیں ہجرت کر کے چلے جائیں وہی ہمارا مسکن و وطن ہو گا۔ قید مقامی ہمیں بربادی کی طرف رہبری کرنے میں معاون ہو گی ؎

ہو قید مقامی تو نتیجہ ہے تباہی رہ بحر میں آزاد وطن صورت ماہی
ہے ترک وطن سنت محبوب الٰہی دے تو بھی نبوت کی صداقت پہ گواہی

گفتار سیاست میں وطن اور ہی ہے
ارشاد نبوت میں وطن اور ہی ہے

از زمانہ قدیم میں وطنیت کا مسئلہ بالکل مفقود نظر آتا ہے۔ مگر زمانہ موجودہ نے جہاں

اور مسائل میں ترقی کی وہاں مسئلہ وطنیت کو پس پشت نہیں ڈالا بلکہ یہ نادر ایجاد دور حاضری کی کوتاہ بینی کا نتیجہ ہے کہ وطنیت یا حب الوطنی نے اس کی آزادی میں حائل ہونے کی جرأت کرلی ہے

اس دور میں مے اور ہے جام اور ہے جم اور ساقی نے بنا کی روش لطف و کرم اور
مسلم نے بھی تعمیر کیا اپنا حرم اور تہذیب کے آزر نے ترشوائے صنم اور
ان تازہ خداؤں میں بڑا سب سے وطن ہے جو پیرہن اس کا ہے وہ مذہب کا کفن ہے

مگر بزرگان سلف کا نظریہ کچھ اور ہی تھا۔ وہ "وطن" کے لفظ کو بھی اپنی جدو جہد میں شامل کرنے سے احتراز کرتے تھے ہم دیکھتے ہیں کہ

نرالا سارے جہاں سے اس کو عرب کے معمار نے بنایا
بنا ہمارے حصار ملت کی اتحاد وطن نہیں ہے

(علامہ موصوف کی نظر دوربین اس حقیقت کو سمجھنے کے لئے ہمیشہ کامیاب رہی کہ وطنیت کی پست خیالی ہی امن عالم خراب کرنے کی ذمہ دار ہوگی چنانچہ آپ مسئلہ مذکورہ کی نہایت پرجوش اور پرزور الفاظ میں تردید کرتے ہوئے دکھائی دیتے ہیں۔ اسرار خودی میں ایک جگہ ارشاد ہوتا ہے۔

ما کہ از قید وطن بیگانہ ایم چوں نگاہ نورِ دو چشمیم و یکیم
از حجاز و چین و ایرانیم ما شبنم یک صبح خندانیم ما
مست چشم ساقی بطحاستیم در جہان
امتیازات پاک سوخت
آتش او ایں خس و خاشاک سوخت

یہاں قدرتی طور پر ایک سوال پیدا ہوتا ہے کہ علامہ ممدوح نے تو خود بھی کئی دفعہ وطن سے اپنی الفت ظاہر کی۔ اور اسی طرح کئی دوسرے رہبران قوم و ملت بھی عوام کو حب الوطنی کے پیدا کرنے کی طرف ابھارتے رہے ہیں۔ خود علامہ نے بھی سطور ذیل میں اپنے وطن کی طرف محبت کا اظہار کرتے ہوئے اس کی بڑائی بیان کی ہے

(کشمیر کا چمن جو مجھے دلپذیر ہے اسی باغ جانفزا کا یہ بلبل اسیر ہے
ازل سے ملی ہے ہمیں ارم کی جائداد جو وطن ہمارا وہ جنت نظیر ہے

اور کبھی دفعہ آپ قومی گیت کو الاپتے وقت یہی کہتے سنائی دیتے کہ

سارے جہاں سے اچھا ہندوستاں ہمارا
ہندی ہیں ہم وطن ہے ہندوستاں ہمارا

مگر اس کا جواب بھی ڈاکٹر صاحب نے خود 'جاوید نامہ' میں مندرجہ ذیل الفاظ میں فرمادیا لکھتے ہیں ؎

آں کف خاکے کہ نامیدی وطن　　　ایں کہ گوئی مصر و ایران و یمن
با وطن اہل وطن را نسبتے است　　　زانکہ از خاکش طلوع ملتے است
اندریں نسبت اگر داری نظر　　　نکتہ بینی ز مو باریک تر
گرچہ از مشرق برآید آفتاب　　　باتجلی ہائے شوخ و بے حجاب
در تب و تاب است از سوز دروں　　　تا ز قید شرق و غرب آید بروں

فطرتش از مشرق و مغرب بری است
گرچہ او از روئے نسبت خاوری است

ساتھ ہی یہ مثال پیش کر کے تمام مسئلہ کو حل کر کے روز روشن کی طرح عیاں کر دیا۔ کہ سورج اگرچہ مشرق سے طلوع ہوتا ہے اور اسی وجہ سے شاہ خاور کو شرق سے ایک قدرتی نسبت ہے مگر چونکہ اس کا پروگرام اس قدر وسیع ہے کہ اس کا مقامی قید یا خصوصیت وطنی سے مستثنےٰ ہونا ایک لازمی امر ہے۔ وطنیت کے زہریلے کو دماغ سے نکال دینا چاہیئے ؎

صلائے عام ہے یاران نکتہ داں کے لئے　　　نور محمد علوی بی اے

بت صنم خانوں میں کہتے ہیں مسلمان گئے　　　ہے خوشی ان کو کہ کعبے کے نگہبان گئے
منزل دہر سے اونٹوں کے حدی خوان گئے　　　اپنی بغلوں میں دبائے ہوئے قرآن گئے

خندہ زن کفر ہے احساس تجھے ہے کہ نہیں؟
اپنی توحید کا کچھ پاس تجھے ہے کہ نہیں؟

شور ہے ہو گئے دنیا سے مسلماں نابود　　　ہم یہ کہتے ہیں کہ تھے بھی کہیں مسلم موجود؟
وضع میں تم ہو نصاریٰ تو تمدن میں ہنود　　　یہ مسلمان ہیں! جنہیں دیکھ کے شرمائیں یہود

یوں تو سید بھی ہو مرزا بھی ہو افغان بھی ہو
تم سبھی کچھ ہو بتاؤ تو مسلمان بھی ہو؟　　　اقبالؔ

# اقبال اور مسلم

آج مدت کے بعد پریشان طبیعت جو بے وفائی زمانہ اور تیرِ حوادث سے مدہوشی کی نیند سو چکی تھی بیدار ہوئی دل وارفتہ ذرا پہلو میں قرار کرنے لگا۔ پراگندہ خیالات میں کچھ ربط سا ہوا اور مایوسی و بے خودی سے آنکھوں نے کروٹ لی بچارے مسلمان کی صحیح حالت کا نقشہ نظر آنے لگا تقاضائے اخلاق وانسانیت سے خونِ جگر کے آنسو دردِ قوم کی ترجمانی کرنے لگے مگر ساحلِ مراد سے ہمکنار ہونے والے لوگوں کے نتیجہ عمل نے اس کو بزدلی اور ناامیدی سے تعبیر کیا ہے

خدائی لم یزل کا دستِ قدرت تو زباں تو ہے　　یقیں پیدا کر اے غافل کہ مغلوبِ گماں تو ہے

مسلم کی صحیح تاریخ اور تعریف پر نظر ڈالی تو معلوم ہوا کہ یہی اس کی شان ہے۔ اور اسی لئے خدا کے فرشتے کہتے ہیں۔ خدا فرشتوں سے فرماتا ہے

گرماؤ غلاموں کا لہو سوزِ یقیں سے　　کنجشکِ فرومایہ کو شاہیں سے لڑا دو

وائے قسمت کہ یہی آسمانی پیغام ایک ہندی مسلمان اعلان کرتا ہے۔ شاید مسلمان کا ظرف اس قابل نہیں کہ اس انعام کو قبول کر سکے ورنہ اقبال بے مثال تو کہتا ہے اور بار بار کہتا ہے

ہمسایۂ جبریلِ امیں بندۂ خاکی　　ہے اس کا نشیمن نہ بخارا نہ بدخشاں

اقبال ایک قدرتی نباض ہے جو قوم کے مرضیٰ کی امراض میں تشخیص کامل سے آتا دل لگی کی بات نہیں۔ جب بھی ہم گردن جھکا کر سوچتے ہیں تو یہ مسئلہ اظہر من الشمس ہو کر آنکھوں کے سامنے آتا ہے کہ امریکہ کے وہ انسان جن پر حیوانیت صادق اترتی تھی آج میزِ اقوامِ عالم کی صفِ اولیں میں جگہ لیتے ہیں۔ یورپ جس پر پسماندگی کی شہائی تاریکی چھا گئی تھیں وہاں آج ارتقا کے آفتاب فروزاں ہیں تو کیا یہ امکان سے بعید ہے کہ مسلمان جن کی شمع راہنما وہ خورشید ہے جو کہ ساری دنیا کے لئے منبع انوار ہے۔ اُبھر کر آسمانِ عروج پر ستارے بن کے چمکیں۔ ہاں ہاں ممکن ہے اغلب ہے بلکہ یقین ہے

عقابی روح جب بیدار ہوتی ہے جوانوں میں　　نظر آتی ہے ان کو اپنی منزل آسمانوں میں

خیر یہ کہانیاں دراز۔ دیکھنا یہ چاہئے کہ علامہ اقبال کی قابلِ تقلید صدا کی صحیح تفسیر کیا ہے

جس کا مجھے دعویٰ ہے کہ اس کے سمجھنے اور عمل کرنے پر ہم ایسی زندگی کے مالک بن سکتے ہیں۔ جو تیرہ سو سال پہلے ہمارے بزرگوں کے قبضہ میں تھی اور جس کے اختیار سے خاک کیمیا کا رنگ بدلتی ہے یعنی حبش سے بلال، روم سے صہیب اور عرب کے ویرانوں سے خالد شیر پیدا ہوئے۔ وہی دن وہی راتیں وہی صبح وہی شام وہی حق حق و ہو ہو کی صدائیں وہی حمد و تسبیح کی گروانیں۔ بایں ہمہ اسلامی دنیا نہ کوئی بلال اور نہ کوئی خالد پیدا کر سکی اور کس طرح پیدا ہوں خدا مغفرت کرے اقبال کو ؎

یہ ذکرِ نیم شبی یہ مراقبے یہ سرور — تیری خودی کے نگہباں نہیں تو کچھ بھی نہیں

پھر مجبور ہو کر یوں فرماتے ہیں ؎

متاعِ عقل و دیں با دیگراں بخش — غمِ عشق از بدست افتد نگہدار

چراغ تلے اندھیرا۔ بیچارہ مسلم اپنی حقیقت کو بھول گیا۔ اور اقوامِ غیر کی تہذیب و تمدن مستعار لینے لگا۔ مغربی گھٹاؤں سے بارش مانگی مگر کھیتی ویسی کی ویسی خشک رہی۔ یورپ کے میخانوں کی تلاش میں پھرا۔ لیکن جس ذوق و مستی کی تڑپ تھی وہ کہاں میسر ہوتی تھی اقبال کہتا ہے کہ ہر روگ کی تشخیص ہر حکیم سے نہیں ہوا کرتی اور مسلم کے معالج دنیا میں نہیں مل سکتے یہ اپنا معالج آپ ہے ؎

اپنی ملت پر قیاس اقوامِ مغرب سے نہ کر — خاص ہے ترکیب میں قومِ رسولِ ہاشمی

مسلم کی زندگی ایک فاتحِ عالم کی زندگی ہے۔ مسلم کا لائحہ عمل عمر فاروق کا نقشِ قدم یعنی خداوند ذوالجلال کا بتایا ہوا راستہ ہے۔ اور جس کے حصول کے لئے اقبال سربسجود ہو کر درگاہِ ایزدی میں یوں اپیل کرتا ہے۔

دلوں کو مرکزِ مہر و وفا کر — حریمِ کبریا سے آشنا کر
جسے نانِ جویں بخشی ہے تو نے — اُسے بازوئے حیدر بھی عطا کر

اقبال کے زاویہ نگاہ سے مسلم کی شان زمانہ کی تقلید کرنی نہیں ہے زمانہ کو اپنی تقلید پر مجبور کرنا ہے۔

حدیثِ بے خبراں ہے تو با زمانہ بساز — زمانہ با تو نسازد تو با زمانہ ستیز

مسلمان اسباب و حالات کا محتاج نہیں اگر زمین موافق نہیں تو آسمان سے مدد ملتی ہے بشرطیکہ پہلو میں دل ہو اور

؎ رگوں میں خون ہو اور خون کے اندر حرارت ہو۔ کیونکہ

یقیں محکم عمل پیہم محبت فاتح عالم — جہادِ زندگانی میں یہ ہیں مردوں کی شمشیریں

اقوامِ عالم کے پہلو بہ پہلو چلنا مسلم کی ہتک۔ فرشتوں سے ہم پرواز ہونا مسلم کی کمزوری۔

ے درو دشتِ جنونِ من جبریل زبوں صیدے — یزداں بکمند آور اے ہمتِ مردانہ

افسوس کہ اپنی علمی بے بضاعتی کے باعث ایک ایسی شیریں حکایت میں اختصار برتنا پڑا اور ہزار میں ایک بھی نہ کہہ سکا ے حکایت بود بے پایاں بخاموشی ادا کردم

میرا کیا منہ کہ اقبال کے سے حقیقت کے ترجمان۔ انسانیت کے معلم اور خودی اور خود آگاہی کے رموز سکھانیوالی عالمگیر ہستی کے ان قطراتِ اشک کا شمار کروں جو اس نے قوم میں نئی روح پھونکنے اور غلاموں کو درسِ خود داری کے لئے گرائے۔ ہاں اتنا کہے دیتا ہوں کہ مردہ روحوں کے لئے مسیحا ہے اور پژمردہ دلوں کے لئے آبحیات کی مشکیں لائے۔ اللہ کرے کہ ہم اس کے مخلص مقلد بنیں اور اس احسن و افضل جادہ پر چل سکیں جس سے اپنے دامن کو گلہائے مراد سے مزین کر سکیں۔

ے این دعا از من و از جملہ جہاں آمین باد

## اللہ داد خاں قیصر

بی۔ اے۔ فائنل

نہیں تیرا نشیمن قصرِ سلطانی کے گنبد پر — تو شاہیں ہے بسیرا کر پہاڑوں کی چٹانوں میں

(۲۴) حاصل کسی کامل سے یہ پوشیدہ ہنر کر — کہتے ہیں کہ شیشہ کو بنا سکتے ہیں خارا

دیں ہاتھ سے دیکر اگر آزاد ہو ملت — ہے ایسی تجارت میں مسلماں کا خسارا

اللہ کو پامردیٔ مومن پہ بھروسا — ابلیس کو یورپ کی مشینوں کا سہارا

(۲۵) مہر و مہ انجم نہیں محکوم ترے کیوں؟ — کیوں تری نگاہوں سے لرزتے نہیں افلاک؟

(۲۶) ہے اگر مجھ کو خطر کوئی تو اس امت سے ہے — جس کی خاکستر میں ہے اب تک شرارِ آرزو

(۲۷) ہیں ساز پہ موقوف نوا ہائے جگر سوز — ڈھیلے ہوں اگر تار تو بیکار ہے مضراب

(۲۸) گرم ہو جاتا ہے جب محکوم قوموں کا لہو — تھرتھراتا ہے جہانِ چارسو و رنگ و بو

وہ پرانے چاک جن کو عقل سی سکتی نہیں — عشق سیتا ہے انہیں بے سوزن و تارِ رفو

(۲۹) نشان یہی ہے زمانے میں زندہ قوموں کا — کہ صبح و شام بدلتی ہیں ان کی تقدیریں

شکوۂ عید کا منکر نہیں ہیں لیکن — قبولِ حق ہیں فقط مردِ حُر کی تکبیریں

(۳۰) خبر نہیں کیا ہے نام اس کا خدا فریبی کہ خود فریبی — عمل سے فارغ ہوا مسلماں بنا کے تقدیر کا بہانہ

# اقبال مرحوم!

اقبال جیسی ہستی کی شان میں جتنا بھی لکھا جائے کم ہے۔ تاہم محبت و اخلاص کا ایک پھول بھی اگر نچھاور کر دوں تو امید ہے کہ وہ بناوٹی پھولوں کے ہزار گلدستوں سے کہیں بڑھ کر ہوگا!

اختر ربانی

کیا سمجھ کر موت نے آغوش میں کھینچا تجھے؟
کیا سمجھ کر اس فلک کے دَور نے گھیرا تجھے؟

کیا نہیں معلوم تھا تیری ضرورت تھی ابھی؟
امتِ مرحوم کی تکمیل باقی تھی ابھی؟

تو ہی تھا باقی ہدی خواں کاروانِ دین کا
ملّت بیضا کا حامی اور محافظ دین کا

تیرے ہی دم سے تھی قائم محفلِ اہلِ صفا
تو ہی اک یاور تھا باقی ملّتِ اسلام کا

گردشِ گردونِ گرداں نے عجب چرکا دیا
ساقیٔ رنگیں ادا محفل سے اپنی چل بسا

کیف باقی ہے مگر اس کی خودی کے جام کا
اور کانوں میں صدا گونجیگی وہ بانگِ درا

اختر ربانی
سیکنڈ ایڈیٹر

# کلامِ اقبال

اقبال ایک فلسفی ۔ مذہبی اور مصور شاعر تھا۔ اس کا کلام مذہب اسلام کی گود میں پلا بڑھا۔ وہ ہر چیز کو مذہبی نقطۂ نظر سے دیکھتا اور پھر سختی سے اس پر کاربند ہوتا۔ اس کی روح آزاد تھی اور وہ ہر وقت آزادی کے خواب دیکھتا۔

وہ جس چیز کی بھی تصویر کھینچتا ۔ تو ایسا معلوم ہوتا تھا کہ اس کے لفظوں میں جان ہے اور ان الفاظ کی جیتی جاگتی تصویر ہماری آنکھوں کے سامنے ہے۔ مصوّر کا ہی سب سے بڑا کمال ہوتا ہے کہ اگر وہ کسی چیز کی تصویر کھینچے تو اس کے رگ و ریشے تک کو ظاہر کرے اور یہی بات ہم اقبال میں پاتے ہیں کہ وہ جس چیز کی بھی تصویر کھینچتا ہے تو بال کی جڑ تک نمایاں کرکے چھوڑتا ہے اور جو اس نے وادی یا پہاڑ کی تصویر کھینچی ہے تو پہاڑ پر اگی ہوئی گھاس کی پتیوں تک نمایاں ہیں۔ اس کی تصویریں صاف اور جاذب نظر ہیں کہ دیکھنے والوں کو اصل اور نقل میں دھوکہ ہوتا ہے۔

یہ بات ٹھیک ہے کہ ایک ہی قسم کی کئی تصویروں کو دیکھ کر طبیعت اکتا جاتی ہے۔ تو اس کے لئے بھی اقبال نے انتظام کر رکھا ہے۔ آپ فرماتے ہیں کہ قابل مصوّر کو چاہیے کہ پرانی طرز کو چھوڑ کر نئی طرز اختیار کرے اور ساتھ ہی اس میں جدّت پیدا کرے ؎

تراش از تیشۂ خود جادۂ خویش ‌ ‌ ‌ براہِ دیگراں رفتن عذاب است
گر از دستِ تو کارِ نادر آید ‌ ‌ ‌ گناہِ ہم اگر باشد ثواب است

"پیامِ مشرق"

اقبال نے اپنے مجموعہ کلام اردو "بانگِ درا" کی ایک نظم "ایک آرزو" میں اپنے لئے دعا مانگی ہے کہ اے خداوند جہاں مجھے وہ جگہ عطا فرما کہ جہاں سے شور و غل کا گذر نہ ہو۔ ندیاں ہوں۔ پہاڑ ہوں۔ سبزہ زار ہوں بلبلِ نغمہ خواں ہو اور ساتھ ہی ؎

صف باندھے دونوں جانب بوٹے ہرے ہرے ہوں ‌ ‌ ‌ ندی کا صاف پانی تصویر لے رہا ہو
پانی کو چھو رہی ہو جھک جھک کے گل کی ٹہنی ‌ ‌ ‌ جیسے حسین کوئی آئینہ دیکھتا ہو

پھولوں کو آئے جس دم شبنم وضو کرانے　　رونا مرا وضو ہو نالہ مری دعا ہو

ان اشعار میں قابلِ غور پودوں کی عکسی تصویر۔ گل کی ٹہنی کا جھکنا اور پھر اس کو ایک حسین سے تشبیہ دینا کتنا دلکش ہے۔

اقبال بلا کا ذہین اور دور اندیش شاعر تھا۔ وہ ایک ننھی سی جان جگنو کو جو رات کے وقت باغ میں اِدھر اُدھر اڑتا ہے۔ قابلِ غور سمجھتا اور اس کی اس قدر نفیس تصویر کھینچتا ہے کہ داد نہ دینا گناہِ عظیم ہے ؎

جگنو کی روشنی ہے کاشانۂ چمن میں　　یا شمع جل رہی ہے پھولوں کی انجمن میں
آیا ہے آسمان سے اڑ کر کوئی ستارہ　　یا جان پڑ گئی ہے مہتاب کی کرن میں
تکمہ کوئی گرا ہے ماہتاب کی قبا کا　　ذرہ ہے یا نمایاں سورج کے پیرہن میں

ایک جگنو کو پھولوں کی انجمن کی شمع۔ ایک ستارہ۔ ماہتاب کی کرن۔ ماہتاب کی قبا کا تکمہ وغیرہ تشبیہات دینا۔ بچوں کا کھیل نہیں۔

اور دیکھئے جب کاروانِ حجاز کا نقشہ کھینچا جاتا ہے تو ایسا معلوم ہوتا کہ ہم بھی شاعر کی دوربین نگاہوں کے ساتھ محوِ تماشا ہیں۔ ارشاد ہوتا ہے۔

آ گیا عین لڑائی میں اگر وقتِ نماز　　ایک ہی صف میں کھڑے ہو گئے محمود و ایاز
نہ کوئی بندہ رہا نہ کوئی بندہ نواز　　قبلہ رو ہو کے زمیں بوس ہوئی قومِ حجاز

بندہ و صاحب و محتاج غنی ایک ہوئے
تری سرکار میں پہنچے تو سبھی ایک ہوئے

"اسرارِ خودی" میں ایک پھول پر پڑی ہوئی شبنم کو کس خوبی سے "اشکِ چشمِ بلبل" سے تشبیہ دی جاتی ہے ؎

قطرۂ شبنم سرِ شاخ گلے　　تافتہ مثلِ اشکِ چشمِ بلبلے

"بانگِ درا" میں "ابر" کے عنوان کی نظم میں ارشاد ہوتا ہے ؎

گرج کا شور نہیں ہے خموش یہ گھٹا　　عجیب میکدہ بے خروش ہے یہ گھٹا

"میکدہ بے خروش" کو کس خوش اسلوبی سے نبھایا ہے۔

ایک اور جگہ تصویر کھینچی ہے ؎

وہ نظر آتا ہے تہذیبِ حجازی کا مزار　　رو دے اے دل کھول کر اے دیدۂ خونابہ بار

اسی سلسلہ میں ماہِ نو کے متعلق فرماتے ہیں ؎

ٹوٹ کر خورشید کی کشتی ہوئی غرقابِ نیل
ایک ٹکڑا تیرتا پھرتا ہے روئے آبِ نیل

خورشید کا ٹوٹنا اور اس کے ایک ٹکڑے کو آسمان کے دریائے نیل میں ماہِ نو سے تشبیہ دینا۔ سبحان اللہ۔

آخیر میں یہ کہہ دینا بے جا نہ ہوگا کہ اقبال کے کلام میں موسیقی کو بڑا دخل ہے۔ اس کی کئی نظمیں ایسی ہیں کہ جن کو پڑھ کر ناچنے کو جی چاہتا ہے۔ مثلاً

زمانہ آیا ہے بے حجابی کا عام دیدارِ یار ہوگا
سکوت تھا پردہ دار جس کا وہ راز اب آشکار ہوگا

اقبال کے کلام میں۔ سوز و گداز۔ ولولہ انگیز۔ تمنائیں۔ تصوف سبھی کچھ تھا جو ایک قابل اور آزاد سرشاعر کی شخصیت میں پایا جاتا ہے۔

## اختر ربّانی
### سیکنڈ ایئر

آں عزمِ بلند آور آں سوزِ جگر آور
شمشیرِ پدر خواہی بازوئے پدر آور

مبتلائے درد کوئی عضو ہو روتی ہے آنکھ
کس قدر ہمدرد سارے جسم کی ہوتی ہے آنکھ

مجھے رازِ دو عالم دل کا آئینہ دکھاتا ہے
وہی کہتا ہوں جو کچھ سامنے آنکھوں کے آتا ہے

وطن کی فکر کر ناداں! مصیبت آنے والی ہے
تیری بربادیوں کے مشورے ہیں آسمانوں میں

نہ سمجھو گے تو مٹ جاؤ گے اے ہندوستاں والو
تمہاری داستاں تک بھی نہ ہوگی داستانوں میں

یہی آئینِ قدرت ہے یہی اسلوبِ فطرت ہے
جو ہے راہِ عمل میں گامزن محبوبِ فطرت ہے

زمیں کیا آسماں بھی تیری کج بینی پہ روتا ہے
غضب ہے سطرِ قرآں کو چلیپا کر دیا تو نے

ہوا کرتے نہیں مجروحِ الفت فکرِ درماں میں
یہ زخمی آپ کر لیتے ہیں پیدا اپنی مرہم کو

اُجاڑا ہے تمیزِ ملت و آئیں نے قوموں کو
مرے اہلِ وطن کے دل میں کچھ فکرِ وطن بھی ہے؟

دیکھنے والے یہاں بھی دیکھ لیتے ہیں تجھے
پھر یہ وعدہ حشر کا صبر آزما کیونکر ہوا

پرسشِ اعمال سے مقصد تھا رسوائی مری
ورنہ ظاہر تھا سبھی کچھ کیا ہوا کیونکر ہوا

تو بچا بچا کے نہ رکھ اسے ترا آئینہ ہے وہ آئینہ
کہ شکستہ ہو تو عزیز تر ہے نگاہِ آئینہ ساز میں

# اقبالؒ

حضرتِ اقبال آں بالغ نظر — از ضرورت ہائے ملت باخبر
حضرتِ اقبال روحِ آرزوست — زندگی اش محکم از لاتقنطوست

حضرتِ اقبال آں فرہاد زاد — از درِ پرویز عالم با مراد
فکر آں صاحب نظر گردوں سیر — پرورش دانائے یونانی فقیر
واقفِ سرِ جہاں ہست و بود — پیرِ رومی گفت او را زندہ رود
صاحبِ بانگِ درا، ضربِ کلیم — غنچۂ امید و بیا را شمیم
او پیام مشرق با افرنگ داد — ہست بالِ جبریل آں پاک زاد
در کلامش دیدہ ام آبِ حیات — نوش کن ایں را اگر خواہی ثبات
در جہانِ شاعری پیغمبر است — در ضمیر او حقیقت مضمر است
واقفِ پیغامہائے مصطفےٰ است — کشتیٔ اسلامیاں را ناخدا است
کرد آں روشن ضمیر آں نختیار — خاوراں را بار دیگر ہوشیار
آشکارا کرد اسرارِ خودی — خویشتن بینی را گوید زندگی
سرِ مازاغ البصر را فاش کرد — روح آواز در و قوم آمد بسد
عشق را از فعل لا آگاہ کرد — آشنائے رمزِ الا اللہ کرد
اے فدائے مصطفےٰ اے شاہ من — ایں زجاج کفر را بر سنگ زن
شادماں کن حضرت اقبال را — رہبرِ اسلامیانِ حال را

محمد نواز شہید
بی۔ اے

*

# "نئی تہذیب" ——— علامہ اقبال کی نظروں میں

انسانی زندگی کا کوئی ایسا شعبہ نہیں ہے کہ جس پر علامہ مرحوم نے سیر حاصل بحث نہ کی ہو۔ وطنیت، قومیت، مذہب، تعلیم اور تہذیب غرض ہر ایک مضمون کو بہترین اور خوبصورت پیرائے میں ادا کیا ہے جس قابلیت اور لطف سے مضامین کے موتیوں کو ٹانکا ہے بس کچھ انہی کا حصہ ہے۔ اپنے موضوع کے ہر پہلو پر اس قدر روشنی ڈالتے ہیں کہ کوئی شے قابلِ ذکر باقی نہیں رہ جاتی۔ اقلیم سخن کے بادشاہ علی الاطلاق ہیں۔ جو چیز ان کے قلم سے نکل جاتی ہے۔ اس پر دم مارنے کی کسی کو ہمت نہیں پڑتی۔ سوسائٹی کی کمزوریوں کو ایسے حسین اور جمیل لہجے میں ادا کرتے ہیں کہ ان کمزوریوں کے حامل نادم ہو کر دامن میں منہ چھپا لیتے ہیں۔ اقبال کا مذہب شیخ اور برہمن، دیرا اور حرم سے بالکل جدا ہے۔ وہ بلا امتیاز مذہب و ملت خدا کی ہر ایک مخلوق سے محبت کرتے ہیں۔ کسی کا دل دکھانا ان کے نزدیک عظیم ترین گناہ ہے۔ اگر قوم کی کسی لغزش پر انہیں قلم اٹھانے کی ضرورت پڑتی ہے تو قوم کو ایسے طریقے سے متنبہ کرتے ہیں کہ افراد قوم حد سے زیادہ متاثر ہوتے ہیں۔ تہذیب و اخلاق کے مقابلہ میں علامہ مرحوم کا رویہ بالکل علیحدہ ہے۔ وہ پرانے زمانے کے سیدھے سادے طریقوں اور بھولی بھالی رسموں پر دل و جان سے فدا ہیں۔ وہ ایام گزشتہ کے بیحد شیدائی ہیں فرماتے ہیں ؎

ہاں دکھا دے اے تصور پھر وہ صبح و شام تو　　　دوڑ پیچھے کی طرف اے گردشِ ایام تو

زمانہ نو کی نیرنگ بازیاں اور عشوہ طرازیاں آپ کو ایک آنکھ نہیں بھاتیں۔ وہ اس زمانے کے چوچلے اور نزاکتیں قطعاً پسند نہیں کرتے۔ آج کل کی نئی روشنی میں ان کو ایک زبردست تاریکی دکھائی دیتی ہے۔ اس تہذیب میں آپ کو ہزاروں اخلاق اور ادب سوز چیزیں نظر آتی ہیں۔ ارشاد ہوتا ہے ؎

اٹھا کر پھینک دو باہر گلی میں　　　نئی تہذیب کے گندے ہیں انڈے

الیکشن، ممبری، کونسل، صدارت　　　بنائے خوب آزادی نے پھندے

یورپ کے طور و اطوار، طرزِ بود و باش سرزمینِ مشرق کو قطعاً موافق نہیں۔ علامہ اقبال نے یورپ کی بذاتِ خود سیر کی ہے ان کی راہ و رسم اور عریانی کا اچھی طرح سے مطالعہ کیا ہے آخر اس نتیجے پر پہنچے کہ یہ سب باتیں تہذیب سوز ہیں۔ مغربی طریقہ تعلیم ان کی نظروں میں کچھ وقعت نہیں رکھتا۔ ان کا عندیہ تعلیم کے متعلق یہ ہے۔ کہ تعلیم ایسی حاصل کرنی چاہئے جو اپنے بزرگوں کے اقوال پر کاربند ہونے کا سبق دے۔ جو اسلاف کے جلیل القدر کاموں پر کاربند ہونے کی ترغیب دے۔ جو آزادی اور ترقی کا سچا رستہ دکھائے۔ وہ تعلیم جو فقط کتابوں ہی تک محدود ہے بالکل بے سُود ہے۔ آپ فرماتے ہیں ؎

من آں علم و ہنر را با پرِ کاہے نمے گیرم    کہ از تیغ و سپر بیگانہ سازد مردِ غازی را

مستشرقین کالج کی نقل کرتے ہیں۔ مگر مغرب والوں کے جذبۂ آزادی اور ایثار کی نقل سے پرہیز کرتے ہیں۔ طلبا۔ کی ضد ہے کہ اس کھلی ہوا میں۔ اس روشنی کی خیرہ کن چمک میں کسی چیز کا پوشیدہ رہنا پرلے درجے کی دقیانوسی ہے۔ پردہ کے خلاف علم جہاد بلند کرتے ہیں۔ خدا جانے اس بات میں ان کی کون سی مصلحت پوشیدہ ہے۔ مرد اور عورت کے امتیاز کو مٹا دینا غالباً ان کا نصب العین ہے۔ علامہ مرحوم ارشاد کرتے ہیں ؎

شیخ صاحب بھی تو پردے کے کوئی حامی نہیں    مفت میں کالج کے لڑکے اُن سے بدظن ہو گئے
وعظ میں فرما دیا کل آپ نے صاف صاف    پردہ آخر کس سے ہو جب مرد ہی زن ہو گئے

مغربی تعلیم منزلِ مقصود تک نہیں پہنچا سکتی۔ اس کی پہلی بسم اللہ ہی غلط ہے۔ جوں جوں بدن میں اثر پذیر ہوتی ہے۔ اعضا ڈھیلے پڑ جاتے ہیں۔ کاہلی ہمارا پیچھا کرتی ہے ہم ادب و شعور سے مرحوم ہو جاتے ہیں۔ آرام طلبی ہمارا شیوہ ہو جاتا ہے۔ علم و ہنر ہم میں مفقود اور کسب و کمال ہم میں نابود۔ ہم ترقی کے زینے سے لڑھک کر قعرِ ذلت میں جا گرتے ہیں۔ دوسروں کے دستِ نگر ہو جاتے ہیں۔ علامہ مرحوم اس پر روشنی ڈالتے ہیں ؎

تعلیم مغربی ہے بہت جرأت آفریں    پہلا سبق ہے بیٹھ کے کالج میں مار ڈینگ
بستے ہیں ہند میں جو خریدار ہی فقط    آغا بھی لے کے آتے ہیں اپنے وطن سے ہینگ

نئی روشنی اور نئی تہذیب کے چکر میں آ کر ہم اپنی خداداد قابلیتوں سے کام نہیں لیتے ہم اپنی خودداریوں کو سینے میں دفن کر دیتے ہیں۔ ہزاروں کمال ہمارے جسموں میں بیتاب ہیں

مگر ہم محوِ خواب ہیں۔ بادۂ غفلت کے وہ جام چڑھائے ہوئے ہیں کہ جن نے ہوش و حواس گنوا دئے ہیں انجام خدا جانے۔

انتہا بھی اس کی ہے آخر خریدیں کب تلک	چھتریاں، رومال، مفلر، پیرہن جاپان سے
اپنی غفلت کی یہی حالت اگر قائم رہی	آئینگے غسال کابل سے، کفن جاپان سے (اقبالؒ)

نئی روشنی کے طوفان نے پیر و جوان، زاہد و رند، شیخ اور صوفی سب کو یکساں لپیٹ لیا ہے۔ اس کی مہربانیوں سے ذاتی اغراض نے اس قدر پاؤں پسارے ہیں۔ کہ پرہیزگار سے پرہیزگار بھی اس رَو میں بہ نکلا ہے۔ اس روشنی کی امنگوں نے دلوں سے محبتِ دین اور جذبۂ ملت نقش کالعدم کر کے رکھ دیا ہے دین کے عوض دنیا کو خریدنا بہت میٹھا سمجھ رکھا ہے۔ خدا اور خدا کے پیاروں کی باتیں ان کے لئے وجہ تسلی نہیں۔ بزرگوں کے قول کے قائل نہیں اور شرع پر مائل نہیں علامہ فرماتے ہیں ؎

ہاتھوں سے اپنے دامنِ دنیا نکل گیا	رخصت ہوا دلوں سے خیالِ معاد بھی
قانونِ وقف کیلئے لڑتے تھے شیخ بھی	پوچھو تو وقف کیلئے ہے جائداد بھی

ڈاکٹر اقبال کو اپنے وطن کا ذرہ ذرہ پیارا ہے۔ وہ فرماتے ہیں کہ وطن کی معمولی چیز نئی روشنی کے خوشنما سے خوشنما چیز سے کہیں بہتر ہے۔ زمانۂ گذشتہ کے بھولے بھالے نظارے انہیں بیتاب رکھتے ہیں۔ وہ مٹی کے دئے کو الیکٹرک کی خیرہ کن روشنی پر ترجیح دیتے ہیں۔ وہ گھوڑے اور اونٹ کی سواری کو ہوائی جہاز اور شیورلیٹ سے کہیں زیادہ اچھا سمجھتے ہیں۔ وہ نئے زمانے کی عریانوں کو تحقیر آمیز نگاہ سے دیکھتے ہیں وہ نئی دنیا کی نئی جدتوں سے متنفر ہیں۔ ان کا قول ہے کہ جو قوم دوسروں کے طریقے اور شیوے اختیار کرتی ہے۔ جو غیروں کا دم بھرتی ہے۔ جو اپنی کٹیا پر قانع نہیں اور غیروں کے محلوں کو دیکھ کر اپنی جھونپڑی کو آگ میں جھونکتی ہے اس سے آزادی نفرت کرتی ہے۔ اس سے آدمیت دُور بھاگتی ہے۔ وہ قوم اپنے مقاصد میں کبھی کامیاب نہیں ہوسکتی۔ ترقی کرتی ہے تو وہ قوم جو اپنے استقلال میں ثابت قدم اور جس کے افراد اپنے وطن کی چیزوں سے مایوس نہیں۔ علامہ مرحوم ارشاد فرماتے ہیں ؎

ہم مشرق کے مکینوں کا دل مغرب میں جا اٹکا ہے	واں کنٹر سب بلوری ہیں یاں ایک پرانا مٹکا ہے
اس دور میں سب مٹ جائینگے ہاں باقی وہ رہ جائیگا	جو قائم اپنی رہ پہ ہے اور پکا اپنی ہٹ کا ہے

محمد عبدالحمید تاتاری فورتھ ایر کلاس

# اقبالؒ

اے کہ تیرا وجود ہے باعثِ فخرِ ادبیات | اے کہ ترا دماغ ہے مایۂ صد تخیلات
اے کہ تیرے سخن میں ہے رنگِ کلام سامری | اے کہ ترے نفس سے ہے جاگی خدا کی کائنات
اے کہ تری نگاہ میں مصر و حجاز و جینوا | شام ہے بیلہ ہے قرطبہ روم و فرنگ و سومنات
اے کہ تری خودی ہی ہے رازِ حیاتِ جاوداں | اے کہ تری شہنشہی رشکِ ملوکِ شش جہات
اے کہ ترا فلسفہ درس و پیام و غور و فکر | اے کہ یہ درد و سوز و غم مظہرِ رازِ قومیات
اے کہ "رموزِ بیخودی" تیرے قلم سے آشکار | اے کہ طریقِ شیخ و رند تیرے ہیں سرِّ نظریات
اے کہ ترا مقام ہے چاند ستاروں سے پرے | اے کہ ترا قیام ہے جائے دل و تصورات
اے کہ غلامِ ہند کی تو نے نگاہ پھیر دی | بندۂ حر کے سامنے رکھ دئے سب مشاہدات

اے کہ تیرے لئے اگر کارِ جہاں دراز تھا
ہم سے کیوں جلد موڑ لی تو نے نگاہ التفات؟

عطا محمد دلشاد کلانچوی
بی۔ اے (اولڈ بوائے)

# "شاہین" اقبال کی نظر میں

[بقول حضرت سلیمان ندوی" اقبال کی شاعری شاعروں کی حدود سے نکل کر خالص حکمت کے سدرۃ المنتہیٰ تک پہنچ چکی ہے۔ اور اِنّ مِنَ الشعر الحکمۃ کی خلعتِ نبوت سے سرفراز ہو چکی ہے اب ان کی شاعری میں جذبات کا سراب نہیں۔ بلکہ عقل و حکمت کا سرچشمہ ہے اب وہ لطف و لذت نہیں بلکہ بصیرت اور موعظت ہے۔ وہ مسلمانوں کو اب ان کے بزرگوں کا تاریخی پیغام سنانے کے لئے نہیں بلکہ ان کو قوموں کے عروج و زوال کا فلسفہ سمجھانے کے لئے ہے۔ وہ اب میدان جنگ کا رجز خواں یا مسافران راہ کے لئے بانگ درا نہیں بلکہ غور و فکر کے غارِ حرا سے ناقوس اکبر کی آواز اور جبریل امین کا پیام ہے"] غرضیکہ وہ بین الاقوامی شہرت و عظمت والا۔ بیک وقت زبردست شاعر۔ متبحر عالم۔ بلند فلسفی۔ اعلیٰ سیاستدان اور خود غرض وطنیت سے پاک ایک پکا مذہبی انسان ہے۔ جہاں اسلامی تاریخ و فلسفہ اور فقہ اور تصوف کا ایک جیّد عالم ہے۔ وہاں قدیم و جدید یورپین علوم کا ماہر اور نبض شناس بھی ہے اس کے نزدیک حرکت زندگی کا مقصد اولیٰ ہے وہ ان بے عمل پیروں کو جو شب و روز اپنے حجروں میں بند تسبیح کے دانے گنا کرتے ہیں یا اپنے مریدوں سے پیسوں اور سجدوں کا خراج حاصل کرتے ہیں سوداگرانِ دین فروش سے کچھ کم نہیں سمجھتا ہے۔ اس کا مذہب ع "عمل سے زندگی بنتی ہے جنت بھی جہنم بھی" ہے۔

شاہین حضرت اقبال کی دور رس نظروں میں محض شکاری پرندہ نہیں بلکہ اپنی سادگی خودداری ہمت۔ شجاعت۔ استقلال اور آزادی کی روح کا مالک۔ جوانی رہنما ہے۔ حضرت اقبال شاہین کی کتاب حیات سے اپنی مردہ۔ مست۔ وہمی۔ بزدل۔ مادہ پرست۔ نااندیش۔ ملول و حزین۔ بے عمل اور پستی سے نفرت۔ موجودہ زمانہ کی روش۔ امید و مسرت کے جذبات۔ مصائب اور ناکامیوں کا مقابلہ کرنا۔ عملی دنیا کا پروگرام اور سادگی و عظمت کا درس سکھانا چاہتے ہیں۔

ہستی انسان کو شاہین کی تشبیہ سے یوں بیان فرماتے ہیں:۔

تیرا جوہر ہے نوری پاک ہے تو — فروغِ دیدۂ افلاک ہے تو
ترے صید زبوں افرشتہ و حور — کہ شاہینِ سرِ لولاک ہے تو

شاہین کی عظمت و بزرگی اور اس کی سر بلندی کے یہی وجوہ ہیں فرماتے ہیں ؎

پرواز ہے دونوں کی اسی ایک فضا میں کرگس کا جہاں اور ہے شاہیں کا جہاں اور

یعنی شاہین کی قسمت شاہین کے ساتھ ہے ؎

بھرا فضاؤں میں کرگس اگرچہ شاہیں وار شکار زندہ کی لذت سے بے نصیب رہا

حرکت کو حضرت علامہ زندگی کی روح سمجھتے ہیں۔ اور حرکت کی برکتیں شاہین کی ایک کہانی میں یوں گنواتے ہیں :۔ ؎

بچہ شاہیں سے کہتا تھا عقاب سال خورد اے ترے شہپر پہ آساں رفعت چرخ بریں
ہے شباب اپنے لہو کی آگ میں جلنے کا نام سخت کوشی سے ہے تلخ زندگانی انگبیں
جو کبوتر پر جھپٹنے میں مزا ہے اے پسر وہ مزا شاید کبوتر کے لہو میں بھی نہیں

حضرت اقبال اپنی قوم کے فرد کو عملی زندگی کا سبق دیتے ہوئے اسے جد و جہد اور عزم بلند کی تحریص کرتے ہیں ؎

برہنہ سر ہے تو عزم بلند پیدا کر یہاں فقط سر شاہیں کے واسطے ہے کلاہ

اور یوں ہمت بندھاتے ہیں ؎

شاہیں کبھی پرواز سے تھک کر نہیں گرتا پُر دم ہے اگر تو تو نہیں خطرۂ افتاد

بلکہ شاہین کو کسی اور فضا میں لے جانا چاہتے ہیں۔ اس کا عزم بلند اور ہمت پرواز کے لئے ابھی اور آسمان ہیں۔ فرماتے ہیں ؎

تو شاہیں ہے پرواز ہے کام تیرا ترے سامنے آسماں اور بھی ہیں

قومی پستی اور بے عملی کو دور کرنے کے لئے انہوں نے ایک معیار حیات قائم کیا ہے اور نام کے مسلمانوں پر ان کی تنقید بجا ہے۔ اور اپنی اصل ڈھونڈھنے کی تلقین یوں فرماتے ہیں :۔ ؎

تیرا اندیشہ افلاکی نہیں ہے تری پرواز لولاکی نہیں ہے
یہ مانا اصل شاہینی ہے تری تری آنکھوں میں بیباکی نہیں ہے

بلکہ غیرت دلاتے ہیں اور رشک پیدا کرنے کے لئے فرماتے ہیں ؎

افسوس صد افسوس کہ شاہیں نہ بنا تو دیکھے نہ تری آنکھ نے فطرت کے اشارات

زندگی کی تگ و دو اور ارتقائی منازل طے کرنے میں ہزاروں مشکلات کے علاوہ

حاسدوں کا حسد۔ دشمنوں کی چہ میگوئیاں اور اغیاروں کی غیبتیں بھی مانع عمل ہو جاتی ہیں۔ لیکن عزم بلند۔ اندیشہ افلاکی بے خطر دل، اور آنکھوں میں حیا کی والا شاہین ان باتوں سے بے پرواہ ہو کر کمزوری عمل کا شائبہ تک ظاہر نہیں کرتا۔ بلکہ شاہین کی مزید دلجوئی یوں فرماتے ہیں ؎

زاغ کہتا ہے نہایت بدنما ہیں تیرے پر
شپرک کہتی ہے تجھ کو کور چشم و بے ہنر
لیک شہباز! امرغان صحرا کے اچھوت
ہیں فضائے نیلگوں کے پیچ و خم سے بے خبر
ان کو کیا معلوم اس طائر کے احوال و مقام
روح ہے جس کی دم پرواز سرتاپا نظر

تہذیب فرنگ جس کی بنیاد بے روح عقلیت پر رکھی گئی ہے۔ اور جس کی ہلاکت و تباہی کے دن قریب آ گئے ہیں۔ آج ایشیائی ممالک کا فخر تقلید حاصل کئے ہوئے ہے یہ کیوں؟ اس لئے کہ ہمارے افراد کھرے کھوٹے کی پہچان سے عاری ہیں۔ وہ فرنگی تہذیب کے دلدادہ ہو گئے ہیں۔ اور اپنی اولاد کے لئے بھی دنیوی اور روحانی ترقی کی راہیں مسدود کر رہے ہیں۔ کیونکہ ؎

وہ فریب خوردہ شاہیں کہ پلا ہے کرگسوں میں
اسے کیا خبر کہ کیا ہے رہ و رسم شہبازی

کورانہ تقلید اور بُری سوسائیٹیوں کا اثر لازمی اور فطری ہے کیونکہ ؎

شاہیں کی ادا ہوتی ہے بلبل میں نمودار
کس درجہ بدل جاتے ہیں مرغان سحر خیز
اور ہوئی نہ زاغ میں پیدا بلند پروازی
خراب کر گئی شاہیں بچے کو صحبت زاغ

علاوہ ازیں ان روشن دماغ مسلمان زادوں نے مکتب میں جذبہ دین کھویا۔ اور کم نظر شیخ نے ان کے مقام سے انہیں آشنا نہ کیا۔ بلکہ انہیں خودی سے بیگانہ کیا۔ جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ وہ مرغان سرا کی طرح خاک میں دانہ تلاش کرنے لگے۔ اور فضائے نیلگوں کی وسعتوں سے ناآشنا رہے۔ یہ سب کچھ خداوندان مکتب کی کم نظری و کم سوادی کا رونا ہے چنانچہ فرماتے ہیں ؎

شکایت ہے مجھے یا رب خداوندان مکتب سے
سبق شاہین بچوں کو دے رہے ہیں خاکبازی کا

حضرت اقبال کا کام بھی یہی تھا۔ کہ وہ اپنی قوم کے نونہالوں کو اس قعر مذلت سے نکالنے اور غلامی کی آہنی کڑیوں سے آزاد کرانے میں رہنمائی فرمائیں۔ چنانچہ انہوں نے صرف اپنے جاوید کو نہیں بلکہ اپنی قوم کے نونہالوں کو ان کے مقام سے آشنا کیا ہے۔ اور کورانہ تقلید کے ماحول کو تبدیل کرنے کے لئے فرماتے ہیں ؎

اے جان پدر نہیں ہے ممکن
شاہیں سے تدرو کی غلامی

پھر اپنے معمول کی آہ سحرگاہی سے ان نوجوانوں کی ترقی کی دعا کرتے ہیں ؎

جوانوں کو مری آہ سحر دے
پھر ان شاہیں بچوں کو بال و پر دے

اور دعا کی مقبولیت "فرمانِ خدا فرشتوں کے نام" سے یوں ظاہر کرتے ہیں ؎

گرماؤ غلاموں کا لہو سوزِ یقین سے
کنجشک فرومایہ کو شاہیں سے لڑا دو

سادگی و پرکاری حضرتِ اقبال کا مطمح نظر ہے۔ وہ سادگی کو زندگی کا ایک جزوِ عظیم اور ارتقا، تمدن کا زینہ سمجھتے ہیں۔ وہ دنیوی مال و جاہ کو ٹھکراتے ہیں۔ وہ خواجگی اور بندگی کی تفریق کے مخالف ہیں۔ مگر سادگی خودداری اور آزادی چاہتے ہیں آپ نے شاہیں کی سادگی اور خودداری کی مثال یوں تحریر فرمائی ہے۔

گذر اوقات کر لیتا ہے یہ کوہ و بیاباں میں
کہ شاہیں کے لئے ذلت ہے کارِ آشیاں بندی

بلکہ اپنی بے باک۔ آزاد۔ عزم بلند نژاد کو خواجگی سے پرے رہ کر سربلندی اور خودداری کی تعلیم دیتے ہیں۔ چنانچہ فرماتے ہیں ؎

نہیں تیرا نشیمن قصرِ سلطانی کے گنبد پر
تو شاہیں ہے بسیرا کر پہاڑوں کی چٹانوں میں

اور مزید خودداری اور بے نیازی کا سبق چیونٹی اور عقاب کی گفتگو اور ان کے حال و قال کے بیان میں یوں دیتے ہیں۔ چیونٹی

میں پائمال و خوار و پریشان و دردمند
ترا مقام کیوں ہے ستاروں سے بھی بلند

عقاب اپنی عقابیت یوں جتاتا ہے ؎

تو رزق اپنا ڈھونڈتی ہے خاکِ راہ میں
میں نہ سپہر کو نہیں لاتا نگاہ میں!!

اب بھی اگر مغرب زدہ۔ خام خیال اور غلام قوم آزادی کا سانس لینا چاہتی ہے۔ تو کوئی مشکل نہیں۔ کیونکہ ؎

چیتے کا جگر چاہیئے شاہیں کا تجسس
اور پھر جی سکتے ہیں بے روشنیٔ دانش و فرہنگ

شاہین کی مکمل زندگی کا نقشہ بھی درس و پیام کا ایک اعلیٰ نمونہ ہے۔ حضرت اقبال خودی جیسی کیفیت کا لفظی خاکہ اس کے منہ سے یوں کھینچتے ہیں ؎

کیا میں نے اس خاکداں سے کنارہ
جہاں رزق کا نام ہے آب و دانہ

اور خلوت اور رہبانیت کی چاشنی یوں دیتے ہیں:-

خیاباں کی خلوت خوش آتی ہے مجھ کو
ازل سے ہے فطرت مری راہبانہ

نہ بادِ بہاری نہ گلشن نہ بلبل
نہ بیماریٔ نغمۂ عاشقانہ

کیونکہ ؎ خیابانیوں سے ہرچند پرہیز لازم ادائیں ہیں ان کی بہت دلبرانہ

زہد و تقویٰ - فقر و توکل - خودداری اور مسلک حیات کو شاہین کی زندگی میں یوں

منظوم فرماتے ہیں ؎

حمام و کبوتر کا بھوکا نہیں ہوں کہ ہے زندگی باز کی زاہدانہ
جھپٹنا - پلٹنا - پلٹ کر جھپٹنا لہو گرم رکھنے کا ہے اک بہانہ
یہ پورب یہ پچھم چکوروں کی دنیا میرا نیلگوں آسماں بیکرانہ
پرندوں کی دنیا کا درویش ہوں میں کہ شاہیں بناتا نہیں آشیانہ

الغرض شاہین اقبال کی نظروں میں ایک جوانی پرندہ سے بڑھ کر بلند ہمتی اور سرفرازی کا اکیلا مالک ہے - وہ صرف کنجشک - تذرو - چکور - حمام - کبوتر - کرگس اور بلبل سے بڑھ کر اعلیٰ حیات اور بلند اقبال پرندہ نہیں - بلکہ پست ہمت - کورانہ مقلد اور بے حرکت ہستی انسان کو پستی کی گہرائیوں سے اٹھ کر بلندی کی آخری منزل تک پہنچنے کی مثال پیش کرتا ہے - حضرت اقبال بھی اپنی مردہ اور خفتہ قوم کو شاہین کا سبق پڑھا رہے ہیں - علامہ موصوف مشت خاک میں نور کی چنگاریوں کو ڈھونڈتے ہیں - زندگی کا سوز و ساز اور جذبۂ ارتقاء کا نشو و نما ایک مسلسل جد و جہد اور دوامی تگ و دو میں دیکھتے ہیں ، وہ اپنے میٹھے میٹھے گیتوں سے سوتوں کو جگاتے جاگتوں کو درس حیات پڑھاتے - عالموں کو عمل کی تلقین کرتے اور مدبروں کو باریک نکات بتاتے ہیں ؂

عطا محمد دلشاد کلاچوی
(بی - اے راولڈ بولائے)

عزیز تر ہے متاع حیات سے اس کو
[illegible] دیا ہے ذوق سلیم
زمانہ ایک حیات ایک کائنات بھی ایک
دلیل کم نظری قصۂ جدید و قدیم

# اقبال کا فلسفۂ حیات

اقبال کون ہے ۔ یہ بتانے کی چنداں ضرورت نہیں ۔ دُنیا کا ہر ایک حصّہ اُس کے نام سے آشنا ہے ۔ وہ ایک بین الاقوامی شہرت کا مالک اور عزّت و اقبال کا تاج ہے ۔ وہ کیوں مشہور ہے اس لئے کہ وہ دورِ جدید کے شعرا کی اوّل صف کا ایک ممتاز رہنما ہے اور بہترین شاعر ہے ۔ اس کی شاعری کے متعلق لوگ کیا کیا نہ کہیں گے مگر سچ پوچھو تو اقبال کے سرود مستانہ کی تار سب سے زیادہ دلکش اور مؤثر ہے ۔ اس کی شاعری میں تغزّل بھی ہے اور ترنم بھی ۔ اس میں شوکتِ الفاظ بھی ہے اور حسنِ بندش بھی ۔ خیالات کی بلندی اور گہرائی اس کے دامن سے وابستہ ہے ۔ اس میں داغ کی زبان ۔ غالب کا فلسفہ اور حالی اور شبلی کی قومیت ہے ۔ اور اس کے علاوہ اس میں وہ چیز ہے جس کا عنصر دوسروں کے ہاں کم ہے ۔ اس کی شاعری کے اندر پیامِ عمل ہے ۔ جو فلسفۂ حرکت و حیات ہے ۔ اس کا وجود ملّت کے لئے سرتاپا عمل ہے اور جو صحیح شاعری کا مقصد ہے ۔ ورنہ دوسری شاعری جو محض قوالی کی محفلوں کی زینت اور کتب خانوں کی آرائش ہو کر رہ جاتی ہے بے فائدہ اور تضیع اوقات کا موجب ہے ۔

اقبال کی شاعری یاس اور ناامیدی سے پاک ہے ۔ وہ نہ تو خود ناامید ہوتا ہے ۔ نہ دوسروں کو ناامید ہونے دیتا ہے ۔ وہ حزن اور یاس والے انسانوں کو پائے حقارت سے ٹھکرا دیتا ہے ۔ وہ سخت سے سخت مصیبت میں بھی دامن استقلال کو آہنی پنجے کی گرفت سے پکڑتا ہے ؎

کب ڈرا سکتا ہے غم کا عارضی منظر مجھے ہے بھروسہ اپنی ملّت کے مقدر پر مجھے
یاس کے عنصر سے ہے آزاد میرا روزگار فتحِ کامل کی خبر دیتا ہے جوشِ کارزار

وہ اُمید ۔ ۔ ۔ ۔ اُمید ۔ ۔ ۔ ۔ ہر حالت میں اُمید کا روشن چہرہ دیکھتا ہے ۔ اور کہتا ہے ع پیوستہ شجر سے اُمیدِ بہار رکھ

وہ اسی اُمید کے بل بوتے پر کہتا ہے کہ اپنے دامن کو اور بھی وسعت دے ؎

نہ ہو قناعت شعار گلچیں اسی سے کامل ہے شان تیری
وفور گل ہے اگر چمن میں تو اور دامن دراز ہو جا

اسی مضمون کو ایک اور جگہ یوں ادا کیا ہے ؎

تو ہی ناداں چند کلیوں پر قناعت کر گیا ورنہ گلشن میں علاج تنگئ داماں بھی ہے

اب جب امنگیں اور آرزوئیں پیدا ہو گئیں۔ یاس و ملال کا مچلا وہ غائب ہو گیا۔ تو وہ عمل کا پیغام دیتا ہے۔ اور کہتا ہے۔ کہ آرزو بغیر عمل کے ایک مہمل چیز ہے ؎

عمل سے زندگی بنتی ہے جنت بھی جہنم بھی یہ خاکی اپنی فطرت میں نہ نوری ہے نہ ناری ہے

جب اس طرح جوش عمل پیدا کر لیا۔ تو وہ ایک معیار حیات مقرر کرتا ہے جس میں کسی قسم کی خامی نہ رہے۔ وہ اس بات کا قائل ہے۔ کہ جو مزا تگ و دو اور سعی کرنے میں ہے۔ وہ خود حصول مقصود میں بھی نہیں جیسا کہ ایک نظم میں لکھا ہے۔ جہاں ایک بوڑھا عقاب اپنے بیٹے کو نصیحت کرتا ہے ؎

ہے شباب اپنے لہو کی آگ میں جلنے کا نام سخت کوشی سے ہے تلخ زندگانی انگبیں
جو کبوتر پر جھپٹنے میں مزا ہے اے پسر وہ مزا شاید کبوتر کے لہو میں بھی نہیں

وہ سمجھتا ہے کہ غم ہی زندگی کے راز کو کھول سکتا ہے ؎

جو خزاں نادیدہ بلبل ہو وہ بلبل ہی نہیں

اور ؎

ہاتھ جس گلچیں کا ہے محفوظ نوکِ خار سے عشق جس کا بےخبر ہے ہجر کے آزار سے
کلفتِ غم گرچہ اس کے روز و شب سے دور ہے زندگی کا راز اس کی آنکھ سے مستور ہے

اقبال زندگی کو ایک ابدی اور غیر فانی چیز سمجھتا ہے۔ اس کے ہاں موت زندگی کے توقف کا نام ہے۔ اور زندگی کوئی غیر متغیر شے نہیں ہے ؎

زندگی کی آگ کا انجام خاکستر نہیں ٹوٹنا جس کا مقدر ہو وہ یہ گوہر نہیں

زندگی ہر لمحہ اپنے لئے ایک نئی شان چاہتی ہے۔ اور موت اس آرزو کے حاصل ہونے کا ذریعہ۔ موت بظاہر ایک مہیب اور خوفناک شے ہے۔ لیکن حقیقت میں یہ کچھ اور ہی ہے ؎

موت کو سمجھے ہیں غافل اختتام زندگی
ہے یہ شامِ زندگی صبح دوامِ زندگی

گھمنڈا سنگھ طالب
بی۔ اے (اولڈ بوائے)

تجھ کو معلوم ہے لیتا تھا کوئی نام ترا ؟ قوتِ بازوئے مسلم نے کیا کام ترا ؟
پر ترے نام پہ تلوار اٹھائی کس نے ؟ بات جو بگڑی ہوئی تھی وہ بنائی کس نے ؟
کس نے ٹھنڈا کیا آتشکدۂ ایراں کو ؟ کس نے پھر زندہ کیا تذکرۂ یزداں کو ؟
کس کی ہیبت سے صنم سہمے ہوئے رہتے تھے ؟ منہ کے بل گر کے ھو اللہ احد کہتے تھے ؟
رحمتیں ہیں تری اغیار کے کاشانوں پر
برق گرتی ہے تو بیچارے مسلمانوں پر ؟

اقبالؒ

---

(۴۱) تقلید کی روش سے تو بہتر ہے خودکشی — رستہ بھی ڈھونڈھ، خضر کا سودا بھی چھوڑ دے
سوداگری نہیں ہے یہ عبادت خدا کی ہے — اے بے خبر جزا کی تمنا بھی چھوڑ دے
جینا وہ کیا جو ہو نفسِ غیر پر مدار — شہرت کی زندگی کا بھروسا بھی چھوڑ دے
(۴۲) تمہاری تہذیب اپنے خنجر سے آپ ہی خودکشی کرے گی — جو شاخِ نازک پہ آشیانہ بنے گا ناپائدار ہوگا
(۴۳) خدا کے عاشق تو ہیں ہزاروں بنوں میں پھرتے ہیں مارے مارے — میں اس کا بندہ بنوں گا جس کو خدا کے بندوں سے پیار ہوگا
(۴۴) نفسِ گرم کی تاثیر ہے اعجازِ حیات — تیرے سینے میں اگر ہے تو مسیحائی کر
پہلے خوددار تو مانندِ سکندر ہو لے — پھر جہاں میں ہوسِ شوکتِ دارائی کر
(۴۵) ہزاروں سال نرگس اپنی بے نوری پہ روتی ہے — بڑی مشکل سے ہوتا ہے چمن میں دیدہ ور پیدا
(۴۶) عمرہا در کعبہ و بتخانہ می نالد حیات — تا زِ بزمِ شوق یک دانائے راز آید بروں
(۴۷) موت کو سمجھے ہیں غافل اختتامِ زندگی — ہے یہ شامِ زندگی صبحِ دوامِ زندگی
(۴۸) سبق پھر پڑھ صداقت کا عدالت کا شجاعت کا — لیا جائیگا تجھ سے کام دنیا کی امامت کا
(۴۹) غلامی میں نہ کام آتی ہیں شمشیریں نہ تدبیریں — جو ہو ذوقِ یقیں پیدا تو کٹ جاتی ہیں زنجیریں
کوئی اندازہ کر سکتا ہے اس کے زورِ بازو کا — نگاہِ مردِ مومن سے بدل جاتی ہیں تقدیریں
یقین محکم، عمل پیہم، محبت فاتحِ عالم — جہادِ زندگانی میں ہیں یہ مردوں کی شمشیریں
(۵۰) عمل سے زندگی بنتی ہے جنت بھی جہنم بھی — یہ خاکی اپنی فطرت میں نہ نوری ہے نہ ناری ہے
(۵۱) پختہ تر ہے گردشِ پیہم سے جامِ زندگی — ہے یہی اے بےخبر رازِ دوامِ زندگی !
(۵۲) خام ہے جب تک تو ہے مٹی کا اک انبار تو — پختہ ہو جائے تو ہے شمشیرِ بے زنہار تو

# پیام اقبال

سہ نظر لگے نہ کہیں اس کے دست و بازو کو
یہ لوگ کیوں مرے زخمِ جگر کو دیکھتے ہیں!

چمکتے ہوئے ستاروں سے فضائے آسمانی بھری پڑی ہے۔ لیکن دمدار ستارے ہمیشہ طلوع نہیں ہوتے۔ سطح زمین شیریں چشموں کی نہروں اور ندیوں سے پُر ہے۔ لیکن آب حیات کس کی قسمت میں ہے؟ خدا کی زمین خزائن سے معمورہ ہے۔ ہاں ہند کی خاک پاک نے جو جوہر اگلا۔ دنیا کے جوہر اس پر قربان۔ لعل نچھاور۔ واہ ہند کا اقبال سہ"

چو تو مصرعِ نخواندم ہمہ مو بمو لطائف  چو تو صورتے ندیدم ہمہ سر بسر معانی

شیکسپئر کے شیدائی یا ملٹن کے متوالے شاید یہ مدح کے گیت نہ سن سکیں۔ عقیدت والفت کی مجبوریوں میں ان کے لئے خلیفۂ وقت اور لیلیٰ کا سوال وجواب بس ہے کہ سہ

آں خلیفہ گفت کاں لیلیٰ توی  کز تو مجنوں شد پریشانی وغوی
از دگر خوباں تو افزوں نیستی  گفت خامش شو کہ مجنوں نیستی

اس میں کلام نہیں کہ ہندی ہو لیکن مسلمان۔ حق گزار نہیں ہو سکتا۔

ع - ہم سخن فہم ہیں غالب کے طرفدار نہیں

اگر ایرانی یا رومی ہوتا۔ تب بھی یہی داستان ہوتی۔ کیونکہ انصاف کا فیصلہ یہی ہے سہ

بلبل از گل بگزرد گر در چمن بیند مرا
بت پرستی کے کند گر برہمن بیند مرا

زلفہائے مسلسل کی حکایتیں۔ سوز و فراق کے نالوں اور بوس و کنار کی بہاروں سے قوموں کی ادبیات آراستہ ہے۔ لیکن قوم کے درد کی ترجمانی خونی اشک سے جس اللہ کے بندے نے کی وہ ایک ہند نشیں ہے۔

ع - یہ رتبہ بلند ملا جس کو مل گیا۔

ایک ایسی عالم گیر شخصیت کا بیان کچھ لحاظ سے بعید ہے۔ نظر ایک ہے جلوے

سینکڑوں۔ جگر ایک ہے تیر ہزاروں۔ دل ایک ہے اور درد لاکھوں۔ وائے قسمت سے

داماں نگاہ تنگ و گلِ حسنِ تو بسیار
گلچین بہارِ تو ز داماں گلہ دارد

طوالت پسند نہیں۔ عشاق برسوں کے درد ایک آہ سرد سے ظاہر دیا کرتے ہیں۔ ع۔ داستان نیاز و عاشقی ختم ہے ایک آہ میں

اقبال مصلح دنیا ہے لیکن مسلم ہونے کی حیثیت سے مسلم کے درد کا مظاہرہ زیادہ گرم نالوں سے کیا ہے اور کیوں نہ کرتے ——— مسلم کی وہ سرسبز کھیتی جس سے دنیا نے خوشہ چینی کی تھی۔ ویران ہو گئی۔ وہ گلزار جس کی عطر بیزی سے تمام عالم معطر تھا۔ کسی خزاں کی بھینٹ چڑھ گیا۔ وہ دل جو گہر ہائے اسرار کے دفینے تھے۔ خرابۂ یاس و حرماں ہیں۔

ع۔ آگ اس گھر میں لگی ایسی کہ جو تھا جل گیا۔

لیکن اربابِ صدق و صفا اور محبانِ ملک و ملت سے قدرت اپنی دنیا کو زیادہ دیر تک خالی نہیں دیکھ سکتی۔ سورج کی تابانی اور ستاروں کی جگمگاہٹ دنیا کی رونق کیلئے کافی ہیں۔ جب تک ان نیاز مندان حق اور بے نیازانِ دنیا کے دل سے نورانی شعاعیں ان کرنوں کا ساتھ نہ دیں۔ ایک سطحی نظر والا کہتا ہے۔ کہ یہ مذکورہ مرتبہ سلاطین روحانی سے متعلق ہے۔ مگر پوچھتا ہوں۔ کہ اگر اقبال کے کلام سے ہم "شاعری جزولیست از پیغمبری" کے معترف نہ بھی ہوں۔ اس حقیقت سے تو انکار نہیں کر سکتے کہ سے

سر خدا کہ عارف و زاہد بکس نگفت
در حیرتم کہ بادہ فروش از کجا شنید

ہاں ہاں ہمیں یقیناً اس امر کو تسلیم کرنا پڑتا ہے۔ کہ اقبال ایک حقیقت شناس رہبر ہے۔ ان کا کلام ایک مجدد اور موحد کا پیغام ہے۔ جس کا خاصہ جاگتوں کو منزل پہ پہنچانا اور غفلت کی نیند والوں کو بیدار کرنا ہے۔ بلکہ کہیں اس سے بڑھ کر۔ سے

حضورِ حق میں اسرافیل نے میری شکایت کی
یہ بندہ وقت سے پہلے قیامت کر نہ دے برپا

ہم دیکھتے ہیں کہ جب بارش ہوتی ہے۔ تو زمین سے سبزہ اگتا ہے۔ جب سورج نکلتا

ہے تو گرمی محسوس ہوتی ہے۔ اس کو نیچر کا عمل کہتے ہیں۔ اور اس قدرتی عمل کی خاصیت بھی نہیں بدل سکتی۔ اسی طرح جب اقوام عالم کی تاریخ کا مطالعہ کرتے ہیں تو یہاں بھی ایک خدائی قانون قوموں کے بنانے اور بگاڑنے میں پوری رفتار سے کام کرتا دکھائی دیتا ہے۔ کہ جب کسی قوم میں شخصی اصلاح شخصی جدوجہد اور ذاتی اعتماد نہیں رہتا۔ تو اس قوم کی رفتار میں کوتاہی پرواز میں پستی آجاتی ہے۔ غلامی کی زنجیریں گلے میں پڑجاتی ہیں۔ اور پھر حاکم قوم یا جابر حاکم کو ہم ظالم خونخوار بھی نہیں کہہ سکتے۔ بلکہ اس قوم پر لعنت بھیجنی پڑتی ہے۔ جس نے خود اعتمادی اور خودداری کی زندگی چھوڑ کر غیروں کی پناہ میں اپنی امید کے پودے لگائے ؎

یورپ کی غلامی پہ رضامند ہوا تو مجھ کو تو گلہ تجھ سے ہے یورپ سے نہیں ہے

یہی اقوام کے بننے اور بگڑنے کا اصل راز ہے۔ اور اقبال مرحوم کے پیغام کی صحیح ترجمانی۔ جن ارباب سلیم الطبع کو اقبال کے گلستانِ ادب سے کچھ نصیب ہے وہ جانتے ہیں۔ کہ اس گلزار کی پتی پتی پر یہی پیغام کندہ ہے ؎

پھرا کرتے نہیں مجروحِ الفت فکر درماں میں یہ زخمی آپ کر لیتے ہیں پیدا اپنی مرہم کو

ہاں ہاں دوسروں کا سہارا سہارا نہیں دھوکہ ہے اغیار کی حفاظت میں پناہ نہیں۔ بلکہ تباہی ہے۔ جو اپنا محافظ آپ نہیں۔ اسے کون بچائے۔

ع - کہ جن کو ڈوبنا ہو۔ وہ ڈوب جاتے ہیں سفینوں میں۔

اصل سہارا خدا کی امداد ہوا کرتی ہے جو مومنوں کے دلوں میں پوشیدہ ہے۔ عالی ہمم لوگوں کے لئے کامیابی کا راستہ وہ ہے جو مصائب سے گھرا ہو۔

اصلی راحت وہ ہے جو بے قراری کے بستر پر نصیب ہوتی ہے۔ اقبال کو جو لذت انتظار و امید میں ہے وہ وصال میں نہیں۔ ؎

عالم سوز و ساز میں وصل سے بڑھکر ہے فراق وصل میں مرگِ آرزو۔ ہجر میں لذتِ طلب

انسان کے لئے حقیقی شرف جوہر ذاتی اور خود حاصل کردہ علم اور عمل ہے نہ غیروں کی امداد ہے اور نہ اسلاف کی روایاتِ پارینہ اور نسب فروشی کا غرورِ باطل۔ ارباب ہمت نے اپنی راہ خود نکالی ہے اور اپنی عظمت و رفعت کی تعمیر صرف اسی سامان سے کی ہے۔ جو خود ان کا اپنا تیار کیا ہوا تھا۔

"مور نے کہا کہ میرا چمن میرے ساتھ ہے۔ باغ و بہار کا محتاج نہیں"۔ نادر شاہ کہتا

تھا۔ "میری کھیتی کا بیج میرے بازو میں ہے"۔ اور جب شجرہ نسب پوچھا گیا۔ تو نادر شاہ بن شمشیر بن شمشیر۔ بن شمشیر۔ . . . . . . . خدا بخشے اقبال کو ؎

پریشاں شو اگر لعلے زمیراث پدر خواہی
کجا عیشِ برون آوردنِ لعلے کہ در سنگ است

امام الہند مولانا ابوالکلام آزاد کا ایک قول مجھے نہیں بھولتا۔ "جوانمرد یہ نہیں دیکھتا کہ دنیا کیا کیا کر چکی ہے جس سے وہ دامن بھر لے۔ بلکہ وہ یہ دیکھتا ہے کہ دنیا سے کیا کیا نہ ہو سکا۔ جس کو وہ پورا کر دے"۔

علامہ مرحوم نے کس خوبی سے یہ مضمون ادا فرمایا ؎

نگاہ عشق دلِ زندہ کی تلاش میں ہے
شکارِ مردہ سزاوارِ شہباز نہیں

"چلتے رہنے اور بڑھتے جانے کا نام کامیابی ہے۔ بیٹھ رہنے اور آرام کرنے کا نام ناکامی"۔ اور کامیابی کی جستجو میں مٹ جانا بھی کامیابی۔ غازی غازی ہے۔ شہید کے مرتبے بھی جانیئے ؎

چناں بزی کہ اگر مرگِ ماست مرگِ دوام
خدا ز کردۂ خود شرمسار گردد

اے قوم تیرا جہاز بھنور میں ہے ۔۔ سخت اندھیری رات سر پر۔ اور ناخدا ہراساں ہے اٹھ اپنی خبر لے۔ اگر زمانہ تیرا مخالف ہے تو پروا نہیں۔ اگر اسباب کار فراہم نہیں تو تو خود پیدا کر ؎

چہ باید مرد را۔ طبعِ بلندے مشربِ نابے
دلِ گرمے۔ نگاہِ پاک بینے۔ جانِ بیتابے

(غلام قادر آزاد تونسوی متعلم نہم ڈایرہ)

---

طعنِ اغیار ہے رسوائی ہے ناداری ہے
کیا ترے نام پہ مرنے کا عوض خواری ہے؟

ہم تو جیتے ہیں کہ دنیا میں ترا نام رہے
کہیں ممکن ہے کہ ساقی نہ رہے جام رہے؟

تنے عشاق۔ گئے وعدۂ فردا لے کر
اب انہیں ڈھونڈ چراغِ رخِ زیبا لے کر

کبھی ہم سے کبھی غیروں سے شناسائی ہے
بات کہنے کی نہیں تو بھی تو ہرجائی ہے!

آج کیوں سینے ہمارے شرر آباد نہیں
ہم وہی سوختہ ساماں ہیں تجھے یاد نہیں؟

اے خوش آں روز کہ آئی بعد ناز آئی
بے حجابانہ سوئے محفلِ ما باز آئی! (اقبالؒ)

# خدمتِ خلق اور اقبالؒ

خدا کے عاشق تو ہیں ہزاروں بنوں میں پھرتے ہیں مارے مارے
میں ان کا بندہ بنوں گا جنکو خدا کے بندوں سے پیار ہوگا — اقبالؒ

خداوند تعالےٰ نے انسان کو اشرف المخلوقات کے لقب سے خلیفتہ الارض بنایا تاکہ اپنی بزرگی و برتری کا ثبوت دے۔ مگر افسوس بعض ظلم و ستم پر کمربستہ ہو گئے اور بعض عیش و عشرت میں غرق۔ بعض عبادت میں مشغول ہوئے تو بعض نے راہ راست چھوڑ کر گمراہی اختیار کی

کیا انسان کی پیدائش کا مفہوم اور مقصد یہی تھا؟

نہیں۔ نہ ہی عیش و عشرت اور نہ ہی صرف عبادت بلکہ خدمتِ خلق۔ یعنی مخلوقِ خدا سے اُنس و پیار اور الفت و محبت کا سلوک اور برتاؤ۔

علامہ اقبالؒ اللہ تعالےٰ کے ان عزیز، مقبول اور نیک بندوں میں سے تھے جن کا دل جذبۂ خدمت سے بھرا ہوا تھا۔ جن کی نظرِ فراست میں خدمت کا درجہ عبادت سے بڑھ کر تھا۔ جنہوں نے انسانوں سے اُنس و پیار۔ الفت و محبت اور ہمدردی اور دلجوئی کی زندگی بسر کی۔ اور دوسروں کو بھی خدمتِ خلق کی طرف توجہ دلائی۔

دنیا میں لاکھوں ایسے نیک انسان موجود ہیں جنہیں یادِ الٰہی میں دن رات مصروف دیکھتے ہیں اور ہزاروں ایسے بھی ہوں گے جنہوں نے بیابانوں اور ویرانوں میں عبادتِ الٰہی کا بہترین گوشہ اختیار کر لیا ہو۔ لیکن ایسے پارساؤں اور بزرگوں کی عبادت کس کام کی۔ جبکہ ان کے بھائی بھوک سے مر رہے ہوں۔ ظلم و ستم کا نشانہ بنے ہوئے ہوں۔ اور عدل و انصاف سے محروم ہوں۔ غرضیکہ یہ ایسے مناظر ہیں جن پہ انسانیت خون کے آنسو بہائے بغیر نہیں رہ سکتی۔

علامہ اقبالؒ ایسے لوگوں کی عبادت کو خود غرضی پہ موقوف سمجھتے تھے۔ جن کو ہمیشہ صرف اپنی "مَیں مَیں" کا خیال رہا اور بس۔ اور نہ ہی اقبال ایسے لوگوں کو محبت و پیار کی نظروں سے دیکھتے تھے۔

اقبالؔ نے صرف ان جواں مردوں کی غلامی کا دم بھرا۔ جنہوں نے اپنی زندگی خدمتِ خلق

# اقبال اور اس کی شاعری

در دیدہ معنی نگراں حضرت اقبال    پیغمبری کرد و پیغمبر نتواں گفت

اقبال ایک جلیل القدر مذہبی انسان ۔ بلند ترین شاعر ۔ بزمِ ادب کا روشن چراغ ۔ عزت و اقبال کا تاج ۔ خودی کا پیامبر ۔ آسمان سیاست کا آفتاب تاریخ فلسفہ اور تصوف کا ایک جید عالم ۔ شمع رسالت کا پروانہ اور دین محمدی کی ترقی کا دیوانہ ہے ۔ وہ دنیا کا "سر" اور علم و ادب کا ڈاکٹر ہے ۔ اس کے کلام میں لطف پاکیزگی اور الفت ہے ۔ وہ ایک شاعر ہستی ہے جس کی شاعری سدرۃ المنتہیٰ تک پہنچ چکی ہے ۔ اس کے دل میں درد ہے عشق ہے ۔ اس کے شعروں میں "لہو" "آگ" اور "زندگی" ہے ۔ اس کی شاعری تغزل بھی ہے ترنم بھی ہے ۔ اس کے نغمے حیات روح پرور وہ مفسر فطرت اور مصور فطرت ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔

یہ لکھ چکنے کے بعد وہ خود ہی آکر اپنے اشعار کی تعریف کرتا ہے ۔ ؎

مرے اشعار اے "اقبال" کیوں پیارے نہ ہوں مجھ کو    مرے ٹوٹے ہوئے دل کے یہ دردانگیز نالے ہیں

شاعر کو اپنے بلند مرتبے کا احساس ہے ۔ وہ اپنے آپ کو پیغمبر فرد اکہتا ہے ۔

من نوائے شاعر فردا استم

وہ اپنے رس بھرے ترانوں سے سوتوں کو جگاتا ہے اور جاگتوں کو درس حیات دیتا ہے ۔ عالموں کو عمل کی تلقین کرتا ہے مدبروں کو باریک نکات بیان کرتا ہے ۔ اس کے ہر گیت کو ہر ہندوستانی اپنے دل کی آواز سمجھتا ہے نوجوان اس کو ورد حیات بناتے ہیں ؎

سن اے غافل صدا میری یہ ایسی چیز ہے جس کو    وظیفہ جان کر پڑھتے ہیں طائر بوستانوں میں

"اقبال" بلند ہمتی کا سبق دیتا ہے ۔ انسان کسی حالت میں شک و یاس کو پاس نہ پھٹکنے دے وہ یاس اور حزن کو ام الخبائث اور قاطع حیات قرار دیتا ہے کٹھن سے کٹھن مشکل میں نہ خود مایوس ہوتا ہے نہ دوسروں کو مایوس ہونے دیتا ہے ۔ وہ ایسے موقعوں پر سر رشتہ امید کو آہنی پنجے کی گرفت میں لیتا ہے ۔

کب ڈرا سکتا ہے غم کا عارضی منظر مجھے ہے بھروسہ اپنی ملت کے مقدر پہ مجھے
یاس کے عنصر سے ہے آزاد میرا روزگار فتح کامل کی خبر دیتا ہے میرا جوش کارزار

وہ ہمیں یقین دلاتا ہے کہ ایسا گلشن (مراد گلشن حیات) جو بادِ سموم کی نظر ہو چکا ہو جس کی پتیاں خشک ہو کر منتشر ہو چکی ہوں پھر سرسبز اور شاداب ہو سکتا ہے۔

ع۔ "پیوستہ رہ شجر سے امید بہار رکھ"

پھر فرماتے ہیں۔

برگ سبزے کز نہال خویش ریخت از بہاراں تار امیدش گسیخت
در خزاں اے بے نصیب از برگ و بار از شجر مگسل با امید بہار

فرماتے ہیں کہ ہر کوشش کے ساتھ دامنِ امید کو بھی مضبوطی سے پکڑے رکھو۔

در طلب کوش و مدہ دامن امید ز دست دولتے ہست کہ یابی سر راہے گاہے

اقبال کے نزدیک آرام کی زندگی موت کے برابر ہے۔ وہ سوتے رہنے کو خودکشی... لیٹے رہنے کو زہر ہلاہل.... بیٹھے رہنے کو سم قاتل.... کھڑے رہنے کو دشمنِ جان.... اور اس طرح چلنے پھرنے کو بھی موجب نقصان سمجھتا ہے۔ وہ تو دن رات دوڑنے اور بھاگنے کا قائل ہے۔

زندگی جہد است و استحقاق نیست جز بعلم انفس و آفاق نیست
میارا بزم بر ساحل کہ آنجا نوائے زندگانی نرم خیز است
بدریا غلط و با موجش در آویز حیات جاوداں اندر ستیز است

اقبال انقلاب کا حامی ہے اور چاہتے ہیں کہ انسان کو ہمیشہ ایک حالت پر نہیں رہنا چاہئے۔

دما دم نقشہائے تازہ ریزد بیک صورت قرار زندگی نیست
اگر امروز تو تصویر دوش است بخاکِ تو شرار زندگی نیست

دیکھئے اس نیچے شعر میں کیا سربستہ راز حیات پنہاں ہے۔ سچ پوچھو تو سارے فلسفہ حیات کا نچوڑ اسی میں ہے۔

اگر ز رمز حیات آگہی مجوئے و مگیر دلے کہ از خلشِ آرزو پاک است

وہ سوتے ہوؤں کے کان میں کہتا ہے کہ اٹھ! اور کمر باندھ کر اپنے کام میں سرگرم

ہو جا۔ نہیں تو پھر "گیا وقت پھر ہاتھ آتا نہیں"

اے کہ از تاثیر افیون خفتہ عالم اسباب را دوں گفتہ
خیز و واکن دیدۂ مخمور را دوں مخواں ایں عالم مجبور را

اقبال کہتا ہے کہ زندگی ایک بیش بہا متاع ہے جس کو بیکار رہ کر ضائع کرنا مصلحت سے بعید اور سخت نقصان دہ ہے۔

زندگی کی آگ کا انجام خاکستر نہیں ٹوٹنا جس کا مقدر ہو یہ وہ گوہر نہیں

اقبال کا نظریہ ہے کہ دکھ اور مصائب تو انسان کی تکمیل اور بقائے دوام کا باعث ہیں۔ اس لئے وہ ترقی کی راہ میں جو مشکلات حائل ہوں ان سے سینہ سپر ہو کر مقابلہ کرے نہیں تو وہ نوکِ زبان پر شکوہ وغیرہ لانے کا حقدار نہیں ہے

تمنا آبرو کی ہو اگر گلزار ہستی میں تو کانٹوں میں الجھ کر زندگی کرنیکی خو کر لے
نہیں جنس ثواب آخرت کی آرزو مجھکو وہ سوداگر ہوں میں نے نفع دیکھا خسارے میں
پرسیدم از بلند نگاہے حیات چیست گفتا، مے کہ تلخ تر او نکو تر است

پھر فرماتے ہیں۔ پتھر سے "لال" لانے میں جو خوشی ہوتی ہے وہ ورثہ میں ملے ہوئے میں نہیں ہوتی ہے

پشیمان شو۔ اگر لعل ز میراث پدر خواہی کجا عیش بروں آوردن لعلِ کہ در سنگ است

اس کو ہمارے بلند مرتبے کا احساس ہے اور کہتا ہے جبرائیل تو درکنار عرش ربی تک رسائی ہو سکتی ہے۔

در دشت جنون من جبرئیل زبوں صیدے یزداں بکمند آور اے ہمت مردانہ

وہ ہمیں تلقین کرتا ہے اور اصلیت سے آگاہ کرتا ہے کہ تم ہی سب کچھ ہو"

بے خبر تو جوہر آئینہ ایام ہے تو زمانے میں خدا کا آخری پیغام ہے
اپنی اصلیت سے ہو آگاہ اے غافل کہ تو قطرہ ہے لیکن مثال بحر بے پایاں بھی ہے
ضدائم یزل کا دستِ قدرت تو زبان تو ہے یقین پیدا کر اے غافل کہ مغلوب گماں تو ہے
پرے ہے چرخ نیلی فام سے منزل مسلماں کی ستارے جسکی گرد راہ ہوں وہ کارواں تو ہے

وہ راستہ بھولے ہوؤں کا خضر راہ بنتا ہے۔ لاچاریوں اور مجبوریوں کا علاج بتاتا ہے وہ خفیف طاقتوں کو کام میں لانے کا بہترین گر بتاتا ہے۔ وہ انسان کو اسمانی مخلوق سے

پرتو سمجھتا ہے اور تمام کائنات کو اس کے مطیع خیال کرتا ہے۔ ان کو آسمانوں کی تسخیر کے لئے اکساتا ہے۔

آشنا اپنی حقیقت سے ہو اے دہقان ذرا — دانہ تو کھیتی بھی تو باراں بھی تو حاصل بھی تو
مصاف زندگی میں سیرت فولاد پیدا کر — شبستان محبت میں حریر و پرنیاں ہو جا
وہ مشت خاک ہوں فیض پریشانی سے صحرا ہوں — نہ پوچھو میری وسعت کو زمیں سے آسماں تک ہے

مانگ اور ہمیشہ مانگتا رہ اور اگر کچھ مراد پوری ہو جائے تو اس پر ہرگز قانع نہ ہو کیونکہ

تو ہی ناداں چند کلیوں پر قناعت کر گیا — ورنہ گلشن میں علاج تنگیٔ داماں بھی ہے
نہ ہو قناعت شعار گلچیں اسی سے قائم ہے شان تیری — وفور گل ہے اگر چمن میں تو اور دامن دراز ہو جا

اس طرح وہ خاموش پسند زندگی کے قائل نہیں وہ فرماتے ہیں کسی چیز کی تلاش میں بھاگتا رہ اور فریاد کرتا رہ حتیٰ کہ تیری فریاد آسمان تک پہنچ جائے اور تلاش کرتے کرتے تمہیں خدا مل جائے

یہ خاموشی کہاں تک لذت فریاد پیدا کر — زمیں پر تو ہو اور تیری صدا ہو آسمانوں میں
کوئی قابل ہو تو ہم شان کئے دیتے ہیں — ڈھونڈنے والوں کو دنیا بھی نئی دیتے ہیں

اقبال تمام مذاہب کو ایک نظر سے دیکھتا ہے۔ وہ محبت سے خالی دلوں کو درس محبت سکھاتا ہے اور یگانگت کا سبق دیتا ہے

پرونا ایک ہی تسبیح میں ان بکھرے دانوں کو — جو مشکل ہے تو اس مشکل کو آساں کر کے چھوڑوں گا

وہ ایک ایسی دنیا قائم کرنا چاہتا ہے جس میں محبت اور مساوات کی حکومت ہو۔ وہ امتیاز ملت و قوم کے تعصب اور فرقہ بندی کے سخت خلاف ہیں

تعصب چھوڑ ناداں دہر کے آئینہ خانے میں

شجر ہے فرقہ آرائی تعصب ہے ثمر اس کا — یہ وہ پھل ہے کہ جنت سے نکلواتا ہے آدم کو
مذہب نہیں سکھاتا آپس میں بیر رکھنا — ہندی ہیں ہم وطن ہے ہندوستاں ہمارا
اجاڑا ہے تمیز ملت و آئیں نے قوموں کو — مرے اہل وطن کے دل میں کچھ فکر وطن بھی ہے
فرقہ بندی ہے کہیں اور کہیں ذاتیں ہیں — کیا زمانے میں پنپنے کی یہی باتیں ہیں

نہ افغانیم نہ ترک تتاریم — چمن زادیم و از یک شاخساریم
تمیز رنگ و بو بر ما حرام است — کہ ما پروردۂ یک نوبہاریم

حقیقت ایک ہے ہر شے کی نوری ہو یا ناری ہو — لہو خورشید کا ٹپکے اگر ذرہ کا دل چیریں

وہ بنی نوع انسان سے محبت اور ہمدردی کرتے کرتے بے جان چیزوں سے بھی محبت کرنے لگ جاتا ہے۔

صدمہ آ جائے ہوا سے گل کی پتی کو اگر اشک بن کر میری آنکھوں سے ٹپک جائے اثر

اقبال کا دل یہ دیکھ کر بہت دکھتا ہے کہ تہذیب حاضر کی ظاہرا چمک دمک سے نوجوان متاثر ہو کر تخریب تہذیب مشرق میں لگ گئے ہیں اور انہیں آگاہ کرتے ہیں کہ "ڈھول کے اندر پول" کے سوا اور کچھ نہیں۔ ؎

نظر کو خیرہ کرتی ہے چمک تہذیب حاضر کی یہ صناعی مگر جھوٹے نگوں کی ریزہ کاری ہے

وہ اپنی دور رس نگاہوں سے دیکھتے ہیں کہ مغربی تعلیم جو بنی نوع انسان کے دماغ پر مسلط ہو رہی ہے وہ اقوام کی مادیت کے لئے پیام موت ہے۔ وہ مغرب کی تہذیب و تمدن کو "فسونگری خرد" سے تعبیر کرتا ہے۔ ؎

قدحِ خرد فروزے کہ فرنگ داد مارا ہمہ آفتاب لیکن اثر سحر نہ دارد

تمہاری تہذیب اپنے خنجر سے آپ ہی خودکشی کرے گی جو شاخ نازک پہ آشیانہ بنے گا ناپائدار ہوگا

وہ اسلام اور مشرقیت کا ترجمان بن کر جذبات اسلامی سے مست نظر آتا ہے۔

مرا ساز اگرچہ ستم رسیدہ زخمہ ہائے عجم رہا وہ شہید ذوق وفا ہوں میں کہ نوا مری عربی رہا

بھٹکے ہوئے آہو کو پھر سوئے حرم لے چل اس شہر کے خوگر کو پھر وسعت صحرا دے

گر تو میخواہی مسلماں زیستن نیست ممکن جز بہ قرآں زیستن

کی محمدؐ سے وفا تو نے تو ہم تیرے ہیں یہ جہاں چیز ہے کیا لوح و قلم تیرے ہیں

"مَن عَرَفَ نَفسَہٗ فَقَد عَرَفَ رَبَّہٗ" (جس نے اپنے نفس کو پہچانا اس نے خدا کو پہچانا)

اس لئے انسان سے مخاطب ہو کر ڈاکٹر صاحب نزجہ فرماتے ہیں کہ اپنی حقیقت کو پہچان ضعیف نہ بن دست التجا نہ پھیلا۔ کیونکہ اس سے خودی کمزور ہوتی ہے۔

ع۔ دریا میں حباب آساگوں پیمانہ کر

اور دوسری جگہ فرماتے ہیں

ع۔ خودی کو نہ بیچ غریبی میں نام پیدا کر

اور ساتھ ہی فرماتے ہیں کہ اگر ہر کام میں اسی طرح لاپرواہی اور غفلت کرتے گئے تو

وہ ایام دور نہیں جب ؎

اپنی غفلت کی یہی حالت اگر قائم رہی　　آئیں گے غسّال کابل سے کفن جاپان سے

آپ فرماتے ہیں کہ جو دنیا اور آخرت میں سرخرو ہونا چاہتے ہیں انہیں چاہئے ذات پات کی بندشوں کو توڑ کر "عمل" کرنا سیکھیں کیونکہ

عمل سے زندگی بنتی ہے جنت بھی جہنم بھی　　یہ خاکی اپنی فطرت میں نہ نوری ہے نہ ناری ہے

یقین محکم ـ عمل پیہم ـ محبت فاتح عالم　　جہادِ زندگانی میں ہیں یہ مردوں کی شمشیریں

در عمل پوشیدہ مضمونِ حیات　　لذتِ تخلیق قانونِ حیات

اقبال سب بے عمل پیروں (جن کا . . . . لگا رکھے ہوں) جنکا کام حجروں میں بیٹھ کر تسبیح کے دانوں کے گننے کے سوا اور کچھ نہ ہو اور ان کے ہر فعل و قول میں دکھاوا ہی دکھاوا ہو جنہوں نے دھوکے اور فریب سے نذرانے وصول کرکے اپنے گھروں میں دولت کے انبار کر رکھے ہوں۔ کے خلاف ہیں وہ انہیں سوداگرانِ دین فروش سے کم نہیں سمجھتے۔

ہم کو تو میسر نہیں مٹی کا دیا بھی !　　گھر پیر کا بجلی کے چراغوں سے ہے روشن

نذرانہ نہیں ! سود ہے پیرانِ حرم کا　　ہر خرقۂ سالوس کے اندر ہے مہاجن

برخلاف اس کے اگر انہیں ایسے پیر باعمل مل جاویں۔ زر تو زر پھر جان تک قربان کرنیکو تیار ہیں ؎

زر کیا ہے سر بھی دیدیں مریدانِ باصفا　　علم و عمل کا وصف کسی "پیر" میں بھی ہو

وہ ہندوستان کو ایک غلام آباد ملک دیکھ کر کڑھتا ہے۔ اور کہتا ہے۔

رلاتا ہے ترا نظارہ اے ہندوستاں مجھکو　　کہ عبرت خیز ہے تیرا فسانہ سب فسانوں میں

نشانِ برگِ گل تک بھی نہ چھوڑ اس باغ میں گلچیں　　تری قسمت سے رزم آرائیاں ہیں باغبانوں میں

موت اگرچہ دیکھنے میں ایک مہیب اور خوفناک چیز معلوم ہوتی ہے مگر صاحب موصوف تو اس سے بے خوف اور نڈر ہیں اور فرماتے ہیں۔

موت کی لیکن دلِ ناداں کو کچھ پروا نہیں　　شب کی خاموشی میں جز ہنگامۂ فردا کچھ نہیں

یہی وجہ ہے کہ انہوں نے مسکراتے ہوئے موت کو لبیک کہا ؛　　محمد شفیع الرحمٰن خطا
متعلم ہفتم ڈایر

---

اتنیں گلشن ہستی میں ثمر چیدہ بھی ہیں　　اور محروم ثمر بھی ہیں۔ خزاں دیدہ بھی ہیں

سینکڑوں نخل ہیں۔ کاہیدہ بھی۔ بالیدہ بھی ہیں　　سینکڑوں بطنِ چمن میں ابھی پوشیدہ بھی ہیں

نخلِ اسلام نمونہ ہے برومندی کا　　پھل ہے یہ سینکڑوں صدیوں کی چمن بندی کا

(اقبال)

# اقبالؒ (سوانح حیات)

حکایت از قدآں یار دلنواز کنیم
بہ ایں فسانہ مگر عمر خود دراز کنیم

ایرانیوں کا ناز بجا کہ سعدی شیرازی جیسے گوہر یکتائے روزگار اس سرزمین میں پائے گئے ۔ عربوں کا فخر بجا کہ متنبی جیسے فصیح اللسان دنیا بھر کو عجمی کہنے کی جرأت کر گئے۔ انگلینڈ کی نثرا کی بیک۔ کہ شیکسپیئر جیسے جادو بیان اپنے کلمے پڑھا گئے ۔
بے انصافی نہ ہوگی ۔اگر ہندوستان بھی علامہ اقبال کو پیش کرتے ہوئے دنیا سے خراج تحسین حاصل کرے ۔

بفگن پردہ تا معلوم گردد
کہ یاراں دیگرے را مے پرستند

گل کو ہے ناز نزاکت پہ چمن میں اے ذوقؔ
اس نے دیکھے ہی نہیں ناز و نزاکت والے

آپ جانتے ہیں کہ ایک چیز خوبصورتی ہے ۔اور ایک چیز اس سے بڑھ کر ہے۔ جس کے لئے زبان کچھ نہیں کہہ سکتی لیکن آنکھ سمجھتی اور ذوق پہچان لیتا ہے۔
خواجہ حافظ نے اس کو آن کے لفظ سے تعبیر کیا ہے

شاہد آن نیست کہ موئے و میانے دارد
بندہ طلعت آن باش کہ آنے دارد

اور پھر جب بالکل مجبور رہ گئے تو اشارہ کر کے چھوڑ دیا

ایں کہ مے گویند آن بہتر ز حسن
یار ما ایں دارد و آن نیز ہم

تو وہ ایک چیز ہے" آنے دارد" جس کے لئے صرف کسی کا خوبصورت ہونا ہی کافی نہیں ۔ خوبصورت تو ہزاروں ہوتے ہیں۔ مگر آن رکھنے والے چشم و ابرو لاکھوں خوباں روزگار میں ڈھونڈھے نہیں ملتے ۔اور اگر مل جائیں تو سمجھنا چاہئے ۔کہ قدرت کی غیر متوقع فیاضی بلکہ اسراف ہے ۔" امام الہند مولانا ابوالکلام آزاد" تو بمصداق اس کے متذکرہ شعرا یقیناً حسین تھے ۔اور بعض کے حسن رعنائی پر تو ایک زمانہ شیدا ہوا ہے ۔مگر علامہ اقبال وہ حسین ہیں ۔کہ جن سے کتنے ہی خوبان روزگار دلربائی اور دلآویزی کے بھید اور نکتے سیکھیں گے

خوش دلکش است قصہ خوبانِ روزگار
تو یوسفی و قصہ تو احسن القصص

۱۸۷۵ء میں آپ فانی دنیا میں تشریف لائے۔ جائے تولد کا فخر قصبہ سیالکوٹ کو حاصل ہے۔ ابتدائی تعلیم بھی وہیں حاصل کی۔ انٹرمیڈیٹ اسکاچ مشن کالج سیالکوٹ سے پاس کیا۔ یہاں انہیں شمس العلما مولوی سید میر حسن جیسے جید عالم کے فیض تربیت سے مستفید ہونے کا موقع مل گیا۔ عربی۔ فارسی کا صحیح مذاق اقبال میں انہوں نے پیدا کیا۔ انہیں دوران میں ان کی شاعری کا قدم مقبولیت کی طرف بڑھا۔

بی۔ اے کے لئے لاہور تشریف لائے یہاں دہلی اور لکھنؤ کے بعض شعرا سے تعلق میں آئے اور ساتھ ہی انہیں گورنمنٹ کالج لاہور میں پروفیسر آرنلڈ جیسے استاد کامل نصیب ہوئے۔ ان کی صحبت کا ان پر نمایاں اثر ہوا۔ اردو نظموں میں نئے فلسفیانہ مضامین سے روشناسی اسی کے اثر کا نتیجہ ہے۔

ایم۔ اے کے بعد آپ اورئنٹیل کالج بعد ازاں گورنمنٹ کالج میں پروفیسر رہے۔ مگر یہ سلسلہ دیر تک قائم نہ رہ سکا آخر فلسفہ و قانون اور تحقیقاتِ علم کے لئے انگلستان تشریف لے گئے بانگِ درا میں اس مضمون پر فرماتے ہیں۔ ؎

چمن کو چھوڑ کے نکلا ہوں مثل نکہتِ گل    ہوا ہے صبر کا منظور امتحان مجھکو
چلی ہے لیکے وطن کے نگار خانے سے    شرابِ علم کی لذت کشاں کشاں مجھکو

تین سال تک یورپ میں رہے کیمبرج یونیورسٹی سے ڈگریاں حاصل کیں۔ پھر جرمنی میونخ یونیورسٹی سے پی۔ ایچ۔ ڈی کی ڈگری مشہور عالم کتاب فلسفۂ عجم لکھنے پر حاصل کی ۱۹۰۸ء میں واپس تشریف لائے۔ اور ہندوستان نے یوں خیر مقدم کیا ؎

ہے آمدِ مسرت اقبال تیری آمد
خوشیاں ہیں اہلِ دل میں عیدیں ہیں اہلِ فن میں

اب آپ نے دل کھول کر رنگ اشعار میں خونِ جگر کے موتی پرو کر ملک و قوم پر نثار کر دیئے سب سے پہلی غزل جو آپ نے پڑھی۔ اس کا ایک شعر ذکر کئے بغیر نہیں رہ سکتا۔ ؎

موتی سمجھ کے شانِ کریمی نے چن لئے    قطرے جو تھے میرے عرقِ انفعال کے

خیر یہ کہانی دراز۔ نہ ان کے کلام سمجھنے کی توفیق نہ تبصرہ کی ضرورت المختصر کہ آپ نے اپنی تمام عمر ملک و قوم کی خدمت میں خون کے آنسو بہا کر بسر کی۔

آپ کا کلام ہندوستان تک ہی محدود نہیں رہا۔ بلکہ تقریباً دنیا کے شعرائے ہمعصر کا

بزار سر دکیا۔ آپ کی مشہور تصانیف بانگِ درا۔ بالِ جبریل۔ ضربِ کلیم۔ زبورِ عجم۔ جاوید نامہ۔ ارمغانِ حجاز۔ اسرار و رموز۔ پس چہ باید کرد اے اقوام شرق۔ مسافر۔

آپ کا سارا پیغام بلند ہمتی اور اولوالعزمی اور خودداری پر مشتمل ہے۔ نئے فیشن اور نئی تہذیب کی تقلید سے زبردست اختلاف ہے۔ چنانچہ بالِ جبریل میں اپنے فرزند جاوید کو یوں مخاطب فرماتے ہیں۔ ؎

دیارِ عشق میں اپنا مقام پیدا کر　　نیا زمانہ نئے صبح شام پیدا کر
اٹھا نہ شیشہ گرانِ فرنگ کے احسان　　سفالِ ہند سے مینا و جام پیدا کر
میرا طریقہ امیری نہیں فقیری ہے　　خودی نہ بیچ غریبی میں نام پیدا کر

بہرحال ہر ایک شخص تقریباً ان کی زندگی سے واقف و آگاہ ہے۔ آفتاب آمد دلیلِ آفتاب۔ یا عیاں راچہ بیاں۔ لیکن افسوس ہے ؎

رونا کہاں ہوا مجھے دل کھول کر نصیب　　وہ آنسوؤں میں نوح کا طوفان آگیا

شاید قدرت نے بدقسمت ہند کو آپ کی خدمت کا اہل نہ سمجھا اور ۱۹۳۸ء کو اپنے ہاں واپس بلا لیا

ع۔ خدا رحمت کند ایں عاشقانِ پاک طینت را

دنیا کچھ سمجھے لیکن میرا ایمان ہے۔ کہ علامہ اقبال براہِ راست قدرت کے ہاں عروج دار تعلقے ملک و ملت کے لئے اپیل لے گئے ہیں جیسا کہ ان کا وعدہ ہے۔ ؎

فارغ تو نہ بیٹھے گا محشر میں جنوں میرا　　یا اپنا گریباں چاک یا دامنِ یزداں چاک

ہم چشم براہ ہیں کہ کب زندگی جاوید میں واپس آکر اپنے پروگرام کو پایۂ تکمیل تک پہنچاتے ہیں۔ ؎

انتظارِ دید میں آنکھیں ترستی ہیں مری　　گو مری آنکھیں ترے دیدار کے قابل نہیں

(محمد نواز وہوی۔ سیکنڈ ایئر کلاس)

امرا نشۂ دولت میں ہیں غافل ہم سے　　زندہ ہے ملتِ بیضا غربا کے دم سے
مسجدیں مرثیہ خواں ہیں کہ نمازی نہ رہے　　یعنی وہ صاحب اوصاف حجازی نہ رہے
باپ کا علم نہ بیٹے کو اگر ازبر ہو　　پھر پسر قابلِ میراثِ پدر کیوں کر ہو
اب تلک یاد ہے قوموں کو حکایت ان کی　　نقش ہے صفحۂ ہستی پہ صداقت ان کی
وہ زمانے میں معزز تھے مسلماں ہو کر　　اور تم خوار ہوئے تارکِ قرآں ہو کر

آج بھی ہو جو براہیم کا ایماں پیدا
آگ کر سکتی ہے اندازِ گلستاں پیدا　　(اقبالؒ)

# اقبالؒ اور نوجوان

اٹھ کہ خورشید کا سامانِ سفر تازہ کریں
نفس سوختۂ شام و سحر پیدا کریں (اقبالؒ)

یہ قانونِ قدرت ہے کہ دنیا میں صرف وہی قومیں زندہ رہ سکتی ہیں جن کے نوجوان زندہ ہیں یعنی قوموں کی حیات نوجوانوں کے جوشِ عمل میں مضمر ہے۔ جس قوم میں نوجوان مردہ دل۔ کمزور طبیعت۔ ڈرپوک اور بزدل ہوں۔ ایسی قوم کو دنیا میں زندگی کا کوئی حق حاصل نہیں۔ اور جس قوم کے نوجوانوں کے رگ و ریشہ میں تڑپ۔ بیداری۔ شجاعت اور طاقت کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی ہے آئینہ عالم سے واضح ہے کہ وہ قوم ہمیشہ حکمران بن کر اپنا سکہ چلاتی ہے

مسلمانوں میں بھی جب تک ایسے نوجوان پیدا ہوتے رہے تو غیرت۔ خودداری۔ اخوت اور عزت کی زندگی بسر کرتے رہے۔ لیکن جب خود بگڑنا چاہا تو ذلت و خواری اور غلامی کی زندگی بسر کرنی پڑی۔

مگر یہ سب کچھ کیونکر؟

انقلابات اور گردشِ زمانہ کی وجہ سے کم نظر لوگوں نے نوجوانوں کو گمراہ کر دیا اور صحیح اسلامی تعلیم نہ دی۔ جن سے مسلمانوں کے دل مردہ اور تاریک تر ہوتے چلے گئے۔ اور یہ سب کچھ دورِ حاضر کے ملاؤں۔ صوفیوں اور پیروں کی بدولت ہوا۔ اسی لئے تو علامہ اقبال فرماتے ہیں ؎

شکایت ہے مجھے یارب خداوندانِ مکتب سے
سبق شاہیں بچوں کو دے رہے ہیں خاکبازی کا (اقبالؒ)

حقیقت میں نوجوان شاہیں تھا۔ لیکن افسوس نوجوانوں نے اپنی عظمت و بلندی کو بنظرِ غور نہ دیکھا اور ان نادانوں نے آج سے تیرہ سو برس پہلے کی اسلامی زندگی کی حقیقت اور اصلیت معلوم نہ کی۔

ہمارے نوجوان فرنگی تہذیب کے پیچھے دیوانہ وار بھاگے پھرے اور نتیجہ یہ کہ دنیوی اور روحانی ترقی کی راہوں سے محروم رہے۔ گویا "نہ ادھر کے رہے نہ ادھر کے رہے" ؎

وہ فریب خوردہ شاہیں کہ پلا ہو کرگسوں میں
اسے کیا خبر کہ کیا ہے رہ و رسمِ شہبازی (اقبالؒ)

افسوس نفسانی خواہشات کی خاطر نوجوان عیش وعشرت کے دلدادہ بن گئے۔ احکاماتِ شریعت سے روگردانی کی۔ اور روزہ۔ نماز۔ حج۔ زکوٰۃ اور دیگر قوانینِ فطرت کو نظر انداز کر دیا جس کا نتیجہ یہ ہوا کہ قوم غلامی کی لعنت میں گرفتار ہو گئی۔

اقبال کہتا ہے جب تک نوجوانوں میں زورِ حیدری اور استغنائے مسلمانی پیدا نہ ہو اور جب تک ان کے دل کا دیا نورانی تجلیات سے روشن نہ ہو نوجوان خاک کا ایک ڈھیر ہے اور مردوں سے بھی بدتر۔

اقبال نے سب سے پہلے نوجوان کو بیداری کا سبق دیا۔ مگر کیسی بیداری؟ گویا ؎

یہ خاموشی کہاں تک! لذتِ فریاد پیدا کر
زمیں پر تو ہو اور تیری صدا ہو آسمانوں میں
(اقبالؒ)

علامہ مرحوم چاہتے تھے کہ نوجوانوں میں اس قدر جلدی انقلاب رونما ہو تاکہ آج ہی مسلمان غلامی کی زنجیریں توڑ کر بامِ عروج تک پہنچیں۔ اس لئے آپ نے اپنی قوم کے نوجوانوں کو مخاطب کیا اور انہیں عمل کے رستہ پر گامزن ہونے کے لئے ہمت دلائی۔ کیونکہ وہ جانتے تھے کہ مسلمانوں کے مستقبل کی شاندار عمارت صرف انہی کے ہاتھوں سے تعمیر ہو سکتی ہے۔

اقبال نے نوجوانوں کو دعوتِ عمل دی تاکہ نوجوان دنیا میں اپنی مردہ قوم کو زندہ کر سکیں اور دین و دنیا میں سرخروئی حاصل کریں۔ اقبال نے ہمیشہ مشکلات اور تکالیف کی زندگی بسر کرنے کو عیش وعشرت کی زندگی پر ترجیح دی۔ آپ مجاہد تھے اور مجاہدانہ زندگی بسر کرنے کے حامی تھے۔ چنانچہ کہتے ہیں ؎

از گلِ آدمے تعمیر کن — آدمے را عالمے تعمیر کن
خیز و خلاقِ جہاں تازہ شو — شعلہ در بر کن خلیل آوازہ شو
زندگی گشت است و حاصل قوت است — شرحِ رمزِ حق و باطل قوت است
از رموزِ زندگی آگاہ شو — ظالم و جاہل ز غیر اللہ شو

اقبال نے نوجوانوں کو جفاکش اور مردِ میدان بننے کی ترغیب دی۔ تاکہ اگر اپنے بزرگوں کے حقیقی جانشین کہلوانے کے مستحق بننا چاہتے ہیں تو لازم ہے کہ ؎

آں عزمِ بلند آور آں سوزِ جگر آور
شمشیرِ پدر خواہی بازوئے پدر آور

کی صحیح تفسیر بن کر دکھائیں۔

علامہ مرحوم خود دار تھے اور انہوں نے نوجوانوں کو بھی خودداری کی تعلیم دی تاکہ مسلمان مشکلات اور مصائب کا ایک سخت چٹان بن کر مقابلہ کر سکے۔ اور مسلمان کو مٹانے کی اغیار کی تدابیر نقش بر آب ثابت ہوں۔

اقبال کی نظرِ فراست میں نوجوان ایک عقاب کی مانند ہے جو بے خطر اور نڈر کرۂ ہوائی میں پرواز کرتا ہے۔ نوجوانوں کو بھی اپنے دلوں میں عقابی روح پیدا کرنی چاہئے۔ تاکہ دنیا میں عزت اور آبرو سے زندگی بسر کرنے کے قابل ہوں۔ جن نوجوانوں سے قوم کی امیدیں وابستہ ہوں کیا ان کے شایانِ شان ہے کہ ان میں نہ جذبۂ خدمت ہو اور نہ دردِ ملت۔

نوجوانو! کب تک خوابِ غفلت میں رہو گے۔ دنیا میں دیگر قومیں نہایت ہی سرعت سے رُو بہ ترقی ہیں۔ اگر کچھ ہمت اور بیداری ہے۔ تو اس کا ثبوت دو۔ ورنہ غلامی اور ذلت کے جینے سے ڈوب کر مر جانا ہزار درجہ بہتر ہے کیونکہ ؎

جس میں نہ ہو انقلاب موت ہے وہ زندگی
روحِ امم کی حیات کشمکشِ انقلاب
اقبالؔ

واحد بخش قلندر
متعلم بی۔ اے

---

نشۂ بو قید ہے غنچے میں پریشاں ہو جا رخت بہ دوشِ ہوائے چمنستاں ہو جا
ہے تنک مایہ تو ذرے سے بیاباں ہو جا نغمۂ موج سے ہنگامۂ طوفاں ہو جا
قوتِ عشق سے ہر پست کو بالا کر دے
دہر میں اسمِ محمدؐ سے اجالا کر دے

عقل ہے تیری سپر عشق ہے شمشیر تری مرے درویش! خلافت ہے جہانگیر تری
ما سوا اللہ کے لئے آگ ہے تکبیر تری تو مسلماں ہو تو تقدیر ہے تدبیر تری
کی محمدؐ سے وفا تو نے تو ہم تیرے ہیں
یہ جہاں چیز ہے کیا لوح و قلم تیرے ہیں

اقبالؔ

# اقبال کی شاعری

ادب زندگی کے ہر رخ سے متاثر ہوتا ہے۔ اس میں زندگی کے تمام ظاہر اور پوشیدہ تفصیلیں کسی نہ کسی طرح منعکس ہو جاتی ہیں۔ یہ عکس قوم کی ذہنیت کا عکس ہوتا ہے۔ جب کسی غلام اور گری ہوئی قوم میں آزادی کے جذبات پیدا ہونے ہیں۔ جب وہ ایک طویل مدت پستی اور ذلت کی گہرائی میں سوئے رہنے کے بعد بیدار ہوتی ہے۔ تو سب سے پہلے جو شئے اس انقلاب سے متاثر ہوتی ہے وہ اس قوم کا ادب ہے۔ اس قوم کے حساس شاعر اور ادیب اپنے گرد و پیش پر نظر ڈالتے ہیں۔ تباہی اور بربادی کا بھیانک منظر دیکھ کر وہ تڑپ اٹھتے ہیں پھر اپنے حیات آفریں نغمات قوم کے مردہ جسم میں تازہ روح پھونک دیتے ہیں۔

اسی طرح جب ایک فاتح اور برسر اقتدار قوم اپنی شوکت و عظمت کھونے لگتی ہے اور اس میں زوال کے آثار پیدا ہونے لگتے ہیں تو سب سے پہلے اس قوم کا ادب زوال پذیر ہونے لگتا ہے اس کے بعد تباہی کے بادل قوم کی زندگی پہ محیط ہو جاتے ہیں۔ پہلے ذہنی پستی کا دور آتا ہے پھر عملی قوتیں بھی اس کا شکار ہو جاتی ہیں۔ انحطاط کا سیلاب آتا ہے۔ اور اس قوم کی آزادی، بلندی، خودداری غرض ہر وہ چیز کو جو اس کے عروج میں معاون اور مددگار ہو بہا لے جاتا ہے۔

۱۸۵۷ء سے بہت پہلے ہندوستان کی مرکزی قوت تقریباً ختم ہو چکی تھی اور قوم پستیوں کی طرف جا رہی تھی۔ مغل شہسوار کی تلوار اس کے ہاتھ سے چھوٹ گئی تھی۔ فوجی زندگی عیش کی داستان میں بدل گئی تھی۔ اور قوائے عمل تقریباً زائل ہو چکے تھے۔

۱۸۵۷ء کے غدر نے ہندوستانی مسلمانوں کی رہی سہی طاقت اور وقار کو یکسر مٹا دیا اور وارثانِ تاج تیموری کو سات سمندر پار بیٹھنے والے فرنگیوں کا سیاسی غلام بنا کر ان کی ہر قسم کی آزادی اور بہبودی کے تصورات کو خوابِ پریشاں بنا کر رکھ دیا... مگر چند سال کی گھٹا ٹوپ تاریکی کے بعد پھر ہلکی ہلکی روشنی پھیلنے لگی اور سب سے پہلے حالی مرحوم نے اپنی آنسوؤں میں ڈوبی ہوئی آواز میں قوم کو جاگنے کے لئے آواز دی۔

اور پھر تھوڑے ہی عرصہ کے بعد اکبر الہ آبادی نے بھی اس ساز کو اٹھا لیا۔ اگرچہ ان دونوں بزرگوں کے گیت جدا جدا تھے مگر مقصد ایک ہی تھا۔ حالی کی صدائے دردناک کی گونج اور اکبر الہ آبادی کی دلگداز آواز ابھی فضا میں گونج ہی رہی تھی کہ پنجاب کے دارالسلطنت سے ایک آواز پیدا ہوئی۔ یہ اقبال کی آواز تھی۔ جس میں شباب کا جوش تھا۔ ہنگامے تھے۔ صدائے صور تھی۔ جو ہر شخص کو پیام بیداری دے رہی تھی۔ یہ اقبال کی شاعری کا پہلا دور تھا۔ ابھی وہ نوجوان تھا۔ اس کا دل وطنیت سے لبریز تھا اور وہ پکار پکار کر کہہ رہا تھا

نہ سمجھو گے تو مٹ جاؤ گے اے ہندوستاں والو
تمہاری داستاں تک بھی نہ ہوگی داستانوں میں

اس دور میں "خاک وطن کا ہر ذرہ" اس کے لئے دیوتا تھا۔ وہ وطن کا پجاری تھا۔ اور اپنے وطن کو دوسرے ملکوں کی طرح سربلند اور آزاد دیکھنا چاہتا تھا۔ چند سال کے بعد اقبال یورپ مطالعہ کی غرض چلا گیا جہاں اس نے مذہب اسلام کے سیاسی عقیدہ کو اپنا لیا اور اس کا پرچار اپنا فرضِ اولیں سمجھا۔ اس کے ساتھ اُن کی شاعری کا رُخ بھی بالکل بدل گیا اب وہ وطنیت کی محدود چار دیواری سے نکل کر شاعر اسلام بن گیا۔ اور اپنی آواز کو تمام ممالک اسلامیہ میں پہنچانے کے لئے اس نے فارسی کو اظہار خیال کا ذریعہ بنا لیا۔ اگرچہ اس کے بعد اقبال نے اردو میں بہت کچھ کہا مگر فارسی کی طرف ان کا رجحان زیادہ تھا جو تا دمِ آخر رہا۔

شاید آج بھی ہندوستان میں چند ایسے حضرات ہوں جو خیال کریں کہ اقبال شاعر نہیں۔ مگر دنیا تسلیم کر چکی ہے کہ وہ شاعر تھا۔ وہ ازل سے شاعرانہ دل لیکر آیا تھا۔ ایک ایسا دل جو حساس تھا۔ اس نے دنیائے ہستی میں قدم رکھتے ہی پہلے وطن اور پھر ملت کے دکھوں کا جائزہ لے لیا تھا۔ اس نے دیکھ لیا تھا۔ کہ وہ قوم جو کبھی بحرالکاہل سے بحر اوقیانوس تک اپنی حکومت قائم کئے ہوتے تھی جس نے ایران و روم جیسی قاہر سلطنتوں کی اینٹ سے اینٹ بجا دی تھی۔ وہ قوم آج خود ذلتوں کا شکار ہو گئی ہے۔ اس لئے وہ دعوت عمل لے کر اٹھا۔ ملت اسلامیہ کو ایک درس و بینے کے لئے اٹھا۔ اور اس نے مشرق و مغرب کے مسلمانوں کو پکار پکار کر کہا ؎

معمار حرم باز بہ تعمیر جہاں خیز
از خوابِ گراں خوابِ گراں خوابِ گراں خیز

اس کی آواز کا لب لباب یہ تھا " اپنے آپ کو جان اور جان چکے تو راہِ عمل میں گامزن ہو جا قرونِ اولیٰ کے مسلمانوں کی طرح حق پرست اور سخت کوش مسلمان بن جا۔ اور قرآن مجید کی طرف رجوع کر"۔ یہی پیام تھا جو اقبال اپنی ملت کو دیتا تھا اور فی الحقیقت ملتِ اسلامیہ کے لئے اس سے بہتر پیام اور ہو بھی کیا سکتا ہے۔ تاریخ کے صفحات پر جلی حروف میں لکھا ہوا ہے کہ جب کبھی مسلمانوں نے اس چیز کو چھوڑا۔ زندگی کی تمام نعمتیں ان سے چھین لی گئیں۔ اور وہ دوسروں کے غلام بن کر رہ گئے۔

اقبال نے مسلمانوں کو خصوصاً اور دنیائے انسانی کو عموماً درسِ خودداری اور زندگی دیا ہے اس کے حیات آفریں نغمے سُن کر رگِ سنگ میں بھی لہو کی گردش پیدا ہو جاتی ہے۔ اقبال نے دنیا کو تباہی اور بربادی کے عمیق گڑھے سے جس کی طرف موجودہ مغربی تہذیب لئے جا رہی ہے گرنے سے بچا لیا ہے۔ اقبال صرف شاعر ہی نہیں بلکہ قوموں کا مسیحا ہے اور اس کی شاعری۔

ع۔　شاعری جزو یست از پیغمبری

کی مکمل اور صحیح تصویر ہے ؛

ایم۔ اکرام راجپوت
ایف۔ اے سٹوڈنٹ

---

اقبال کے الفاظ میں پیغامِ خدا ہے
جن سے جو کوئی ملت محروم نہیں ہے
وہ قوم نہیں لائق ہنگامۂ فردا
جس قوم کی تقدیر میں امروز نہیں ہے

(شکیل)

# فانوسِ خیال

وہ ـــــــ بہت دور سے شہنائی کی ہلکی ہلکی آواز آ رہی تھی۔ ایسی ـــــــ جیسے آکاش سے بادل کے ننھے ننھے گالے گر رہے ہوں۔ دھیمی دھیمی اوس پڑ رہی ہو۔ دل اس جانب خودبخود کھنچا جاتا تھا۔ نغمے میں کس بلا کی کشش تھی۔ اس میں جذب ہو جانے کو۔ سما جانے کو جی چاہتا تھا۔ بارے میں اٹھا اور ارادہ کیا کہ ذرا دیکھوں کہ یہ سرمدی راگ کہاں الاپا جا رہا ہے۔ چند ہی قدم چلا ہوں گا کہ دیکھا ایک جم غفیر اس نغمے کی طرف بڑھا چلا جا رہا ہے۔ میں نے چند ایک سے پوچھا "بھائی کہاں جا رہے ہو؟ یہ راگ کی آواز کیسی ہے؟" مگر کسی نے بھی جواب نہ دیا۔ ہاں البتہ اگر کوئی بولا بھی تو صرف اتنا کہ خود جا کر دیکھ لو یہ کیف بیان نہیں کیا جا سکتا۔ حاصل کیا جا سکتا ہے اور اگر اس کا ذائقہ ایک دفعہ نصیب ہو گیا۔ تو تمام عمر بھلانے کی سعی پر بھی نہ بھلا سکو گے۔ اس مختصر سی گفتگو کے بعد کچھ دیر تک میری یہ کیفیت رہی کہ ؎

جاتا ہوں تھوڑی دُور ہر ایک تیز رَو کے ساتھ
پہچانتا نہیں ہوں ابھی راہبر کو میں

حتیٰ کہ ایک صاحب پر نظر پڑی۔ کچھ خیال سا گزرا کہ پہلے کہیں دیکھ رکھا ہے۔ سوچا کہ چلو ان سے پوچھ لوں۔ بہ صورت سوال بنکر ان کے سامنے جا کھڑا ہوا۔ میرا خیال غلط نکلا۔ وہ بھی "اجنبی محض" تھے۔ مگر اخلاق میں اوروں سے بہتر تھے۔ فرمانے لگے ؎

ساقی بہ جلوہ، دشمنِ ایمان و آگہی
مطرب بہ نغمہ، رہزنِ تمکین و ہوش ہے

میں نے کہا "بندہ نواز! یہ تو میرے درک و آگہی سے بالاتر ہے"۔ بولے "تو ہمارے ساتھ چل کر دیکھ لینا۔ سمجھانے سے سمجھ میں آنے والی بات یہ ہے نہیں"۔ اگر سمجھ سکو تو بس اتنا سمجھ لو ؎

ڈھونڈھے ہے اس مغنیِ آتش نفس کو جی
جس کی صدا ہو جلوۂ برقِ فنا مجھے

چنانچہ میں بھی انسانوں کی اس ندی میں چل کھڑا ہوا۔ بھیڑ کی وجہ سے کبھی ندی کے اس کنارے کبھی منجدھار میں اور کبھی پار بہہ نکلتا۔ کچھ دور چل کر راستہ قدرے تکلیف دہ ہو گیا۔ پہاڑی علاقہ شروع ہو گیا تھا۔ بعض بعض جگہ پھسلاہٹ غضب کی تھی۔ دونوں طرف کھائیاں، گہرے گہرے گڑھے اور عمیق غار تھے۔ پھونک پھونک کر قدم رکھنے کا مقام تھا۔ جہاں کسی کا قدم پھسلا اور گیا۔ یہ دیکھ کر تعجب ہوا کہ ہر کھائی پر ایک چھوٹا سا تختہ لگا ہوا تھا۔ کسی پر لکھا تھا۔ شہرت کی حرص"۔ کسی پر خود غرضی و خود پرستی" کسی پر مال و دولت کی لالچ" اور کسی پر نا عاقبت اندیشی

ہم لوگ جس قدر راستہ طے کرتے چلے جا رہے تھے اسی قدر راستہ کٹھن ہوتا اور کھائیوں کی تعداد بڑھتی جا رہی تھی۔ میں نے پھر اپنے ساتھی سے پوچھا "بندہ پرور یہ کھائیاں کیسی اور تختے کیوں ہیں؟" کہنے لگے "اوپر اگر پہنچ گئے تو تمام حال روشن ہو جاتے گا" نغمہ اور نغمے والا قریب سے قریب تر ہوتا جا رہا تھا۔ مخلوق آواز میں کھوئی ہوئی بڑھتی ہی جا رہی تھی۔ مگر کچھ ایسے بھی تھے جو بیچارے تھک کر راستے ہی میں بیٹھ گئے۔ سفر کی صعوبتیں برداشت نہ کر سکے اور کچھ ایسے بھی تھے جو اپنی "شوخ چشمی" کی وجہ سے کسی کھائی کی نظر ہو گئے۔

خدا خدا کر کے سامنے ایک مقام نظر پڑا۔ سنگ مرمر کی ایک بارہ دری تھی۔ اس سے پہلے سنگ مرمر کا ایک حوض تھا۔ نیلگوں پانی میں سرخ اور سبز مچھلیاں اٹھکیلیاں کر رہی تھیں اس کے کنارے پانی میں پاؤں لٹکائے تمام عالم سے بے نیاز، سروری نغمے میں مست، آواز تھی۔ کائنات کی تمام رعنائیاں اس کی سادگی پر قربان اور عالم آب و گل کا تمام حسن اس کی صورت پر تصدق ہو رہا تھا ایسا معلوم ہوتا تھا کہ صورت گر ہستی نے اس "سندرتا" کو خاص فرصت کے لمحات میں گھڑا ہوگا بظاہر وہ مچھلیوں کی شوخی دیکھ رہی تھی۔ لیکن درحقیقت وہ اپنے مست اور بےخود بنا دینے والے راگ میں خود بھی خود کو بھلا چکی تھی۔ ہر تماشائی ہمہ تن چشم تماشائی اور چشم تماشائی چشم نرگس بنکر رہ گئی تھی۔ اب میری سمجھ میں ان صاحب کا شعر آیا جو مجھے ابتدائے راہ میں ملے تھے۔ میں بھی اس پری پیکر کو دیکھنے میں محو تھا کہ یکایک غلغلہ اٹھا اور خدام ادب نے ہمیں پرے ہٹانا شروع کیا اور کہا "اب وہ لوگ آنے والے ہیں جن کے لئے یہ دربار سجایا گیا ہے اس لئے ذرا ہٹکر کھڑے ہو جائیے تاکہ انہیں بارہ دری تک پہنچنے میں دقت نہ ہو"

اس کے بعد ایک گروہ آیا۔ ان میں بعض صورتیں ایسی بھی نظر پڑیں جو کچھ شناسا سی معلوم ہوتی تھیں لیکن یہاں بولنے کی مجاز کسے تھی اپنے ساتھی سے چپکے سے میں نے پوچھا۔ کیا یہی

وہ لوگ ہیں جن کے لئے یہ تمام اہتمام ہے" ؟ وہ بولے "یہ معزز مہمان ہیں۔ ورنہ مقصود بالذات اور ہی ہیں" چنانچہ اسی طرح یکے بعد دیگرے چھوٹی چھوٹی جماعتیں آتی رہیں۔ کوئی علما کی کوئی شعرا کی کوئی اصفیا کی۔ بارہ دری میں یہ لوگ اپنی اپنی نشستوں پر حسب مراتب بیٹھ گئے۔ لیکن آگے کی چند ایک کرسیاں خالی پڑی تھیں۔ اور سنا تھا کہ یہ مجلس انہی نشستوں پر بیٹھنے والے حضرات کے لئے منعقد ہوئی ہے اب جو حوض کی طرف نظر اٹھا کر دیکھا تو نہ وہ صورت ہے اور نہ وہ شنائی، نہ تماشا ہے نہ چشم تماشائی میں نے انتہائی تعجب سے اپنے فہیم ساتھی سے پوچھا " حضرت وہ سب کچھ کیا ہوا؟" عمر رسیدہ بزرگ مسکرا کر فرمانے لگے " وارفتۂ تخیل!، فریبِ نظر کے متوالے! راستے کی دقتوں کو کم کرنے کے لئے اور آتش شوق کے عروج کو قائم و سلامت رکھنے کے لئے یہ نغمہ، اور تھکان کو سکون دینے کے لئے وہ حسین صورت تھی اور بس۔ اصلی معراج کمال اس بارہ میں داخل ہوتا ہے۔ وہ لوگ جو اس میں بیٹھے ہوتے ہیں ان خوش نصیبوں میں سے ہیں جو غیر فانی نام چھوڑ کر آئے ہیں۔ دنیا کی ہر چیز مٹ جائے گی۔ لیکن قیامت تک ان کا نام نہ مٹ سکے گا۔

خدام اب ہم لوگوں کو چھوڑ کر بارہ دری میں چلے گئے اور اپنے اپنے کام کاج میں لگ گئے ہم نے اس موقعہ کو غنیمت جانا چاہا کہ جلدی سے بھاگ کر بارہ دری میں گھس جائیں اور اس انجمن کی سیر دیکھیں اسی افراتفری میں میں اپنے ساتھی سے بھی جدا ہو گیا اور انہیں انتہائی تلاش کے باوجود بھی نہ پا سکا۔

اس مجمع کثیر کو یوں دوڑتا دیکھ کر بارہ دری میں سے تمام منتظمین باہر نکل آئے اور ان لوگوں کو باہر کے باہر ہی روک دیا بارہ دری میں داخل ہونا اس قدر سہل نہیں پہلے کچھ کر کے دکھائے پھر تشریف لائیے اور اگر محض تماشا مقصود ہے تو باہر سے بہتر نظر آئے گا۔ چنانچہ ہر دروازے پر ایک دربان مقرر ہو گیا تاکہ کوئی شخص اندر نہ آنے پائے۔ میں اپنے ساتھی کی تلاش میں ادھر ادھر دوڑتا پھر رہا تھا حتیٰ کہ اس در کے سامنے آ گیا جہاں سے کہ اگلی صف صاف نظر آ رہی تھی اتفاق کی بات اس در پر کوئی دربان نہ تھا۔ غور سے چاروں طرف دیکھنے سے معلوم ہوا کہ اس کا دربان برابر والے دربان سے مصروف بہ تکلم ہے میں نے موقع کو غنیمت جانا۔ خیال ہوا کہ اتنی دور اور اتنی دقتوں سے آنے کے بعد بھی اگر اس مجلس کی تمام کارروائی دیکھی اور سنی نہ جا سکی تو یہ تمام محنت اکارت جائے گی۔ چنانچہ میں ہمت باندھ کر اندر کی طرف لپک گیا مگر ؎

قسمت تو دیکھئے کہ کہاں ٹوٹی ہے جا کمند　　دو چار ہاتھ جب کہ لبِ بام رہ گیا

شومیٔ قسمت ملاحظہ ہو کہ جب در کے اندر گھس چکا تو دربان کی نظر مجھ پر پڑی، وہ عقاب کی طرح مجھ پہ جھپٹا۔ میں در کے برابر والی کرسی پہ بیٹھے ہوئے بزرگ کے قدموں پہ گر پڑا اور بڑی لجاجت سے عرض کی حضرت! اپنے قدموں کا صدقہ! مجھے اس موذی سے نجات دلا دیجئے۔ انہیں کچھ میری صورت پر رحم آگیا۔ دربان سے بولے" رہنے دو" دربان خون کا سا گھونٹ پی کر رہ گیا اور مجھے گھورتا ہوا چلا گیا۔ میں وہیں دری پہ ایک کونے میں بیٹھ گیا۔ میری یہ خاکساری اور نیازمندی انہیں بہت پسند آئی۔ دربان کو ایک سٹول لانے کو کہا۔ دربان کے لئے ان کا یہ حکم ناسور پر نمک پاشی سے کسی طرح کم نہ تھا۔ بولا" یہاں اجازت . . . . . . وہ فرمانے لگے معلوم ہے۔ جو کہا گیا ہے اس کی تعمیل تم پر واجب ہے" چند ہی لمحات کے بعد ایک چھوٹا سا سٹول آگیا۔ اور انہوں نے بہزار شفقت مجھے زمین پر سے اٹھا کر اس پہ بٹھا دیا۔ میں اس کمال خوش نصیبی پر نازہی کر رہا تھا کہ یکایک ہاتف نے آواز دی" با ادب! باتمیز! فیلسوف عرب تشریف لا رہے ہیں"

بارہ دری کے صدر درسے مسند تک بیچ میں ایک راستہ رکھا گیا اور وہاں کرسیاں تھیں۔ ہم سب پیچھے دیکھنے لگے۔ دیکھا کہ ایک مردِ سن رسیدہ عربی لباس میں، بڑے وقار و متانت سے چلا آرہا ہے فلسفہ کی کتابیں ان کے حافظہ میں، فلسفہ کی کہانیاں ان کے دماغ میں اور فلسفہ کے قوانین ان کے دل میں بسے ہوئے تھے۔ خاندان بنو العباس کے کئی اولوالعزم شاہنشاہ ان کے جلو میں تھے۔ چلتے تھے تو اس انداز سے کہ ارض و سما ساتھ ساتھ چلتے تھے رکتے تھے تو اس طور سے کہ زمین اپنے محور کے گرد گردش کرتے کرتے رک جاتی تھی۔ یہ آکر ایک روپہلی کرسی پہ بیٹھ گئے۔

میں نے" خضر طریقت" سے چپکے سے پوچھا" کون بزرگ ہیں"؟ فرمایا" الکندی[۱]"

اراکین پہ ایک سناٹا چھایا ہوا تھا۔ کہ پھر ہاتف کی آواز آئی۔" با ادب! باتمیز! ماہر حکمت، فاضل طب استاد یورپ تشریف لا رہے ہیں"

اتنے میں ایک نوعمر خوبرو جوان داخل ہوئے۔ کشادہ پیشانی غیر معمولی ذہانت کا پتہ دے رہی تھی۔ لباس نصف عربی اور نصف ایرانی تھا۔ ان کے ساتھ فلسفیوں اور حکیموں

---

[۱] ۸۵۰ء میں وفات پائی۔

کی ایک بڑی جماعت تھی۔ ایران کی خود مختار حکومتوں کے فرمانروا ہمرکاب تھے کمر سے اُصطرلاب بندھا ہوا تھا۔ ایک بغل میں شفا[۱] اور دوسری میں قانون[۲] تھی۔ گاہ نبض دیکھتے۔ گاہ ستاروں سے حساب لگاتے چل رہے تھے۔ آتے اور بڑی تمکنت سے آتے۔ بیٹھے اور بڑے وقار سے بیٹھے

میں نے اپنے محسن سے پوچھا "کون ہیں" بولے :" امام الاطبا بوعلی سینا[۳]"۔

ابھی انہیں چند ہی دقیقے گذرے ہوں گے کہ پرجلال و پرہیبت مرد غازی داخل ہوا تلوار سے خون کے قطرے ٹپک رہے تھے ماتھے پر خوشبختی اور فتح و کامرانی کے آثار نمایاں تھے۔ آنکھوں کے تجسس سے معلوم ہو رہا تھا کہ کسی کی تلاش میں ہے۔ ابن سینا نگاہ پڑتے ہی لپک کر آیا اور آکر کہنے لگا۔ آخر میں نے آپ کو پا ہی لیا نا"۔

میں نے پوچھا۔ کون ہیں؟" ارشاد ہوا" محمود غزنوی . . . . فاتح اعظم۔

ہاتف نے آواز دی" باادب! باتمیز۔ ریاضی کے فاضل علم نجوم میں کامل اور جواہرات کو پرکھنے کے استاد تشریف لا رہے ہیں۔ ایک ادھیڑ عمر کے بزرگ بارہ دری میں داخل ہوئے ماموں خاندان کے شاہزادے ان کے جلو میں تھے۔ کمر سے اُصطرلاب اور زاویے ناپنے کے آلے بندھے ہوئے تھے۔ ایک بغل میں کتاب الہند[۴] اور دوسری میں آثار الباقیہ تھی۔ ان کے علاوہ ہاتھوں میں چند اور کتابیں بھی تھیں محمود غزنوی کے بیٹے اور پوتے ان کے ہمرکاب تھے۔ کیونکہ انہیں غزنوی نام انہیں بزرگ کی بدولت حاصل ہوا تھا۔ جب سواری بادبہاری قریب آگئی تو محمود بھی استقبال کے لئے اٹھ کر چند قدم آگے آگئے۔ انہیں بھی ایک روپہلی کرسی پر جگہ دی گئی۔

میں نے پوچھا" کون صاحب ہیں؟ بولے" ابوریحان البیرونی[۵]، دنیائے اسلام کا سب سے بڑا ریاضی دان"

ہاتف نے صدا دی باادب! باتمیز! شاعر، فلسفی منجم و ریاضی دان تشریف لا رہے ہیں"

بزرگ تشریف لائے اور اس انداز سے کہ ایک ہاتھ میں جام مئے سرخ اور دوسرے میں قلم تھی۔ خاندان سلجوق کا شاہ اعظم ملک شاہ[۶] ان کے جلو میں تھا۔ ایک گھونٹ پی لیتے

---

[۱]،[۲] تصنیفات ابن سینا۔ [۳] ۱۰۳۷ء میں وفات پائی۔ [۴] ۱۰۳۰ء میں وفات پائی [۵] ۱۰۴۸ء میں وفات پائی۔ [۶] ۱۰۹۲ء میں وفات پائی۔

تھے۔ اور ایک سطر لکھ لیتے تھے۔ ان کی بغل میں "جلالی کیلنڈر" تھا دراز قد اور گندمی رنگ تھا۔ ڈاڑھی رکھی ہوئی مونچھیں کتری ہوئی تھیں ایک مرتبہ جو جام منہ تک بجانے لگے تو یکایک ہاتھ سے چھوٹ کر گر گیا غصہ سے منہ لال ہو گیا اسی وقت فی البدیہہ کہا ؎

ابریق مئے مرا شکستی ربی! بر من در عیش را بابستی ربی
بر خاک نگون نتادہ جام مے سرخ خاکم بدھن مگر مستی ربی

خالق اکبر کو ان کا یہ کبر سخت ناگوار گزرا۔ دیکھتے ہی دیکھتے ان کا منہ سیاہ ہو گیا۔ اب انہیں اپنی گستاخی کا احساس ہوا۔ فوراً دوسری رباعی دربار الٰہی میں عرض کی۔ ؎

ناکردہ گناہ درجہاں کیست بگو؟ وانکس کہ گنہ نہ کرد چوں زیست بگو؟
من بد کنم و تو بد مکافات دہی پس فرق میان من و تو چیست بگو؟

ان کا یہ عجز و نیاز اور انکساری و استغفار خدا کو ایسا پسند آیا کہ آن کی آن میں انکا منہ درست ہو گیا اور یہ خاموشی سے ایک روپہلی کرسی پر بیٹھ گئے۔

میں نے پوچھا "ان کی تعریف؟" فرمایا "عمر خیام[۱]۔۔۔ شاعر تند و شوخ"

ہاتف نے آواز دی "باادب! باتمیز! شعرائے تصوف تشریف لا رہے ہیں"

پانچ حضرات اندر آئے ایک صاحب عربی جامے میں تھے باقی سب کے لباس ایرانی وضع قطع کے تھے۔ شعر پڑھتے۔ رباعیاں کہتے یہ لوگ چل رہے تھے۔ ان میں سے ایک صاحب کے ہاتھ میں دیوان اور دوسرے میں حدیقۃ الحقیقت کے علاوہ ۲ مثنویاں تھیں۔ دوسرے صاحب کے ہاتھ میں "تذکرۃ الاولیا" اور منطق الطیر تھی۔ تیسرے صاحب غزلوں کا دیوان اور مثنوی لئے ہوئے تھے چوتھے صاحب کی بغل میں ہفت اورنگ، نفحات الانس، شواہد نبوت لوائح جامی اور سلسلۃ الذہب تھی۔ اور پانچویں صاحب اپنا دیوان دونوں ہاتھوں سے تھامے ہوئے تھے۔

میں نے پوچھا "یہ حضرات کون ہیں؟" ارشاد ہوا "سنائی[۲]، عطار[۳]، رومی[۴]، جامی[۵] اور عمر[۶] ہیں"

---

[۱] ۱۱۰۴ء میں وفات پائی۔ [۲] ۱۱۴۸ء — ۱۱۴۹ء میں وفات پائی۔ [۳] ۱۲۲۱ء میں وفات پائی۔
[۴] ۱۲۷۳ء میں وفات پائی [۵] ۱۴۹۲ء میں وفات پائی [۶] ۱۲۳۵ء میں وفات پائی۔

ہاتف نے آواز دی "بادب با تمیز! مجاہد اعظم، صوفی و فلسفی۔ امام وقت تشریف لائے ہیں"۔

ایک بزرگ تشریف لائے۔ کیمیائے سعادت[1] ایک بغل اور تہافتہ الفلاسفہ دوسری میں تھی۔ ہاتھوں میں منقض عن الضلال کے علاوہ چند اور کتابیں بھی تھیں۔ لباس سے کچھ اندازہ نہ ہوتا تھا کہ آیا عرب ہیں یا ایرانی فلسفہ کی باتیں سناتے ہوئے اٹھے، سلوک و طریقت کے محاسن بیان کرتے ہوتے، یہ وہ فاضل تھے جو منطقیوں، دہریوں اور باطنیوں کے اعتراضات کے جواب انہی کے اعتراضات سے دے رہے تھے۔ ان کے جلو میں ایک اور رئیس اور ان کی اولاد تھی۔

میں نے پوچھا کون ہیں؟ فرمایا الغزالی[1] . . . . اسلام کے محسن، انہوں نے دین کی اس وقت امداد کی جبکہ فضا صدہا تاویلات کے کارن سخت مکدر ہو گئی تھی۔ اور ان کے پیچھے جو رئیس ہیں وہ نظام الملک وزیر آل سلجوق ہیں۔ نظامیہ کالج (بغداد و نیشاپور) انہی کا رہین منت ہے۔ اور انہوں نے ہی غزالیؒ کو بغداد دینے کے لئے بلایا تھا۔ نظام الملک کی اولاد بھی غزالیؒ سے بڑی عقیدتمندی سے پیش آتی رہی"

اب اس بارہ دری میں تمام نشستیں رک چکی تھیں صرف ایک طلائی مرصع کرسی باقی رہ گئی تھی۔ ہم سب چشم براہ تھے کہ اس برات کا دولہا دیکھئے کب آتا ہے۔ بارے قدرے انتظار کے بعد ندا آئی،

"با ادب! با تمیز! اجل مشائخ۔ عظام و اعظم عرفائے لازم احترام، اعلم صوفیائے کبار و افضل شعرائے نامدار، غواص دریائے مواج ہزوری و شناور بحر متلاطم سخنوری، جلوہ افروز ہو کر فضائے عالم کو منور فرمانے والے ہیں"۔

ہر ذی روح کی آنکھ صدر در کی طرف لگی ہوئی تھی۔ بالآخر وہ تشریف لائے متوسط قد۔ گندمی رنگ، کشادہ پیشانی، ستواں ناک، دوربین و تیز فہم آنکھیں۔ گھن دار ابرو والے ایک بزرگ تشریف لائے۔ تمام مجمع اھلاً و سہلاً مرحبا کے نعروں سے گونج اٹھا۔ مرد خدا پرست کیساطھ یتیم و بیوہ کی آہیں تھیں، محکوم و غلام قوموں کی سسکیاں تھیں۔ ملتِ

---

[1] تصنیفاتِ غزالی۔ ۵۰۵ھ ۱۱۱۱ع میں وفات پائی۔

بیضا کا فلسفہ، محمدؐ کی محبت اور قوم کا درد تھا۔ سیاستِ عالم، شاعرانہ تخیل و ترنم ان کے ہمرکاب، شیلے کی نظر۔ گیٹے کا تجسس، میر کا بیان سودا کا انداز، مومن کا خیال۔ حالی کی تعلیم، غالب کا فکر۔ بیدل کی طرز اور داغ کی نازک خیالی ان کے جلو میں تھی۔

میں نے پوچھا" کون بزرگ ہیں؟ بولے" اقبالؒ"

میں نے عرض کی" کہاں کے رہنے والے ہیں؟" ارشاد ہوا انہیں کی زبانی سن لو وہ یہ فرماتے ہیں ؎

پرسوز و نظر بازو نکو بین و کم آزار — آزاد و گرفتار و تہی کیسہ و خرسند

درویش خدامست نہ شرقی ہے نہ غربی — گھر میرا نہ دلی نہ صفاہاں نہ سمرقند

میں نے کہا" بہت بڑے شاعر ہیں مگر شاعری کس قسم کی کرتے ہیں؟ فرمایا" اپنی شاعری کے متعلق یہ کہا ہے ؎

مری نوائے پریشاں کو شاعری نہ سمجھ — کہ میں ہوں محرم رازِ درونِ میخانہ

اور اس کو یوں کہا ہے ؎

نہ شیخ شہر نہ شاعر نہ خرقہ پوش اقبال — فقیر راہ نشیں است و دل غنی دارد

میں نے پوچھا کیا اسلاف کا بھی ذکرِ خیر کرتے ہیں"؟ "ہاں" انہوں نے فرمایا اس کے متعلق بھی سنو۔ ڈاکٹر صاحب ہسپانیہ کے مسلمانوں کے متعلق یوں فرماتے ہیں ؎

پوشیدہ تیری خاک میں سجدوں کے نشاں ہیں — خاموش اذانیں ہیں تیری بادِ سحر میں

پھر تیرے حسینوں کو ضرورت ہے حنا کی — باقی ہے ابھی رنگ مرے خونِ جگر میں

دیکھا بھی۔ دکھایا بھی۔ سنایا بھی۔ سنا بھی — ہے دل کی تسلی نہ نظر میں نہ خبر میں

اقبال انسان کو اثبات کی ترغیب دلاتے ہیں کہ ایک بلند مقصد حاصل کرنے کے لئے اسے بلند مقصد کی طرف رجوع کرنا چاہئے۔ سکون خواہ وہ جنت ہی کا سکون کیوں نہ ہو اس کے لئے موت کا پیغام ہے۔ خودی کی منازل ترقی اس عالم کون و مکاں سے بھی بہت آگے ہیں ؎

تو شاہیں ہے پرواز ہے کام تیرا — ترے سامنے آسماں اور بھی ہیں

---

؎ ۱۹۳۷ء میں وفات پائی۔

اسی روز و شب میں الجھ کر نہ رہ جا — کہ تیرے زمان و مکاں اور بھی ہیں

احیائے خودی اقبال کا سب سے بڑا اور اہم پیغام ہے۔ چنانچہ فرماتے ہیں ؎

نہیں مقام کی خوگر طبیعتِ آزاد — ہوائے سیر مثالِ نسیم پیدا کر
ہزار چشمہ تیرے سنگِ راہ سے پھوٹے — خودی میں ڈوب کے ضربِ کلیم پیدا کر

سوال اور گدائی کا نظریہ یہ ہے ؎

مانگنے والا گدا ہے صدقہ مانگے یا خراج
کوئی مانے یا نہ مانے میر و سلطاں سب گدا

مسئلہ فقر ملاحظہ ہو۔

ایک فقر سکھاتا ہے صیاد کو نخچیری — ایک فقر سے کھلتے ہیں اسرارِ جہانگیری

خالق و مخلوق کے تعلقات کو اس طرح نبھاتے ہیں ؎

گدائے جلوہ رفتی بر سرِ طور — کہ جانِ تو ز خود نا محرمی است
قدم در جستجوئے آدمی زن — خدا ہم در تلاش آدمی است

غرضیکہ انہوں نے زندگی کے مختلف اہم شعبوں پر نرالے انداز سے روشنی ڈالی ہے حقیقت تو یہ ہے کہ ؎

ہزاروں سال نرگس اپنی بے نوری پہ روتی ہے — بڑی مشکل سے ہوتا ہے چمن میں دیدہ ور پیدا

یہ تمام بصیرت افروز تقریر سننے کے بعد میرے دل میں خیال پیدا ہوا کہ میں اپنے محسن کے متعلق بھی تو کچھ جان لوں! چنانچہ میں نے اسی خیال کو مدنظر رکھتے ہوئے بصد ادب عرض کیا "بندہ حضور کا اسم گرامی دریافت کرنے کی جرات کر سکتا ہے؟" وہ مسکرا کر فرمانے لگے ؎

پوچھتے ہیں وہ کہ غالب کون ہے — کوئی بتلاؤ کہ ہم بتلائیں کیا

یکایک میری آنکھ کھل گئی۔ دیکھا کہ شمع رو رو کر اپنے آپ کو مٹا چکی ہے اور اب کوئی دم کی مہمان ہے۔ یہ لیجئے ہوا کے سرد جھونکے نے اسے فنا کا راگ سنا دیا . . . . وہ بجھ گئی ؎

داغِ فراقِ صحبتِ شب کی جلی ہوئی — ایک شمع رہ گئی ہے سو وہ بھی بجھی ہوئی

**محمد ساجد بی۔اے (آنرز) ایم۔اے۔ اولڈ بوائے**

سکندر با خضر خوش نکتہ گفت
شریک سوز و ساز بحر و بر شو
تو این جنگ از کنار عرصہ بینی
بمیر اندر نبرد و زندہ تر شو

[illegible]
نوائے زندگانی نرم خیز است
بدریا غلط و با موجش در آویز
حیات جاوداں اندر ستیز است
(اقبال)

# حیات افروز پیغامِ اقبال

(مسلمانوں کے نام)

از سہ قرن ایں امتِ خوار و زبوں — زندہ بے سوز و سرور اندروں
پست فکر و دوں نہاد و کور ذوق — مکتب و ملائے او محرومِ شوق
زشتیِ اندیشہ او را خوار کرد — افتراق او را از خود بیزار کرد
تاند انداز مقام و منزلش — مرد ذوقِ انقلاب اندر دلش
بندہ رو کردۂ مولا است او — مفلس و قلاش و بے پرواست او
نے بکف ملے کہ سلطانے برد — نہ بہ دل نورے کہ شیطانے برد
آں از آں قومے کہ چشم از خویش بست
دل بغیر اللہ داد از خود گسست

اقبال (خدا اُسے کروڑ کروڑ جنت نصیب کرے) اپنی قیدِ حیات میں مسلمانوں کی اغیار کے ہاتھوں تباہی، بے بسی، زبوں حالی اور شکستہ دلی دیکھ کر ہمیشہ کُڑھتے رہتے تھے۔ اور اُن کا دل فرطِ غم والم سے ہر دم وحشت زار بنا رہتا تھا خود فرماتے ہیں۔

مطمئن ہے تو پریشاں مثلِ بُو رہتا ہوں میں — زخمیِ شمشیرِ ذوقِ جستجو رہتا ہوں میں

اسی لئے اُن کی تخلیقی قوتیں ساری عمر مسلمانوں کو ذلت و نکبت کے تیرہ غاروں سے نکال کر دنیا میں ہمدوش کامرانی کرنے میں مصروفِ کار رہیں ؎

کوئی اندازہ کر سکتا ہے اسکے زورِ بازو کا — نگاہِ مردِ مومن سے بدل جاتی ہیں تقدیریں

ایک وقت تھا کہ مسلمان شرق و غرب کے تاجدار، امن و امان کے علمبردار، اور تہذیب و تمدن کے حاشیہ بردار تھے۔ ان کی تلوار خارا شگاف کی جھنکاروں سے قیصر و کسریٰ کے کاخ و ایوان لرز اُٹھتے تھے۔ کوہ و دشت کی رُکاوٹیں ان کے کوہِ وقار عزم و استقلال کے سامنے ہرِ کاہ سے زیادہ وقعت نہ رکھتی تھیں۔ طوفانی سمندروں کی امواج اور بحر آسا دریاؤں کی سیلاب کاریاں ان کے سمندِ تیز گام کی گذر گاہوں کا سدِباب کرنے سے یکسر قاصر تھیں۔ میدانِ کارزار میں اعداء بدنہاد کے ٹڈی دل لشکر چند لمحوں میں پراگندہ

ہو جاتے تھے۔ اور ہند و چین کے سرسبز و شاداب میدانوں سے لے کر ہسپانیہ کی سنگلاخ سرزمینوں تک پرچم اسلام لہراتا تھا۔ ؎

جدھر رخ کیا سلطنت زیر فرماں — جدھر آنکھ اٹھائی ممالک مسخر،
لڑائی میں ایک ایک دس دس پہ بھاری — شہیدانِ بدر و شجاعانِ خیبر
لگیں دشمنوں کے تیر ہو کے چھرے — اگر پھینک دیں لے کے مٹھی میں کنکر
بھگایا ہے اعداء کو یوں غازیوں نے — اڑا کر ہوا جیسے لے جائے مچھر
خدا اور رسولِ خدا ان کے حامی — کوئی آسکے ان سے کس طرح برسر

یہ سب محض قوتِ ایمانی اور ذوقِ عمل قرآنی کا کرشمہ تھا۔ جیسا کہ خود اقبال نے یوں گوہر افشانی کی ہے ؎

کچھ تو بتلاؤ کہ تھا کونسا وہ فطرت کا راز — جس سے اعراب جہاں میں ہوئے کسبِ مختار
باغِ عالم میں وہ تھے صورتِ مرغِ بے پر — کس سے اڑنے سے اڑائے یہ نرالے انداز
اڑ کے اس عالمِ منصلی سے فلک بوس ہوئے — پر شکستوں کو کس نے دیا ذوقِ پرواز
سچ تو یہ ہے کہ تیرا ناز ہی قرآن پہ ہے — اور ترقی کا تری راز ہی قرآن پہ ہے

دورِ ماضی میں مسلمانوں کی سروری اور سربلندی کا سبب قرآن مجید کی انقلاب آفریں تعلیم و ہدایت تھی۔ جو ارتقاءِ حریت کا سنگِ اساس ثابت ہوئی ؎

اسی کی برکت تھی کہ صحرائے حجازی کی سموم — بن گئی دہر میں جا کر چمن آرائے بہار
یہ اسی کا تھا کرشمہ کہ عرب کے رہزن — فاش کرنے لگے جبرائیل امین کے اسرار
یہ اسی کا نتیجہ تھا کہ عرب کے بچے — کھیلنے جاتے تھے ایوان گہ کسریٰ میں شکار

گذشتہ تین چار صدیوں سے مسلمان تعلیمِ الٰہی سے جتنا دور ہوتے جاتے ہیں اتنے ہی روز بروز رسوائے عالم ہوتے جاتے ہیں، ان کے گلے میں غلامی کے طوق پڑ رہے ہیں۔ سیاست و جہانبانی کا دیوالہ نکل گیا ہے۔ تلخ، صداقت سے لبریز ہماری اس حالتِ زار کا کیا صحیح نقشہ اقبال نے کھینچا ہے ؎

مومن و پیشِ کساں بستن نطاق — مومن و غداری و مکر و نفاق،
با پشیزے دین و ملت را فروخت — ہم متاعِ خانہ و ہم خانہ سوخت
لاالہ اندر نمازش بود و نیست — ناز ہا اندر نیازش بود و نیست

نور در صوم و صلوٰۃِ او نماند　　جلوۂ در کائناتِ او نمود،
آنکہ بُود اللہ او را ساز و برگ　　فتنۂ او حبِ مال و ترسِ مرگ

رفت از آں مستی و ذوق و سرود
دیں او اندر کتاب و او بگور

قرآنی تعلیم سے روگردانی کرنے کا یہ نتیجہ نکلا ہے کہ دنیا کو پیامِ بیداری و سرشاری دینے والی یہ اولوالعزم قوم آج خود کچھ اس قیامت کی نیند سو گئی ہے کہ یہ دورِ ابتلا بھی اسے ہوشیار نہیں کر سکا۔ اور نتیجتہً اس کے اسلاف کی بیتی ہوئی رنگین سرگذشتیں بھی رسوائے چار دانگِ عالم ہوتی جاتی ہیں ؎

ہم وہ ہیں کہ اوندھے ہیں پڑے قعرِ مذلت میں　　فضیلت ایک بھی اسلاف کی ہم میں نہیں باقی
یہ جینا کیسا جینا ہے یہ ذلت کیسی ذلت ہے　　نہ دُنیا کا شرف باقی نہ رسم و راہِ دیں باقی
ہمارے جسم پژمردہ دماغ افسردہ دل مردہ　　غمِ ایام سہنے کو یہاں ہیں اب ہمیں باقی

اقبال کی چشمِ دوربین میں مسلمانوں کی موجودہ پستی اور ہمہ گیر زوال کی ایک گراں بار وجہ قرآنی تعلیمات سے منہ موڑ کر مغرب کی اندھا دھند تقلید ہے حالانکہ ان کے نزدیک ؎

تقلید کی روش سے بہتر ہے خودکشی　　رستہ بھی ڈھونڈھ خضر کا سودا بھی چھوڑ دے

مغرب کی نام نہاد آزادی جو دوسری قوموں کے گلے میں طوقِ غلامی بن کر ملمع کا ہار بن جاتی ہے۔ ایک سراب سے زیادہ وقعت نہیں رکھتی ؎

تیرے پیمانوں کا ہے یہ کے مئے مغرب اثر　　خندہ زن ساقی ہے ساری انجمن مدہوش ہے

ایک دوسری جگہ تہذیب جدید کے پرستار نے مسلمانوں کو یوں تنبیہ کی ہے ؎

تجھے معلوم ہے غافل کہ تیری زندگی کیا ہے　　کنشتی ساز معمورِ نواہائے کلیسائی،
ہوئی ہے تربیت آغوشِ بیت اللہ میں تیری　　دلِ شوریدہ ہے لیکن صنم خانے کا سودائی

تہذیبِ حاضرہ کی قاطع ظلمت خاصیت سے جس کا مآل ضعفِ بصیرت ہے اقبال سراپا بیزار ہے۔ اور اپنی قوم کی کج فہمی پر نالاں ہے ؎

حرارت ہے بلا کی بادۂ تہذیبِ حاضر میں　　بھڑک اُٹھا ہے بھبوکا بن کے مسلم کا تنِ خاکی
حیاتِ تازہ اپنے ساتھ لائی لذتیں کیا کیا　　رقابت، خود فروشی، ناشکیبائی، ہوسناکی
فروغِ شمع نو سے بزمِ مسلم جگمگا اُٹھی　　مگر کہتی ہے پروانوں سے میری کہنہ ادراکی

تو اے پروانہ ایں گرمی ز شمعِ محفلے داری　　چو من در آتش خود سوز اگر سوزِ دلے داری

مسلمان از منہ گزشتہ میں تہذیب و تمدن کے بانی مبانی تھے۔ انہیں کسی اور قوم کے طرزِ تمدن و آئینِ جہانگیری کی گلچینی کی اصلاً حاجت نہیں ہے ان کے پاس ایک ناقابلِ تغیر و تبدل نظامِ ربّانی موجود ہے۔ جو اقبال کے چشمِ بصیرت میں مسلمانوں کو زندگی کے حقائق سے دو چار کرنے کی بدرجہ اتم اہلیت رکھتا ہے ؎

مرگ را ساماں ز قطعِ آرزو است　　زندگانی محکم از لَا تَقْنَطُوا است

اے کہ در زندانِ غم باشی اسیر　　از نبیؐ تعلیم لَا تَحْزَنْ بگیر

قوتِ ایمان حیات افزایدت

ورد لَا خَوْفٌ عَلَيْهِمْ بایدت

قرآنِ کریم کو حرزِ جان بنانے کا نتیجہ دنیاوی زندگی کی کامرانیاں اور اخروی زندگی کی فلاح ہے ؎

گر تو میخواہی مسلماں زیستن　　نیست ممکن جز بقرآں زیستن

اقبال رسولِ کریمؐ کے اسوۂ حسنہ کو پیشِ نظر رکھ کر مسلمانوں کو ان کے نقشِ قدم پر چلنے کی پر زور ہدایت کرتا ہے۔ اور قرآنی تعلیمات کی تکمیل کا ذریعہ قرار دیتے ہوئے عشقِ رسولؐ کو باقی تمام دنیاوی محبتوں پر مقدم رکھتا ہے۔ اور اس کے فقدان کو مسلمانوں کی موجودہ ذلت و نکبت کا جواز ٹھہراتا ہے ؎

شبے پیشِ خدا بگریستم　　مسلماناں چرا زارند و خوارند

ندا آمد نمی دانی کہ ایں قوم　　دلے دارند و محبوبے ندارند

دیکھئے! اقبال نے گنبدِ خضر کے مکین کو کتنے سرور انگیز انداز سے یاد کیا ہے۔ اور ہر ایک مسلم کو اسی طور یاد کرانے کا مشتاق ہے ؎

خاکِ یثرب از دو عالم خوشتر است　　اے خنک شہرے کہ آنجا دلبر است

رسولِ کریمؐ کا سچا عشق، شوقِ جہاد، اور تعلیمِ قرآن ہی وہ گنتی کی چیزیں ہیں جن کی طفیل مسلمان اپنے آپ کو نعمتِ آزادی، دولتِ جہانبانی، اور توقیرِ زندگانی سے مالا مال کر کے دنیا میں سربلند اور شاد کام ہو سکتا ہے۔ کیونکہ قرآن۔ قرآن پڑھنے والوں کو نئی زندگی اور نئی دنیا عطا کرنے میں بیباک ہے ؎

صد جہاں تازہ در آیات اوست عصرہا پیچیدہ در آیات اوست
بندۂ مومن ز آیات خداست ہر جہاں اندر بر او چوں قباست
چوں کہن گردد جہانے در برش
مے دہد قرآں جہانِ دیگرش

خلوصِ دل - نیک نیتی سے سرشار مسلمان ہمیشہ ظلم و استبداد پر فتح و نصرت حاصل کرنے میں کامیاب رہیں گے کیونکہ ؎

مٹایا قیصر و کسریٰ کے استبداد کو جس نے وہ کیا تھا؟ زورِ حیدر فقرِ بوذر صدقِ سلمانی

مسلمان ایک رفیع المنزلت اور جلیل القدر قوم ہے اور اقبال کے نزدیک آسمانوں کی بلندی اس کے مستقبل کے عروج کے سامنے ہیچ ہے ؎

یہ ہے چرخِ نیلی فام سے منزل مسلماں کی ستارے جس کی گردِ راہ ہوں وہ کارواں تو ہے

اور اگر اس کے دل میں قوتِ اعتماد ہو اور ذوقِ عمل۔ تو وہ نظامِ عالم میں دستِ قدرت کا درجہ رکھتا ہے ؎

خدائے لم یزل کا دستِ قدرت تو زباں تو ہے
یقیں پیدا کر اے غافل کہ مغلوبِ گماں تو ہے

اقبال اسلامی روایات کو اپنے خونِ جگر سے سینچ کر مردہ قوم کے دلوں میں جوت جگانے کا متمنی ہے۔ لیکن وہ کوئی خالی خولی باتیں نہیں ہیں۔ بلکہ حقیقت واقعیت سے مملو ہیں۔ ان میں حیات افروز پیغام دیا گیا ہے۔ ملاحظہ فرمائیے۔ کہ ابدی زندگی کی کامرانیوں کے حصول کیلئے نادر حقائق طشت از بام کرتے ہیں ؎

کہاں آبادِ ہستی میں یقینِ مردِ مسلماں کا بیاباں کی شبِ تاریک میں قندیلِ رہبانی
ثباتِ زندگی ایماں سے محکم ہے دنیا میں کہ المانی سے بھی پائندہ تر نکلا ہے تورانی
ولایت بادشاہی علمِ اشیا کی جہانگیری یہ سب کیا ہیں فقط اک نکتۂ ایماں کی تفسیریں
یقیں محکم عمل پیہم محبت فاتحِ عالم جہادِ زندگانی میں ہیں یہ مردوں کی شمشیریں

بعض مسلمان جو مالی پریشانیوں سے انفرادی عظمت کے حصول کو ناممکن سمجھتے ہیں اقبال انہیں عملی جد و جہد کی دعوت دیتا ہے۔ اور اس کے خوشگوار انجام کی توقع کرتا ہے ؎

تیری خاک میں ہے اگر شرر تو خیالِ فقر و غنا نہ کر

کہ جہاں میں نانِ شعیر پہ ہے مدارِ قوتِ حیدری

ایک دوسری جگہ ارشاد فرمایا ہے ؎

نہیں ہے وابستہ زیرِ گردوں کمال شانِ سکندری سے
تمام ساماں ہے تیرے سینے میں تو بھی آئینہ ساز ہو جا
غرض ہے پیکار زندگی سے کمال پائے ہلال تیرا
جہاں کا فرضِ قدیم ہے تو ادا مثالِ نماز ہو جا

اقبال خودی کا پورا پورا قائل ہے۔ اس کی چشمِ بصیرت زندگی کے تمام مصائب اور دنیا کی تمام گتھیوں کو اسی سے سلجھانے کی دعویدار ہے۔ اس کا یقین ہے کہ حیات اس کے بغیر کامران و کامگار نہیں ہو سکتی ؎

تمنا آبرو کی ہے اگر گلزارِ ہستی میں
تو کانٹوں میں الجھ کر زندگی کرنے کی خو کر لے
نہیں یہ شانِ خودداری چمن سے توڑ کر تجھ کو
کوئی دستار میں رکھ لے کوئی زیبِ گلو کر لے
اگر منظور ہو تجھ کو خزاں نا آشنا رہنا
جہانِ رنگ و بو سے پہلے قطعِ آرزو کر لے

اسی نظریہ کو ایک دوسری جگہ یوں نظم کیا ہے ؎

تو رازِ کن فکاں ہے اپنی آنکھوں پر عیاں ہو جا　　خودی کا رازداں ہو جا خدا کا ترجماں ہو جا
گزر جائیں گے سیلِ تند رو کوہ و بیاباں سے　　گلستاں راہ میں آئے تو جوئے نغمہ خواں ہو جا

ایک اور جگہ پر اقبال نے خودداری (خودی) کی نہایت واضح انداز میں تصویر کھینچتے ہوئے یوں درسِ ہنگامہ دیا ہے ؎

کیوں گرفتارِ طلسمِ ہیچ مقداری ہے تو　　دیکھ تو پوشیدہ تجھ میں شوکتِ طوفاں بھی ہے
تو ہی ناداں چند کلیوں پر قناعت کر گیا　　ورنہ گلشن میں علاجِ تنگیٔ داماں بھی ہے

اقبال ہاتھ پیر توڑ کر بیٹھ جانے کا حامی نہیں۔ وہ "حرکت میں برکت ہے" کا پورا پورا قائل ہے اور اسی میں قوم کی بھلائی سمجھ کر پیغامِ حیات دیتا ہے ؎

نفسِ گرم کی تاثیر ہے اعجازِ حیات　　تیرے سینے میں اگر ہے تو مسیحائی کر

اس کے علاوہ اپنی قوم کے افراد کو اپنے قدموں کے سہارے پنپتا دیکھنے کا آرزومند ہے دوسروں کا سہارا ڈھونڈھ کر زندہ رہنے والوں کو نگاہِ نفرت سے دیکھتا ہے ؎

کب تلک طور پہ دریوزہ گری مثلِ کلیم — اپنی ہستی سے عیاں شعلۂ سینائی کر

انسان اپنے عمل سے اسی دنیا میں خود ہی جنت بنا لیتا ہے۔ اور خود ہی دوزخ ؎

عمل سے زندگی بنتی ہے جنت بھی جہنم بھی — یہ خاکی اپنی فطرت میں نہ نوری ہے نہ ناری ہے

قیودِ آئین کی پرواہ کرنے اور نہ کرنے والوں کا کیا حشر ہوتا ہے اقبال کی زبانِ فیض ترجمان سے سنیئے ؎

دہر میں عیشِ دوام آئین کی پابندی سے ہے — موج کو آزادیاں سامانِ شیون ہو گئیں

اقبال مسلمانوں کو غفلت کوشی اور بے حسی سے ہوشیار و بیدار کر کے مستقبل کی سہانی فضاؤں میں آزادی کے سانس کیلئے پیکارِ حیات میں نتیجہ خیز غلغلہ سننے کا طلبگار ہے ؎

یہ خاموشی کہاں تک لذتِ فریاد پیدا کر
زمیں پر تو ہو اور تیری صدا ہو آسمانوں میں

فتح محمد تلوکر
ایف۔ اے سٹوڈنٹ



# حیاتِ ابدیؔ

ہرگز نمیرد آنکہ دلش زندہ شد بعشق
ثبت است بر جریدۂ عالم دوامِ ما

نظامِ عالم میں ہستی و عدم کے زبردست اور اٹل قانونِ قدرت کے عمل کا کس کو انکار ہے دریا میں حباب تیرتے ہیں - ہوا میں غبار اُٹھتے ہیں - مرغِ آشیاں پرست نے ہزاروں تنکوں سے آشیانہ بنایا - برق کے ایک خندہ پر نثار کر دیا - ابھی بلبل گلِ شگفتہ پر وجد و مستی کے راگ گاتی تھی - ابھی پریشان پتّوں پر حسرت و یاس کے آنسو گراتی ہے - اس سے کہیں بہت پہلے غالب مرحوم نے اس صحیح قُدرت کو ایک عجیب فلسفہ میں پیش کیا ہے ؎

میری تعمیر میں مضمر ہے اک صورت خرابی کی
ہیولےٰ برقِ خرمن کا ہے خونِ گرم دہقاں کا

اس سے زیادہ آسان اور شاید زیادہ دلچسپ رنگ میں کسی اور صاحبِ ذوق نے قدرت سے بے تکلفی کی ہے ؎

شبیہ مدِ نظر ہے کس کی کہ کوئی پوری نہیں اُترتی
مٹا دیئے صانعِ ازل نے ہزاروں نقشے بنا بنا کر

لیکن اگر اس قانونِ قُدرت کا ذرا سر جھکا کر مطالعہ کریں - تو قدرت نے کہیں کہیں دیکھنے والوں کی نظروں پر تھوڑا سا پردہ ڈال کر استثنے بھی برتا ہے - اور وہ اس طرح :-

کُشتگانِ خنجرِ تسلیم را
ہر زماں از غیب جانِ دیگر است

خُدا کے بھیجے ہوئے پیغمبروں اور روحانی سلاطین کو میں نہیں لے رہا - اُن سے دوسرے درجے پر ایک گروہ بھی ہے - جو ہمیشہ نہیں کبھی کبھی خدا کی سرزمین پر آباد ہُوا اور یہ وہ خُدا کے بندے ہیں - جو مٹ کر بھی نظرِ بینا کو حیاتِ دائمی میں نظر آتے ہیں لیکن جیسا کہ اُوپر کنایۃً بیان کیا گیا ہے - اُن کی حیاتِ ابدی کی تعمیر عشق کی تاب و تب

اور عالم سوز و ساز میں ہوا کرتی ہے۔ اور پھر وہ اُس چراغ کا حکم رکھتے ہیں جس کے لئے سحر نہیں۔ اُس انجم کی مثال ہیں۔ جس کے لئے مہر نہیں۔ اس سورج کی مانند ہیں۔ جس کو زوال نہیں۔ صدیوں کے بعد اسلامی دنیا میں اقبال کو قدرت نے وہ جنم دیا کہ ہم کھلے بندوں اس کے نام کو اُن پاک بندوں کی فہرست میں اندراج کرتے ہیں۔ جن کا کہ ذکر ہو چکا ہے یوں تو ہزاروں مسلمان بادل کی طرح نمودار ہوئے۔ رعد کی طرح گرجے اور اپنے پیغام کو برق سے ملمع کیا۔ لیکن وہ نالہ جو حقیقی درد و سوز کا ترجمان ہے مصلح ملت اور محسنِ مسلم علامہ اقبال سے نکلا ہے ؎

ہیں اور بھی دنیا میں سخن ور بہت اچھے
کہتے ہیں کہ غالب کا ہے انداز بیاں اور

سچ ہے کہ ؎

ہزاروں سال نرگس اپنی بے نوری پہ روتی ہے بڑی مشکل سے ہوتا ہے چمن میں دیدہ ور پیدا

اقبال کا زورِ بیاں کیا کہوں طرزِ ادا سبحان اللہ۔ پروازِ خیالات اللہ اللہ۔

؎ بلائے جان ہے غالب اُس کی ہر بات عبارت کیا اشارت کیا...... ادا کیا

اُن کی ساری داستان چھان ماریئے۔ ایک ایک لفظ میں پس ماندہ و پس افتادہ قوم کے سنبھلنے کا پروگرام پاؤ گے۔ بلکہ اگر چشم مصلح سے دیکھا جائے تو ایک ایک جملے میں پیر عرب کی صدا مضمر ہے۔

؎ از سرتا بہ قدم ہر کجا کہ مے نگرم کرشمہ دامن دل مے کشد کہ جا اینجا است

ہاں ہاں دنیا ایک ایسے مفکر اعظم اور مجدد ملت کو کبھی فراموش نہیں کر سکتی جو اس کے لیے آخری رمقوں میں مسیحائی حکم رکھتا ہے۔ نہ ہی قدرت ایک ایسے مومن کو حیات ابدی بخشنے میں بخیل ہو سکتی ہے۔ جو اس قدر شوق و جذبے سے اس کے نام لیواؤں کو اُبھارتا ہے ؎

خدائے لم یزل کا دستِ قدرت تو زباں تو ہے یقیں پیدا کر اے غافل کہ مغلوبِ گماں تو ہے

اپنے مقاصد کی بلندی اور اُدھر قوم کی انتہائی کوتاہی پیش نظر آتی ہے تو کس جوش سے مومن کو اس کی حقیقت سے آشنا کرتے ہیں۔ ؎

کوئی کر سکتا ہے کیا اندازہ اس کے زورِ بازو کا
نگاہِ مردِ مومن سے بدل جاتی ہیں تقدیریں

اللہ اللہ مسلمان کا زورِ بازو کیا رنگ لائیگا۔ جب اُس کی ایک نگاہ لوحِ محفوظ پر اپنے اشاروں سے لکھوا بھی سکتی ہے۔ اور مٹوا بھی۔ اس پر بھی اگر اپنے پیغام کو صدا بصحرا پاتا ہے تو کتنے عجیب اور نرالی طرز میں قوم کو غیرت اور خودداری کا پیغام پہنچاتا ہے ؎

خودی کو کر بلند اتنا کہ ہر تقدیر سے پہلے
خدا بندے سے خود پوچھے بتا تیری رضا کیا ہے

وقت کوتاہ اور قصہ طولانی اُن کا یہ دعوٰے ہرگز باطل نہیں ہو سکتا کہ

؎ جب تلک باقی ہے تو دنیا میں باقی ہم بھی ہیں
صبح ہے تو اس چمن میں گوہرِ شبنم بھی ہیں

اگرچہ مصداق ؎ حدیثِ دردِ دل آویز داستانے ہست
کہ لطفِ بیش دہد چوں دراز تر گردد

محبت و ارادت کا تقاضا ہے کہ یہ داستان چلتی رہے۔ لیکن اعتدال کا اصول مدنظر ہے۔ اور اسی پر اکتفا کرتا ہوں ع

خدا رحمت کند ایں عاشقانِ پاک طینت را

(قادر بخش المعروف مرید باغی ......)

---

ستارے کا پیغام

مجھے ڈرا نہیں سکتی فضا کی تاریکی
مری سرشت میں ہے پاکی و درخشانی
تو اے مسافرِ شب خود چراغ بن اپنا
کر اپنی رات کو داغِ جگر سے نورانی

رباعی

تری تن روح سے ناآشنا ہے
عجب کیا آہ تیری نارسا ہے
تنِ بے روح سے بیزار ہے حق
خدائے زندہ زندوں کا خدا ہے

## اشعار

اے پیرِ حرم رسم و رہِ خانقہی چھوڑ
اللہ رکھے تیرے جوانوں کو سلامت
تو ان کو سکھا خارہ شگافی کے طریقے

مقصود سمجھ میری نوائے سحری کا
دے ان کو سبق خودشکنی خودنگری کا
مغرب نے سکھایا انہیں فن شیشہ گری کا

(اقبالؒ)

# گلہائے عقیدت

(فخرِ ملّتِ اسلامیہ علامۂ اقبالؒ)

رحمتِ الٰہی کی ایک وہ شعاعِ رنگ و نور جو پیکرِ انسانی میں جلوہ گر ہو کر اس تیرۂ خاکدان کو رشکِ صد کہکشاں بنانے آئی تھی اور بنا گئی۔

وُہ آفتابِ رُشد و ہدایت جس کی ضُو افشانیوں اور نورباریوں نے گم گشتۂ بادیۂ ضلالت کاروان کو اپنی خلقی آزادی و عظمت کے انتہائی کنگروں پر پہنچنے کے اہل بنا دیا۔

وُہ بلند پرواز شاعر جس کے دل کی تخلیقی قوتوں کے سحر پرور نغموں کے کیف ریز ترنم نے انس و جن کی ربابِ روح کے سب سارتاروں کو مرتعش کر کے صبحِ منتظر کے حسین خوابوں کی حیات افروز تعبیر دیکھنے کے قابل بنا دیا۔

وُہ نکتہ رس اور باریک بین فلسفی جس کا تنِ خاکی فرشِ زمین پر رہا لیکن اس کی دُور رس نگاہ ہمیشہ استعجاب انگیز فلک پیمایوں میں محوِ تماشائے فطرت رہی!

وُہ سحر نگار ادیب جس کے گلریز اور عنبر فشار قلم کی بوقلموں گردشوں نے لاغر تن قوم کے افسردہ جذبات و احساسات میں ہمہ گیر شعلۂ محشر خیزی کی درخشانیاں اور تابانیاں پیدا کر دیں۔

وہ آتش بیاں خطیب جس نے اپنی سحر پاش تقاریر اور جادو بیان گفتار سے کفر و ظلمت کی دھجیاں اڑا دیں۔ اور حق و صداقت کو آشکارا کر کے اُفقِ مشرق سے شفقِ سحر کی سُرخی پھوٹنے کی بشارت دی!

وہ معمارِ حیاتِ مشرق جس نے طوفانی زلازلِ مغرب کی پیہم زہرہ گداز تباہ کاریوں کے باوجود اپنی چابکدستی اور طلسم کارنقاشی سے قصرِ آزادیٔ ہند کی متزلزل بنیادوں کو کوہِ وقار بنا کر مشرقی تہذیب و تمدن کے طلیسان کو ریزہ ریزہ ہو جانے سے بچا لیا!

وہ واقفِ اسرارِ سیاست قائد جس نے اعداء بدنہاد کے پیدا کردہ خارزاروں کو اپنے عزمِ شعلہ بداماں سے جلا کر خاکسترِ سیاہ کر دیا۔ اور اپنے کوہ شکن عزم کی مسیحا نفسی سے اُسی خاکسترِ سیاہ سے اپنی درماندہ قوم کے لئے ایک چمن لالہ زار پیدا کر دیا۔

وُہ فرزندِ اسلام جو شمعِ رسالت کا پروانہ اور مئے وحدت کا مستانہ ہونے کی بنا پر مذہب وملت کے داعیوں کو از سرِ نو اسیریٔ قرآن کی لذت سے آشنا کیا یہ قید و بندِ جوفِ صدف میں اک قطرۂ ابرِ نیساں کو گوہرِ آبدار اور نافۂ آہو میں اک قطرۂ لہو کو مشکِ اذفر بنا دیتی ہے۔

وُہ باکمال انسان جس نے اپنی معجزہ کار شخصیت کے معجزوں سے دنیا کے سحرِ سامری کو دور کرکے اطراف واکنافِ عالم کو سراپا تمکین وادیٔ ایمن بنا دیا!

وُہ ہمدردِ بنی نوعِ انسان جس نے اپنی صراطِ مستقیم پر شبِ دیجور کی تاریکیوں کو اپنے جہاں برہم زن استقامت کی نورانی تجلیوں سے جلوۂ انوارِ سحرِ درخشاں میں بدل دیا۔

فتح محمد تلوکر
متعلم الیف۔ اے

---

ترے دریا میں طوفاں کیوں نہیں ہے
خودی تری مسلماں کیوں نہیں ہے
عبث ہے شکوۂ تقدیرِ یزداں!
تو خود تقدیرِ یزداں کیوں نہیں ہے!

کہا اقبالؒ نے شیخِ حرم سے
تہِ محرابِ مسجد سو گیا کون؟
ندا مسجد کی دیواروں سے آئی
فرنگی بتکدے میں کھو گیا کون

# رباعیات

سرودِ رفتہ باز آید کہ ناید؟
نسیمے از حجاز آید کہ ناید؟
سر آمد روزگارِ ایں فقیرے
دگر دانائے راز آید کہ ناید
(اقبالؒ)

# موت ——— اقبالؒ کی نظر میں

نشانِ مردِ مومن با تو گویم
چو مرگ آید تبسم بر لبِ اوست (اقبالؒ)

زندگی اور موت دنیا کے دو اصول مسلمہ ہیں۔ دنیا کا دار و مدار صرف ان دو ہی قانونوں پر قائم ہے۔ زمانہ کے انقلابات۔ دُنیا کے تغیرات۔ اور کائنات کی رنگین داستان کیا ہے؟

زمانہ کہ زنجیرِ ایام ہے
دموں کے اُلٹ پھیر کا نام ہے (اقبالؒ)

دنیا میں پیدا ہوئے۔ جئے اور پھر مر گئے۔ گویا موت ایک اٹل چیز ہے جس کا سامنا لازمی اور یقینی ہے۔ موت کسی خاص ترتیب کی محتاج نہیں۔ نا کہ بتدریج انسان اس کے شکار ہوں۔ کیونکہ نہ ہی سن رسیدہ لوگ اس کی صفِ اوّل میں ہیں اور نہ متمول اور دولتمند لوگ نہ اسے خدا رسیدہ بزرگوں کا کچھ لحاظ ہے اور نہ گنہگاروں سے دشمنی و عداوت۔

اگرچہ موت بظاہر ایک مہیب اور ڈراؤنا بھوت ہے۔ لیکن حقیقت میں موت ابدی اور غیر فانی زندگی میں داخل ہونے کا ایک راستہ ہے جسے طے کرنے سے خود موت کی ہستی مٹ کر رہ جاتی ہے۔ اسی لئے اسلام نے مسلمانوں کو دلیری اور خندہ پیشانی سے موت کو لبیک کہنے کی تعلیم دی۔ اور یہی وجہ تھی کہ بزرگانِ سلف نے موت کو ایک بچوں کا کھیل تصور کیا۔ موت کی دہشت۔ خوف اور ڈر سے مسلمانوں کے دل نہ دہل سکے۔ اور انہوں نے موت کے تلخ جام کو ہنستے ہوئے نوش کیا۔

موجودہ دَور میں موت نامعلوم کب اور کس دن نازل ہو۔ لیکن فکرِ موت اور اس کے خوف و ہراس سے ابھی سے پانی میں مٹھاس کی مانند گھلنے کے سوا اور کام ہی نہیں معمولی حرارت ہونے پر موت کا نقشہ بندھ جاتا ہے۔ دل کمزور۔ حالت ابتر۔ حواس باختہ اور بدن میں لرزہ شروع۔ جیسا کہ ہم نے شاید کبھی بھی منزلِ موت طے ہی نہیں کرنی۔ غرضیکہ "قبل از وقت ویدۂ مرگ" کا مجسمہ بن کر رہ جاتے ہیں یہ سب ہماری بہادری۔ شجاعت۔ دلیری۔ ہمارا ایمان اور مسلمانی۔ ہماری ضعیف الاعتقادی نے ہمیں اس قدر ڈرپوک اور بزدل بنا دیا ہے کہ ہم موت

سے ایسے ڈرتے ہیں جیسے غلیل سے کوا۔ اور موت کا نام سنتے ہی ہماری رگوں میں خون خشک ہو جاتا ہے۔ اکثر ہماری یہی جدوجہد رہتی ہے۔ کہ کسی ایسے خطہ میں دور چل کر بسیں جو موت کی بندشوں سے آزاد ہو۔ اور ملک الموت کی پہنچ سے بھی کہیں دور۔ لیکن یہ خام خیالی محض ہمارے خیالات تک ہی محدود رہ جاتی ہے۔ ہم کیا بلکہ ایسے حکمرانوں نے جن کا مشرق سے مغرب تک ڈنکا بجا۔ مرتے وقت بزدلی کا ثبوت دیا۔ وہ بہادر جنگجو جنہوں نے میدانِ جنگ میں ہزاروں بہادروں کے سر قلم کئے۔ مرتے وقت ڈرپوک ثابت ہوئے۔ اور لرزتے کانپتے جان جان آفرین کے حوالے کی۔

افسوس آج سے کئی سو برس پہلے جو ہمارے بزرگوں نے ہمیں موت سے نڈر رہنے کی تعلیم دی تھی۔ ہماری کوتاہ نظری اور ایمانی کمزوری کا نشانہ بن کر رہ گئی۔ اسی لئے تو اقبال رحمہ مرحوم فرماتے ہیں "میں تو حیران ہوں لوگ موت سے کیوں ڈرتے ہیں؟ حالانکہ یہ بھی زندگی (حیاتِ انسانی) کا ایک پہلو ہے" یہی وجہ ہے کہ اقبال رح جیسے کامل انسانوں نے جن کے دلوں میں ایمان کی شمع روشن تھی۔ جو حقیقی معنوں میں مسلمان کہلوانے کے حقدار تھے۔ موت سے بے خوف رہے۔ واقعی ؎

پوشیدہ ہے کافر کی نظر سے ملک الموت
لیکن نہیں پوشیدہ مسلماں کی نظر سے　　　(اقبال رح)

اقبال رح نے جس خندہ پیشانی۔ مردانگی اور سلامت روی سے موت کا استقبال کیا۔ دنیا پر اظہر من الشمس ہے۔ انہوں نے عملی طور ثابت کر دیا۔ کہ مسلمان موت سے ہرگز ہراساں نہیں ہوتا۔ چنانچہ آپ نے بسترِ مرگ پر لیٹے ہوئے داعیِ اجل کو لبیک کہنے سے چند لمحے پیشتر اپنے دوستوں سے مخاطب ہو کر فرمایا۔

"میں مسلمان ہوں۔ اور مسلمان خندہ پیشانی کے ساتھ موت کا استقبال کرتا ہے میں موت سے مطلق ہراساں نہیں ہوں" اور مسکراتے ہوئے جان اپنے جان آفرین کے حوالے کر دی۔

آہ! اقبال کی زندگی اور اس کے فعل و قول میں کس قدر مطابقت تھی۔ کہ آخری وقت میں بھی انہیں اپنی اسلامانہ و مسلمانانہ عظمت و بلندی کا پاس تھا۔ اور موت کے خوف سے کبھی بھی ان کا چہرہ پژمردہ نہ ہوا۔ بلکہ ؎

نشانِ مردِ مومن با تو گویم
چو مرگ آید تبسم بر لبِ اوست

کی صحیح تفسیر بن کر بہ خوشی دوسری دنیا کو سدھارے۔ کیونکہ اقبال کے نزدیک موت ایک عارضی جدائی ہے۔ جو اس قابل نہیں کہ اس پر آنسو بہائے جائیں۔ یا اُسے ماتم کدہ بنایا جائے۔ مرنے سے مراد صرف آنکھ سے اوجھل ہونا ہے۔ جیسا کہ اکثر اوقات مسافر کسی شاہراہ پر چلتے چلتے ہماری آنکھوں سے اوجھل ہوجایا کرتے ہیں نہ کہ فنا ہونا۔ کیونکہ فنا سے مراد ہمیشہ کے لئے نابود ہونے کے ہیں ؎

جہازِ زندگیٔ آدمی رواں ہے یونہی ازل کے بحر سے پیدا یونہی نہاں ہے یونہی
شکست سے یہ کبھی آشنا نہیں ہوتا نظر سے چھپتا ہے لیکن فنا نہیں ہوتا

حق تو یہ ہے۔ کہ علامہ مرحوم نے موت کے پردۂ ناموس کو چاک کرکے ہی رکھ دیا ہے اور دکھا دیا کہ یہ صرف ہماری ضعیف الاعتقادی ہی ہے۔ جس کی وجہ سے ہم نے موت کو اس قدر مشکل اور خوفناک بنا رکھا ہے۔ ورنہ حقیقت میں یہ صرف عارضی مفارقت ہے۔ دائمی جدائی نہیں۔ نہ یہ بھوت ہے اور نہ دیو ہیکل۔

جب موت کی اصلیت یہ ہو تو پھر کیا ڈر؟ کیا خوف؟ کیوں نہ خندہ روئی سے ہی مسلمانوں کو اسے لبیک کہنا چاہیئے۔ تاکہ ہمارے رہبر د مراد اقبال اسنے جو مسلمان کو پرکھنے کی کسوٹی بتائی ہے ہم بھی اس کے مطابق "چوں مرگ آید تبسم بر لبِ اوست" ثابت ہوں۔ اور حالتِ نزع میں خود مسکرائیں اور روتوں کو بھی ہنسائیں۔

علی محمد ڈھر
متعلم بی۔ اے۔

# اقبالؒ کی موت پر

یہ مرثیہ شاعرِ مشرق حکیمِ اُمت حضرت علامہ اقبالؒ کی مرگِ جانکاہ کی خبر سُنکر ۲۱ راپریل ۱۹۳۸ء کو لکھا گیا تھا

کس لئے مغموم ہے دیکھو فضائے آسماں؟ — فطرتِ معصوم کیوں ہے چرخ پر ماتم کناں
قُدسیوں کی چشم کس کی موت پر نمناک ہے؟ — کس کے ماتم میں فرشتوں کا گریباں چاک ہے؟
جا رہا ہے چھوڑ کے کیا کوئی مالی گلستاں؟ — جس کا ماتم کر رہی ہیں گلستاں کی ڈالیاں
آہ! کیوں ہندوستاں میں شام جلوہ ریز ہے — شورزارِ ہند کیوں یکسر سکوت انگیز ہے؟
ہائے! ہم آغوشِ منزل ہوگیا وہ آفتاب — موت کی وادی میں جاکر سوگیا وہ آفتاب
جسکی کرنوں سے منوّر رفعتِ افلاک تھی — جسکی تابانی سے رشکِ مہ جبینِ خاک تھی

اُٹھ گیا وہ مردِ عارف جس کا دل تھا الکتاب
انقلاب اے انقلاب اے انقلاب اے انقلاب

ملتِ مرحوم کا نامی جواں اقبالؒ تھا — اور ناموسِ وطن کا پاسباں اقبال تھا
اُس کا سینہ آتشِ احساس سے معمور تھا — سرِ مرگ و زیست اُس کے قلب میں مستور تھا
اُس کا پاکیزہ تخیل اُس کے قلبی واردات — اہلِ مشرق، اہلِ مغرب کے لئے جامِ حیات
اُس کا پاکیزہ تخیل صیقلِ ادراک تھا — خواہش و تحریص کے مہلک اثر سے پاک تھا

اُس کے نغمے غیرتِ صد نغمۂ جبریلؑ تھے
زیست کا پیغام تھے یا صورِ اسرافیل تھے

مردِ دانا کس پہ ہم کو چھوڑ کے جاتا ہے تو — بات کیا ہے؟ کس لئے منہ موڑ کے جاتا ہے تو
کس طرح طے کر سکیگا اے امیرِ کارواں — کارواں تجھ بن بیاباں دیکھنا یہ بیکراں
طے کریگا کاروانِ جذب و مستی کس طرح — ناخدا تیرے سوا یہ بحرِ ہستی کس طرح
کاش کچھ دیر اور رہ جاتا یہاں تیرا وجود — تاکہ بتلاتا ہمیں تو کیا ہے سرِ ہست و بود
اور سمجھاتا ہمیں کیا چیز ہے ذوقِ نمود — کس طرح سے ہوتی ہے انساں کے دل کی کشود
کاش تو ہم کو بتاتا سرِ موسیٰ و خلیل — کاش تو ہم کو بتاتا کیا ہے سرِ رودِ نیل
کاش تو ہم کو بتاتا کیا ہوا ایمن کا نور — کیا سبب ہے اب نہیں انساں کو حاصل حضور

گیسوئے ملت ابھی منت پذیرِ شانہ ہے
شمع یہ سودائی دلسوزیٔ پروانہ ہے
} اقبال با تغیرِ لفظی

دیکھ شمعِ لالہ و گل سے فروزاں کوہ و بن — وادیٔ سرسبز نے پہنے گلابی پیرہن
دیکھ بستانِ جہاں کے نرم و نازک نونہال — جن کے برگ و بار سے پیدا ہے نورِ لم یزل
کس قدر سرسبز ہیں شاداب ہیں دلشاد ہیں — گویا باغِ جنتِ ماویٰ میں یہ آباد ہیں

خواب یہ کیسا ہے اے مرغِ چمن بیدار ہو
گلستانِ زندگی میں پھر تو نغمہ بار ہو

کیوں اربابِ فن اے سطوتِ دینِ مبیں — خواب سے بیدار ہو اے صاحبِ صدق و یقیں
دیکھ تیری منتظر ہے میری چشمِ سوگوار — خواب سے بیدار ہو اے میرے دُرِ شاہوار

فطرتِ معصوم کے مطرب اُٹھا اب ساز کو
کان سننا چاہتے ہیں پھر تری آواز کو

ہاں مجھے معلوم ہے تو کس لئے اُٹھتا نہیں — کس لئے خاموش ہے تو صاحبِ صدق و یقیں
کس لئے یہ نالہ و شیون مرا بیکار ہے — کون سے نشے میں اے اقبالؒ تو سرشار ہے
آہ! سب معلوم ہے تو کس لئے بیہوش ہے — کیا سبب ہے ساز تیرا کس لئے خاموش ہے
کیا بتاؤں کس لئے آتا نہیں تو ہوش میں — بات یہ ہے تو پڑا ہے موت کی آغوش میں

آہ! تیرا ہوش میں آنا بہت دشوار ہے
کیونکہ جامِ مرگ سے اقبالؒ تو سرشار ہے

آہ! کیا ہے بس یہی تعبیرِ خوابِ زندگی — آہ! کیا ہے بس یہی شرحِ کتابِ زندگی
زندگانی آہ کیا ہے! موت کا پیغام ہے — آہ کیا آغاز کا اپنے یہی انجام ہے
روحِ آدم آہ کیا زندانیٔ تقدیر ہے — اور کتابِ زندگی کی موت ہی تفسیر ہے
روح جب جسمِ خاکی سے جدا ہو جاتی ہے — کیا حقیقت ہے یہی کہ بس فنا ہو جاتی ہے
گر ترے نزدیک سرِ زیست یہ بیہوش ہے — (زندگی کا راز تیری آنکھ سے رُوپوش ہے)
زندگی فانی نہیں ہے حضرتِ انساں تری — موت ہے انجام اس کا بھول ہے نادانی تری
آ بتاؤں تجھ کو میں رازِ درونِ کائنات — محو ہوتا ہے اُبھر آتا ہے پھر نقشِ حیات

موت کیا ہے؟ روح کا اک عارضی آرام ہے
اور کیا معلوم اس آرام کا انجام ہے

محمد نواز شہید بی اے آنرز کلاس

# کلامِ اقبالؒ

ہو صداقت کے لئے جس دل میں مرنے کی تڑپ
پہلے اپنے پیکرِ خاکی میں جاں پیدا کرے

ہر زماں یک تازہ جولاں گاہ مے خواہیم ازو
تا جنوں فرمائے من گوید وگرویرانہ نیست

جب تک نہ زندگی کے حقائق پہ ہو نظر
تیرا زجاج ہو نہ سکیگا حریفِ سنگ

یہ زورِ دست و ضربتِ کاری کا ہے مقام
میدانِ جنگ میں طلب نہ کر نوائے چنگ

خونِ دل و جگر سے ہے سرمایۂ حیات
فطرت لہو ترنگ ہے غافل نہ جل ترنگ

نہیں مقام کی خوگر طبیعتِ آزاد
ہوائے سیر مثالِ نسیم پیدا کر

ہزار چشمہ تیرے راہِ سنگ سے پھوٹے
خودی میں ڈوب کے ضربِ کلیم پیدا کر

فرصتِ کشمکش مدہ ایں دلِ بیقرار را
یک دو شکن زیادہ کن گیسوئے تابدار را

بہ نگاراں چہ سخن گسترم زجلوۂ دوست
بہ یک نگاہ مثالِ شرارہ مے گذرد!

نہ وہ عشق میں رہیں گرمیاں نہ وہ حسن میں رہی شوخیاں
نہ وہ غزنوی میں تڑپ رہی نہ وہ خم ہے زلفِ ایاز میں

جو میں سربسجدہ ہوا کبھی تو زمیں سے آنے لگی صدا
ترا دل تو ہے صنم آشنا تجھے کیا ملیگا نماز میں

مسجد تو بنادی شب بھر میں ایماں کی حرارت والوں نے
من اپنا پرانا پاپی ہے برسوں سے نمازی بن نہ سکا

تر آنکھیں تو ہو جاتی ہیں پر کیا لذت اُس رونے میں
جب خونِ جگر کی آمیزش سے اشک پیازی بن نہ سکا

فقط نگاہ سے ہوتا ہے فیصلہ دل کا
نہ ہو نگاہ میں شوخی تو دلبری کیا ہے

دنیائے دوں کی کب تک غلامی
یا راہبی کر یا پادشاہی!

چمن میں تلخ نوائی مری گوارا کر
کہ زہر بھی کبھی کرتا ہے کارِ تریاقی

دلِ بیدار پیدا کر کہ دل خوابیدہ ہے جبتک
نہ تیری ضرب ہے کاری نہ میری ضرب ہے کاری

تو جنسِ محبت ہے قیمت ہے گراں تیری
کم مایہ ہیں سوداگر اس دیس میں ارزاں ہو

ایک ہی قانونِ عالمگیر کے ہیں سب اثر
بوئے گل کا باغ سے گلچیں کا دنیا سے سفر

جب اس انگارۂ خاکی میں ہوتا ہے یقیں پیدا
تو کرلیتا ہے یہ بال و پرِ روح الامیں پیدا

یہ خاموشی کہاں تک لذتِ فریاد پیدا کر
زمیں پر تو ہو اور تیری صدا ہو آسمانوں میں

مدام گوش بہ دل رہ یہ ساز ہے ایسا — جو ہو شکستہ تو پیدا نوائے راز کرے
جہاں میں اہلِ ایماں صورتِ خورشید جیتے ہیں — اِدھر ڈوبے اُدھر نکلے اُدھر ڈوبے اِدھر نکلے
یہ گھڑی محشر کی ہے تو عرصۂ محشر میں ہے — پیش کر غافل عمل کوئی اگر دفتر میں ہے
ہر کہ بر خود نیست فرمانش رواں — مے شود فرماں پذیر از دیگراں
بخود خزیدہ و محکم چو کوہساراں زی — چو خس مزی کہ ہوا تیز و شعلہ بیباک است
چشم بکشائے اگر چشم تو صاحب نظر است — زندگی در پئے تعمیر جہانِ دگر است
از غلامی دل بمیرد در بدن! — از غلامی روح گردد بار تن
ہوئی نہ زاغ میں پیدا بلند پروازی — خراب کر گئی شاہیں بچے کو صحبت زاغ
موتی سمجھ کے شانِ کریمی نے چن لئے — قطرے جو تھے مرے عرقِ انفعال کے
تھا جو ناخوب، بتدریج وہی خوب ہوا — کہ غلامی میں بدل جاتا ہے قوموں کا ضمیر
زمانہ ایک، حیات ایک، کائنات بھی ایک — دلیل کم نظری قصۂ جدید و قدیم
کافر کی یہ پہچان کہ آفاق میں گم ہے — مومن کی یہ پہچان کہ گم اس میں ہیں آفاق
اس قوم کو شمشیر کی حاجت نہیں ہوتی — ہو جس کے جوانوں کی خودی صورتِ فولاد
وہ قوم نہیں لائق ہنگامۂ فردا — جس قوم کی تقدیر میں امروز نہیں ہے
کیا یہی ہے معاشرت کا کمال — مرد بیکار و زن تہی آغوش
در قبائے خسروی درویش زی — دیدہ بیدار و خدا اندیش زی
ہوئی ہے زیرِ فلک امتوں کی رسوائی — خودی سے جب ادب و دیں ہوئے ہیں بیگانہ
جس کھیت سے دہقاں کو میسر نہیں روزی — اس کھیت کے ہر خوشۂ گندم کو جلا دو
گریز از طرزِ جمہوری غلامِ پختہ کارے شو — کہ از مغزِ دو صد خر فکرِ انسانے نمے آید
در دلِ مسلم مقامِ مصطفیٰ است — آبروئے ما ز نامِ مصطفیٰ است

स्त्री को मनुष्य समाज में कितनी उच्च पदवी दी गई है । भारत के प्रत्येक गृह में देवी की तथा लक्ष्मी की पूजा होती है । पुण्य जल वाली पवित्र भागीरथी में कौन भारत निवासी स्नान कर के आप आप को पवित्र नहीं समझता है । भारत में स्त्रियां देवी के नाम से सम्बोधित की जाती हैं । क्या ऐसा उच्च आदर्श, स्त्री जाति के लिये इतना सन्मान, किसी और जाति में दृष्टि गोचर है ?

आओ हम स्त्री जाति को, जिन पर कि भारत की शक्ति निर्भर है आदर सूचक शब्दों को सम्मान करते हुए उन्नति के पथ पर उग्रसर हों ।

भ० सुन्दर श्याम भाटिया

सम्पादकीय—

भक्त साहिब ने इस लेख में बड़े उच्च विचारों को प्रकट किया है । ऐसे प्रस्ताव हर पत्रिका में वाञ्छनीय हैं । आशा है कि भक्त साहिब भविष्य में भी ऐसे हितकारी प्रस्ताव भेज कर कृतार्थ करेंगे ।

योगीन्द्र नाथ

———:o:———

घृणा मनुष्य को कपट का मार्ग दिखला कर नीच बनाती है।

प्रेम मनुष्य को चिरायु होने में सहायता देता है घृणा जीवन से असारता उत्पन्न करती है।

प्रेम वास्तविक तथा आत्मिक ज्ञान का देवता है घृणा शरीर के साथ आत्मा को भी जला देती है।

भूषण देव
द्वितीय वर्ष

---

# भारत में स्त्री जाति

कुछ समय की बात है कि अमेरिका की एक वृद्ध स्त्री ने भारतवर्ष पर एक पुस्तक लिखी है जिसका नाम मदर इन्डिया है। इस पुस्तक में उस ने भारतवर्ष के नर नारियों को जी भर कर कोसा है। क्या उस बुढ़िया को अपने देश की परिस्थिति विदित नहीं कि वहां पर क्या हो रहा है!? पाठक महानुभावों ने अनेकानेक पुस्तकों में पढ़ा होगा कि वहां पर स्त्रियों के नग्न नाच कराये जा रहे हैं। स्त्रियों के आचार पर बिना किसी संकोच के घात किये जाते हैं। ऐसे देश की एक बुढ़िया हमारे देश की देवियों के चरित्र पर कलङ्क लगाने का क्या साहस कर सकती है।

जो जाति जिस विचार और और वस्तु को श्रेष्ट मानती है उस को वह अपना आदर्श ग्रहण कर लेती है। भारत निवासियों का आदर्श किसी से छुपा नहीं। पुराण, वेद शास्त्र अपितु सर्व ग्रंथ इस बात के साखी हैं कि

# गीत

'पुजारी धर्म की लाज बचाओ'

हिन्दु धर्म है हिन्द की ज्योति—इस की ज्योत जगाओ ।
पुजारी धर्म की लाज बचाओ ।
हिन्दु धर्म है धर्म सनातन—इस का मान बढ़ाओ ।
शान्त बना दे मोक्ष दिला दे—इस से प्रेम बढ़ाओ ।
पुजारी धर्म की लाज बचाओ ।
भारत माता की जै जै हो—हिन्द सपूत कहलाओ ।
मनुष्य जन्म सफल हो मुरली—जो अपना धर्म निभाओ ।
पुजारी धर्म की लाज बचाओ ।

ऐम० ऐन० मुरली
द्वितीय वर्ष ।

---

# प्रेम तथा घृणा

प्रेम एक पुण्य है जो संसार रूपी उपवन में हर्ष की सुगन्ध का विस्तार करता है ।

घृणा एक कांटा है जिस का स्थित्व इस संसार में पाप का चिन्ह है ।

प्रेम इस संसार में मनोरञ्जकता तथा आकर्षण शक्ति उत्पन्न करता है ।

घृणा मनुष्य में दोषों की वृद्धि करती है । प्रेम मनुष्य को प्राणि मात्र से सहानुभूति सिखाता है इस तरह उसे मनुष्य से देवता की पदवी तक हो जाता है ।

पुस्तकों की ओर नहीं देखता और न ही उसे देखने के लिए समय मिलता है। सैनिमा में देखे हुए हालात उस के अन्तर अपना गृह बना लेते हैं। वहां पर वह क्या देखता है, यह कि नंगे नाच हो रहे हैं। स्त्री और पुरुष परस्पर प्रेम में मग्न हैं, या कोई किसी अन्य मनुष्य की स्त्री की मान हरण करना चाहता है। इस प्रकार के कई और बुरे विचार उत्पन्न करने वाली बातें देखता है। एक न एक दिन वह ऐसी बातों में फंस जाता है। इसका परिणाम यह होता है कि वह छोटी आयु में ही विवाह कर लेता है। इस से उस की स्मरण शक्ति नष्ट हो जाती है और वह कई वर्षों तक एक ही श्रेणी में रह जाता है या पढ़ाई को छोड़ कर भोग विलास में पड़ जाता है। छोटी आयु में भोग पिलास में पड़ना अपना नाश करना है। वह वहां सैनिमा में फैशन वाले मनुष्य देखता है और स्वयं उनका अनुसरण करता है। एक तो छोटी आयु में ही भोग विलास में पड़ने से वह सुस्त हो जाता है और दूसरा वह फैशन में पड़ जाता है। इस से स्पष्ट है कि वह धीरे २ अपने माता पिता का सारा रुप्या खर्च कर देगा। सुस्त होने से वह कमा भी नहीं सकता। अब खाये तो कहां से और पहने तो कहां से। उसे अपनी वृति के लिए भीख मांगनी पड़ेगी। देखो! सैनिमा ने एक विद्यार्थी को भीख मंगवाया। कहां वह एक विद्यार्थी की अवस्था में और कहां वह एक निर्धन फकीर की हालत में। अब स्पष्ट है कि सैनिमा से क्या क्या हानि होती है। यह बहुत ही बुरी बीमारी है इस से बचने का यत्न करना प्रत्येक विद्यार्थी का परम कर्त्तव्य है।

ओ३म् शम्॥

द्वारका दास

द्वादश श्रेणी

---

# सैनिमा का विद्यार्थी जीवन पर प्रभाव

लोग कहते हैं कि इन दिनों संसार उन्नति के शिखर पर पहुंच चुका है परन्तु मैं चकित होता हूं कि यह लोग किस भाव से संसार को उन्नति शील कहते हैं। आज कल जो वस्तुएं हैं, क्या वह पहले न थीं? अवश्य थीं परन्तु उन के नामों में भेद था। मैं यह साहस से कहता हूं कि पुराने ज़माने की चीज़ें आज कल देखने को नहीं मिलती। रामायण में आया है कि श्री रामचन्द्र जी विमान पर सवार होकर लंका से अयोध्या आए थे केवल एक दिन में। परन्तु आज कल कोई ऐसा दृष्टान्त नहीं मिलता कि किसी विमान ने एक दिन में इतना बड़ा सफर किया हो। महाभारत में लिखा है कि अन्धा धृतराष्ट्र घर बैठे ही संग्राम के वृत्तान्त सुन रहा था। आज कल यह काम रेडियो से ले रहे हैं।

लोग कहते हैं कि आज कल सैनिमा है, परन्तु पिछले ज़माने में सैनिमा की कोई मिसाल नहीं मिलती। सच्च है, क्योंकर मिले। मैं उन से पूछे बिना नहीं रह सकता कि सैनिमा से क्या लाभ हैं और इस से क्या क्या हानियां हो रही हैं। सैनिमा से लाभ की अपेक्षा हानियां बहुत हैं। तो फिर क्योंकर ऐसी हानिकारक वस्तु पिछले ज़माने के लोग शुद्ध भाव रखते थे, परन्तु आज कल सौ में से पांच ऐसे मनुष्य हैं, जो मनुष्य कहलाने के योग्य हैं। आज कल के लोग मनुष्य नहीं, अपितु राक्षस हैं। यह राक्षस मनुष्य देहधारी बन कर पृथ्वी पर पाप के बीज बो रहे हैं। ऐसा क्यों है? इसलिये कि सैनिमा जैसी हानिकारक वस्तु उत्पति में आ गई है। अब मैं उन लोगों से जो कि संसार को उन्नतशील कहते हैं, पूछूंगा कि क्या संसार उन्नतशील है। उत्तर यह मिलता है कि संसार अवनति की ओर जा रहा है।

सैनिमा का प्रभाव विद्यार्थियों पर बहुत बुरा पड़ता है। एक विद्यार्थी जो सैनिमा देखने का बड़ा इच्छुक होता है कभी भी अपनी

श्री कृष्ण बैठे थे, खड़े हो गये और बोले, "सुन्दरी ! मुझे तुम्हारे लिये स्थान मिल गया।"

"कहां ?"

कवि का कलेजा धड़कने लगा, श्री कृष्ण ने कहा, "इस कवि के हृदय में जा कर रहो।"

